بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جہانِ معلومات

ریڈیو، ٹیلی ویژن و دیگر کوئز پروگرامز اور مقابلے
کے امتحانات کے لیے مستند کتاب

اختر حسین

ناشر
ناصر پبلی کیشنز
ٹریفک چوک، ڈیرہ غازیخان

انتساب

انتہائی عاجزی اور انکساری کے ساتھ

اپنے نہایت قابل احترام

والدین کے نام

فہرست

پیش لفظ

اس کائنات میں حقائق و واقعات سے انسان کی دلچسپی ایک قدرتی امر ہے بالخصوص آج کے دور میں واقفیت عامہ کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ ہر شخص کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ اُسے اپنے مضمون کے علاوہ دوسرے موضوعات پر بھی زیادہ سے زیادہ معلومات ہوں۔

جنرل نالج یا معلومات عامہ ایک ایسا مضمون ہے جو تمام مضامین کا مجموعہ ہے اور تمام مضامین میں ہر گزرتے وقت کیساتھ تبدیلی اور اضافہ ہوتا رہتا ہے لہذا معلومات عامہ کی کوئی کتاب تمام باتوں کا احاطہ نہیں کر سکتی۔ اسی طرح یہ کتاب جو مختلف موضوعات کے سوالات و جوابات پر مشتمل ہے مکمّل طور پر تشنگی تو دور نہیں کر سکتی لیکن پھر بھی کافی حد تک ان معلوماتی سوالات سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ اس کتاب میں، میں نے پی ٹی وی ہوم کے مشہور کوئز پروگرام ''بزمِ طارق عزیز'' میں اب تک (2003ء تا 15 اکتوبر 2010ء) پوچھے گئے سوالات و جوابات درج کیے ہیں۔ امید کرتا ہوں آپ کو میری یہ کاوش پسند آئے گی۔

میں اپنے تمام دوستوں بالخصوص جناب راشد سعید صاحب اور جناب شکیل شوکت کا شکر گزار ہوں جن کی کوششوں سے میں نے یہ کتاب مرتب کی ہے۔ آخر میں قارئین سے گزارش ہے کہ کتاب میں اگر کوئی غلطی نظر آئے تو مجھے ضرور آگاہ کریں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں ''بزمِ طارق عزیز'' میں پوچھے گئے مزید سوالات و جوابات کیساتھ مزید بہتر طور پر پیش کیا جا سکے۔ شکریہ

اختر حسین

حضور پاک ﷺ

س:۔ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر خدا کا درود و سلام ہو۔

س:۔ حضور پاک ﷺ کی ولادت باسعادت حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کے کتنے سال بعد ہوئی؟

ج:۔ 571 سال بعد

س:۔ ابرہہ نے حضور پاک ﷺ کی پیدائش سے کتنا عرصہ قبل مکہ مکرمہ پر حملہ کیا تھا؟

ج:۔ 50 برس قبل

س:۔ حضرت عیسیٰؑ کے بعد اور حضور پاک ﷺ کی بعثت سے پہلے کتنے پیغمبر آئے؟

ج:۔ کوئی پیغمبر نہیں آیا۔

س:۔ عرب روایات کے مطابق حضور پاک ﷺ کا پورا نام کیا تھا؟

ج:۔ ابوالقاسم محمد ابن عبداللہ ابن عبدالمطلب ابن ہاشم

س:۔ حضور پاک ﷺ کی کنیت کیا تھی؟

ج:۔ ابوالقاسم

س:۔ حضور پاک ﷺ کی ولادت باسعادت کے وقت خانہ کعبہ کی حکمرانی (تولیت) کس کے پاس تھی؟

ج:۔ آپ کے دادا عبدالمطلب کے پاس

س:۔ حضور پاک ﷺ کے والد ماجد حضرت عبداللہ کا انتقال کہاں ہوا اور وہ کہاں آسودہ خاک ہیں؟

ج:۔ مدینہ میں انتقال ہوا اور مدینہ میں ہی آسودہ خاک ہیں۔

س:۔ حضور پاک ﷺ کے والد ماجد حضرت عبداللہ نے کتنی عمر میں وفات پائی ؟

ج:۔ 18 برس (بعض کے نزدیک 25 برس بھی ہے)

س:۔ جس وقت حضور پاک ﷺ کی والدہ کا انتقال ہوا اس وقت حضور پاک ﷺ کی عمر مبارک کیا تھی ؟

ج:۔ 6 سال

س:۔ حضور پاک ﷺ کا نام محمد ﷺ کس نے رکھا تھا اور اس کا مطلب کیا ہے؟

ج:۔ دادا عبدالمطلب نے ۔جس کی بار بار تعریف کی گئی ہو۔

س:۔ دادا کی وفات کے بعد حضور پاک ﷺ کس کی زیر کفالت آئے ؟

ج:۔ بنی ہاشم قبیلے کے نئے سردار چچا ابو طالب

س:۔ حضور پاک ﷺ کے نانا کا نام وہب بن عبد مناف تھا یہ بتایئے حضور پاک ﷺ کی نانی کا کیا نام تھا؟

ج:۔ برہ بنت عبدالعزی

س:۔ حضور پاک ﷺ کی رضاعی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج:۔ حضرت حلیمہ سعدیہ ؓ

س:۔ حضور پاک ﷺ کو اپنے والد اور دادا کے ترکے میں کیا حصہ ملا تھا؟

ج:۔ ترکے میں کچھ نہیں ملا تھا اس وقت نابالغ بچے کا وارثت میں کوئی حصہ نہیں ہوتا تھا۔

س:۔ حضور پاک ﷺ نے سب سے پہلے جنگِ فجار میں حصہ لیا تھا اس میں آپ ﷺ کیا خدمت سرانجام دیتے تھے؟

ج:۔ آپ ﷺ اپنے چچوں کو تیر اُٹھا اٹھا کر دیتے تھے اُس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک بارہ تیرہ برس تھی۔

س:۔ حضور پاک ﷺ نے چھ برس کی عمر میں یثرب میں قیام کے دوران کس قبیلے کے تالاب میں تیراکی کی خوب مشق کی؟

ج:۔ بنوعدی

س:۔ شام کے سفر میں کس عیسائی نے حضور پاک ﷺ کے نبی ہونے کی تصدیق کی تھی؟

ج:۔ بحیرہ راہب

س:۔ حضور پاک ﷺ نے جب مکہ سے سفر شام کیا تو اسکی غرض وغایت کیا تھی؟

ج:۔ حضرت خدیجہؓ کا سامان تجارت لیکر گئے تھے۔

س:۔ آغاز نبوت کے بعد حضور پاک ﷺ کتنے برس خفیہ طریقے سے فرائض تبلیغ انجام دیتے رہے؟

ج:۔ 3سال

س:۔ حضور پاک ﷺ شعب ابی طالب نامی گھاٹی میں کتنے سال مقیم رہے؟

ج:۔ 3سال

س:۔ شعب ابی طالب نامی گھاٹی مکہ سے کتنے فاصلے پر ہے؟

ج:۔ 3 میل

س:۔ حضور پاک ﷺ عرب کے مشہور میلوں میں اسلام کی دعوت دیتے تھے ان میلوں میں عرب کا مشہور ترین میلہ کونسا تھا؟

ج:۔ عکاذ کا میلہ

س:۔ کن دو آمیوں کیلیے رسالت ماب ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے ان کے قبولِ اسلام کی دعا مانگی تھی؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ اور ابو جہل

س:۔ واقعہ معراج نبوت کے کون سے سال پیش آیا؟

ج:۔ 27 رجب، نبوت کے 10 ویں سال

س:۔ حضور پاک ﷺ کو توحید کے بعد پہلا حکم کیا ملا تھا؟

ج:۔ نماز کا

س:۔ حضور پاک ﷺ نے سب سے پہلے نماز پڑھنے کا طریقہ کس کو سکھایا؟

ج:۔ اسلام کی خاتون اول حضرت خدیجہؓ کو

س:۔ حضور پاک ﷺ کی زوجہ حضرت خدیجہؓ کا وصال کس تاریخ کو ہوا؟

ج:۔ 10 رمضان المبارک 10 نبوی

س:۔ حضرت خدیجہؓ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج:۔ کسی نے نہیں پڑھائی تھی اس وقت نمازِ جنازہ کا حکم نہیں ہوا تھا۔

س:۔ حضور پاک ﷺ عام طور پر کس رنگ کا لباس پسند فرماتے تھے؟

ج:۔ سفید رنگ کا

س:۔ حضور پاک ﷺ کو کس جانور کی سواری بہت مرغوب تھی؟

ج:۔ گھوڑے کی

س:۔ حضور پاک ﷺ کو حجر اسود کی تنصیب کیلئے ثالت بنایا تھا حجر اسود نصب کرتے وقت حضور پاک ﷺ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج:۔ 35 سال

س:۔ حضور پاک ﷺ کو نبوت کتنے برس کی عمر میں ملی تھی؟

ج:۔ 40 برس

س:۔ ہجرت مدینہ (نبوی) کے وقت حضور پاک ﷺ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج:۔ 53 برس

س:۔ نبوت کے بعد کتنے سال تک حضور پاک ﷺ مکہ میں رہے؟

ج:۔ 13 سال

س:۔ حضور پاک ﷺ کی ایک بیٹی نے بھی ہجرت حبشہ میں شرکت کی تھی اس بیٹی کا نام کیا تھا؟

ج:۔ حضرت رقیہؓ

س:۔ مدینہ کی طرف ہجرت حضور پاک ﷺ نے کس کے مشورے سے کی تھی؟

ج:۔ حضرت علیؓ

س:۔ غارِ ثور میں حضور پاک ﷺ پہلے داخل ہوئے یا حضرت ابوبکر صدیقؓ؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ

س:۔ غارِ ثور میں حضور پاک ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ نے تین راتیں گزاریں یہ بتائیے غارِ ثور کا مکہ کرمہ سے فاصلہ کتنا ہے؟

ج:۔ 5 میل

س:۔ غارِ ثور میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کا کونسا غلام حضور پاک ﷺ کے لیے بکریوں کا دودھ پینے کے لیے لایا کرتا تھا؟

ج:۔ عامر بن فہیرہ

س:۔ حضور پاک ﷺ نے جب غارِ ثور سے مدینہ کی جانب ہجرت کی تو آپ ﷺ کل کتنے افراد تھے؟

ج:۔ 4۔ (1) حضور پاک ﷺ (2) حضرت ابوبکر صدیقؓ

(3)عامر (غلام) (4)عبداللہ بن اُریقط (راستہ بتانے والا)

س:۔ مکہ سے مدینے جانے کیلئے دوراستے تھے ایک صحرا کے ذریعے جبکہ دوسرا **سمندر والا** راستہ تھا۔ حضور پاک ﷺ نے ہجرت مدینہ کے وقت کونسا راستہ **اختیار کیا تھا؟**

ج:۔ سمندر والا راستہ

س:۔ وہ کونسا شخص تھا جس نے لالچ میں آکر ہجرت مدینہ کے وقت حضور پاک ﷺ کا پیچھا کیا تھا؟

ج:۔ سراقہ بن جعشم

س:۔ جب حضور پاک ﷺ مدینہ میں داخل ہوئے تو چھوٹی بچیاں دف بجا کر کیا **نغمہ سرا تھیں؟**

ج:۔ طلع البدر علینا من ثنیات الوداع

وجب الشکر علینا مادعیٰ اللہ داع

(ہم پر چودھویں کا چاند طلوع ہوا، ثنیات الوداع سے، ہم پر شکر واجب ہے جب تک اللہ کا نام لیا جائے)

س:۔ مدنیہ منورہ پہنچنے کے بعد حضور پاک ﷺ نے وہاں کے مختلف مذاہب کے **لوگوں کو** ایک ساتھ رہنے کیلئے ایک تاریخی دستاویز تیار کروائی تھی اسے دنیا کا **پہلا تحریری** دستور بھی کہا جا سکتا ہے اس دستاویز کا کیا نام تھا؟

ج:۔ میثاقِ مدینہ

س:۔ مدینہ کے یہودیوں کیساتھ مسلمانوں نے جو معاہدہ کیا تھا اُس کی مدت **کتنی تھی؟**

ج:۔ 10 برس

س:۔ میثاق مدینہ کی رُو سے کس یہودی قبیلے کو مدینے سے باہر نکال دیا گیا؟

ج:۔ بنو قینقاع

س:۔ مدینہ پہنچنے کے بعد حضور پاک ﷺ نے سب سے پہلا کام کیا کیا تھا؟

ج:۔ مدینے میں انصار اور مہاجرین کے مابین عہد مواخات قائم کیا تھا۔

س:۔ رشتہ مواخات کے موقع پر حضور پاک ﷺ نے کس صحابی کو اپنا بھائی بنایا تھا؟

ج:۔ حضرت علیؓ

س:۔ حضور پاک ﷺ اپنی بیٹی حضرت رقیہؓ کے جنازے میں کیوں شریک نہ ہو سکے؟

ج:۔ کیونکہ آپ ﷺ اس وقت غزوہ بدر میں شریک تھے۔

س:۔ حضور پاک ﷺ نے کس صحابی کو اپنا منہ بولا بیٹا بنالیا تھا؟

ج:۔ حضرت زید بن حارثؓ

س:۔ کس خاتون کے انتقال پر حضور پاک ﷺ نے بطور سعادت اپنی قمیض انہیں پہنائی تھی؟

ج:۔ حضرت علیؓ کی والدہ حضرت فاطمہ بنتِ اسد

س:۔ حضور پاک ﷺ نے کس پہاڑ کے بارے میں فرمایا تھا ''وہ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں''؟

ج:۔ اُحد

س:۔ عہد رسالت میں مسلمانوں پر کفار کی طرف سے سب سے زیادہ منظم حملہ کس جنگ میں کیا گیا؟

ج:۔ غزوہ خندق

س:۔ غزوہ خندق میں خندق کھودنے کا عمل کتنے عرصہ میں مکمل ہوا؟

ج:۔ 21 دن

س:۔ جنگِ خندق میں حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب جو کہ حضور پاک ﷺ کی پھوپھی تھی

نے ایک کارنامہ سرانجام دیا تھا وہ کارنامہ کیا تھا؟

ج:۔ حضرت صفیہ بنتِ عبدالمطلب نے ایک یہودی کا سر کاٹ کر یہودی لشکر میں پھینک دیا تھا جس سے یہودی لشکر میں خوف و ہراس پھیل گیا۔

س:۔ حضور پاک ﷺ کے سب سے بڑے صاحبزادے کا نام کیا تھا؟

ج:۔ حضرت قاسمؓ

س:۔ حضور پاک ﷺ کی صاحبزادیوں میں سب سے بڑی صاحبزادی کونسی تھی؟

ج:۔ حضرت زینبؓ

س:۔ حضور پاک ﷺ کو جب چھینک آتی تھی تو کیا کہتے تھے؟

ج:۔ الحمدللہ

س:۔ حضور پاک ﷺ نے مختلف سلاطین کو اسلام کے دعوت نامے کس سن ہجری میں لکھے تھے؟

ج:۔ 6ہجری

س:۔ اسلام میں سب سے پہلے علم کس کپڑے سے تیار کیا گیا؟

ج:۔ حضور پاک ﷺ کے عمامہ مبارک سے

س:۔ حضور پاک ﷺ کس اونٹنی پر بیٹھ کر حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ساتھ مکہ میں داخل ہوئے؟

ج:۔ قصوٰی

س:۔ فتح مکہ کے بعد حضور پاک ﷺ نے اذان دینے کا حکم کسے دیا تھا؟

ج:۔ حضرت بلالؓ

س۔ فتح مکہ کے وقت حضور پاک ﷺ کے ساتھ کتنے جانثار تھے؟

ج۔ دس ہزار

س۔ فتح مکہ کے بعد فاتح مکہ کا سب سے پہلا بڑا فرمان کیا تھا؟

ج۔ (1) جو شخص ہتھیار ڈال دے گا اس کیلئے امان ہے (2) جو اپنے گھر کا دروازہ بند کرلے گا اس کیلئے امان ہے (3) جو خانہ کعبہ میں داخل ہو جائے گا اس کیلئے امان ہے (4) جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو جائے گا اس کیلئے امان ہے۔

س۔ فتح مکہ کے بعد حضور پاک ﷺ نے مکہ میں کتنا عرصہ قیام فرمایا ؟

ج۔ علامہ شبلی نعمانی کے مطابق 15 دن جبکہ ابنِ خلدون کے مطابق 18 دن

س۔ غزوہ حنین میں شکست خوردہ قبائلی سردار جب حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے ان کے بارے میں کیا فیصلہ کیا؟

ج۔ آپ ﷺ نے ان کی عورتیں، بچے، مال مویشی واپس کر دیئے اور انہیں معاف کر دیا۔

س۔ بی بی حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے غزوہ حنین میں کیا واقعہ پیش آیا تھا؟

ج۔ غزوہ حنین میں بنوسعد قبیلے کے چھ ہزار افراد قیدی بنا لیے گئے تھے جو کہ حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے قبیلے کے تھے حضور پاک ﷺ نے حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کی وجہ سے انھیں رہا کر دیا تھا۔ مسلمانوں کا یہ سلوک دیکھ کر پورے کا پورا قبیلہ مسلمان ہو گیا تھا۔

س۔ 9 ہجری میں حضور پاک ﷺ نے ایک بادشاہ کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی تھی اس بادشاہ کا نام کیا تھا؟

ج۔ نجاشی

س۔ غزوہ تبوک کے موقع پر حضور پاک ﷺ نے مدینہ منورہ میں اپنا نائب کس کو

مقرر کیا تھا؟

ج:۔ حضرت علیؓ

س:۔ حضور پاک ﷺ نے کس غزوہ سے واپسی پر مسجد ضرار کو گرانے کا حکم دیا تھا؟

ج:۔ غزوہ تبوک

س:۔ حضور پاک ﷺ نے کتنے غزوات میں شرکت کی تھی؟

ج:۔ 27 غزوات میں

س:۔ حضور پاک ﷺ پر قرآن مجید کے نازل ہونے کی کل مدت کتنی ہے؟

ج:۔ 22 سال 5 ماہ اور 7 دن

س:۔ رسالت ماب ﷺ پر آخری وحی کب اور کہاں نازل ہوئی؟

ج:۔ 9 ذی الحج 10 ہجری میدانِ عرفات میں

س:۔ حجتہ الوداع کے موقع پر حضور پاک ﷺ نے کل کتنے خطبے ارشاد فرمائے؟

ج:۔ 3

س:۔ حضور پاک ﷺ نے اپنے خطبہ حجتہ الوداع کے موقع پر پہلا سود کس کا معاف کیا تھا؟

ج:۔ اپنے چچا حضرت عباسؓ

س:۔ سن 10 ہجری میں حضور پاک ﷺ کی رفاقت میں سعادتِ حج کیلئے کتنے مسلمان مکہ مکرمہ داخل ہوئے؟

ج:۔ 1 لاکھ 25 ہزار

س:۔ حضور پاک ﷺ نے کل کتنے حج کیئے اور کب؟

ج:۔ صرف ایک، 10 ہجری میں

س:۔ رسالت مآب ﷺ نے علالت کی حالت میں کس کو نماز پڑھانے کا حکم دیا تھا؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ

س:۔ ''اگر یہ دینار میری تحویل میں رہ گئے تو میں اپنے رب کے متعلق اپنے ساتھ کیا گمان لے کر جاؤں گا'' یہ بات حضور پاک ﷺ نے کب ارشاد فرمائی؟

ج: جب حضور پاک ﷺ کی بیماری شدت اختیار کر گئی اور یہ مرض الموت تھی تو آپ ﷺ بیہوش ہو جاتے تھے ہوش میں آتے تھے ایک بے قراری تھی تو آپ ﷺ نے گھر والوں سے پوچھا کیا گھر میں کچھ ہے تو بتایا گیا کہ سات دینار رہیں آپ ﷺ نے فرمایا انھیں فدیہ کر دو۔اس کے بعد آپ ﷺ پھر بیہوش ہو گئے ہوش میں آئے تو پوچھا گھر میں کچھ ہے تو بتایا گیا کہ گھر میں سات دینار ہیں آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے کہا تھا کہ انھیں فدیہ کر دو، غریبوں کو دے دو تو گھر والوں نے کہا پریشانی ہے آپ ﷺ بیمار رہیں ہم انھیں فدیہ کر دیں گے تو اس موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ ''اگر یہ دنیار میری تحویل میں رہ گئے تو میں اپنے رب کے متعلق اپنے ساتھ کیا گمان لے کر جاؤں گا''۔

س:۔ حضور پاک ﷺ کا وصال کس سن عیسوی میں ہوا؟

ج:۔ 632ء میں

س:۔ آنحضرت ﷺ جب اس دنیا سے پردہ فرما گئے تو آپ ﷺ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج:۔ جس چارپائی پر آپ نے پردہ فرمایا اُسی جگہ چارپائی کو ہٹا کر قبر مبارک کھودی گئی اور آپ ﷺ کو دفن کیا گیا۔

س:۔ حضور پاک ﷺ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج:۔ کسی نے نہیں پڑھائی تھی آپ ﷺ کی وفات کی خبر سُن کر لوگ جوق در جوق جمع

ہو گئے۔ سب سے پہلے مردوں پھر عورتوں، بچوں اور غلاموں نے نماز جنازہ ادا کی تھی۔

س:۔ حضور پاک ﷺ نے کتنے دینار، بھیڑیا بکریاں وراثت میں چھوڑی تھیں؟

ج:۔ کچھ نہیں چھوڑا تھا آخری وقت میں آپ ﷺ کے پاس سات دینار تھے وہ بھی آپ ﷺ نے خیرات کر دیئے تھے۔

س:۔ حضور پاک ﷺ کے وصال کے بعد آپ ﷺ کی لحد مبارک کس نے کھودی؟

ج:۔ حضرت طلحہ انصاریؓ

س:۔ حضور پاک ﷺ کی 63 برس کی عمر میں کتنے سالہ مکی زندگی کے ہیں اور کتنے سال مدنی زندگی کے ہیں؟

ج:۔ 53 سال مکی زندگی اور 10 سال مدنی زندگی

س:۔ جس وقت حضور پاک ﷺ کا وصال ہوا اس وقت مدینہ منورہ میں مساجد کی تعداد کیا تھی؟

ج:۔ 10

س:۔ قرآن مجید کا پہلا حافظ کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ حضور پاک ﷺ

س:۔ حضور پاک ﷺ کے دائمی معجزے سے کیا مراد لی جاتی ہے؟

ج:۔ قرآن مجید

س:۔ انجیل مقدس میں حضور پاک ﷺ کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج:۔ فارقلیط

س:۔ حضور پاک ﷺ کے زمانے میں جزیہ کی سب سے بڑی مقدار کس جگہ سے وصول

ہوتی تھی؟

ج:۔ بحرین

س:۔ حضور پاک ﷺ نے مصر کے بادشاہ مقوقس کو جو خط لکھا تھا وہ آجکل کس ملک میں ہے؟

ج:۔ ترکی

س:۔ حضور پاک ﷺ کا مومبارک کس مغل بادشاہ کے دور میں ہندوستان لایا گیا تھا؟

ج:۔ شاہجہاں

س:۔ حضور پاک ﷺ کا مومبارک کب چوری ہوا تھا؟

ج:۔ 1963ء میں

س:۔ کس ملک میں حضور پاک ﷺ کا یوم ولادت قومی دن کے طور پر منایا جاتا ہے؟

ج:۔ موریطانیہ

س:۔ حضور پاک ﷺ کے لبوں پر اکثر کونسی دُعا مسکراتی رہتی تھی؟

ج:۔ رب زدنی علماً

س:۔ حضور پاک ﷺ نے شاعری فرمائی تھی یا نہیں؟

ج:۔ نہیں

س:۔ حضور پاک ﷺ کی تبلیغ کا مکی دور زیادہ ہے یا مدنی؟

ج:۔ مکی دور

س:۔ حضور پاک ﷺ کے فرمان کے مطابق بازار سے چیز لا کر سب سے پہلے بیٹے کو دینی چاہیے یا بیٹی کو؟

ج:۔ بیٹی کو

س:۔ مجلس میں جو چیزیں آتیں حضور پاک ﷺ انھیں تقسیم ہمیشہ کس طرف سے کرتے تھے؟

ج:۔ دائیں جانب سے

س:۔ رسالت ماب ﷺ کے لباس میں عام طور پر کتنے کپڑے ہوا کرتے تھے؟

ج:۔ 4۔ کرتا، تہبند، عمامہ شریف اور ایک چادر کندھے پر ہوتی تھی۔

س:۔ سیرت النبی ﷺ پر پہلی کتاب کس نے لکھی؟

ج:۔ ابن اسحاق نے

س:۔ حضرت امام حسینؓ کے کان میں اذان کس نے دی تھی؟

ج:۔ حضور پاک ﷺ

س:۔ حضرت امام حسینؓ کا نام حضرت محمد ﷺ نے رکھا تھا یہ بتایئے حضور پاک ﷺ کے وصال کے وقت حضرت امام حسینؓ کی عمر کیا تھی؟

ج:۔ 6 سال 7 ماہ

س:۔ محدثین اور سیرت نگاروں نے حضور پاک ﷺ کے القابات اور صفاتی نام کتنے بتائے ہیں؟

ج:۔ 100 سے زائد

س:۔ حضور پاک ﷺ کے صفاتی ناموں میں ''القاسم'' کے کیا معنی ہے؟

ج:۔ تقسیم کرنے والا، بانٹنے والا

س:۔ حضور پاک ﷺ رمضان کے علاوہ اور کس ماہ کے پورے روزے رکھتے تھے؟

ج:۔ شعبان کے

س:۔ حضور پاک ﷺ نے کس صحابی سے کہا تھا کہ سریانی سیکھو یہ صحابی کاتب وحی بھی تھے؟

ج:۔ حضرت زید بن ثابتؓ

س:۔ حضور پاک ﷺ کے پہلے آزاد کردہ غلام کون تھے؟

ج:۔ حضرت زید بن حارثؓ

س:۔ حضور پاک ﷺ پر نازل ہونے والی پہلی مکمل سورت کونسی تھی؟

ج:۔ سورۃ فاتحہ

س:۔ حضور پاک ﷺ پر نازل ہونے والی آخری مکمل سورت کونسی تھی؟

ج:۔ سورۃ نصر

س:۔ حضور پاک ﷺ حضرت ابراہیمؑ کی کس لڑی سے ہیں؟

ج:۔ حضرت اسماعیلؑ

س:۔ حضور پاک ﷺ پر جب پہلی وحی نازل ہوئی تو اسمیں کل آیات کتنی تھیں؟

ج:۔ 5 آیات

س:۔ وہ کونسا پہلا شہید تھا جس کی نماز جنازہ خود حضور پاک ﷺ نے پڑھائی تھی؟

ج:۔ حضرت حمزہؓ

س:۔ حضور پاک ﷺ کا اسم گرامی محمد ﷺ قرآن مجید میں کتنی بار آیا ہے؟

ج:۔ 4بار

س:۔ سلام اے آمنہ کے لال اے محبوب سبحانی

سلام اے فخر موجودات فخر نوعِ انسانی

یہ اشعار حفیظ جالندھری کے کس مجموعہ کلام میں ہیں؟

ج:۔ شاہ نامہ اسلام کی پہلی جلد میں

س:۔ یہ نعتیہ شعر کس کا ہے؟ مرحبا سیدی مکی مدنی العربی

ج:۔ قدسی ایرانی

س:۔ ''اگر کوئی عالمی حکومت بنی تو اس کی سربراہی کیلئے حضور پاک ﷺ ہی موزوں ترین شخصیت ہوں گے''۔ یہ الفاظ حضور پاک ﷺ کے بارے میں کس نے کہے؟

ج:۔ جارج برنارڈ شا

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س:۔ صحابی کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ وہ شخص جس نے ایمان کی حالت میں حضور ﷺ کی زیارت کی ہو اور حالت ایمان میں ہی فوت ہوا ہو۔

س:۔ عشرہ مبشرہ سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ وہ دس صحابہ کرامؓ جنھیں حضور ﷺ نے دنیا میں ہی جنت کی بشارت دی تھی۔

س:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کا سن ولادت عیسوی حساب سے کیا ہے؟

ج:۔ 572ء

س:۔ اعلان نبوت کے پہلے دن مکہ کے ایک سرکردہ بزرگ نے اسلام قبول کرلیا تھا وہ بزرگ کون تھے؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ

س:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کا اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ عبداللہ

س:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے جب خلافت سنبھالی تو اس وقت ان کی خلافت کا دائرہ کار کہاں تک محدود تھا؟

ج:۔ مکہ، مدینہ، طائف

س:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ حضور ﷺ سے کتنے سال چھوٹے تھے؟

ج:۔ 2 سے 2.5 سال

س:۔ قبائل کے ناموں اور لقب کو یاد رکھنا ایک مایہ ناز فن تھا یہ بتایئے حضور پاک ﷺ نے کس خلیفہ راشد کے بارے میں فرمایا کہ ''وہ اس علم کے ماہر ہیں''؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ

س:۔ مسلمانوں نے پہلا حج کس کی امامت میں کیا تھا؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ

س:۔ سن 9 ہجری میں کتنے مسلمانوں نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی قیادت میں پہلی بار حج کیا؟

ج:۔ 300 کے قریب مسلمانوں نے

س:۔ حلف اُٹھانے کا اصول سب سے پہلے کس خلیفہ راشد نے شروع کیا؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ

س:۔ مسجد نبوی کے لئے جو جگہ سہل اور سہیل (یتیم بچے) سے خریدی گئی اُس کی قیمت کس صحابی نے ادا کی تھی؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ

س:۔ جنگ بدر میں کس مسلمان باپ کا کافر بیٹے سے آمنا سامنا ہو گیا تھا؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کا عبدالرحمٰن بن ابوبکر سے

س:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عبداللہ بن زبیرؓ میں کیا رشتہ تھا؟

ج:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کے نانا تھے۔

س:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دورِ خلافت میں چیف جسٹس کون تھے؟

ج:۔ حضرت علیؓ

س:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حضور ﷺ کی حیات مبارکہ میں کتنی نمازوں کی امامت کروائی؟

ج:۔ 17 نمازوں کی

س:۔ نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو کس سنِ ہجری میں امیرِ حج بنا کر بھیجا تھا؟

ج:۔ 9 ہجری میں، آپؓ پہلے امیر حج تھے جن کی قیادت میں مسلمانوں نے حج کیا۔

س:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد خلافت میں لڑی جانے والی ایک جنگ کو ذات السّلاسل کیوں کہا جاتا ہے؟

ج:۔ اس جنگ میں ایرانی سپاہیوں نے آپس میں زنجیریں باندھ لی تھیں تا کہ کوئی سپاہی میدانِ جنگ سے بھاگ نہ جائے۔ ذات السّلاسل زنجیر کے سلسلے کی وجہ سے کہتے ہیں (سلسلے کی جمع سلاسل ہے)

س:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کتنے سال خلافت کے منصب پر فائز رہے؟

ج:۔ 2 سال 3 ماہ 11 دن

س:۔ حضرت عمر فاروقؓ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج:۔ 6 نبوی میں (27 برس کی عمر میں)

س:۔ وہ کونسے صحابی تھے جن کے ایمان لانے کی دعا حضور پاک ﷺ نے مانگی تھی؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ

س:۔ جب حضرت عمر فاروقؓ نے اسلام قبول کیا تو اس وقت مسلمان مرد اور عورتوں کی

تعداد کیا تھی؟

ج:۔ 45 مرد اور 11 عورتیں

س:۔ حضرت عمر فاروقؓ کا لقب کیا ہے؟

ج:۔ فاروق

س:۔ ہجری تقویم کس نے اور کب شروع کی تھی؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ نے 16 ہجری میں (637ء)

س:۔ کونسے صحابی تمام غزوات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہے؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ

س:۔ عہد فاروقی میں عراق کی سرزمین پر کون سے دو نئے شہر بسائے گئے؟

ج:۔ کوفہ اور بصرہ

س:۔ عرب میں غیر ملکی سکے رائج تھے لیکن خلفائے راشدین کے دور میں چاندی کے سکے رائج کئے گئے یہ سکے کس خلیفہ راشد کے دور میں رائج ہوئے؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ

س:۔ حضرت عمر فاروقؓ جب فلسطین روانہ ہوئے تو مدینہ میں اپنا قائم مقام کس کو چھوڑ کر گئے تھے؟

ج:۔ حضرت علیؓ

س:۔ حضرت عمر فاروقؓ کس صحابی کو میرے آقا کہہ کر مخاطب کرتے تھے؟

ج:۔ حضرت بلالؓ

س:۔ حضرت عمر فاروقؓ کا حضرت حفصہؓ سے کیا رشتہ تھا؟

ج:۔ باپ بیٹی کا

س:۔ کس خلیفہ راشد نے اسلامی مملکت کے نوزائیدہ بچے کا وظیفہ مقرر کیا؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ

س:۔ نہر امیر المومنین جو کہ 99 میل لمبی نہر ہے کس خلیفہ نے بنوائی تھی؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ

س:۔ فجر کی اذان میں الصلوۃ خیر من النوم کے الفاظ کس خلیفہ راشد کی تجویز پر شامل کیے گئے؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ

س:۔ عہد فاروقی میں وظیفے کی رقم کا تعین کرتے وقت حضور پاک ﷺ کی محبت اور ان کے تعلق کا بھی خاص خیال رکھا جاتا تھا اسلئے حضرت اسامہ بن زیدؓ کیلئے پانچ ہزار درہم کا وظیفہ مقرر کیا گیا یہ بتایئے ان کے مقابلے میں حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے بیٹے حضرت عبداللہ بن عمر کیلئے کتنا وظیفہ مقرر کیا؟

ج:۔ دو ہزار درہم

س:۔ حضرت عمر فاروقؓ جب کسی شخص کو عہدہ دیتے تھے تو کس بات کا خاص خیال رکھتے تھے؟

ج:۔ آپؓ کسی کو عہدہ دیتے وقت یا کسی کو گورنر بناتے وقت اُس کی موجودہ مال و جائیداد کا حساب لکھ لیتے تھے تا کہ عہدہ ختم ہونے کے بعد حساب لگایا جاسکے کہ اُس نے دورانِ عہدہ بدعنوانی سے جائیداد میں اضافہ تو نہیں کرلیا۔

س:۔ عہد فاروقی میں عدالتی نظام کا ڈھانچہ کیا تھا؟

ج:۔ عہد فاروقی میں مسلمانوں کے لئے قاضی حکومت مقرر کرتی تھی اور وہ مسلمانوں کے مقدمات کا فیصلہ کرتے تھے جبکہ غیر مسلمانوں کے لئے ہر قوم اور ہر فرقے کے لئے ان کے مذہبی رہنما ہی افسر عدالت متعین کرتے تھے اور وہ ان کی کتاب اور قانون کے مطابق مقدمات کا فیصلہ کرتے تھے۔

س:۔ حضرت عمر فاروقؓ جب کسی علاقے میں گورنر مقرر کرتے تھے تو انھیں تقرر نامے میں کیا شرائط لکھ کر دی جاتی تھیں؟

ج:۔ (1) وہ باریک کپڑا نہیں پہنے گا (2) چھنا ہوا آٹا نہیں کھائے گا (3) ترکی یا ایرانی گھوڑے پر سوار نہیں ہوگا (4) اپنے دروازے پر کسی دربان یا پہرے دار کو نہیں بٹھائے گا۔

س:۔ حضرت عمر فاروقؓ نے اپنی پوری اسلامی سلطنت کو کتنے صوبوں میں تقسیم کیا؟

ج:۔ 10

س:۔ کس خلیفہ راشد کے دور میں اسلامی سلطنت کا رقبہ 22 لاکھ 51 ہزار مربع میل پر مشتمل تھا؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ

س:۔ خلفائے راشدین میں اسلام کے سیاسی نظم و نسق کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ

س:۔ حضرت عمر فاروقؓ مالِ غنیمت میں سب سے کم حصہ کس کو دیتے تھے اور خود مال غنیمت نہیں لیتے تھے؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ

س:۔ بیت المال کا باقاعدہ محکمہ کس خلیفہ راشد نے قائم کیا تھا؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ

س:۔ اسلام میں سب سے پہلے مردم شماری کس خلیفہ راشد نے کروائی تھی؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ

س:۔ مدینہ منورہ کے وہ مشہور قاضی کون تھے جن کی عدالت میں امیر المومنین حضرت عمر فاروقؓ

ایک عام فریق کی حیثیت سے پیش ہوئے؟

ج:۔ حضرت زید بن ثابتؓ

س:۔ حضرت عمر فاروقؓ کو کس نے خنجر سے حملہ کر کے شہید کیا تھا؟

ج:۔ ابولولو فیروز

س:۔ یکم محرم 24 ہجری کو کس خلیفہ راشد نے 63 برس کی عمر میں شہادت پائی؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ

س:۔ حضرت عمر فاروقؓ کہاں دفن ہیں اور آپؓ نے کتنے برس حکومت کی؟

ج:۔ مدینہ منورہ میں حضور ﷺ کے پہلو میں، 10 سال 6 ماہ

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ حضور ﷺ سے کتنے سال چھوٹے تھے؟

ج:۔ 6 سال

س:۔ حضرت عثمانؓ کے خاندان کا شجرہ نسب قریش کی کس شاخ سے ملتا ہے؟

ج: بنواُمیہ

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ جب ایمان لائے تو حضور ﷺ کی کس صاحبزادی سے آپؓ کا نکاح ہوا؟

ج:۔ حضرت رقیہؓ

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ نے کس سنِ ہجری میں خلافت کی ذمہ داری سنبھالی؟

ج:۔ محرم 24 ہجری

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ نے جب خلافت کی ذمہ داری سنبھالی تو اس وقت آپؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج:۔ 70 برس

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ کے دور حکومت میں چیف جسٹس کون تھے؟

ج:۔ حضرت زید بن ثابتؓ

س:۔ کس خلیفہ راشد کے علاوہ تمام خلفاء تنخواہ لیتے تھے؟

ج:۔ حضرت عثمان غنیؓ

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ نے ایک غزوہ میں اپنی بیوی کی بیماری کیوجہ سے شرکت نہیں کی تھی وہ غزوہ کونسا تھا؟

ج:۔ غزوہ بدر

س:۔ بیعت رضوان کا حضرت عثمانؓ سے کیا تعلق تھا؟

ج:۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر حضرت عثمانؓ سفیر بن کر گئے تھے بات چیت طویل ہونے پر مکہ میں افواہ پھیل گئی کہ آپؓ شہید کر دیئے گئے ہیں حضور پاک ﷺ نے جوش کے عالم میں حدیبیہ کے میدان میں ببول کے درخت کے نیچے اس امر پر بیعت لی کہ قصاص عثمانؓ کیلئے قریش سے لڑنا بھی پڑا تو آخری دم تک لڑیں گے۔

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ کے دور حکومت میں صوبوں کی تعداد کیا تھی؟

ج:۔ 23

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ کو جامع القرآن کیوں کہا جاتا ہے؟

ج:۔ کیونکہ انہوں نے مسلمانوں کو ایک قرات پر اکٹھا کیا تھا۔

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ نے عالمِ اسلام کو ایک ہی قرات پر جمع کیا اور ام المومنین حضرت حفصہؓ کے پاس محفوظ قرآن مجید کی سات جلدیں کروا کر کہاں کہاں رکھوائیں؟

ج:۔ مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، کوفہ، شام، بصرہ، یمن، بحرین

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ کے دور میں اسلامی سلطنت کی حد پاکستان کے کس صوبے تک

پہنچ چکی تھی؟

ج:۔ بلوچستان

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ کے دورِ حکومت میں بحیرہ روم میں اسلامی بحری بیڑے کی بنیاد کس نے رکھی؟

ج:۔ حضرت امیر معاویہؓ

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ پر جب قاتلانہ حملہ ہوا تو اس وقت آپؓ کیا کر رہے تھے؟

ج:۔ قرآن مجید کی تلاوت کر رہے تھے۔

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ کی کونسی زوجہ محترمہ نے حضرت عثمانؓ کو باغیوں سے بچاتے ہوئے اپنی انگلیاں قربان کر دی تھیں؟

ج:۔ حضرت نائلہؓ

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ کے خلاف شورش کے دنوں میں گھر کے دروازے پر کون کون پہرہ دیتے تھے؟

ج:۔ حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ نے 18 ذی الحج 35 ہجری کو کتنے برس کی عمر میں شہادت پائی؟

ج:۔ 82 برس

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ کا دورِ خلافت 644 عیسوی سے لے کر کتنی عیسوی تک بنتا ہے؟

ج:۔ 656ء (24 ہجری سے 35 ہجری تک)

س:۔ حضرت عثمان غنیؓ نے کتنے سال خلافت کی ذمہ داریاں سنبھالیں؟

ج:۔ 11 سال 11 ماہ 18 دن

س۔ حضرت علیؓ کی ولادت کب اور کہاں ہوئی تھی؟

ج:۔ 10 قبل نبوت یا 23 قبل ہجری کو کعبۃ اللہ میں

س:۔ حضرت علیؓ کا نام علیؓ کس نے رکھا تھا؟

ج:۔ حضور پاک ﷺ

س:۔ وہ کونسے صحابی ہیں جن کی پیدائش پر ان کے والد، والدہ اور حضور پاک ﷺ نے الگ الگ نام رکھے؟

ج:۔ حضرت علیؓ، والد نے حیدر، والدہ نے اسد جبکہ حضور پاک ﷺ نے علیؓ نام رکھا۔

س:۔ حضرت علیؓ کی کنیت اور لقب کیا تھا؟

ج:۔ کنیت ابوالحسن، ابوتراب جبکہ لقب حیدر کرار اور اسد اللہ تھا۔

س:۔ قبول اسلام کے حوالے سے حضرت علیؓ کے حصے میں کیا سعادت آئی تھی؟

ج:۔ بچوں میں سب سے کم عمر تھے۔

س:۔ صلح حدیبیہ کا معاہدہ کس صحابی نے لکھا تھا؟

ج:۔ حضرت علیؓ

س:۔ حضرت علیؓ کے گھر میں ایک ہی نام کی دو معزز ہستیاں موجود تھیں ان کے نام کیا ہیں؟

ج:۔ ایک حضرت فاطمہ بنتِ اسد جو حضرت علیؓ کی والدہ تھی اور دوسری حضرت فاطمہ بنت محمد ﷺ جو کہ ان کی گھر والی تھی۔

س:۔ حضرت علیؓ نے خلافت کا عہدہ کب سنبھالا؟

ج:۔ 24 ذی الحج 35 ہجری

س:۔ خوارج کن لوگوں کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ جنگ صفین کے بعد جو لوگ حضرت علیؓ کے خلاف ہو گئے تھے ان کو خوارج یا خارجی کہتے ہیں۔

س:۔ حضرت علیؓ نے اسلام کی کونسی پہلی جنگ میں شرکت کی تھی؟

ج:۔ غزوہ بدر

س:۔ حضرت علیؓ کو فاتح خیبر کیوں کہا جاتا ہے؟

ج:۔ غزوہ خیبر میں مرحب سردار کو قتل کرنے کے بعد قلعہ کا دروازہ اُکھاڑ پھینکا تھا۔

س:۔ فاتح خیبر حضرت علیؓ نے قلعہ خیبر کب فتح کیا؟

ج:۔ 7ہجری میں

س:۔ حضرت علیؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کے مابین کون کونسے علاقوں کی تقسیم ہوئی؟

ج:۔ مشرق کی جانب سعودی عرب، ایران اور عراق حضرت علیؓ کی زیرنگرانی آئے جبکہ مغرب میں شام اور مصر کے علاقے حضرت امیر معاویہؓ کی زیرنگرانی آگئے۔

س:۔ اسلام میں سب سے پہلے کس خلیفہ راشد نے دارالخلافہ تبدیل کیا؟

ج:۔ حضرت علیؓ

س:۔ حضرت علیؓ کی زوجہ حضرت فاطمہ الزہراؓ نے کب رحلت فرمائی اور آپؓ کا مزار کہاں ہے؟

ج:۔ 11ہجری میں، جنت البقیع، مدینہ منورہ

س:۔ حضرت علیؓ نے ایک غزوہ کے علاوہ باقی تمام غزوات میں شرکت کی غزوہ کا نام بتائیں؟

ج:۔ غزوہ تبوک (مدینے کا انتظام حضرت علیؓ کے سپرد کیا تھا)

س:۔ 21رمضان المبارک 40ہجری کو کیا غم ناک واقعہ پیش آیا؟

ج:۔ حضرت علیؓ کی شہادت کا

س:۔ حضرت علیؓ کی شہادت کس شہر میں ہوئی اور آپؓ کا مزار کہاں ہے؟

ج:۔ کوفہ میں شہادت ہوئی اور کوفہ میں ہی مزار ہے۔

س:۔ حضرت علیؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج:۔ حضرت امام حسنؓ

س:۔ حضرت علیؓ کو کس نے شہید کیا؟

ج:۔ عبدالرحمٰن ابنِ ملجم

س:۔ حضرت علیؓ کا دورِ خلافت کتنے عرصے پر محیط ہے؟

ج:۔ 4 سال 9 ماہ

س:۔ حضرت علیؓ کی شہادت کے بعد چھ ماہ تک کون خلیفہ بنے؟

ج:۔ حضرت امام حسنؓ

س:۔ خلافت راشدہ کا دور کتنے عرصے تک محیط رہا؟

ج:۔ 30 سال تک

س:۔ خلافت راشدہ کا دور کب سے کب تک کا ہے؟

ج:۔ 11 ہجری سے 40 ہجری تک

س:۔ تقویم عیسوی کے حساب حضرت ابوبکر صدیقؓ سے لیکر حضرت علیؓ کا دورِ خلافت کب سے کب تک کا ہے؟

ج:۔ 632ء سے 661ء تک

س:۔ حضرت جعفر طیارؓ نے نجاشی کے دربار میں کونسی سورت کی تلاوت کی تھی؟

ج:۔ سورۃ مریم

س:۔ آزاد غلاموں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

ج:۔ حضرت بلالؓ

س:۔ کعبۃ اللہ میں سب سے پہلے کس صحابی نے اذان دی تھی؟

ج:۔ حضرت بلالؓ

س:۔ حضرت بلالؓ نے کس خلیفہ راشد کے عہد میں وفات پائی اور آپؓ کا مزار کہاں ہے؟

ج:۔ حضرت عمر فاروقؓ، دمشق (شام) میں

س:۔ خانہ کعبہ میں سب سے پہلے با آواز بلند کلمہ پڑھنے اور تشدد برداشت کرنے والے پہلے صحابی کون تھے؟

ج:۔ حضرت ابوذر غفاریؓ

س:۔ تاریخ اسلام کے پہلے امیر البحر کون تھے؟

ج:۔ حضرت امیر معاویہؓ

س:۔ مسلمانوں میں ڈاک کا محکمہ سب سے پہلے کس نے قائم کیا؟

ج:۔ حضرت امیر معاویہؓ

س:۔ حضرت امیر معاویہؓ جنھیں سیاس العرب (عرب کا سیاستدان) بھی کہا جاتا ہے انھوں نے اپنے مشیر کو پہلی اور آخری بات کیا کہی تھی؟

ج:۔ ''مجھے وہ بات کبھی نہ کہنا جو میں سننا چاہتا ہوں''۔

س:۔ وہ کونسا سپہ سالار ہے جس نے کسی جنگ میں شکست نہیں کھائی؟

ج:۔ حضرت خالد بن ولیدؓ

س:۔ حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت خالد بن ولیدؓ میں کیا رشتہ تھا؟

ج:۔ حضرت خالد بن ولیدؓ حضرت عمر فاروقؓ کے ماموں زاد بھائی تھے۔

س:۔ یہ قول کس کا ہے کہ ”میں سہاگ رات کی بجائے میدانِ جہاد کو ترجیح دوں گا“؟

ج:۔ حضرت خالد بن ولیدؓ

س:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں عراق فتح ہوا تو اس جنگ میں اسلامی لشکر کی قیادت کون کر رہا تھا؟

ج:۔ حضرت خالد بن ولیدؓ

س:۔ عہد فاروقی میں حضرت خالد بن ولیدؓ نے شام کے خلاف جنگ میں کس حیثیت سے شرکت تھی؟

ج:۔ عام سپاہی کی حیثیت سے

س:۔ حضرت خالد بن ولیدؓ کی آخری وصیت کیا تھی؟

ج:۔ میرا گھوڑا اور اسلحہ خدا کی راہ میں جہاد کیلئے وقف کر دیا جائے۔

س:۔ اُس صحابی کا نام بتائیے جس کے مزار پر ہر بادشاہ سلطنت عثمانیہ کا بادشاہ بننے کے بعد حاضری دیتا ہے؟

ج:۔ حضرت ابوایوب انصاریؓ

س:۔ حضرت ابوایوب انصاریؓ کا مزار کہاں ہے؟

ج:۔ استنبول (ترکی)

س:۔ راہ اسلام میں پہلا تیر چلانے والے صحابی کون تھے؟

ج:۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ

س:۔ فاتح ایران کس صحابی کو کیا جاتا ہے؟

ج:۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کو

س:۔ اس صحابی کا نام بتائیں جن کو حضور پاک ﷺ نے یہود و نصاریٰ سے خط و کتابت کر

نے کے لیے عبرانی اور سریانی زبان سیکھنے کو کہا تھا؟

ج:۔ حضرت زید بن ثابتؓ

س:۔ جنگ موتہ میں اسلامی لشکر کی قیادت کس نے کی؟

ج:۔ حضرت زید بن ثابتؓ

س:۔ جنگ مُوتہ کے شہیدوں کا بدلہ لینے کیلئے حضرت اسامہؓ کی قیادت میں جو لشکر بھیجا تھا اس کا نتیجہ کیا نکلا؟

ج:۔ لشکر کو فتح حاصل ہوئی۔

س:۔ حضرت اسامہ بن زیدؓ جب اسلامی لشکر کے سردار بنے تو اُس وقت اُن کی عمر کیا تھی؟

ج:۔ 17 سال

س:۔ کون سے صحابی کو حضور پاک ﷺ کے دیدار کے بغیر صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے؟

ج:۔ حضرت اویس کرنیؓ

س:۔ علامہ اقبال نے یہ شعر کس صحابی کے بارے میں کہا ہے؟

دشت تو دشت ہیں دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے

بحر ظلمات میں دوڑا دیے گھوڑے ہم نے

ج:۔ عقبہ بن نافعؓ

س:۔ یہ بتایئے مسلم دنیا کے پہلے سفیر کون تھے؟

ج:۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ

س:۔ حضرت امام حسنؓ کب پیدا ہوئے اور آپؓ کی کنیت کیا ہے؟

ج:۔ 15 رمضان المبارک 3 ہجری، ابو محمد

س:۔ حضرت امام حسنؓ کی وفات کے وقت عمر کتنی تھی؟

ج:۔ 45 سال 6 ماہ

س:۔ حُسن کے معنی جمال اور خوبصورتی کے ہیں یہ بتایئے حسن کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ بہت اچھا، خوبیوں والا

س:۔ حضرت امام حسینؓ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج:۔ 3 شعبان 4 ہجری، مدینہ منورہ میں

س:۔ حضرت امام حسینؓ کا نام آنحضرت محمد ﷺ نے رکھا یہ بتایئے حضرت امام حسینؓ کی کنیت کیا تھی؟

ج:۔ ابو عبداللہ

س:۔ حضرت امام حسینؓ کے دادا کا اسم گرامی کیا ہے؟

ج:۔ ابو طالب

س:۔ حسنین کی اصطلاح حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کیلئے استعمال ہوئی ہے یہ بتایئے خانۂ شبیر سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ حضرت امام حسینؓ کا گھرانہ

س:۔ واقعہ کربلا کے وقت کوفے کا حاکم کون تھا؟

ج:۔ ابنِ زیاد

س:۔ یزید نے مدینہ کی کن تین اہم شخصیات سے بیعت لینے کو کہا تھا؟

ج:۔ حضرت امام حسینؓ، حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت عبداللہ بن زبیرؓ

س:۔ حضرت امام حسینؓ کوفہ کیوں تشریف لے گئے تھے؟

ج:۔ اہل کوفہ نے حضرت امام حسینؓ کو بے شمار خطوط لکھے تھے آپؓ ان کی دعوت پر کوفہ

تشریف لے گئے تھے۔

س:۔ حضرت امام حسینؓ نے اہل کوفہ کے خطوط کے جواب میں کس مسلم شخصیت کو نمائندہ بنا کر حالات کا جائزہ لینے کیلئے بھیجا؟

ج:۔ حضرت مسلم بن عقیلؓ

س:۔ حضرت امام حسینؓ کی فوج میں 72 افراد تھے ان میں کتنے سوار تھے اور کتنے پیادے تھے؟

ج:۔ 32 سوار اور 40 پیادے تھے۔

س:۔ حضرت امام حسینؓ میدانِ کربلا میں کب خیمہ زن ہوئے؟

ج:۔ 2 محرم الحرام

س:۔ حضرت امام حسینؓ کیلئے دریائے فرات کا پانی کب بند کیا گیا؟

ج:۔ 7 محرالحرام

س:۔ حضرت امام حسینؓ نے ابنِ سعد کو کیا تجاویز پیش کی تھیں؟

ج:۔ (1) مجھے واپس جانے دیا جائے (2) مجھے براہ راست یزید سے بات کرنے دو (3) مجھے مسلمانوں کی کسی سرحد میں جانے دیا جائے تا کہ میں جہاد میں شامل ہو جاؤں

س:۔ حضرت امام حسینؓ نے جنگ سے پہلے ابن زیاد سے ایک رات کی مہلت کیوں مانگی تھی؟

ج:۔ تا کہ رات اللہ کے حضور کی عبادت کر سکیں اور ساتھیوں کو بتا دیں کہ آنے والی صبح سخت ہے اس لیے اگر کوئی جانا چاہتا ہے تو چلا جائے۔

س:۔ حضرت امام حسینؓ کے خطبے کا یزیدی فوج پر کیا اثر ہوا؟

ج:۔ یزید کے کچھ ساتھی خصوصاً حُر خطبے سے متاثر ہوا اور حضرت امام حسینؓ کے ساتھ

شامل ہوگیا۔

س:۔ حبیب بن مذاہب کون تھے؟

ج:۔ حضرت امام حُسینؓ کی فوج کے کمانڈر تھے۔

س:۔ سانحہ کربلا کے پہلے شہید مرد کون تھے؟

ج:۔ حضرت مسلم بن عوسجہ

س:۔ حضرت امام حُسینؓ کی شہادت کے وقت عمر کیا تھی؟

ج:۔ 56 سال 5 ماہ 7 دن

س:۔ وقتِ شہادت حضرت امام حسینؓ پر تیروں کے کتنے زخم تھے؟

ج:۔ 33

س:۔ حضرت امام حسینؓ کے کتنے بیٹوں نے میدانِ کربلا میں شہادت پائی؟

ج:۔ 2۔(حضرت علی اکبرؓ اور حضرت علی اصغرؓ)

س:۔ اُس کمسن بچے کا نام بتایئے جو میدان کربلا میں شہید ہوا تھا؟

ج:۔ حضرت علی اصغرؓ

س:۔ حضرت امام حسینؓ پر پہلا مرثیہ کس نے کہا؟

ج:۔ حضرت بی بی زینبؓ نے اپنے بھائی کے لئے کہا۔

س:۔ حضور پاک ﷺ کی کونسی نواسی خاتونِ کربلا کے نام سے مشہور ہے؟

ج:۔ حضرت بی بی زینبؓ

س:۔ دربارِ دمشق میں کس خاتون کا خطبہ تاریخ کا بلیغ ترین خطبہ تصور کیا جاتا ہے؟

ج:۔ حضرت بی بی زینب

س:۔ عابد بیمار کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ حضرت زین العابدین کو کیونکہ وہ واقعہ کربلا کے وقت بیمار تھے اور شرکت نہ کر سکے تھے۔

س:۔ حضرت خدیجہؓ کا حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ سے کیا رشتہ تھا؟

ج:۔ نانی تھی۔

س:۔ حضرت امام حسینؓ کی شہادت سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

ج:۔ صبر و ایثار کا اور باطل کے سامنے سخت حالات میں بھی ڈٹے رہنے کا

س:۔ علم کا جلوس کس کی یاد میں نکالا جاتا ہے؟

ج:۔ حضرت عباس علمبردار

س:۔ 10 محرم 61 ہجری، اس دن عیسوی تاریخ کیا تھی؟

ج:۔ اکتوبر 680ء

س:۔ ''ذلت کی زندگی سے موت بہتر ہے'' یہ کس کا قول ہے؟

ج:۔ حضرت امام حسینؓ

س:۔ یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستانِ حرم

نہایت اس کی حسینؓ ابتداء ہے اسمٰعیل

ج:۔ علامہ اقبال

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

قتل حسین اصل میں مرگِ یزید ہے اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

ج:۔ مولانا محمد علی جوہر

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

ج:۔ شاہ ہست حسینؓ بادشاہ ہست حسینؓ دیں ہست حسینؓ دیں پناہ ہست حسینؓ

سر دادنہ داد دست دردست یزید حقا کہ بنائے لاالٰہ ہست حسینؓ

ج:۔ حضرت معین الدین اجمیریؒ

س:۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج:۔ بنوامیہ

س:۔ کونسے خلیفہ کے دور حکومت میں مسلمان اس قدر خوشحال تھے کہ زکوٰۃ و عشر لینے والا ڈھونڈنے سے بھی نہ ملتا تھا؟

ج:۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ

س:۔ کس اموی خلیفہ نے سندھ کے حکمرانوں اور وڈیروں کو اسلام کی دعوت دی تھی؟

ج:۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ

انبیاء کرام علیہ السّلام

س:۔ انبیاء کرام کے نام کیساتھ علیہ السّلام لکھا جاتا ہے اس کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ اُن پر خدا کا سلام پہنچے۔

س:۔ حضرت آدمؑ کے کتنے برس بعد حضرت نوحؑ پیدا ہوئے؟

ج:۔ 2242 سال بعد

س:۔ حضرت نوح علیہ السّلام اور حضرت ابراہیم علیہ السّلام میں سے پہلے کون سے پیغمبر گزرے ہیں؟

ج:۔ حضرت نوح علیہ السّلام

س:۔ بائبل میں حضرت نوحؑ کی کشتی کا کیا نام آیا ہے؟

ج:۔ آرک (Ark)

س:۔ بائبل مقدس کے مطابق حضرت نوحؑ کی کشتی کہاں رُکی تھی؟

ج:۔ کوہ ارارات (ترکی)

س:۔ اول المرسلین اور آدمِ ثانی کن پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ حضرت نوحؑ

س:۔ حضرت ابراہیمؑ آج سے کتنے ہزار برس پہلے اس دنیا میں تشریف لائے؟

ج:۔ چار ہزار برس قبل

س:۔ اُن پیغمبر کا نام بتائیں جن کی چار نسلیں نبی تھیں؟

ج:۔ حضرت ابراہیمؑ

س:۔ حضرت ابراہیمؑ نے سب سے پہلے دعوتِ حق کس شخص کو دی تھی؟

ج:۔ اپنے والد آذر کو

س:۔ عیدالاضحیٰ کس عظیم پیغمبر کی سنت ہے؟

ج:۔ حضرت ابراہیمؑ

س:۔ حضرت ابراہیم علیہ السّلام خدا کے برگزیدہ پیغمبر گزرے ہیں یہ بتائیے ابراہیم علیہ السّلام کا معنی کیا ہے؟

ج:۔ قوموں کا باپ

س:۔ حضرت ابراہیمؑ کو قرآن مجید میں کس خطاب سے پکارا گیا ہے؟

ج:۔ امام الناس

س:۔ حضرت ابراہیمؑ کے دو بیٹے تھے۔ایک حضرت اسحاقؑ دوسرے حضرت اسماعیلؑ، حضور پاک ﷺ کا سلسلہ نسب حضرت ابراہیمؑ کے کس بیٹے سے ملتا ہے؟

ج:۔ حضرت اسماعیلؑ

س:۔ لفظ ''مسلم'' کی اصطلاح کس پیغمبر سے منسوب ہے؟

ج:۔ حضرت ابراہیمؑ سے

س:۔ حضرت ابراہیمؑ نے خانہ کعبہ کی تعمیر کے وقت کیا دُعا مانگی تھی؟

ج:۔ ''اے اللہ! اس شہر کو پُر امن بنا اور اس شہر کے جو لوگ اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتے ہیں انھیں ہر طرح کے اشجار دے''

س:۔ حضرت ابراہیمؑ نے اپنی کس بیوی کو موجودہ مکہ شہر کی جگہ آباد کیا تھا؟

ج:۔ بی بی ہاجرہ

س:۔ حضرت یوسفؑ، حضرت یعقوبؑ کے صاحبزادے تھے یہ بتایئے حضرت یعقوبؑ کس پیغمبر کے صاحبزادے تھے؟

ج:۔ حضرت اسحاقؑ

س:۔ حضرت اسحاقؑ کی والدہ ماجدہ کا نام کیا تھا؟

ج:۔ حضرت سارہ

س:۔ صابن حضرت صالحؑ کی ایجاد ہے یہ بتایئے حضرت صالحؑ کے زمانے میں کونسی قوم پر عذاب آیا؟

ج:۔ قومِ ثمود پر

س:۔ حضرت ہودؑ کے زمانے میں کونسی قوم پر عذاب آیا؟

ج:۔ قوم عاد پر

س:۔ حضرت موسیٰؑ کا نام کس نے رکھا تھا؟

ج:۔ فرعون کی بیوی آسیہ نے (موسیٰ کا مطلب ہے پانی سے نکالا ہوا)

س:۔ ایک پیغمبر ایسے بھی گزرے ہیں جن کی زبان میں لکنت تھی نام بتائیں؟

ج:۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام

س:۔ حضرت موسیٰؑ کو کلیم اللہ کیوں کہا جاتا ہے؟

ج:۔ کیونکہ انہوں نے اللہ سے کلام کیا تھا۔

س:۔ بائبل مقدس میں کوہ طور کو کس نام سے یاد کیا گیا ہے؟

ج:۔ جبل موسیٰ

س:۔ حضرت موسیٰؑ کا حضرت شعیبؑ سے کیا رشتہ تھا؟

ج:۔ حضرت موسیٰؑ حضرت شعیبؑ کے داماد تھے۔

س:۔ کس پیغمبر پر اللہ تعالیٰ نے ''احکامِ عشرہ (TenCommandments)'' نازل فرمائے تھے؟

ج:۔ حضرت موسیٰؑ

س:۔ حضرت موسیٰؑ کا انتقال کس پہاڑ پر ہوا؟

ج:۔ کوہ عباریم پر

س:۔ حضرت موسیٰؑ کے کتنے بھائی تھے؟

ج:۔ ایک حضرت ہارونؑ

س:۔ حضرت موسیٰؑ اور ان کے بھائی حضرت ہارونؑ ایک ہی زمانہ میں پیغمبر گزرے ہیں ان میں سے پہلے کس کا انتقال ہوا؟

ج:۔ حضرت ہارونؑ

س:۔ کپڑا سینے کا رواج تاریخ انسانی میں سب سے پہلے کس پیغمبر نے دیا؟

ج:۔ حضرت ادریسؑ

س:۔ فنِ کتابت کے موجد کون سے پیغمبر تھے؟

ج:۔ حضرت ادریسؑ

س:۔ وہ کونسے پیغمبر ہیں جنہیں آرے سے چیرا گیا؟

ج:۔ حضرت زکریاؑ

س:۔ حضرت زکریاؑ اور حضرت یحییٰؑ کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

ج:۔ باپ بیٹے کا

س:۔ وہ کونسے پیغمبر ہیں جن کے ہاتھ میں لوہا نرم ہو جایا کرتا تھا؟

ج:۔ حضرت داؤدؑ

س:۔ حضرت سلیمانؑ کس پیغمبر کے صاحبزادے تھے؟

ج:۔ حضرت داؤدؑ

س:۔ خوش الحانی کیلئے حضرت داؤدؑ مشہور ہیں یہ بتایئے حضرت داؤدؑ پر کونسی آسمانی کتاب نازل ہوئی؟

ج:۔ زبور

س:۔ حضرت اسماعیلؑ کی زبان کونسی تھی؟

ج:۔ عبرانی

س:۔ اسرائیل کے معنی ''خدا کا بندہ'' کے ہیں یہ کس زبان کا لفظ ہے؟

ج:۔ عبرانی

س:۔ ابوالانبیاء حضرت ابراہیمؑ کا لقب ہے یہ بتایئے خطیب الانبیاء کس پیغمبر کا لقب ہے؟

ج:۔ حضرت شعیبؑ

س:۔ بنی اسرائیل کے آخری پیغمبر حضرت عیسیٰؑ تھے یہ بتایئے ''اسرائیل'' کس پیغمبر کا

لقب ہے؟

ج:۔ حضرت یعقوبؑ

س:۔ یہ بتایئے حضرت یعقوبؑ کا انتقال کس ملک میں ہوا؟

ج:۔ مصر میں

س:۔ پیغمبروں میں کس پیغمبر کا صبر بہت مشہور ہے؟

ج:۔ حضرت ایوبؑ

س:۔ 4 قبل مسیح کس پیغمبر کی پیدائش کا سال ہے؟

ج:۔ حضرت عیسیٰؑ

س:۔ حضرت عیسیٰؑ بیت المقدس میں کس جگہ پیدا ہوئے؟

ج:۔ بیت اللحم

س:۔ حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کے وقت دُنیا کی آبادی کتنی تھی؟

ج:۔ 25 کروڑ

س:۔ حضرت عیسیٰؑ کی زوجہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج:۔ شادی نہیں ہوئی تھی۔

س:۔ کس پیغمبر کو بچپن میں نبوت / پیغمبری ملی تھی؟

ج:۔ حضرت عیسیٰؑ اور حضرت یحییٰؑ

س:۔ حضرت عیسیٰؑ کے بعد اور حضور پاک ﷺ کی بعثت سے پہلے کتنے پیغمبر آئے؟

ج:۔ کوئی پیغمبر نہیں آیا۔

س:۔ یہودیوں نے وہ نام نہاد عدالت کہاں لگائی تھی جس میں حضرت عیسیٰؑ کو سولی پر چڑھانے کا حکم دیا گیا تھا؟

ج:۔ بیت المقدس

س:۔ کونسے سن عیسوی میں حضرت عیسیٰؑ اس دنیا سے رخصت ہوئے؟

ج:۔ 33

قرآن مجید

س:۔ جب قرآن مجید کا نزول شروع ہوا تو اس وقت حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کو کتنا عرصہ گزر چکا تھا؟

ج:۔ 610سال

س:۔ کس سنِ عیسوی میں قرآن مجید کے نزول کو 1400 سال مکمّل ہو گئے؟

ج:۔ 1967ء

س:۔ قرآن مجید کا ذاتی نام کلام اللہ ہے یہ بتایئے قرآن مجید کی سب سے پہلی آیت کس چیز پر لکھی گئی؟

ج:۔ کھجور کے پتوں پر

س:۔ قرآن مجید کا ایک نام ''الفرقان'' بھی ہے اس کا مطلب کیا ہے؟

ج:۔ فرق کرنے والی (نیکی اور بدی میں فرق کرنے والی)

س:۔ قرآن مجید کا موضوع انسان ہے یہ بتایئے لفظ قرآن کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ جو تلاوت کیا گیا، جو پڑھا گیا۔

س:۔ قرآن مجید میں 114 سورتیں ہیں یہ بتایئے قرآن مجید میں کُل کتنے رکوع ہیں؟

ج:۔ 540

س:۔ قرآن مجید میں مکی اور مدنی سورتوں کی تعداد کیا ہے؟

ج:۔ مکی 87 مدنی 27

س:۔ مکی سورتوں کی بنیادی خصوصیات کیا ہیں؟

ج:۔ مختصر ہیں اور عقائد کے بارے میں بحث کرتی ہیں۔

س:۔ قرآن مجید میں کل 6666 آیات ہیں یہ بتائیے آیت کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج:۔ نشانی

س:۔ قرآن مجید میں تیس پارے ہیں یہ بتائیے پارے کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ جزو

س:۔ قرآن مجید میں کتنے سپارے نئی سورتوں سے شروع ہوتے ہیں؟

ج:۔ 8

س:۔ قرآن مجید میں کل کتنے انبیاء کرام کا نام آیا ہے؟

ج:۔ 26

س:۔ قرآن مجید پر حجاج بن یوسف نے اعراب کب لگوائے تھے؟

ج:۔ 43ہجری میں

س:۔ قرآن مجید کی پہلی منزل کہاں سے کہاں تک ہے؟

ج:۔ سورۃ فاتحہ سے سورۃ النساء (پارہ 1 سے پارہ 6)

س:۔ قرآن مجید کے مطابق وہ کونسی مسجد ہے جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی؟

ج:۔ مسجد قُبا

س:۔ قرآن مجید میں سب سے پہلے کس پیغمبر کا ذکر آیا ہے؟

ج:۔ حضرت آدم علیہ اسلام

س:۔ قرآن مجید کی ایک سورت العنکبوت ہے یہ بتائیے عنکبوت کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ مکڑی

س:۔ قرآن مجید میں سب سے زیادہ سورتیں کس سپارہ میں ہیں؟

ج:۔ 30ویں سپارہ میں

س:۔ اصحاب کہف کا ذکر قرآن مجید کے 18ویں سپارہ میں ہے کہف کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ غار

س:۔ قرآن مجید کے مطابق بچے کو کتنی مدت تک ماں کا دودھ ملنا چاہیئے؟

ج:۔ دو سال تک

س:۔ قرآن مجید کی کونسی دو سورتوں کے نام صرف ایک ایک حروف تہجّی پر مشتمل ہیں؟

ج:۔ ص اور ق

س:۔ جس آگ میں حضرت ابراہیمؑ کو ڈالا گیا اس آگ کے گلزار بن جانے کا واقعہ قرآن مجید کی کس سورت میں آیا ہے؟

ج:۔ سورۃ الانبیاء

س:۔ قرآن مجید میں کس پیغمبر کے بارے میں ارشاد باری ہے کہ ''لوہا اُن کے ہاتھ میں نرم کر دیا گیا''؟

ج:۔ حضرت داوٗدؑ

س:۔ مکہ معظّمہ کا اصل نام جو قرآن مجید میں آیا ہے؟

ج:۔ بکہ

س:۔ قرآن مجید میں حروفِ مقطعات سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ وہ حروف جو اکٹھے لکھے جائیں لیکن علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں حضور پاک ﷺ نے ان حروف کی تشریح نہیں فرمائی۔

س:۔ ''رب زدنی علما'' قرآنی آیت ہے یا حدیث ہے؟

ج:۔ قرآن پاک کی آیت ہے۔ سورہ طٰہٰ میں ہے۔

س:۔ قرآن مجید میں کن دو اشخاص کے نام موجود ہیں جو نزولِ قرآن کے وقت موجود تھے؟

ج:۔ حضرت زید بن حارثؓ اور ابولہب

س:۔ قرآن مجید میں ایک ایسی ہستی کا نام ہے جس کو خدا نے حکمت و دانش سے نوازا تھا جن کی دانائی ضرب المثل ہے اور ان کے نام پر قرآن مجید میں ایک سورت بھی ہے نام بتادیں؟

ج:۔ حضرت لقمان

س:۔ قرآن مجید میں حضرت حوا کا لفظ کتنی بار آیا ہے؟

ج:۔ ایک بار بھی نہیں۔

س:۔ قرآن مجید میں پورا کلمہ کتنی بار آیا ہے؟

ج:۔ ایک بار بھی نہیں۔

س:۔ قرآن مجید میں ایک سورت کا نام البقرہ بھی ہے البقرہ کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ گائے

س:۔ قرآن مجید میں بعض جگہوں پر ط کی نشانی ہوتی ہے اس سے کیا مراد لی جاتی ہے؟

ج:۔ وقف مطلق ہے یہاں ٹھہرنا ضروری ہے۔

س:۔ قرآن مجید کی ایک سورت کا نام جو کہ جنت کی ایک نہر کا نام بھی ہے؟

ج:۔ سورۃ الکوثر

س:۔ رمضان المبارک کے بارے میں سورۃ البقرہ میں کیا کہا گیا ہے؟

ج:۔ ''اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کیئے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تا کہ تم متقی اور پرہیز گار بنو''۔

س:۔ وہ کونسی کتاب ہے جو ہر سال لاکھوں کی تعداد میں چھپتی ہے اور چھپتے ہی چلی جاتی ہے جس میں نہ کسی زیر زبر پیش کا فرق آتا ہے؟

ج:۔ قرآن مجید

س:۔ سپارہ اور نماز کس زبان کے لفظ ہیں؟

ج:۔ فارسی

س:۔ قرآن مجید کا پہلا ترجمہ کس زبان میں ہوا تھا؟

ج:۔ لاطینی زبان میں

س:۔ قرآن مجید کا اُردو ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا؟

ج:۔ شاہ عبدالقادر دہلوی

س:۔ بلوچی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا؟

ج:۔ ملا حضور بخش

س:۔ سندھی زبان میں قرآن مجید کا منظوم ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا؟

ج:۔ مولوی احمد ملاح

س:۔ قرآن مجید کا روسی زبان میں ترجمہ کس شخصیت کی کوششوں سے ہوا؟

ج:۔ علامہ جمال الدین افغانی

س:۔ قرآن مجید کا فارسی زبان میں پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

ج:۔ شیخ سعدی

س:۔ حضرت زید بن حارثؓ کا نام قرآن مجید کی کس سورت میں آیا ہے؟

ج:۔ سورۃ احزاب

س:۔ قرآن مجید کی ایک سورت جو کہ پوری کی پوری دعا ہے وہ سورت کونسی ہے؟

ج:۔ سورۃ فاتحہ

س:۔ سورۃ شکر قرآن مجید کی کس سورت کو کہتے ہیں؟

ج:۔ سورۃ فاتحہ کو

س:۔ قرآن مجید کی کس سورت کو اُم الکتاب کہا جاتا ہے؟

ج:۔ سورۃ فاتحہ کو

س:۔ اسلام کو مکمّل دین قرآن مجید کی کس سورت میں قرار دیا گیا ہے؟

ج:۔ سورۃ المائدہ میں

س:۔ قرآن مجید میں حضرت جبرائیلؑ اور حضرت میکائیلؑ میں سے کس کا ذکر ہے؟

ج:۔ دونوں کا ذکر ہے۔

س:۔ حروف ساکن کن حروف کو کہتے ہیں؟

ج:۔ وہ حروف جن پر اعراب نہ ہوں۔

س:۔ حروفِ متحرک کن حروف کو کہتے ہیں؟

ج:۔ وہ حروف جن پر اعراب ہوں۔

س:۔ قرآن مجید کی وہ کون سی سورت ہے جس میں بسم اللہ دو مرتبہ آئی ہے؟

ج:۔ سورۃ نمل

س:۔ قرآن مجید کی وہ کون سی سورت ہے جس کا آغاز بسم اللہ سے نہیں ہوتا؟

ج:۔ سورۃ توبہ

س:۔ قرآن مجید میں کن حشرات کا نام آیا ہے؟

ج:۔ چیونٹی، مکڑی، شہد کی مکھی

س:۔ اُس واحد اسلامی ملک کا نام بتائیں جس کا نام قرآن مجید میں بھی ہے؟

ج:۔ مصر

س:۔ قرآن مجید میں روزے کے دو کون سے مقاصد بیان کیے گئے ہیں؟

ج:۔ تقوٰی اور شکر

اسلامی معلومات اور دیگر مذاہب کے بارے میں معلومات

س:۔ تسمیہ کا مطلب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے یہ بتایئے تحلیل سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ کلمہ طیبہ کی زبان سے ادائیگی

س:۔ یہ بتایئے کلمہ طیبہ میں کل کتنے نقطے ہیں؟

ج:۔ کوئی نقطہ نہیں ہے۔

س:۔ تکبیر تحریمہ سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ نماز کیلئے کہی گئی پہلی تکبیر اللہ اکبر کہنا جس سے نماز کا آغاز ہوتا ہے۔

س:۔ عربی زبان کے حروف تہجی کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 29

س:۔ اسلام کے پانچ بنیادی عقائد کونسے ہیں؟

ج:۔ (1) اللہ پر ایمان (2) فرشتوں پر ایمان (3) رسولوں پر ایمان (4) آسمانی کتابوں پر ایمان (5) یوم آخرت پر ایمان

س:۔ اسلامی قانون کے چار بنیادی ماخذ کون سے ہیں؟

ج:۔ (1) قرآن مجید (2) سنتِ رسول (3) قیاس (4) اجماع

س:۔ اسلامی مہینوں کے نام ترتیب سے بتادیں؟

ج:۔ (1) محرم (2) صفر (3) ربیع الاول (4) ربیع الثانی (5) جمادی الاول (6)

جمادی الثانی (7) رجب (8) شعبان (9) رمضان (10) شوال (11) ذی القعد (12) ذی الحج

س:۔ اللہ تعالیٰ کا ذاتی نام کیا ہے؟

ج:۔ اللہ

س:۔ اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں ''الرحیم'' کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ مہربان، رحم کرنے والا

س:۔ اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں ''الوہاب'' کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ بخشنے والا، دینے والا

س:۔ اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں ''الرقیب'' کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ نگہبان، بچانے والا

س:۔ اسلام کا پہلا رکن شہادت توحید ورسالت ہے یہ بتایئے دوسرا کونسا ہے؟

ج:۔ نماز

س:۔ اسلام کے بنیادی ارکان میں سے کتنے ارکان مکی زندگی میں فرض ہوئے اور کتنے مدنی زندگی میں؟

ج:۔ مکی زندگی میں صرف ایک نماز فرض ہوئی باقی چاروں مدنی زندگی میں فرض ہوئے۔

س:۔ اذان دینے کا طریقہ کب رائج ہوا؟

ج:۔ ایک ہجری میں

س:۔ اذان میں اللہ اکبر کا لفظ کتنی بار آیا ہے؟

ج:۔ چھ بار

س:۔ اذان میں لفظ ''محمد'' (ﷺ) کتنی بار آتا ہے؟

ج:۔ دومرتبہ

س:۔ اگر مدینہ منورہ میں نماز پڑھی جائے تو آپ کا رخ کس سمت ہوگا؟

ج:۔ جنوب کی طرف

س:۔ دنیا کی پہلی عبادت کس عبادت کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ توبہ کو

س:۔ عبادات وعقائد، اصلاح شریعت میں فرض کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ جو دلیلِ قطعی سے ثابت ہو۔ فرض کا منکر کافر اور بغیر کسی عذر کے فرض کو چھوڑنے والا فاسق کہلاتا ہے۔

س:۔ بتائیں پانچ وقت کی نمازوں میں فرض رکعتیں کتنی ہوتی ہیں؟

ج:۔ 17

س:۔ نماز میں دُعا کے بعد آمین کہتے ہیں اس کا مطلب کیا ہوتا ہے؟

ج:۔ اللہ تعالیٰ قبول کرے۔

س:۔ نماز جمعہ ہجرت سے پہلے فرض ہوئی یا بعد میں؟

ج:۔ ہجرت سے پہلے

س:۔ مردوں پر نمازِ جمعہ فرض ہے کیا خواتین پر بھی نماز جمعہ فرض ہے؟

ج:۔ نہیں

س:۔ وہ کونسی نماز ہے جو انسان بذات خود کبھی بھی نہیں پڑھ سکتا؟

ج:۔ نماز جنازہ

س:۔ نمازِ جنازہ اور استسقاء کے علاوہ اور کن نمازوں میں اذان نہیں دی جاتی؟

ج:۔ عیدین کی نمازوں میں

س:۔ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کی نمازیں کتنی زائد تکبیروں کیساتھ پڑھی جاتی ہیں؟

ج:۔ 6زائد تکبیروں کے ساتھ

س:۔ نمازِ عیدین اور نمازِ جمعہ میں کیا فرق ہے؟

ج:۔ نمازِ عیدین میں خطبہ نماز کے بعد دیا جاتا ہے جبکہ نمازِ جمعہ میں خطبہ پہلے دیا جاتا ہے اس کے علاوہ نمازِ عیدین چھ زائد تکبیروں کے ساتھ پڑھی جاتی ہے۔

س:۔ نماز استسقاء کی کتنی رکعتیں ہوتی ہیں؟

ج:۔ 2۔(اُلٹے ہاتھ دعا مانگی جاتی ہے جسمیں ہتھیلیوں کا رخ زمین کیطرف ہوتا ہے)

س:۔ نماز کسوف سورج گرہن کے وقت پڑھی جاتی ہے یہ بتایئے نمازِ خسوف کس وقت پڑھی جاتی ہے؟

ج:۔ چاند گرہن کے وقت

س:۔ اشراق کی نماز کب پڑھی جاتی ہے؟

ج:۔ نماز فجر کے بعد جب سورج طلوع ہو جاتا ہے۔

س:۔ وہ کون سی آذان اور نماز ہے جس کا وقفہ ہر مسلمان کے لیے مختلف ہے؟

ج:۔ پیدائش کے وقت بچے کے کان میں دی جانی والی آذان اور جب انسان مرتا ہے تو اس کی نمازِ جنازہ۔

س:۔ روئے زمین کا پاکیزہ حصہ جہاں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے؟

ج:۔ خانہ کعبہ کی چھت پر

س:۔ کس صورت میں بالغ مرد یا عورت پر نماز فرض نہیں ہے؟

ج:۔ جب ذہنی توازن درست نہ ہو۔

س:۔ تیمّم کیوں کیا جاتا ہے؟

ج:۔ جب پانی میسر نہ ہو یا پانی کے استعمال سے مرض کے بڑھنے کا احتمال ہو۔

س:۔ کیا وضو اور غسل دونوں کا تیمّم جائز ہے؟

ج:۔ جی ہاں، دونوں کا تیمّم جائز ہے۔

س:۔ کتنے دن تک تیمّم کی اجازت ہے؟

ج:۔ اسکی کوئی مدت مقرر نہیں ہے جب تک پانی کے حصول میں دشواری ہو اُس وقت تک تیمّم کی اجازت ہے۔

س:۔ کس مہینے میں سود حرام قرار دینے کی آیت نازل ہوئی؟

ج:۔ رمضان

س:۔ روزے کس پر فرض ہیں؟

ج:۔ ہر عاقل، بالغ اور جسمانی طور پر تندرست مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہیں۔

س:۔ لفظ رمضان کا مادہ رمض (ر۔م۔ض) ہے یہ بتایئے روزے کی حالت میں کتنی فرض نمازیں ادا کی جاتی ہیں؟

ج:۔ 3 نمازیں

س:۔ وہ پانچ دن کونسے ہیں جن میں روزے رکھنا حرام ہے؟

ج:۔ عیدین کے دن اور ایامِ تشریق (11، 12، 13 ذی الحج) کے دن

س:۔ یہ بتایئے عید کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ خوشی کا وہ دن جو بار بار لوٹ کر آئے۔

س:۔ روزے فرض ہونے سے قبل روزے کا دورانیہ کتنا تھا؟

ج:۔ 24 گھنٹے (غروب آفتاب سے لے کر اگلے روز غروب آفتاب تک روزہ رکھا جاتا تھا)۔

س:۔ اعتکاف کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ رک جانا، پابند ہو کر بیٹھ جانا

س:۔ حج کن مسلمانوں پر فرض ہے؟

ج:۔ جو بالغ ہو، مصارف حج اور سال بھر کے لیے متعلقین کا کفیل ہو، تندرست اور صحت مند ہو، راستہ پر خطر نہ ہو، ذریعہ سفر میسر ہو اور کوئی عملی رکاوٹ نہ ہو۔

س:۔ حج کیلئے احرام باندھنے کے بعد ایک حاجی کیلئے کون کونسی باتیں ممنوع قرار دی جاتی ہیں؟

ج:۔ خوشبو اور تیل نہیں لگا سکتا، بال اور ناخن نہیں کاٹ سکتا، حرم کے درختوں، پتوں کانٹوں اور گھاس وغیرہ کو توڑ نہیں سکتا ہر قسم کا شکار ممنوع ہے اپنے بول چال میں فحش گوئی نہیں کر سکتا۔ اگر شادی شدہ ہے تو اپنی زوجہ کے پاس نہیں جا سکتا۔

س:۔ حج کی ابتداء کس تاریخ سے ہوتی ہے؟

ج:۔ 8 ذی الحج سے

س:۔ حج میں طواف کا سلسلہ کہاں سے شروع ہوتا ہے؟

ج:۔ حجر اسود سے

س:۔ حج اور عمرے کے دوران استلام ایک خاص عمل ہے یہ عمل کیا ہے؟

ج:۔ دونوں ہاتھ حجر اسود پر رکھ کر منہ سے حجر اسود کو بوسہ دینے کے عمل کو استلام کہتے ہیں لیکن بعض اوقات حج اور عمرے کے دوران زیادہ رش ہونے کی وجہ سے لوگ دور سے ہی دونوں ہاتھ کھڑے کر کے اشارۃً بوسہ دیتے ہیں۔

س:۔ وہ کونسا مقام ہے جہاں طوافِ قدوم کے بعد حاجی دو نماز رکعت ادا کرتے ہیں؟

ج:۔ مقامِ ابراہیم

س:۔ قرآن مجید میں صفا و مروہ کے پہاڑوں کو شعائراللہ کہا گیا ہے یہ بتایئے بیت اللہ میں مناسک حج میں سعی سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ صفا اور مروہ کے درمیان تیز تیز چکر لگانا۔

س:۔ یہ بتایئے یوم عرفہ کس دن کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ 9 ذی الحج کو

س:۔ حج کے موقع پر قربانی کس جگہ پر کی جاتی ہے؟

ج:۔ منٰی میں

س:۔ دورانِ حج اللھمہ لبیک کو اصطلاحاً کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ تلبیہ

س:۔ حج کے حوالے سے میقات سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ حج پر جانے والوں کیلئے وہ مقررہ حد جہاں سے احرام باندھنا ضروری ہوتا ہے یہ مختلف ممالک کیلئے مختلف ہوتا ہے۔

س:۔ کیا عمرے کے دوران خانہ کعبہ کا طواف اور صفا و مروہ کے درمیان سعی ضروری ہے؟

ج:۔ جی ہاں

س:۔ یومِ تشریق سے مراد قربانی کے ایام ہیں یہ بتایئے قربانی کے گوشت کے کتنے حصے کیے جاتے ہیں؟

ج:۔ 3۔(1) اپنے لئے (2) غریبوں اور یتیموں کیلئے (3) دوستوں اور عزیزوں کیلئے

س:۔ اسلام میں پہلی عید الفطر یکم شوال دو ہجری کو مدینہ منورہ میں منائی گئی یہ بتایئے صدقہ

فطر کا حکم کب ہوا؟

ج:۔ 2ہجری میں

س:۔ پردے کے متعلق آیت کس سنِ ہجری میں نازل ہوئی ؟

ج:۔ 5ہجری میں

س:۔ کیا قربانی کی کھال فروخت کی جاسکتی ہے؟

ج:۔ نہیں

س:۔ خانہ کعبہ میں غلاف کیلئے کتنا کپڑا درکار ہوتا ہے؟

ج:۔ ایک ہزار گز

س:۔ خانہ کعبہ کا غلاف ہر سال تبدیل کیا جاتا ہے پرانا غلاف کس مصرف میں آتا ہے؟

ج:۔ دوسرے ملکوں کے سربراہ یا لوگ تبرک کے طور پر اپنے گھروں میں لے جاتے ہیں۔

س:۔ یہ بتایئے معجزہ کیا ہوتا ہے؟

ج:۔ انبیاء کرام کی صداقت ظاہر کرنے کیلئے تعجب انگیز بات جو انسانی عقل سے باہر ہو۔

س:۔ سنت اور حدیث میں کیا فرق ہے؟

ج:۔ حضور پاک ﷺ نے جو فرمایا اُسے حدیث کہتے ہیں اور جو عمل کر کے دکھایا اُسے سنت کہتے ہیں۔

س:۔ کاتبانِ وحی کی تعداد کتنی ہے اور مشہور کاتبانِ وحی کون کونسے ہیں؟

ج:۔ 40 (حضرت ابوبکر صدیق ؓ، حضرت عمر فاروق ؓ، حضرت عثمان غنی ؓ، حضرت علیؓ، حضرت امیر معاویہؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ، حضرت زید بن ثابتؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت ابی بن کعبؓ)

س:۔ حجر اسود کے معنی سیاہ پتھر کے ہیں یہ بتایئے مواخات سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ بھائی چارہ

س:۔ مدینہ منورہ اور مکہ میں معاشیات کے اعتبار سے کیا بنیادی فرق تھا؟

ج:۔ مدینہ منورہ کی زمینیں زرخیز تھیں اس لیے وہاں کے لوگوں کا پیشہ زراعت تھا جبکہ مکہ کے لوگ تجارت پیشہ تھے۔

س:۔ تاریخ اسلام کے پہلے شخص جو باقاعدہ چیف جسٹس کے عہدے پر فائز ہوئے؟

ج:۔ امام ابو یوسف

س:۔ اہل عباسیہ میں کس شخصیت کو چیف جسٹس کا عہدہ قبول نہ کرنے پر گیارہ روز تک کوڑے مارے گئے؟

ج:۔ حضرت امام ابوحنیفہ

س:۔ امامِ اعظم امام ابوحنیفہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ نعمان بن ثابت

س:۔ عباسی دور کے امام جس نے تحفظ قرآن وحدیث کی خاطر بے شمار مصیبتیں برداشت کیں؟

ج:۔ امام احمد بن حنبل

س:۔ عربی میں ''سارق'' چور کو کہتے ہیں یہ بتایئے عربی زبان میں ''یوم'' (دن) اور کس کس معنی میں استعمال ہوتا ہے؟

ج:۔ وقت، زمانہ، عرصہ

س:۔ عربی زبان میں کس چیز کیلئے 850 مختلف الفاظ موجود ہیں؟

ج:۔ تلوار

س:۔ کتنے عیسوی سال کے بعد ایک ہجری سال کا اضافہ ہو جاتا ہے؟

ج:۔ 33 سال

س:۔ میثاقِ مدینہ دنیا کا پہلا تحریری معاہدہ ہے جو مدینہ میں مسلمانوں اور غیر مسلمانوں کے درمیان ہوا اس پر کس سنِ عیسوی میں دستخط ہوئے؟

ج:۔ 622ء میں

س:۔ صحیح بخاری کی شرح ''فتح الباری'' کے مصنّف کون ہیں؟

ج:۔ علامہ ابنِ ہجر اسقالانی

س:۔ ''ناموسِ اکبر'' کس فرشتے کا نام ہے؟

ج:۔ حضرت جبرائیلؑ

س:۔ من وسلویٰ سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ من کے معنی دھنیہ کے بیج کی ایک قسم کے ہیں جو اوس کی طرح زمین پر گرتی تھی جبکہ سلویٰ بیٹر کی قسم کا جانور تھا۔ من وسلویٰ خدا کی طرف سے وہ کھانا تھا جو بنی اسرائیل پر خدا کی طرف سے نازل ہوتا تھا۔

س:۔ مالِ غنیمت کا کیا مطلب ہے؟

ج:۔ غنیمت لفظ غنم سے نکلا ہے غنم عربی میں بکری کو کہتے ہیں۔ اس وقت عرب میں لوگ جنگ کے بعد بھیڑ بکریوں پر قبضہ کر لیتے تھے۔

س:۔ اسلام کے شروع میں یہودیوں کی طاقت کا مرکز کونسی جگہ تھی؟

ج:۔ خیبر کا قلعہ

س:۔ جنگ بدر میں کفار کے لشکر کا سپہ سالار کون تھا؟

ج:۔ عتبہ بن ربیعہ جبکہ اس جنگ میں کفار کا سردار ابوجہل تھا۔

س:۔ جنگ اُحد میں حضور پاک ﷺ کے ایک چچا بھی شہید ہوئے کونسے؟

ج:۔ حضرت حمزہؓ

س:۔ مسلمان خواتین نے پہلی بار کس جنگ میں شرکت کی تھی؟

ج:۔ غزوہ اُحد

س:۔ دنیا کی پہلی مسلم خاتون جس نے ایک لشکر کی قیادت کی؟

ج:۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ

س:۔ مسلمانوں نے پہلی بار کس جنگ میں یک بارگی حملہ کیا؟

ج:۔ جنگ خندق

س:۔ عربوں کے علاوہ اور کن ممالک میں خندق کھود کر لڑنے کا رواج تھا؟

ج:۔ ایران

س:۔ غزوہ خندق کے موقع پر کتنی خندقیں کھودی گیئں؟

ج:۔ صرف ایک

س:۔ رمضان المبارک آٹھ ہجری کو کونسا مشہور شہر فتح کیا گیا؟

ج:۔ مکہ مکرمہ

س:۔ سن ہجری کا آغاز 622ء میں ہوا یہ بتایئے مکہ کس سن عیسوی میں فتح ہوا؟

ج:۔ 630ء

س:۔ 10 رمضان لمبارک 9 ہجری کو کونسا غزوہ پیش آیا؟

ج:۔ غزوہ تبوک

س:۔ اسلام کا آخری غزوہ، غزوہ تبوک تھا یہ بتایئے غزوہ تبوک کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج:۔ غزوہ عسرت

س:۔ غزوہ تبوک میں مسلمانوں کا مقابلہ ہرقل کی فوجوں سے تھا یہ بتایئے غزوہ تبوک میں جنگ کتنے دن جاری رہی؟

ج:۔ جنگ کی نوبت ہی نہیں آئی۔

س:۔ اس مشہور جنگ کا نام بتائیں جس میں جھوٹی بنوت کے فتنے کو کچل دیا گیا اور اس جنگ میں ستر حفاظ شہید ہوئے تھے؟

ج:۔ جنگ یمامہ

س:۔ پہلی اسلامی ریاست یا سلطنت کی آبادی کتنی تھی؟

ج:۔ پانچ ہزار نفوس پر مشتمل تھی۔

س: اسلامی ریاست کی بنیاد کس شہر سے رکھی گئی اور اس کا رقبہ کتنا تھا؟

ج:۔ مدینہ منورہ،100 مربع میل

س:۔ جنت المعلیٰ مکہ مکرمہ میں ہے یہ بتایئے جنت البقیع کس شہر میں ہے؟

ج:۔ مدینہ منورہ

س:۔ اوس اور خزرج مدینہ کے مشہور قبائل تھے یا مکہ کے؟

ج:۔ مدینہ کے

س:۔ پکی روٹی، میٹھی روٹی، مسی روٹی، یہ سب کتابیں پنجابی ادب سے تعلق رکھتی ہے ان کتابوں کا موضوع کیا ہے؟

ج:۔ اسلامی فقہ سے متعلق ہیں (نظم اور نثر میں)

س:۔ مذہبی گھتیوں کو سلجھانے اور مسائل کے حل کرنے کے علم کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ فقہ

س:۔ مغازی کس قسم کی کتابوں کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ وہ کتابیں جن میں غزوات کا ذکر ہو۔

س:۔ عرب اونٹ پر سفر کرتے ہوئے ایک خاص لے میں گاتے ہیں جس سے اونٹ تیز دوڑنے لگتا ہے اس کو ہُدی کہتے ہیں۔ آپ یہ بتائیے گانے والے کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ ہدی خان

س:۔ قریش کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ قریش کے عربی لغت میں معنی وہیل مچھلی کے ہیں۔ وہیل مچھلی چونکہ طاقت اور جسامت میں بہت بڑی ہوتی ہے اور بہادری کی علامت سمجھی جاتی ہے اسلیے قریش نے یہ لقب اختیار کیا۔

س:۔ یہ بتایئے قسم کا کفارہ کیا ہے؟

ج:۔ مسلسل تین روزے رکھنا یا دس مسکینوں کو ایک پورے دن کا کھانا کھلانا یا اتنی رقم کسی غریب مسکین کو دے دینا جس سے دس آدمی ایک دن کا کھانا کھا سکیں۔

س:۔ جنت کے داروغہ کو رضوان کہتے ہیں یہ بتایئے جہنّم کے داروغہ کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ مالِک

س:۔ مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ تک کا فاصلہ کتنے میل ہے؟

ج:۔ 275 میل شمال کی جانب سے

س:۔ مدینہ منورہ اور بدر کا درمیانی فاصلہ 80 میل ہے یہ بتایئے مکہ معظّمہ اور طائف کے درمیان فاصلہ کتنا ہے؟

ج:۔ 50 میل

س:۔ منیٰ سے میدانِ عرفات کا فاصلہ کتنا ہے؟

ج:۔ 5.6 میل

س:۔ غارِ حرا کس پہاڑی میں ہے اور مکہ سے کتنے میل دور ہے؟

ج:۔ جبل نور میں واقع ہے اور مکہ سے 3 میل کے فاصلے پر ہے۔

س:۔ عہد نامہ عتیق آسمانی کتاب توریت کو کہا جاتا ہے یہ بتایئے الہامی کتاب توریت کس زبان میں ہے؟

ج:۔ عبرانی (ہبروزبان)

س:۔ عہد نامہ قدیم سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ حضرت عیسیٰؑ سے بیشتر کے تمام پیغمبروں کی کتابوں اور صحیفوں کو عہد نامہ قدیم کہتے ہیں۔

س:۔ کس خلیفہ کے عہد خلافت میں مینار پر چڑھ کر اذان دینے کا رواج فروغ پایا؟

ج:۔ خلیفہ عبدالملک بن مروان

س:۔ کس خلیفہ نے متعدی امراض کیلئے علیٰحدہ علیٰحدہ ہسپتال بنوائے تھے؟

ج:۔ ولید بن عبدالملک

س:۔ کس خلیفہ نے بھیک مانگنا خلاف قانون قرار دیا تھا؟

ج:۔ ولید بن عبدالملک

س:۔ خلیفہ ولید بن عبدالملک کے دور کے تین نامور جرنیل کونسے تھے؟

ج:۔ (1) محمد بن قاسم (2) موسیٰ بن نصیر (3) طارق بن زیاد

س:۔ وہ کونسا عباسی خلیفہ تھا جسے دفنانے کے لیے 100 سے زائد قبریں کھودی گئیں؟

ج:۔ ابوجعفر المنصور عباسی

س:۔ بنوامیہ کا دور خلافت کتنے برس پر محیط تھا؟

ج:۔ 90 برس

س: خاندان بنوعباس میں کل کتنے حکمران گزرے ہیں؟

ج:۔ 37

س:۔ بیت المقدس کو عبرانی زبان میں کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ یروشلم

س:۔ دُنیا میں انسانوں کا سب سے بڑا اجتماع کہاں ہوتا ہے؟

ج:۔ حج کے موقع پر

س:۔ انسانیت کا منشور خطبہ حجتہ الوداع کو کہا جاتا ہے یہ بتایئے حجتہ الوداع کا کیا مطلب ہے؟

ج:۔ رخصتی کا سال

س:۔ مسلمانوں نے پہلا حج 9 ہجری میں کیا تھا کیا اسلام سے پہلے بھی حج کا رواج تھا؟

ج:۔ جی ہاں

س:۔ عرب کے کس شخص نے سب سے پہلے دِیت یعنی خون بہا کی مقدار 100 اونٹ مقرر کی تھی؟

ج:۔ ہاشم بن عبد مناف

س:۔ حضرت عبد المطلب کے انتقال کے وقت ان کی عمر کیا تھی؟

ج:۔ 82 سال

س:۔ جامعۃ الازہر کے نام میں کیا خصوصیت ہے؟

ج:۔ ازہر لفظ زُہرا کا مذکر ہے جو حضرت فاطمہؓ کا لقب ہے چونکہ اُس وقت خلفاء فاطمی تھے اس لیے انہوں نے اس کا نام جامعۃ الازہر رکھا۔

س:۔ پیغمبروں کی سرزمین کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ فلسطین

س:۔ جنگ نہروان کن کے درمیان لڑی گئی اور کیوں لڑی گئی؟

ج:۔ حضرت علیؓ اور خوارج کے درمیان، خارجیوں کے خاتمے کے لیے۔

س:۔ یہ بتایئے عروس عرب کس کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ مکہ مکرمہ میں خانہ کعبہ کو کہا جاتا ہے۔

س:۔ جزاک اللہ کے معنی ہیں اللہ تعالیٰ آپ کو اس کام کا اچھا بدلہ دے یہ بتایئے معاذ اللہ کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ خدا کی پناہ، اللہ معاف کرے۔

س:۔ ''ھذا من فضل ربی'' اس آیت کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ یہ میرے رب کا احسان ہے۔

س:۔ ''لا اقرا فی الدین'' کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ دین میں کوئی جبر نہیں۔

س:۔ وہ حج جو جمعہ کے دن ہو اس کو حجِ اکبر کہتے ہیں یہ بتایئے جہادِ اکبر سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ نفس کے خلاف جہاد

س:۔ جسم کا وہ حصہ جس کو چھپانا فرض ہے عورت کہلاتا ہے یہ بتایئے عورت کس زبان کا لفظ ہے؟

ج:۔ عربی

س:۔ عُشر عربی زبان کا لفظ ہے اس کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ 10 واں حصہ

س: جہیز کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی کیا ہیں؟

ج: عربی، چیزیں بنانا

س:۔ اسلام میں پہلی ہجرت، ہجرت حبشہ تھی مسلمانوں نے یہ ہجرت کب کی؟

ج:۔ رجب 5 نبوی

س:۔ صوفیائے کرام کے مشہور نظریئے "وحدت الوجود" کے بانی کون ہیں؟

ج:۔ محی الدین ابن عربی

س:۔ وہ شخص جو اعلانیہ گناہِ کبیرہ کرے اُسے فاسق کہتے ہیں یہ بتایئے زندیق کس شخص کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ وہ شخص جو کسی مذہب کا پیروکار نہ ہو۔

س:۔ تاریخ میں ابوالحکم عمر بن ہشام ابو جہل کا اصل نام تھا یہ بتایئے ابولہب کا اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ عبدالعزیٰ (لہب عربی میں شعلے کو کہتے ہیں چونکہ ابولہب بہت خوبصورت تھا اس کے چہرے پر سُرخی تھی اس لیے اس کا نام ابولہب پڑ گیا)۔

س:۔ دنیا کا پہلا قاتل قابیل تھا یہ بتایئے قابیل اور ہابیل میں کون بڑا تھا؟

ج:۔ قابیل

س:۔ یہ بتایئے شیطان یا ابلیس کا اصل نام کیا ہے؟

ج:۔ عزازیل

س:۔ یہ قول کس مغربی مفکر کا ہے کہ "مستقبل کا مذہب اسلام ہی ہوگا"؟

ج:۔ جارج برنارڈ شا

س:۔ صفی لکھنوی کا شعر مکمل کر دیجیے؟ اسلام کی فطرت میں قدرت نے لچک دی ہے۔

ج:۔ اتنا ہی یہ ابھرے گا جتنا کہ دبا دیں گے۔

س:۔ عیسائیوں کے دو بڑے فرقے کون سے ہیں؟

ج:۔ پروٹسٹنٹ اور کیتھولک

س:۔ پروٹسٹنٹ فرقے کی بنیاد کب اور کس نے رکھی تھی؟

ج:۔ 16 صدی میں مارٹن لوتھر نے

س:۔ مجوسی مذہب میں بدی کے خدا کو اہرمن کہتے ہیں یہ بتائیے نیکی کے خدا کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ یزداں

س:۔ سکھ مت کے بانی بابا گرونانک کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج:۔ 15 اپریل 1469ء کو ضلع ننکانہ میں

س:۔ بابا گرونانک کے والد کا کیا نام تھا؟

ج:۔ مہتا کالو چند

س:۔ سکھ مذہب میں پانچ ککے (5Ks) سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ کیس، کنگا، کرپان، کڑا، کچھا

س:۔ یہودیوں کی مقدس کتاب توریت جبکہ عیسائیوں کی مقدس کتاب انجیل (بائبل) ہے یہ بتائیے ہندوؤں کی مقدس کتاب کونسی ہے؟

ج:۔ رامائن اور گیتا

س:۔ سکھ مذہب کی مقدس کتاب گرنتھ صاحب ہے یہ بتائیے پارسیوں کی مقدس کتاب کون سی ہے؟

ج:۔ ینگ آبستا

س:۔ عیسائیوں کے تمام گرجا گھر ایک مخصوص انداز سے تعمیر کیے جاتے ہیں اس مخصوص طرزِ تعمیر کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ گوتھک سٹائل

س:۔ تمبا کونوشی کس کس مذہب میں حرام ہے؟

ج:۔ پارسی اور سکھ مذہب

س:۔ بدھ مت مذہب کی کتابیں کس زبان میں لکھی جاتی ہیں؟

ج:۔ پالی

س:۔ کس مذہب میں مُردے کو چھونا منع ہے؟

ج:۔ پارسی

س:۔ پارسی لوگ اپنے مُردے کا کیا کرتے ہیں؟

ج:۔ ٹاور آف سائلینس نامی عمارت میں رکھ دیتے ہیں جہاں چیل، کوے اسے کھا جاتے ہیں۔

س:۔ ہندوؤں کی عبادت گاہ کو مندر کہتے ہیں یہ بتائے سکھوں کی عبادت گاہ کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ گُردوارا

س:۔ عیسائیوں کی عبادت گاہ کو گرجا کہتے ہیں یہ بتایئے بدھ مت کی عبادت گاہ کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ بکوڈا

س:۔ پارسیوں کی عبادت گاہ کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ آتش کدہ

س:۔ یہ بتایئے یسوع کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ سردار

س:۔ گندھارا تہذیب میں مذہبی عبادت گاہوں کو کیا نام دیا گیا تھا؟

ج:۔ آسٹروپا

س:۔ کس مذہب کے پیروکار حضرت عیسیٰؑ کو پیغمبر نہیں مانتے ؟

ج:۔ یہودی

س:۔ یہودیوں کے مذہبی راہب (علماء) کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ ربی

س:۔ مسلمانوں کے ہاں سُور (خنزیر) کا گوشت حرام ہے اور کس مذہب میں بھی سور کا گوشت حرام ہے؟

ج:۔ یہودی

س:۔ چین کے مذہب تاؤزے کا بانی کون تھا؟

ج:۔ لاؤزے

س:۔ بدھ مت کے بانی گوتم بدھ کا اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ ساکھیامنی

س:۔ گوتم بدھ یا مہاتما بدھ کی پیدائش 550 قبل مسیح میں ہوئی یہ بتایئے گوتم بدھ نے کتنی عمر پائی؟

ج:۔ 82 سال

س:۔ برصغیر کے اس درخت کا نام بتائیں جس کو بدھ مت کے پیروکار عقیدت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں؟

ج:۔ پیپل

برصغیر میں۔۔۔

س:۔ برصغیر میں سب سے پہلے تبلیغ اسلام کے علمبردار کون تھے؟

ج:۔ حضرت داتا گنج بخشؒ

س:۔ برصغیر کے پہلے مبلغ اسلام حضرت داتا گنج بخش ہجویری کا انتقال کب ہوا؟

ج:۔ 465 ہجری میں

س:۔ برصغیر کے پہلے مسلمان چیف جسٹس کون تھے؟

ج:۔ سر محمد سلیمان

س:۔ برصغیر پاک و ہند کا قدیم ترین شہر کونسا ہے؟

ج:۔ پٹنہ (پرانا نام پاٹلی پتر)

س:۔ برصغیر کی تاریخ کی قدیم ترین کتاب کونسی ہے؟

ج:۔ راج ترنگی

س:۔ برصغیر میں جنگ آزادی کے وقت تاج برطانیہ کس کے سر تھا؟

ج:۔ ملکہ وکٹوریہ

س:۔ برصغیر کا کونسا علاقہ اسلامی مملکت میں سب سے پہلے شامل ہوا؟

ج:۔ مکران

س:۔ برصغیر کا کونسا شہر پرتگال کی شہزادی کو جہیز میں دیا گیا تھا؟

ج:۔ ممبئی

س:۔ برصغیر کی تقسیم کے وقت حد بندی کمیشن کا صدر کون تھا؟

ج:۔ ریڈکلف

س:۔ برصغیر میں پہلا سینما گھر کہاں قائم ہوا؟

ج:۔ کلکتہ میں

س:۔ ہندوستان کی تاریخ کا پہلا مسلمان بادشاہ کون تھا؟

ج:۔ شہاب الدین غوری

س:۔ برصغیر کا پہلا بادشاہ جس نے اسلامی حکومت کی بنیاد رکھی اور دہلی کو پایہ تخت بنایا؟

ج:۔ قطب الدین ایبک

س:۔ یہ بتایئے قطب الدین ایبک ایک غلام کی حیثیت سے کتنی رقم میں فروخت ہوا تھا؟

ج:۔ 30 روپے

س:۔ کس بادشاہ کا انتقال چوگان کھیلتے ہوئے ہوا تھا؟

ج:۔ قطب الدین ایبک (1210ء میں)

س:۔ برصغیر میں قائم ہونے والی پہلی اسلامی سلطنت کونسی تھی؟

ج:۔ سلطنت غلاماں (1206ء سے 1290ء تک)

س:۔ برصغیر میں آنے والا پہلا یورپین کون تھا؟

ج:۔ سکندر اعظم

س:۔ برصغیر میں عورتوں کو ووٹ ڈالنے کا حق 1935ء میں دیا گیا، پہلی بار عورتوں نے کب ووٹ ڈالے؟

ج:۔ 1937ء

س:۔ برصغیر میں راشن کا محکمہ سب سے پہلے کس نے قائم کیا؟

ج:۔ علاؤالدین خلجی نے

س:۔ برصغیر کی اصطلاح میں کون کونسے ملک آتے ہیں؟

ج:۔ پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش، نیپال، سری لنکا، برما

س:۔ برصغیر کی کس ریاست میں عورتوں نے 125 سال حکومت کی؟

ج:۔ بھوپال

س:۔ برصغیر میں پہلی مسجد کے آثار سندھ میں کس جگہ سے ملے ہیں؟

ج:۔ بھمبھور

س:۔ برصغیر ، خصوصاً پنجاب میں زمین کی پیمائش کا رواج کس نے ڈالا؟

ج:۔ شیر شاہ سوری

س:۔ برصغیر کا سب سے بڑا دریا کونسا ہے؟

ج:۔ دریائے سندھ

س:۔ برصغیر میں کس دورِ حکومت میں فارسی کو سرکاری زبان کا درجہ حاصل تھا؟

ج:۔ مغلیہ دور حکومت

س:۔ برصغیر کے پہلے مسلم گریجوایٹ کون تھے؟

ج:۔ سید امیر علی (بنگال)

س:۔ برصغیر کے سب سے پہلے مدبر، مفکّر اور ماہر قانون کون تھے؟

ج:۔ سید امیر علی

س:۔ برصغیر میں شُدھی تحریک کا مقصد کیا تھا؟

ج:۔ مسلمانوں کو زبردستی ہندو بنانا۔

س:۔ برصغیر کی پہلی خاموش فلم راجہ ہریش سنگھ تھی یہ بتایئے پہلی بولتی فلم کونسی تھی؟

ج:۔ عالم آراء

س:۔ آریاؤں کی آمد سے قبل برصغیر کی زبان کیا تھی؟

ج:۔ دراوڑی

س:۔ سلطان محمود غزنوی نے سترہ حملے کب سے کب تک کیئے؟

ج:۔ 1001ء تا 1024ء

س:۔ حضرت داتا گنج بخشؒ کس مشہور خاندان کے دورِ حکومت میں لاہور تشریف لائے؟

ج:۔ غزنوی دور میں

س:۔ برصغیر پاک و ہند کی سب سے پہلی ریلوے لائن کب بچھائی گئی؟

ج:۔ 1853ء میں

س:۔ 16 اپریل 1853ء میں ممبئی اور پونا کے درمیان کونسی سروس کا آغاز ہوا؟

ج:۔ پہلی ریل سروس کا آغاز ہوا۔

س:۔ ہندوستان کے سب سے پہلے راجہ کا نام کیا تھا؟

ج:۔ چندر گپت موریہ

س:۔ ہندوستان کے راجہ چندر گپت موریہ اور اشوک کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

ج:۔ دادا پوتا

س:۔ ہندوستان پر انگریزوں کا مکمّل قبضہ کب ہو گیا تھا؟

ج:۔ 1857ء میں

س:۔ کوہ نور ہیرا کس حکمران کے دور میں ہندوستان سے نکالا گیا تھا؟

ج:۔ علاؤالدین خلجی

س:۔ آریائی لوگ اپنے ساتھ برصیغر میں کون سی زبان ساتھ لے کر آئے؟

ج:۔ سنسکرت

س:۔ محمد بن قاسم نے ہندوستان میں کتنا عرصہ قیام کیا؟

ج:۔ 3.5 سال

س:۔ قدیم ہندو سوسائٹی کی چار بڑی ذاتیں کون سی تھیں؟

ج:۔ 1۔ برہمن: یہ لوگ مذہبی رسومات ادا کیا کرتے تھے اور یہ اپنے آپ کو سب سے اونچی ذات سمجھتے تھے۔ 2۔ کھشتری: یہ لوگ ملک اور قوم کے تحفظ کے ذمہ دار تھے۔ 3۔ ویش: یہ لوگ کسان تھے۔ 4۔ شودر: یہ سب سے نیچ ذات تھے۔

س:۔ ہندوستان کے پہلے انگریز کراؤن یا تاجدار کا نام بتایئے؟

ج:۔ ملکہ وکٹوریہ

مغل بادشاہ

س:۔ ہندوستان پر کُل کتنے مغل بادشاہوں نے حکومت کی؟

ج:۔ 17

س:۔ ہندوستان میں سب سے پہلے بارود کا استعمال کس نے کیا؟

ج:۔ ظہیر الدین بابر

س:۔ ظہیر الدین بابر کے بیٹے ہمایوں کو ''کوہ نور'' ہیرا کس نے دیا تھا؟

ج:۔ مہاراجہ گوالیار بکرماجیت

س:۔ مغل بادشاہ ہمایوں نے اپنی جلاوطنی کے سال کس ملک میں گزارے تھے؟

ج:۔ ایران

س:۔ اکتوبر 1542ء، امرکوٹ، سندھ، ان اشاروں سے کون سی شخصیت آپ کے ذہن میں آتی ہے؟

ج:۔ جلال الدین محمد اکبر

س:۔ مغل بادشاہ اکبر کی تاج پوشی کی رسم کس نے ادا کی تھی؟

ج:۔ بیرم خان

س:۔ کس مغل بادشاہ نے اپنے مقبرے کا ڈیزائن خود بنایا؟

ج:۔ جلال الدین محمد اکبر

س:۔ مغل بادشاہ جلال الدین محمد اکبر کے کس نورتن نے سندھ فتح کیا تھا؟

ج:۔ عبدالرحیم خانِ خاناں

س:۔ مغل بادشاہ جلال الدین محمد اکبر کے خلاف پنجاب کے کس ہیرو نے علمِ بغاوت بلند کیا؟

ج:۔ دُلّا بھٹی

س:۔ عہدِ اکبری کے سب سے بڑے مورخ ابوالفضل کو کب قتل کیا گیا؟

ج:۔ 1602ء میں شہزادہ سلیم نے قتل کروایا۔

س:۔ اکبر اعظم کے نام نہاد ''دین الہی'' کی سب سے زیادہ تعریف و تائید کس نورتن نے کی تھی؟

ج:۔ ابوالفضل نے

س:۔ جلال الدین محمد اکبر کے کس نورتن نے قرآن مجید کی ایک ایسی تفسیر لکھی جس میں کوئی نقطہ استعمال نہیں ہوا تھا؟

ج:۔ فیضی (ابوالفضل اور فیضی دونوں بھائی تھے اور ملا مبارک کے بیٹے تھے)

س:۔ جلال الدین محمد اکبر کے دورِ حکومت میں دریائے راوی میں زبردست سیلاب آیا لیکن بادشاہی مسجد کو کوئی نقصان نہیں ہوا کیوں؟

ج:۔ اس وقت تک بادشاہی مسجد تعمیر نہیں ہوئی تھی۔

س:۔ مغل بادشاہ اکبر کی تعمیر کردہ پہلی عمارت کونسی ہے؟

ج:۔ دہلی میں ہمایوں کا مقبرہ

س:۔ کیا یہ بات درست ہے کہ اکبر مکئی کی روٹی بہت شوق سے کھاتا تھا؟

ج:۔ نہیں ۔اس کے دور میں مکئی برصغیر میں کاشت ہی نہیں ہوتی تھی ۔مکئی کا پودا پرتگالی اپنے ساتھ لائے تھے۔

س:۔ مغل بادشاہ اکبر کا نورتن عبدالرحیم خان خاناں کہاں پیدا ہوا تھا؟

ج:۔ لاہور

س:۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کس مغل بادشاہ کے دور میں قائم ہوئی ؟

ج:۔ اکبر کے دور میں۔

س:۔ انارکلی کا اصلی نام نادرہ بیگم تھا یہ بتایئے ممتاز محل کا اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ ارجمند بانو

س:۔ مغل بادشاہ جہانگیر نے کہاں دفن ہونے کی وصیت کی تھی اور وہ کہاں دفن ہے؟

ج:۔ مغل بادشاہ جہانگیر نے چشمہ ویری ناگ پر دفن ہونے کی وصیت کی تھی۔ جب وہ اپنی ملکہ نور جہاں کے ساتھ کشمیر سے چلا تو راستے میں چینگس رائے، راجوری کے مقام پر انتقال کر گیا۔ جہانگیر کے جسم کا اندرونی حصہ یعنی آنتیں وغیرہ چینگس رائے، راجوری (کشمیر) میں دفن ہیں جبکہ باقی جسم لاہور میں دفن ہے۔

س:۔ ملکہ نور جہاں کا اصل نام کیا تھا اور کس کی بیٹی تھی؟

ج:۔ مہر النساء اور مرزا غیاث الدین بیگ کی بیٹی تھی۔

س:۔ مغلیہ خاندان کا کونسا بادشاہ لاہور میں پیدا ہوا تھا؟

ج:۔ شاہجہاں

س:۔ تاج محل مغل بادشاہ شاہجہاں نے اپنی ملکہ ممتاز محل کیلئے بنوایا تھا یہ کتنی مدت میں مکمل ہوا؟

ج:۔ 10 سال (بعض جگہوں پر 17 اور 22 سال کا عرصہ بھی آیا ہے)

س:۔ تاج محل کا نقشہ کس ایرانی انجینئر نے بنایا تھا؟

ج:۔ اُستاد عیسیٰ

س:۔ ممتاز محل کو انتقال کے کتنے عرصے بعد تاج محل میں دفن کیا گیا؟

ج:۔ چھ ماہ بعد

س:۔ یہ بتایئے تاج محل کی بلندی زیادہ ہے یا مینار پاکستان کی؟

ج:۔ تاج محل کی بلندی 200 فٹ جبکہ مینار پاکستان کی 194 فٹ 6 انچ ہے۔

س:۔ شاہجہاں نے اپنے کونسے دو بیٹے بطور یرغمال نورالدین جہانگیر کے پاس رکھوائے تھے؟

ج:۔ اورنگزیب عالمگیر اور داراشکوہ

س:۔ مغل بادشاہ شاہجہاں کے کس بیٹے نے تصوف پر کتابیں لکھیں؟

ج:۔ داراشکوہ

س:۔ مغل شہزادہ داراشکوہ کس کا مرید تھا؟

ج:۔ حضرت میاں میرؒ

س:۔ یہ بتایئے مغلیہ خاندان کا چھٹا بادشاہ کون تھا؟

ج:۔ اورنگزیب عالمگیر

س:۔ اورنگزیب عالمگیر کے دورِ حکومت میں بادشاہی مسجد کی تعمیر کب ہوئی؟

ج:۔ 1670ء میں

س:۔ دہلی کی مشہور جامع مسجد کی پہلی امامت کس نے کروائی تھی؟

ج:۔ اورنگزیب عالمگیر

س:۔ مغل بادشاہ اورنگزیب عالمگیر کے دور میں ہندوستان کے کتنے صوبے تھے؟

ج:۔ 91

س:۔ کونسے مغلیہ بادشاہ نے سب سے پہلے قرآن مجید حفظ کیا تھا؟

ج:۔ اورنگ زیب عالمگیر

س:۔ اورنگزیب عالمگیر نے کس کشمیری شاعر سے ملنے کی خواہش کی تھی لیکن اُس نے ملنے سے انکار کر دیا تھا؟

ج:۔ غنی کشمیری

س:۔ اورنگزیب عالمگیر نے ہندوستان پر کتنے برس حکومت کی اور کہاں دفن ہے؟

ج:۔ 50 برس اور 27 دن، حیدرآباد دکن کے قریب اورنگ آباد میں دفن ہے۔

س:۔ 1857ء کی جنگ آزادی کس مغل بادشاہ کی بادشاہت قائم رکھنے کیلئے لڑی گئی؟

ج:۔ بہادر شاہ ظفر

س:۔ 1857ء کی جنگ آزادی کے وقت بہادر شاہ ظفر کی عمر کتنی تھی؟

ج:۔ 80 برس

س:۔ کونسی شخصیت بہادر شاہ ظفر کو انگریزوں سے آخری دم تک لڑنے کا کہتی رہی؟

ج:۔ جنرل بخت خان روہیلہ

س:۔ بہادر شاہ ظفر نے شاہی قلعہ سے فرار کے بعد عارضی طور پر کس جگہ پناہ لی تھی؟

ج:۔ ہمایوں کے مقبرے میں

س:۔ بہادر شاہ ظفر کے کتنے بیٹوں کو اس کے سامنے انگریزوں نے گولی سے اُڑا دیا تھا؟

ج:۔ 2 بیٹوں کو

س۔ مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر کا انتقال کس شہر میں ہوا تھا؟

ج:۔ ینگون (پرانا نام رنگون)

س:۔ مغلیہ دور حکومت میں سب سے بڑی فوجی چھاؤنی ملتان میں تھی یہ بتائیے دوسری بڑی فوجی چھاؤنی کس شہر میں تھی؟

ج:۔ دیپالپور (اوکاڑہ)

تحریکِ پاکستان

س:۔ برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی نے 1612ء میں اپنی پہلی فیکٹری برصغیر میں کس مقام پر لگائی؟

ج:۔ سورت

س:۔ نواب سراج الدولہ نے کلکتہ پر قبضہ کر کے اس کا نام کیا رکھا تھا؟

ج:۔ علی نگر

س:۔ انگریزوں نے بلیک ہول کا واقعہ برصغیر کے کس مسلمان حکمران سے منسوب کیا تھا؟

ج:۔ نواب سراج الدولہ

س:۔ 1870ء میں مدارس اور کلکتہ میں بمبئی کے 225 طلبہ نے گریجوایشن کیا ان میں سے کتنے مسلم تھے؟

ج:۔ 17

س:۔ 1857ء کی جنگ آزادی کا آغاز کب ہوا؟

ج:۔ 9 مئی 1857ء کو، میرٹھ سے

س:۔ 9 مئی 1857ء کو میرٹھ چھاونی میں (فوجیوں نے) انگریز فوج کے کس کام کو ہندوستان کے سپاہیوں نے کرنے سے انکار کر دیا تھا جس کے اگلے ہی روز 10 مئی کو جنگ آزادی شروع ہو گئی تھی؟

ج:۔ سور اور گائے کی چربی سے بنے کارتوس استعمال کرنے سے انکار کر دیا تھا (منگل دیش پانڈے نے پہلی گولی چلائی)۔

س:۔ 1857ء کی جنگ آزادی کی بنیادی وجوہات کیا تھیں؟

ج:۔ (1) ایسٹ انڈیا کمپنی کے مقروضات (2) مغلیہ بادشاہ کی معزولی (3) مسلمانوں کو ناجائز پھانسیاں دی گئیں (4) مسلمانوں کی جاگیریں ضبط کی گئیں (5) کارتوس کا استعمال جس میں گائے اور سُور کی چربی استعمال ہوتی تھی۔

س:۔ 1857ء میں تحریک آزادی کو دبانے کیلئے مہاراجہ کشمیر نے انگریزوں کی مدد کیلئے کتنی فوج سیالکوٹ بھیجی تھی؟

ج:۔ تین ہزار

س:۔ 1857ء کی جنگ آزادی کا مرکز کونسا شہر تھا؟

ج:۔ دہلی

س:۔ 1857ء کی جنگ آزادی میں کتنے انگریز مارے گئے تھے؟

ج:۔ سات ہزار (دہلی میں 27000 لوگوں کو قتل کیا گیا جن میں اکثریت مسلمانوں کی تھی)

س:۔ 1857ء کی جنگ آزادی میں کتنے مقامی باشندے مارے گئے؟

ج:۔ تقریباً پانچ لاکھ

س:۔ 1857ء کی جنگ آزادی کو انگریزوں نے کیا نام دیا تھا؟

ج:۔ غدر کا نام

س:۔ 1857ء کی جنگ آزادی کا ہیرو کون تھا؟

ج:۔ جنرل بخت خان روہیلہ

س:۔ 1857ء کی جنگ آزادی میں مسلمانوں کی شکست کی وجوہات کیا تھیں؟

ج:۔ (1) قیادت کا فقدان (2) جدید اسلحہ کی کمی (3) لوگوں کی غداری (4) ناقص منصوبہ بندی

س:۔ ہندوستان پر انگریزوں کا مکمّل قبضہ کب ہو گیا؟

ج:۔ 1857ء میں

س:۔ 1857ء کی جنگِ آزادی کے بعد ہندوستان کے مسلمانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیئے مرکز کونسا مقام قرار دیا گیا تھا؟

ج:۔ علیگڑھ یونیورسٹی

س:۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت کا خاتمہ کر کے برطانوی پارلیمنٹ نے کب ہندوستان کو تاج برطانیہ کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا؟

ج:۔ اگست 1858ء

س:۔ انگریز حریت پسندوں کو کالے پانی کی سزا دیتا تھا یہ کالا پانی کیا چیز ہے؟

ج:۔ جزائر انڈیمان

س:۔ انجمن حمایت الاسلام کب قائم ہوئی اسکے بانی کون تھے اور اس کا مقصد کیا تھا؟

ج:۔ 24 ستمبر 1884ء میں قائم ہوئی اسکے بانی مولانا قاضی حمید الدین تھے اور یہ انگریز مشری کی تبلیغ کا توڑ کرنے کیلئے ایک مٹّھی بھر آٹا سے شروع ہوئی تھی۔

س:۔ انڈین نیشنل کانگریس کی داغ بیل کب اور کس نے ڈالی؟

ج:۔ 1885ء میں ریٹائرڈ انگریز سول سرونٹ ایلن اوکٹوین ہیوم نے

س:۔ سر سید احمد خان کی وفات کے بعد علی گڑھ کالج کا انتظام کس نے سنبھالا؟

ج:۔ نواب محسن الملک

س:۔ بنگال کو مشرقی اور مغربی حصوں میں کب تقسیم کیا گیا؟

ج:۔ 16 اکتوبر 1905ء

س:۔ آل انڈیا مسلم لیگ کا قیام کب اور کہاں عمل میں آیا؟

ج:۔ 30 دسمبر 1906ء کو ڈھاکہ میں

س:۔ آل انڈیا مسلم لیگ کا نام کس نے تجویز کیا تھا؟

ج:۔ سر محمد شفیع

س:۔ آل انڈیا مسلم لیگ کے بانی ارکان کونسے ہیں؟

ج:۔ نواب سلیم اللہ، نواب محسن الملک، نواب وقار الملک

س:۔ آل انڈیا مسلم لیگ کا دستور کس رہنما نے بنایا تھا؟

ج:۔ مولانا محمد علی جوہر

س:۔ آل انڈیا مسلم لیگ نے کس نام سے اپنا اخبار جاری کیا؟

ج:۔ منشور

س:۔ آل انڈیا مسلم لیگ کے قیام کے بعد پہلا باقاعدہ صدر کون تھا؟

ج:۔ سر آغا خان سوئم

س:۔ آل انڈیا مسلم لیگ کے قیام کے بعد پہلا باقاعدہ اجلاس کہاں ہوا؟

ج:۔ کراچی

س:۔ آل انڈیا مسلم لیگ کی شاخ لندن میں کس نے قائم کی تھی؟

ج:۔ سید امیر علی

س:۔ سب سے پہلے کس مسلمان رہنما نے مسلمانوں کو آل انڈیا کانگریس میں شامل ہونے سے منع کیا؟

ج:۔ سر سید احمد خان

س:۔ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1909ء میں مسلمانوں کا کونسا مطالبہ تسلیم کیا گیا؟

ج:۔ جداگانہ انتخاب کا مطالبہ

س:۔ یہ بتایئے تقسیم بنگال کی منسوخی کب عمل میں آئی؟

ج:۔ 12 دسمبر 1911ء

س:۔ پہلی جنگ عظیم کے دوران کس مسلم اخبار پر پابندی لگادی گئی تھی؟

ج:۔ کامریڈ

س:۔ جلیانوالہ حادثہ کیا تھا اور یہ کب پیش آیا؟

ج:۔ 13 اپریل 1919 کو جنرل ڈائر نے امرتسر میں (جلیانوالہ باغ) نہتے ہجوم پر گولیاں چلانے کا حکم دیا تھا جس میں 379 لوگ مارے گئے تھے۔

س:۔ سب سے پہلے 1916ء میں سندھ کو ممبئی سے علیحدہ کرنے کا مطالبہ مسلمانوں نے کیا تھا یا ہندوؤں نے؟

ج:۔ ہندوؤں نے

س:۔ 1919ء میں تحریک خلافت کے بانی کون تھے؟

ج:۔ علی برادران، مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی جوہر

س:۔ علی برادران پر بغاوت کا مقدمہ کہاں چلایا گیا؟

ج:۔ کراچی کے خالق دینا ہال میں

س:۔ تحریک ہجرت کا فتویٰ کس نے جاری کیا؟

ج:۔ مولانا عبدالباری فرنگی اور مولانا ابوالکلام آزاد نے

س:۔ کانگریس کی طرف سے نہرو رپورٹ کس نے پیش کی تھی؟

ج:۔ پنڈت موتی لعل نہرو

س:۔ نہرو رپورٹ کے جواب میں مسلمانوں کی تجاویز کیا کہلاتی ہیں؟

ج:۔ قائداعظم کے چودہ نکات

س:۔ تحریک پاکستان کے دوران لفظ پاکستان پہلی بار کب استعمال کیا گیا؟

ج:۔ 28 جنوری 1933ء

س:۔ چوہدری رحمت علی کا کتابچہ (Now Or Never) کتنے صفحات پر مشتمل تھا؟

ج:۔ چار

س:۔ 1936ء میں پاکستان کے کس موجودہ صوبے کو علیحدہ کر کے صوبے کا درجہ دیا گیا؟

ج:۔ سندھ کو بمبئی سے علیحدہ کر کے

س:۔ مولانا محمد علی جوہر مسجد اقصیٰ میں دفن ہیں یہ بتایئے مولانا شوکت علی کہاں دفن ہیں؟

ج:۔ جامع مسجد دہلی کے پاس

س:۔ مولانا محمد علی جوہر کو مسجد اقصیٰ میں کیوں دفن کیا گیا؟

ج:۔ آپ نے کہا تھا کہ میں ایک غلام ملک میں نہیں جانا چاہتا۔ مجھے آزادی دی جائے یا ایک آزاد ملک میں دفن کیا جائے۔

س:۔ قراردادِ پاکستان کا مسودہ کب اور کس کے گھر تیار ہوا تھا؟

ج:۔ لاہور میں 21 مارچ کی رات نواب شاہنواز ممدوٹ کے گھر میں

س:۔ قرارداد پاکستان کی ترتیب، تدوین اور تصنیف میں کن شخصیات نے حصہ لیا تھا؟

ج:۔ قائداعظم، نواب محمد اسماعیل، ملک برکت علی اور سرسکندر حیات

س:۔ مارچ 1940ء کو قرارداد پاکستان ~~میں~~ کے جلسے کتنے لوگوں نے شرکت کی تھی؟

ج:۔ ایک لاکھ لوگوں نے

س:۔ قراردادِ پاکستان کس نے پیش کی تھی؟

ج:۔ مولوی فضل الحق

س:۔ مارچ 1940ء کے سالانہ اجلاس میں قائداعظم نے جو تاریخی تقریر کی تھی وہ کتنے صفحات پر مشتمل تھی؟

ج:۔ فی البدیہہ تقریر کی تھی۔

س:۔ قرارداد پاکستان کا فی البدیہہ اُردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟

ج:۔ مولانا ظفر علی خان

س:۔ کیا 23 مارچ 1940ء کے جلسے میں چوہدری رحمت علی نے شرکت کی تھی؟

ج:۔ نہیں

س:۔ 23 مارچ 1940ء کو لاہور کے اجلاس میں مشہور نظم ”ملت کا پاسباں ہے محمد علی جناح“ کس نے پڑھی تھی؟

ج:۔ میاں بشیر احمد

س:۔ قرارداد لاہور کو قرارداد پاکستان کا نام کس نے دیا تھا؟

ج:۔ قرارداد لاہور کے اگلے ہی دن ہندو پریس نے اسے قرارداد پاکستان کا نام دیا تھا۔

س:۔ قرارداد پاکستان کتنے الفاظ اور پیراگراف پر مشتمل ہے اور اس میں لفظ پاکستان کتنی بار آیا ہے؟

ج:۔ 400 الفاظ، 4 پیراگراف، لفظ پاکستان ایک بار بھی نہیں آیا۔ صرف لفظ سٹیٹ (State) استعمال ہوا ہے۔

س:۔ جس اجلاس میں قرارداد پاکستان منظور ہوئی وہ آل انڈیا مسلم لیگ کا ترتیب کے اعتبار سے کونسواں اجلاس تھا؟

ج:۔ 27واں

س:۔ ہندوستان کی مسلم خواتین کی جانب سے قرارداد پاکستان کی حمایت میں سب سے پہلے کس خاتون نے تقریر کی؟

ج:۔ امجدی بیگم (بیگم مولانا محمد علی جوہر)

س:۔ بلوچستان کی طرف سے قراردادِ پاکستان کی حمایت کس نے کی؟

ج:۔ قاضی محمد عیسیٰ

س:۔ پہلا یوم پاکستان کب منایا گیا؟

ج:۔ قرارداد پاکستان کے 25 دن بعد 19 اپریل 1940ء کو

س:۔ سر سید احمد خان کی وفات کے کتنے سال بعد قرارداد پاکستان کا واقعہ پیش آیا؟

ج:۔ 42 سال بعد

س:۔ حریت اور آزادی کی خاطر کون سے مسلمان رہنما سب سے پہلے گرفتار ہوئے اور قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں؟

ج:۔ مولانا حسرت موہانی

س:۔ نشاط اللہ تحریک پاکستان کے کس سرگرم کارکن کی بیوی تھی؟

ج:۔ مولانا حسرت موہانی

س:۔ تحریک پاکستان کے کس رہنما نے نماز کیلئے 15 منٹ کا وقفہ نہ دیئے جانے پر

کانگریس سے علیحدگی اختیار کرلی تھی؟

ج:۔ مولانا ظفر علی خان

س:۔ تحریک پاکستان کے کس رہنما کو جزیرہ مالٹا میں تین سال کیلئے نظر بند کیا گیا؟

ج:۔ مولانا محمود الحسن

س:۔ تحریک پاکستان میں ''پاکستان کا مطلب کیالا الہ الا اللہ'' یہ نعرہ کس کی تخلیق ہے؟

ج:۔ پروفیسر اصغر سودائی

س:۔ تحریک پاکستان کیلئے چوہدری رحمت علی نے ایک تحریک چلائی تھی اس کا نام کیا تھا؟

ج:۔ پاکستان نیشنل موومنٹ

س:۔ آل انڈیا مسلم لیگ کی پہلی خاتون رکن کون تھی؟

ج:۔ بیگم جہاں آراء شاہنواز

س:۔ آل انڈیا مسلم لیگ کی پہلی خاتون صدر کون تھی؟

ج:۔ بیگم عبداللہ ہارون

س:۔ کس خاتون نے تینوں گول میز کانفرنسوں میں شرکت کی تھی؟

ج:۔ بیگم جہاں آراء شاہنواز

س:۔ مولانا شوکت علی کی وفات کے بعد قائد اعظم نے مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی کا ممبر کس کو بنایا؟

ج:۔ بیگم محمد علی جوہر

س:۔ کانگریس کی کامیابی کے بعد کس نے کہا تھا کہ ہندوستان میں صرف دو جماعتیں ہیں ایک کانگریس دوسری برطانوی حکومت؟

ج:۔ پنڈت جواہر لعل نہرو

س:۔ قائداعظم نے اس کے جواب میں تردید کرتے ہوئے کیا کہا تھا؟

ج:۔ ہندوستان میں ایک تیسری جماعت بھی ہے وہ ہے مسلم لیگ

س:۔ مسلمانوں نے کانگریسی حکومتوں کے خاتمے پر یوم نجات کب منایا؟

ج:۔ 22دسمبر 1939ء

س:۔ یہ بتایئے بنگال میں آخری قحط کب پڑا؟

ج:۔ 1943ء میں

س:۔ آل انڈیا مسلم لیگ کی بنیاد پر مسلم لیگ نے کتنی بار الیکشن میں حصہ لیا؟

ج:۔ 2بار(1937ء،1946ء)

س:۔ پاکستان کے سوال پر برصغیر کے مسلمانوں نے پہلا الیکشن کب لڑا؟

ج:۔ 1946ء

س:۔ 1946ء کے انتخابات میں مسلم لیگ نے مرکزی اسمبلی نے کتنی نشستیں حاصل کیں؟

ج:۔ 100فیصد

س:۔ کس صوبے کی مسلم لیگ نے سب سے پہلے مکمل آزادی کی قرارداد منظور کی؟

ج:۔ سندھ

س:۔ تحریک آزادی کے کونسے کارکن کو ''شوگر کنگ'' کہا جاتا تھا؟

ج:۔ سر عبداللہ ہارون

س:۔ انگریزوں کے خلاف تحریک آزادی میں دو بڑے خطیب گزرے ہیں ان میں ایک ملتان کے عطاءاللہ شاہ بخاری تھے دوسرے کون تھے؟

ج:۔ بہادر یار جنگ

س:۔ جنگ آزادی کے مجاہد اور خطیب سید عطاءاللہ شاہ بخاری کی آخری آرام گاہ کہاں ہے؟

ج:۔ ملتان

س:۔ تحریکِ پاکستان کے سرکردہ رہنما راجہ غضنفر علیخان کہاں آسودہ خاک ہیں؟

ج:۔ پنڈ دادن خان

س:۔ قیام پاکستان سے قبل لیاقت علیخان نے جو بجٹ پیش کیا تھا اُس نے سردار پٹیل کے علاوہ اور کس کو علیحدہ پاکستان پر مجبور کیا تھا؟

ج:۔ مولانا ابوالکلام آزاد

س:۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے اپنی کتاب ''آزادی ہند'' میں کن دو ہندوستانی رہنماؤں پر شدید تنقید کی ہے؟

ج:۔ پنڈت جواہر لال نہرو، سردار پٹیل

س:۔ مولانا ابوالکلام آزاد کتنی بار پاکستان آئے تھے؟

ج:۔ ایک بار

س:۔ تقسیم ہند کے وقت کن دو علاقوں میں ریفرنڈم ہوا تھا؟

ج:۔ سلہٹ اور صوبہ سرحد (موجودہ صوبہ خیبر پختونخوا)

س:۔ 30 جون 1947ء کو ریڈ کلف کی سربراہی میں کن ارکان پر مشتمل باؤنڈری کمیشن تشکیل دیا گیا؟

ج:۔ جسٹس دین محمد، جسٹس محمد منیر، جسٹس مہر چند مہاجن، جسٹس تیجا سنگھ اور پنجاب باؤنڈری کمیشن میں سکھ نمائندہ سردار بلدیو سنگھ کو بھی شامل کیا گیا۔

س:۔ تقسیمِ ہند کے ابتدائی نقشے کے مطابق گورداسپور کا ضلع پاکستان کے حصے میں آنا تھا یہ پاکستان کے حصے میں کیوں نہ آیا؟

ج:۔ ہندوستان کے پاس کشمیر کا کوئی راستہ نہ تھا جبکہ پاکستان کے پاس گیارہ قدرتی راستے تھے ریڈ کلف ایوارڈ میں جب فیصلہ ہونا تھا تو ریڈ کلف نے لارڈ ماونٹ بیٹن ،لارڈ ماونٹ بیٹن کی بیوی ایڈوینا، پنڈت جواہر لعل نہرو، کرشنا مینن اور دوسرے کانگریسی لیڈروں سے ساز باز کر کے راتوں رات بھارت کو کشمیر کیلئے راستہ دینے کے لیے گورداسپور اور فیروز پور کی تحصیلوں کو کاٹ کر بھارت میں شامل کر دیا تا کہ پٹھان کوٹ کے راستے بھارت کو کشمیر تک رسائی ہو سکے۔

س:۔ جب مسلم اکثریتی علاقے پاکستان میں شامل کرنا تھے تو گورداسپور، جالندھر اور تحصیل فیروز پور کے مسلم اکثریتی علاقے پاکستان کے حصے میں کیوں نہ آئے؟

ج:۔ ریڈ کلف کی بد دیانتی کیوجہ سے، ریڈ کلف نے کانگریس لیڈروں سے ساز باز کر کے یہ علاقے انڈیا میں شامل کر دیئے۔

کشمیر

س:۔ وادی کشمیر میں اسلام کب ظہور پذیر ہوا؟

ج:۔ 14 ویں صدی سے پہلے بھی کچھ لوگ مسلمان ہو چکے تھے لیکن 14 ویں صدی میں ایک اکثریت نے اسلام قبول کرنا شروع کر دیا۔

س:۔ تقسیم ہند اور قیام پاکستان کے وقت کشمیر کا حکمران کون تھا؟

ج:۔ مہاراجہ ہری سنگھ

س:۔ سکھوں نے کشمیر پر 27 سال حکومت کی یہ بتایئے مغلوں نے کشمیر پر کتنا عرصہ حکومت کی؟

ج:۔ 167 سال

س:۔ یہ بتایئے کشمیر پر مسلمانوں نے کتنا عرصہ حکومت کی؟

ج:۔ 500 سال

س:۔ بھارتی قبضے سے قبل کشمیر میں آخری مردم شماری کب ہوئی؟

ج:۔ 1941ء

س:۔ 1941ء کی مردم شماری کے مطابق صوبہ کشمیر میں مسلمانوں کا تناسب کتنا تھا؟

ج:۔ 95 فیصد

س:۔ کشمیر میں ڈوگرہ راج کیسے آیا؟

ج:۔ انگریز حکمران تھے راجہ گلاب سنگھ پنجاب میں انگریز فوج کا کمانڈر انچیف تھا۔ جب انگریزوں اور سکھوں کی لڑائی ہوئی تو راجہ گلاب سنگھ نے اپنی فوج کو توپوں کے لئے بارود کی بجائے لکڑی کا بُرادہ دے دیا۔ اس لڑائی میں سکھوں کو شکست ہوئی اور اس غداری کے عوض انگریزوں نے کشمیر کو 75 لاکھ نانک شاہی میں گلاب سنگھ کے ہاتھ بیچ دیا اسطرح کشمیر میں ڈوگرہ راج کا آغاز ہوا۔

س:۔ ڈوگرہ شخصی راج کشمیر پر کب سے کب تک رہا؟

ج:۔ 1846ء سے 1947ء تک

س:۔ ڈوگرہ عہد میں ریاست جموں وکشمیر میں فوج کی 13 بٹالین تھیں ان میں مسلمانوں کی کتنی بٹالین تھیں؟

ج:۔ صرف ایک

س:۔ ڈوگرہ عہد میں ریاست جموں وکشمیر میں مسلمانوں کی شرح خواندگی کیا تھی؟

ج:۔ 1 فیصد

س:۔ ڈوگروں کے 100 سالہ دور میں 28 وزیر اعظم آئے ان میں سے کتنے مسلمان تھے؟

ج:۔ کوئی مسلمان نہیں تھا۔

س:۔ ڈوگرہ راج میں گائے ذبح کرنے پر مسلمانوں کو کیا سزا دی جاتی تھی؟

ج:۔ سزائے موت

س:۔ کس کشمیری باشندے نے سب سے پہلے کے۔ٹو کو سر کیا؟

ج:۔ اشرف امان

س:۔ سری نگر سطح سمندر سے کتنا بلند ہے؟

ج:۔ چھ ہزار فٹ

س:۔ ریاست جموں و کشمیر کے مشہور دریا کون کون سے ہیں؟

ج:۔ دریائے جہلم، نیلم، چناب، سندھ، راوی، پونچھ، گلگت

س:۔ کشمیر سے آنے والا دریائے پونچھ کس دریا میں آکر گرتا ہے؟

ج:۔ دریائے جہلم

س:۔ یہ بتایئے کشمیر کا قومی نشان کیا ہے؟

ج:۔ چنار کا پتا

س:۔ پُلوں کا شہر کشمیر کے کس شہر کو کہتے ہیں؟

ج:۔ سری نگر

س:۔ کشمیر کی سب سے قیمتی فصل کونسی ہے؟

ج:۔ زعفران

س:۔ اُس خاتون کا نام بتایئے جو موجودہ کشمیری غزل کی بانی کہلاتی ہے؟

ج:۔ حبہ خاتون

س:۔ کشمیری زبان کی پہلی خاتون صوفی شاعرہ کون تھی؟

ج:۔ للّٰہ عارفہ

س:۔ کشمیر کا قومی شاعر کسے مانا جاتا ہے؟

ج:۔ پیرزادہ غلام احمد مجحوب

س:۔ یہ بتایئے کشمیر کی مشہور درگاہ کونسی ہے؟

ج:۔ درگاہ حضرت بل، وہاں کسی کا مزار نہیں ہے بلکہ حضور پاک ﷺ کا موِ مبارک ہے۔

س:۔ کشمیری زبان کس رسم الخط میں لکھی جاتی ہے؟

ج:۔ فارسی

س:۔ وادی کشمیر سطح سمندر سے کتنی بلند ہے؟

ج:۔ 5200 فٹ

س:۔ کشمیر کے کس پہاڑ کو خونی پہاڑ بھی کہا جاتا ہے؟

ج:۔ نانگا پربت

س:۔ کشمیر میں ریشم سازی کا فن کہاں سے آیا تھا؟

ج:۔ چین

س:۔ آریا جب کشمیر میں داخل ہوئے تو کس دریا کے کنارے آباد ہوئے؟

ج:۔ دریائے جہلم

س:۔ ''کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور کوئی قوم اپنی شہ رگ کو دشمن کے حوالے نہیں کر سکتی'' یہ قول کس کا ہے؟

ج:۔ قائداعظم محمد علی جناح

س:۔ ''اہل کشمیر، علم و فضل کے شائق اور مہذب ہیں'' یہ بتایئے ساتویں صدی عیسوی

میں کشمیر آنے والے کس مشہور چینی سیاح نے یہ باتیں کہیں؟

ج:۔ ہیون سانگ

س:۔ بارہویں صدی عیسوی میں کشمیر کے بارے میں نوسو سال سے پہلے کس نے کہا تھا کہ "کشمیر کو محبت کی طاقت سے فتح کیا جاسکتا ہے نہ کہ جنگی طاقت سے"

ج:۔ پنڈت کلہن نے راج ترنگڑی میں

س:۔ نامور مقرر منشی محمد دین نے تاریخ کشمیر پر کتنی کتابیں لکھیں؟

ج:۔ 25

س:۔ کشمیر کا مسئلہ کب سے متنازعہ چلا آرہا ہے؟

ج:۔ 1947ء سے ہی

س:۔ یوم شہداء کشمیر کب منایا جاتا ہے؟

ج:۔ ہر سال 13 جولائی کو، 13 جولائی 1931ء کو سری نگر میں جیل کے سامنے نہتے شہریوں پر گولی چلادی گئی۔

س:۔ 19 جولائی 1947ء کی کشمیر میں کیا اہمیت ہے؟

ج:۔ اس دن کشمیریوں نے پاکستان سے الحاق کی قرارداد پاس کی تھی اس لئے ہر سال 19 جولائی کو یوم الحاق پاکستان کے طور پر منایا جاتا ہے۔

س:۔ بھارت جموں وکشمیر پر کب حملہ آور ہوا؟

ج:۔ 27اکتوبر 1947ء

س:۔ بھارت نے اقوام متحدہ میں کشمیر کے بارے میں رائے شماری کی درخواست کب دی تھی؟

ج:۔ یکم جنوری 1948ء

س:۔ اقوام متحدہ کے نزدیک کشمیر کی کیا حیثیت ہے؟

ج:۔ کشمیر ایک متنازعہ مسئلہ ہے جواب تک حل نہیں ہو سکا اس کا حل استصواب رائے ہے۔

س:۔ سلامتی کونسل نے مسئلہ کشمیر پر کتنی قراردادیں منظور کی ہیں؟

ج:۔ کئی قراردادیں منظور کی ہیں لیکن قابل ذکر دو ہیں۔ (1) 13 اگست 1948ء
(2) 5 جنوری 1949ء

س:۔ 5 جنوری 1949ء کی کیا اہمیت ہے؟

ج:۔ یوم حق خودارادیت کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس دن اقوام متحدہ نے قرارداد پاس کی کہ کشمیر کا فیصلہ استصواب رائے سے کیا جائے گا جسے بھارت نے منظور کیا لیکن آج تک عمل نہیں کیا۔

س:۔ 26 جون 1952ء کو بھارتی وزیراعظم پنڈت جواہر لعل نہرو نے بھارتی پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے کیا کہا؟

ج:۔ ''اگر کشمیر کے عوام پاکستان کے ساتھ رہنے کا فیصلہ دے دیں۔ اگرچہ یہ فیصلہ ہمارے لیے کتنا ہی تکلیف دہ کیوں نہ ہو ہم اپنا قانون تبدیل کرنے میں کوئی عار محسوس نہیں کریں گے۔

س:۔ بھارت نے کشمیر میں شاہی راج ختم کر کے کشمیر کو انڈین یونین میں خصوصی درجہ کب دیا؟

ج:۔ 24 جولائی 1952ء

س:۔ اقوامِ متحدہ نے کشمیر کو متنازعہ علاقہ کب تسلیم کیا؟

ج:۔ 4 فروری 1966ء

س:۔ مجاہدین کشمیر کو دبانے کے لیے کتنی تعداد میں بھارتی فوج موجود ہے؟

ج:۔ سات لاکھ

س:۔ ریاست جموں وکشمیر کا کل کتنا رقبہ ہے؟

ج:۔ 84471 مربع میل

س:۔ ریاست جموں وکشمیر کی کتنی سرحد پاکستان کے ساتھ ملتی ہے؟

ج:۔ 700 میل

س:۔ ریاست جموں وکشمیر سیالکوٹ سے کتنے فاصلے پر ہے؟

ج:۔ 30 میل

س:۔ ریاست جموں وکشمیر کا رقبہ یورپ کے کتنے ترقی یافتہ ممالک سے زیادہ ہے؟

ج:۔ 6

س:۔ ریاست جموں وکشمیر اقوام متحدہ کے کتنے ممبر ممالک سے بلحاظ رقبہ بڑی ہے؟

ج:۔ 92

س:۔ ریاست جموں وکشمیر دنیا کے کتنے آزاد ممالک سے بڑی ہے؟

ج:۔ 102

س:۔ ریاست جموں وکشمیر اقوام متحدہ کے کتنے ممبر ممالک سے بلحاظ آبادی بڑی ہے؟

ج:۔ 113

س:۔ ریاست کشمیر کا کتنا رقبہ ڈوگرہ راجہ گلاب سنگھ کے ہاتھوں انگریزوں کو بیچا گیا؟

ج:۔ 84471 مربع میل، معاہدہ امرتسر کے تحت

س:۔ ریاست جموں وکشمیر میں کل کتنے دریا ہیں؟

ج:۔ 8 جبکہ 36 چھوٹے دریا ہیں۔

س:۔ ریاست جموں وکشمیر کے مشرقی محاذ پر چین بھارت جنگ کب ہوئی؟

ج:۔ 1962ء

س:۔ مقبوضہ کشمیر میں مشہور جھیل کونسی ہے؟

ج:۔ ڈل جھیل

س:۔ بھارت کے قبضے میں ریاست جموں وکشمیر کا کتنے فیصد علاقہ ہے؟

ج:۔ 63فیصد

س:۔ سندھ طاس معاہدہ میں ریاست جموں کشمیر کے کن تین بڑے دریاؤں کا ذکر ہے؟

ج:۔ دریائے سندھ، چناب، جہلم

س:۔ APHC کن الفاظ کا مخفف ہے؟

ج:۔ آل پارٹیز حریت کانفرنس(All Parties Huriat Conference)

س:۔ آزاد کشمیر کے پہلے صدر کون تھے؟

ج:۔ سردار محمد ابراہیم

س:۔ آزاد کشمیر کے کل کتنے اضلاع ہیں؟

ج:۔ 8

س:۔ آزاد کشمیر کا دارالحکومت مظفرآباد کن دو دریاؤں کے سنگم پر ہے؟

ج:۔ دریائے نیلم اور جہلم

س:۔ آبادی کے لحاظ سے آزاد کشمیر کا سب سے بڑا شہر کونسا ہے؟

ج:۔ میرپور

س:۔ کشمیر کے نامور بزرگ اور شاعر میاں محمد بخش کا مزار کہاں ہے؟

ج:۔ میرپور (کھڑی شریف)

س:۔ آزاد کشمیر کے کس شہر کو مسجدوں کا شہر کہتے ہیں؟

ج:۔ کوٹلی

س:۔ آزاد کشمیر کا قابل کاشت رقبہ کل رقبے کا کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 14.6 فیصد

س:۔ آزاد کشمیر کی دیہی اور شہری آبادی کا تناسب کیا ہے؟

ج:۔ دیہی 90 فیصد، شہری 10 فیصد

س:۔ آزاد کشمیر میں شرح خواندگی کتنی ہے؟

ج:۔ 60 فیصد

س:۔ آزاد کشمیر میں سالانہ کتنی بارش ہوتی ہے؟

ج:۔ 100 سے 155 سینٹی میٹر

س:۔ یہ بتایئے کشتابا (Kastaba) کیا چیز ہے؟

ج:۔ یہ ایک کشمیری ڈش ہے۔

س:۔ کشمیر کے متعلق یہ ترانہ کس نے لکھا ہے؟

فضائے ہند میں پرچم اڑاؤں گا اک دن میرے وطن تیری جنت میں آؤں گا اک دن

ج:۔ حافظ مظہر الدین

پاکستان

س:۔ 27 رمضان المبارک 1366 ہجری کو دنیا کا کونسا ملک وجود میں آیا؟

ج:۔ پاکستان

س:۔ پاکستان کی پہلی آئین ساز اسمبلی کے صدر کون تھے؟

ج:۔ قائد اعظم

س:۔ پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی میں قومی پرچم کی منظوری کب دی گئی؟

ج:۔ 11 اگست 1947ء

س:۔ 14 اگست 1947ء کو پاکستان کا قیام عمل میں آیا اس دن ہفتے کا کونسا دن تھا؟

ج:۔ جمعرات

س:۔ 14 اگست 1947 کو "یہ پاکستان براڈ کاسٹنگ سروس ہے" کے الفاظ کس نے کہے؟

ج:۔ لاہور ریڈیو اسٹیشن سے مصطفیٰ علی ہمدانی نے

س:۔ پاکستان کی پہلی کابینہ جو چھ ممبران پر مشتمل تھی کب وجود میں آئی؟

ج:۔ 15 اگست 1947ء

س:۔ قیامِ پاکستان کے وقت 1947ء میں کون سا آئین نافذ کیا گیا؟

ج:۔ 1935ء کے ایکٹ آف انڈیا میں ترامیم کر کے اُسے نافذ کیا گیا۔

س:۔ پاکستان بننے سے قبل پاکستان کا نام کس کتاب میں تھا؟

ج:۔ انسائیکلوپیڈیا آف برنا ٹیکا

س:۔ پاکستان میں سرکاری دفاتر نے باقاعدہ کام کا آغاز کب کیا؟

ج:۔ 19 اگست 1947ء

س:۔ پاکستان 30 ستمبر 1947ء کو اقوام متحدہ کا ممبر بنا یہ بتائیے پاکستان اقوامِ متحدہ کا کونساواں ممبر ملک تھا؟

ج:۔ 56 واں

س:۔ پاکستان میں سکے اور نوٹ پہلی بار کب جاری کیے گئے؟

ج:۔ 3 جنوری 1948ء

س:۔ قیامِ پاکستان کے بعد جشنِ سبی کب منایا گیا اور اسکے مہمان خصوصی کون تھے؟

ج:۔ فروری 1948ء میں، قائداعظم محمد علی جناح

س:۔ پاکستان کے پہلے قومی کھیلوں کا افتتاح کب اور کس نے کیا؟

ج:۔ 23 مارچ 1948ء کو قائداعظم نے

س:۔ یکم جولائی 1948ء کو پاکستان کے کس بنک نے تین کروڑ روپے سے اپنا کام شروع کیا؟

ج:۔ سٹیٹ بنک آف پاکستان

س:۔ پہلا نشان حیدر حاصل کرنے والے کیپٹن راجہ محمد سرور شہید نے کب جامِ شہادت نوش کیا؟

ج:۔ 27 جولائی 1948ء

س:۔ قیامِ پاکستان کے وقت ریڈیو اسٹیشن کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔ 3۔ لاہور، پشاور، ڈھاکہ

س:۔ 14 اگست 1948ء کو خان لیاقت علیخان نے کس ریڈیو اسٹیشن کا افتتاح کیا؟

ج:۔ کراچی

س:۔ پاکستان کے قومی ترانے کی دُھن کب بنائی گئی؟

ج:۔ 1949ء میں

س:۔ کس مسلمان رہنما نے کہا تھا کہ ''اگر میرا انتقال قیام پاکستان سے قبل ہو جائے تو مجھے اس جگہ دفن کیا جائے جہاں پاکستان کا بننا نہایت ضروری ہو''؟

ج:۔ علامہ شبیر احمد عثمانی

س:۔ قراردادِ مقاصد کب منظور ہوئی اور یہ کس نے پیش کی تھی؟

ج:۔ 12 مارچ 1949ء کو، مولانا شبیر احمد عثمانی

س:۔ پاکستان میں برطانوی دور کا رائج سکہ جس کی مالیت ایک روپیہ تھی کب بند ہوا؟

ج:۔ اکتوبر 1949ء میں

س:۔ پاکستان میں سب سے پہلے حسبِ اختلاف پارٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج:۔ نومبر 1948ء میں

س:۔ 18 اپریل 1950ء لیاقت نہرو پیکٹ میں کس بات پر اتفاق کیا گیا تھا؟

ج:۔ خونی فسادات کی روک تھام اور اقلیتوں کے تحفظ پر

س:۔ قیامِ پاکستان کے بعد سب سے پہلے کونسی یونیورسٹی قائم ہوئی؟

ج:۔ پشاور یونیورسٹی

س:۔ پشاور یونیورسٹی کا افتتاح کب اور کس نے کیا؟

ج:۔ 30 اکتوبر 1950ء کو لیاقت علی خان نے

س:۔ بھولا پہلوان کو ''رستم پاکستان'' کا خطاب کب اور کس نے دیا تھا؟

ج:۔ 17 اپریل 1949ء کو خواجہ ناظم الدین نے

س:۔ پاکستان نے عوامی جمہوریہ چین کو کب تسلیم کیا؟

ج:۔ 4 جنوری 1950ء

س:۔ 1951 کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی کتنی تھی؟

ج:۔ 7 کروڑ 56 لاکھ 42 ہزار

س:۔ لفظ ''پاکستان'' کے خالق چوہدری رحمت علی نے کب وفات پائی؟

ج:۔ 11 فروری 1951ء (بعض کتابوں میں 3 فروری 1951ء ہے)

س:۔ کراچی یونیورسٹی کا افتتاح لیاقت علیخان نے کب کیا؟

ج:۔ 11 مئی 1951ء

س:۔ پاکستان کے پہلے وزیراعظم خان لیاقت علیخان کو کب شہید کیا گیا؟

ج:۔ 16 اکتوبر 1951ء کو راولپنڈی میں

س:۔ خان لیاقت علیخان کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج:۔ مولانا احتشام الحق تھانوی

س:۔ خان لیاقت علیخان کے آخری الفاظ کیا تھے؟

ج:۔ خدا پاکستان کی حفاظت کرے۔

س:۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار کس عورت کو سزائے موت کب دی گئی؟

ج:۔ یکم فروری 1954ء کو سرداراں بی بی کو

س:۔ پاکستان کا قومی ترانہ حفیظ جالندھری نے لکھا یہ کب پہلی بار ریڈیو پاکستان سے نشر ہوا؟

ج:۔ 13 اگست 1954ء

س:۔ پاکستان کا پہلا رنگین ٹکٹ کب جاری ہوا؟

ج:۔ 14 اگست 1955ء

س:۔ پاکستان کا پہلا آئین کب وجود میں آیا؟

ج:۔ 23 مارچ 1956ء

س:۔ پاکستان کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان کب رکھا گیا؟

ج:۔ 23 مارچ 1956ء کو

س:۔ اُس وقت ملک کے وزیراعظم کون تھے جب ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا؟

ج:۔ چوہدری محمد علی

س:۔ پاکستان فیڈرل کورٹ کا نا تبدیل کرکے اس کا نام سپریم کورٹ کب رکھا گیا؟

ج:۔ 23 مارچ 1956ء کے آئین کے تحت

س:۔ پاکستانی افواج میں نکر پہننے کا رواج کب ختم ہوا اور باقاعدہ نئی وردی کب متعارف کرائی گئی؟

ج:۔ 1957ء میں

س:۔ میجر محمد طفیل شہید نے کب اور کس معرکہ میں شہادت پائی؟

ج:۔ 7 اگست 1958ء کو معرکہ لکشمی پور میں

س:۔ میجر محمد طفیل شہید کا تعلق پاک فوج کی کس رجمنٹ سے تھا؟

ج:۔ ایسٹ پاکستان رائفلز

س:۔ 1958ء میں پہلے مارشل لاء کے وقت پاکستان کے وزیر اعظم کون تھے؟

ج:۔ ملک فیروز خان نون

س:۔ پاکستان کے کون سے وزیر اعظم 23 اکتوبر سے 27 اکتوبر 1958ء تک صرف چار دن وزیر اعظم رہے؟

ج:۔ محمد ایوب خان

س:۔ محمد ایوب خان نے سیاستدانوں پر پابندی لگانے کیلئے EBDO نامی قانون بنایا یہ EBDO کن الفاظ کا مخفف ہے؟

ج:۔ Elective Bodies Disqualification Order

س:۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار بھارتی طیارہ کب مار گرایا گیا؟

ج:۔ 10 اپریل 1959ء کو فلائٹ لیفٹیننٹ یونس خان نے عید کے دن فوٹو گرافی کرتے ہوئے کھاریاں چھاؤنی کے قریب

س:۔ مینارِ پاکستان کا سنگِ بنیاد کب رکھا گیا؟

ج:۔ 23 مارچ 1960ء

س:۔ 23 مئی 1960ء کو پاکستان کے کس مشہور پہلوان نے 84 برس کی عمر میں وفات پائی؟

ج:۔ رستم زماں گاما پہلوان (اصل نام غلام حسین تھا)

س:۔ 19 ستمبر 1960ء کو سندھ طاس معاہدے پر پاکستان اور بھارت کے کن حکمرانوں نے دستخط کیئے؟

ج:۔ پاکستان کی طرف سے محمد ایوب خان اور بھارت کی طرف سے پنڈت جواہر لعل نہرو

س:۔ اسلام آباد کی تعمیر کا کام کب شروع ہوا؟

ج:۔ 1961ء میں

س:۔ پاکستان میں اعشاری سکوں کا نظام کب رائج ہوا تھا؟

ج:۔ یکم جنوری 1961ء

س:۔ حکومت پاکستان نے کب چنبیلی کے پھول کو پاکستان کا قومی پھول قرار دیا؟

ج:۔ 15 جولائی 1961ء

س:۔ پاکستان میں پہلے بلدیاتی انتخاب کب ہوے؟

ج:۔ 1962ء میں

س:۔ یہ بتایئے منگلا ڈیم کی تعمیر کا آغاز کب ہوا؟

ج:۔ 8 مئی 1962ء

س:۔ پاکستان نے اپنا پہلا موسمیاتی راکٹ فضا میں کب اور کس نام سے بھیجا؟

ج:۔ 7 جون 1962ء، رہبر اول

س:۔ پاکستان کے وزیر اعظم حسین شہید سہروردی نے 5 دسمبر 1963ء کو کس شہر میں وفات پائی؟

ج:۔ بیروت (لبنان)

س:۔ پاکستان ٹیلی ویژن لاہور اسٹیشن اور لاہور ریڈیو اسٹیشن نے اپنی نشریات کا آغاز کب کیا؟

ج:۔ 26 نومبر 1964 اور 16 دسمبر 1937ء کو

س:۔ ٹیلی ویژن کی ایجاد کے کتنے سال بعد پاکستان میں ٹیلی ویژن نشریات کا آغاز ہوا؟

ج:۔ 38 سال بعد

س:۔ رن آف کچھ کا معرکہ کب پیش آیا؟

ج:۔ اپریل 1965ء

س:۔ پاک فضائیہ کا پہلا مسلمان کمانڈر انچیف کون تھا؟

ج:۔ ایئر مارشل محمد اصغر خان

س:۔ پاک بحریہ کے پہلے مسلمان ایڈمرل کون تھے؟

ج:۔ ایڈمرل حاجی محمد صدیق چوہدری

س:۔ پاکستان کی سب سے پہلی میجر جنرل خاتون کون تھی؟

ج:۔ شاہدہ ملک

س:۔ 1965ء کی جنگ میں پاکستان کے ایئر مارشل کون تھے؟

ج:۔ ایئر مارشل نور خان

س:۔ 1965ء کی جنگ میں بری فوج کا کمانڈر انچیف کون تھا؟

ج:۔ جنرل محمد موسیٰ خان

س:۔ بھارتی فضائیہ کی صفوں کہرام مچانے والے پاکستانی پائلٹ سرفراز رفیقی نے کب جام شہادت نوش کیا؟

ج:۔ 6 ستمبر 1965ء

س:۔ ایم ایم عالم (محمد محمود عالم) نے 7 ستمبر 1965ء کو ڈیڑھ منٹ میں کتنے طیارے مار گرائے تھے؟

ج:۔ پانچ طیارے

س:۔ بھارت نے کراچی پر پہلا فضائی حملہ کب کیا؟

ج:۔ 7 ستمبر بروز منگل

س:۔ 1965ء کی جنگ میں پاکستان کا اہم فضائی اڈہ کونسا تھا؟

ج:۔ سرگودھا

س:۔ 1965ء کی جنگ میں پاکستان بحریہ کے پاس کتنی آبدوزیں تھیں؟

ج:۔ صرف ایک ''غازی''

س:۔ پاکستانی آبدوز ''غازی'' نے کب ''دوارکا'' نامی جگہ کو مکمل طور پر تباہ برباد کر دیا تھا؟

ج:۔ 8 ستمبر 1965ء

س:۔ جنگِ ستمبر میں ٹینکوں کی سب سے بڑی لڑائی کب اور کہاں ہوئی؟

ج:۔ 12 ستمبر 1965ء، چونڈہ بارڈر (سیالکوٹ)

س:۔ پاک بھارت جنگ میں شہید ہونے والی پہلی خاتون کون تھی؟

ج:۔ عابدہ طوسی، لاہور (میڈیکل کی طالبہ)

س:۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے پاک بھارت جنگ بند کرنے کا مطالبہ کب کیا؟

ج:۔ 20 ستمبر 1965ء

س:۔ بھارت اور پاکستان میں جنگ بندی کا عمل کب ہوا؟

ج:۔ 23 ستمبر 1965ء

س:۔ 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں کتنے نشان حیدر دیئے گئے تھے؟

ج:۔ صرف ایک

س:۔ میجر راجہ عزیز بھٹی شہید کتنے روز مسلسل لڑنے کے بعد شہید ہو گئے تھے؟

ج:۔ سات روز (12 ستمبر 1965ء معرکہ برکی)

س:۔ میجر راجہ عزیز بھٹی شہید کی قبر کہاں ہے؟

ج:۔ لادیاں، ضلع گجرات

س:۔ میجر راجہ عزیز بھٹی شہید کا تعلق پاکستان کی بری فوج کی کس رجمنٹ سے تھا؟

ج:۔ پنجاب رجمنٹ

س:۔ ستمبر 1965ء کی جنگ میں صوبہ بلوچستان کا گورنر کون تھا؟

ج:۔ اُس وقت بلوچستان کو صوبے کا درجہ نہیں ملا تھا۔ ون یونٹ کا نفاذ تھا۔

س:۔ بی آر بی (BRB) کینال کا پورا نام کیا ہے اور یہ کیوں مشہور ہے؟

ج:۔ بمباں والی راوی بیدیاں دیپال پور لنک کینال، اس کے کنارے بھارت کے ساتھ 1965ء میں زبردست جنگ لڑی گئی تھی۔

س:۔ یہ بتائیے بی آر بی (BRB) نہر کا نیا نام کیا ہے؟

ج:۔ غازی نہر

س:۔ یوم پاکستان کے موقع پر فلائی پاسٹ پریڈ کی قیادت کون کرتا ہے؟

ج:۔ چیف آف ائیر سٹاف

س:۔ بحری جہاز کے کمانڈین آفیسر کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ کیپٹن

س:۔ 1965ء کی جنگ میں بھارتی فضائیہ نے کس پاکستانی شہر پر 60 فضائی حملے کیے؟

ج:۔ سرگودھا

س:۔ 1965ء کی جنگ میں کن تین شہروں کو ہلال استقلال کے اعزاز سے نوازگیا؟

ج:۔ لاہور، سیالکوٹ، سرگودھا

س:۔ یوم فضائیہ ہر سال کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج:۔ 7 ستمبر

س:۔ یوم پاک فضائیہ ہر سال 7 ستمبر کو ہی کیوں منایا جاتا ہے؟

ج:۔ 7 ستمبر 1965ء کو پاکستان فضائیہ نے دشمن کے سب سے زیادہ جہاز مار گرائے تھے۔

س:۔ ملکہ ترنم نور جہاں کو حسن کارکردگی کا ایوارڈ کب دیا گیا؟

ج:۔ 18 نومبر 1965ء

س:۔ 1965ء کی جنگ میں بھارت کے وزیراعظم کون تھے؟

ج:۔ لال بہادر شاستری

س:۔ معاہدہ تاشقند پر مذاکرات کب شروع ہوئے؟

ج:۔ 4 جنوری 1966ء

س:۔ معاہدہ تاشقند پر دستخط 10 جنوری 1966ء کو ہوئے یہ بتایئے معاہدہ تاشقند کیا تھا؟

ج:۔ دونوں ملک اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق مسائل حل کریں گے جنگی قیدیوں کو رہا کریں گے، مسائل کو افہام و تفہیم سے حل کریں گے، دونوں ممالک کی فوجیں 25 فروری 1966ء تک اس پوزیشن پر آجائیں گی جس پوزیشن پر 15 اگست 1965ء تک تھیں۔

س:۔ پاک بھارت جنگ بندی پر گواہ کے طور پر کس ملک کے وزیراعظم نے دستخط کیے تھے؟

ج:۔ ازبکستان کے وزیراعظم مسٹر قربانوف

س:۔ 23 مارچ 1966ء کی فوجی پریڈ میں کس دوست ملک کا اسلحہ اور فوجی ساز و سامان شامل کیا گیا؟

ج:۔ عوامی جمہوریہ چین

س:۔ پاکستان میں پہلا یوم دفاع کب منایا گیا؟

ج:۔ 6 ستمبر 1966ء کو

س:۔ پاکستان کی کس رجمنٹ کے پاس سب سے زیادہ نشان حیدر ہیں؟

ج:۔ پنجاب رجمنٹ

س:۔ پاکستان کی قدیم ترین رجمنٹ کونسی ہے؟

ج:۔ پنجاب رجمنٹ

س:۔ اب تک کتنے غیر فوجیوں کو نشانِ حیدر مل چکا ہے؟

ج:۔ یہ صرف فوجیوں کیلئے مخصوص ہے۔

س:۔ کیا یہ ضروری ہے کہ شہادت پانے کے بعد ہی نشانِ حیدر دیا جاتا ہے؟

ج:۔ جی نہیں

س:۔ پاکستان کے صدر کا مسلح افواج میں کیا عہدہ ہوتا ہے؟

ج:۔ تمام مسلح افواج کا سپریم کمانڈر

س:۔ پاکستان کی بری فوج کا ہیڈ کوارٹر راولپنڈی میں ہے یہ بتایئے پاک فضائیہ کا ہیڈ کوارٹر کس شہر میں ہے؟

ج:۔ پشاور

س:۔ پاک بحریہ کا سب سے بڑا انتظامی دفتر کہاں ہے اور بحریہ میں ہسپتال کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ اسلام آباد، Sick bay

س:۔ نیوی کے کپتان کا رینک آرمی کے کس رینک کے برابر ہوتا ہے؟

ج:۔ کرنل

س:۔ نیوی کے ایڈمرل کا رینک آرمی کے کس رینک کے برابر ہوتا ہے؟

ج:۔ جنرل

س:۔ پاک فوج میں بھرتی کیلئے کم از کم عمر کی حد کیا ہے؟

ج:۔ 17سال

س:۔ آرمی میں ایک بٹالین کتنے افراد پر مشتمل ہوتی ہے اور اس کی قیادت کون کرتا ہے؟

ج:۔ 800افراد پر اور لیفٹیننٹ کرنل قیادت کرتا ہے۔

س:۔ جس فوجی افسر کی وردی پر تین ستارے لگے ہوں اس کا رینک کیا ہوگا؟

ج:۔ کیپٹن

س:۔ پاکستان آرمی کی سب سے بڑی چھاونی کون سی ہے؟

ج:۔ کھاریاں چھاونی

س:۔ یہ بتایئے کراچی ٹیلی ویژن کا افتتاح کب ہوا؟

ج:۔ 2نومبر 1967ء

س:۔ مینارِ پاکستان کو عوام کیلئے کب کھولا گیا؟

ج:۔ 23مارچ1968ءکو

س:۔ یہ بتایئے مینارِ پاکستان کی تعمیر کتنے عرصے میں مکمل ہوئی؟

ج:۔ 5سال

س:۔ مینارِ پاکستان جس وسیع و عریض میدان میں واقع ہے اس میدان کا کُل رقبہ کتنا ہے؟

ج:۔ 18ایکڑ

س:۔ مینار پاکستان کے صدر دروازے پر اللہ اکبر کے الفاظ کُندہ ہیں یہ بتایئے مینار پاکستان کا نقشہ کس نے بنایا تھا؟

ج:۔ نصیرالدین مرات خان

س:۔ مینارِ پاکستان پر کونسی دو قراردادیں کُندہ ہیں؟

ج:۔ قراردادِ دہلی اور قراردادِ پاکستان

س:۔ کیپٹن کرنل شیر خان شہید کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج:۔ یکم جون 1970ء کو ضلع صوابی میں

س:۔ پاکستان میں بالغ رائے دہی کی بنیاد پر پہلے عام انتخاب کب ہوئے؟

ج:۔ 7 دسمبر 1970ء

س:۔ پائلٹ آفیسر راشد منہاس نے کب جامِ شہادت نوش کیا؟

ج:۔ 20 اگست 1971ء

س:۔ پاکستان اور بھارت کے مابین شملہ معاہدہ کب ہوا؟

ج:۔ 2 جولائی 1972ء

س:۔ شملہ معاہدہ میں پاکستان اور بھارت کی نمائندگی کس کس نے کی؟

ج:۔ ذوالفقار علی بھٹو اور مسز اِندرا گاندھی

س:۔ پاکستان نے سیٹو نامی تنظیم سے کب علیحدگی اختیار کی؟

ج:۔ 9 نومبر 1972ء

س:۔ پاکستان کا پہلا ایٹمی بجلی گھر کب اور کہاں بنایا گیا؟

ج:۔ 28 نومبر 1972ء میں، کراچی

س:۔ پاکستان میں قومی شناختی کارڈ کا اجراء پہلی بار کب ہوا؟

ج:۔ یکم جولائی 1973ء میں

س:۔ پاکستان کا پہلا متفقہ آئین جسے موجودہ آئین بھی کہتے ہیں کونسا ہے؟

ج:۔ 1973ء کا آئین

س:۔ پاکستان کے آئین کی پہلی عبارت کیا ہے؟

ج:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

س:۔ پاکستان سٹیل ملز کا سنگِ بنیاد کب اور کس نے رکھا تھا؟

ج:۔ 28 دسمبر 1973ء کو ذوالفقار علی بھٹو نے

س:۔ پاکستان میں ناپ تول کا اعشاری نظام کب رائج ہوا؟

ج:۔ یکم جنوری 1974ء میں

س:۔ حکومت پاکستان نے بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کا اعلان کب کیا؟

ج:۔ 22 فروری 1974ء

س:۔ 22 تا 24 فروری 1974ء میں منعقدہ دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس میں کتنے ممالک میں شرکت کی؟

ج:۔ 37

س:۔ پاکستان میں ریڈکراس کا نام تبدیل کر کے ہلال احمر کب رکھا گیا؟

ج:۔ 6 مارچ 1974ء میں

س:۔ 24 ستمبر 1974ء کو پاکستان میں کونسی ریاست شامل ہوئی؟

ج:۔ ہُنزہ

س:۔ پاکستان اور بنگلہ دیش میں سفارتی تعلقات کب قائم ہوئے؟

ج:۔ دسمبر 1975ء میں

س:۔ فیصل مسجد کا سنگِ بنیاد کب اور کس نے رکھا؟

ج:۔ شاہ خالد نے 12 اکتوبر 1976ء کو

س:۔ پاکستان میں ٹیلی ویژن کی رنگین نشریات کا آغاز کب ہوا؟

ج:۔ 20 دسمبر 1976ء

س:۔ شاہراہ قراقرم کا سنگِ بنیاد کب رکھا گیا اور اسکی لمبائی کتنی ہے؟

ج:۔ 10 جون 1978ء کو، لمبائی 805 کلومیٹر

س:۔ پاکستان نے سینٹو نامی تنظیم سے کب علیحدگی کا اعلان کیا؟

ج:۔ 12 مارچ 1979ء

س:۔ پاکستان میں زکوٰۃ کا نظام کب رائج ہوا؟

ج:۔ 20 جون 1980ء

س:۔ 1981ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی کتنی تھی؟

ج:۔ 8 کروڑ 37 لاکھ 82 ہزار

س:۔ نامور موسیقار خواجہ خورشید انور کا انتقال کب ہوا؟

ج:۔ 30 اکتوبر 1984ء

س:۔ شاہراہ ریشم کتنے عرصے میں مکمّل ہوئی اور یہ سیاحوں کیلئے کب کھولی گئی؟

ج:۔ 20 برس، 1986ء میں

س:۔ پاکستان میں ٹیلی ویژن پر صبح کی نشریات کا آغاز کب ہوا؟

ج:۔ 16 جنوری 1988ء

س:۔ استاد جُمن کا انتقال جنوری 1990ء میں ہوا آپ کا تعلق گلوکاری کی کس سمت سے تھا؟

ج:۔ کلاسیکی

س:۔ 16 جولائی 1990ء کو پہلا مصنوعی مواصلاتی کس نام سے چھوڑا گیا؟

ج:۔ بدر اول

س:۔ 1998ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی کتنی تھی؟

ج:۔ 13 کروڑ 5 لاکھ 80 ہزار

س:۔ 11 مئی 1998ء کو بھارت کے ایٹمی دھماکوں کے جواب میں پاکستان نے کب ایٹمی دھماکے کیے؟

ج:۔ 17 دن بعد 28 مئی 1998ء

س:۔ پاکستان کی موجودہ قومی اسمبلی (2008) ترتیب کے اعتبار سے کونسی ویں اسمبلی ہے؟

ج:۔ 13 ویں

س:۔ قیام پاکستان کے وقت ہندوستان سے کتنے مسلمان ہجرت کر کے آئے تھے؟

ج:۔ تقریباً ایک کروڑ

س:۔ پاکستان کی قانون ساز اسمبلی نے سب سے پہلے کس چیز کی منظوری دی تھی؟

ج:۔ پاکستانی پرچم کی منظوری دی تھی۔

س:۔ پاکستان کا جھنڈا سب سے پہلے کس نے لہرایا تھا؟

ج:۔ مولانا شبیر احمد عثمانی نے کراچی میں

س:۔ قیامِ پاکستان کے وقت یہاں اسلحہ سازی کے کتنے کارخانے تھے؟

ج:۔ ایک بھی نہیں۔

س:۔ قیامِ پاکستان کے بعد سب سے پہلے کس شہر میں ریڈیو اسٹیشن قائم ہوا؟

ج:۔ کراچی

س:۔ قیامِ پاکستان کے بعد پہلے وزیر اعلیٰ جو مستعفی ہوئے؟

ج:۔ خان عبدالقیوم خان

س:۔ قیامِ پاکستان کے وقت برطانیہ کا وزیر اعظم کون تھا؟

ج:۔ لارڈ ایٹلی

س:۔ قیامِ پاکستان کے وقت امریکہ کا صدر کون تھا؟

ج:۔ ہیری ٹرومین

س:۔ آزادی کے وقت پاکستان کے حصے میں کتنی بندرگاہیں آئیں؟

ج:۔ 2۔کراچی اور چٹاگانگ

س:۔ قیامِ پاکستان کے بعد پاکستان میں سب سے پہلے کس ملک کی کرکٹ ٹیم نے دورہ کیا؟

ج:۔ ویسٹ انڈیز

س:۔ قیامِ پاکستان کے فوراً بعد کونسی فضائی کمپنی قائم ہوئی تھی؟

ج:۔ اورینٹ ائیرویز (Orient Air Ways)

س:۔ پاکستان کے پہلے نامزد وزیر اعظم خان لیاقت علیخان تھے یہ بتائیے پہلے منتخب وزیر اعظم کون تھے؟

ج:۔ ذوالفقار علی بھٹو

س:۔ پاکستان کے پہلے وزیر داخلہ شہاب الدین تھے یہ بتایئے پہلے وزیر خارجہ کون تھے؟

ج:۔ سر ظفر اللہ خان

س:۔ پاکستان کے پہلے وزیر قانون جوگندر ناتھ منڈل تھے یہ بتایئے پہلے وزیر دفاع کون تھے؟

ج:۔ خان لیاقت علیخان

س:۔ پاکستان کے پہلے وزیر تجارت اسماعیل ابراہیم چندریگر تھے یہ بتایئے پہلے وزیر صحت کون تھے؟

ج:۔ راجہ غضنفر علیخان

س:۔ پاکستان کے پہلے وزیر تعلیم فضل الرحمٰن تھے یہ بتایئے پہلے وزیر خزانہ کون تھے؟

ج:۔ ملک غلام محمد

س:۔ پاکستان کے پہلے وزیر مواصلات کون تھے؟

ج:۔ سردار عبدالرب نشتر

س:۔ پاکستان میں سٹیٹ بینک آف پاکستان کی پہلی خاتون گورنر کون تھی؟

ج:۔ ڈاکٹر شمشاد اختر

س:۔ پاکستان میں قومی اسمبلی کی پہلی خاتون اسپیکر ہونے کا اعزاز کسے حاصل ہے؟

ج:۔ ڈاکٹر فہمیدا مرزا

س:۔ پاکستان کے پہلے شہید کا خطاب کسے دیا گیا ہے؟

ج:۔ لدھیانہ کے خواجہ محمد صدیق

س:۔ ریڈیو پاکستان کے پہلے ڈائریکٹر کون تھے؟

ج:۔ زیڈ۔اے۔بخاری (ذوالفقار علی بخاری)

س:۔ پاکستان کے پہلے سربراہ جنھوں نے غیر ملکی دورہ کیا؟

ج:۔ خان لیاقت علی خان

س:۔ پاکستان کی پہلی خبر رساں ایجنسی کون سی تھی؟

ج:۔ نیوز ٹرسٹ آف پاکستان

س:۔ پاکستان میں سب سے زیادہ ریل گاڑیاں کس اسٹیشن پر ٹھہرتی ہیں؟

ج:۔ لاہور ریلوے اسٹیشن

س:۔ پاکستان کی سب سے بڑی لائبریری کونسی ہے؟

ج:۔ پنجاب پبلک لائبریری، لاہور

س:۔ پاکستان میں سب سے زیادہ روزنامے کس شہر سے چھپتے ہیں؟

ج:۔ کراچی

س:۔ پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد سب سے پہلے کس ملک نے پاکستان کو تسلیم کیا؟

ج:۔ ایران

س:۔ پاکستان میں پہلی بار الیکٹرک ٹرین کن دو شہروں کے درمیان چلائی گئی؟

ج:۔ لاہور اور خانیوال

س:۔ پاکستان کے پہلے مسافر بردار بحری جہاز کا نام کیا ہے؟

ج:۔ سفینۂ عرب

س:۔ پاکستان میں بننے والے پہلے بحری جہاز کا نام کیا ہے؟

ج:۔ العباس

س:۔ پاکستان میں سب سے پہلے ریلوے لائن کہاں بچھائی گئی؟

ج:۔ کراچی اور کوٹری کے درمیان

س:۔ پاکستان کا سب سے طویل ترین ریلوے پلیٹ فارم کونسا ہے؟

ج:۔ کوٹری پلیٹ فارم

س:۔ پاکستان کا سب سے بڑا ڈویژن کون سا ہے؟

ج:۔ قلات

س:۔ پاکستان میں اب تک کتنے نائب صدر گزرے ہیں؟

ج:۔ صرف ایک (نورالامین)

س:۔ پاکستان کا سب سے بڑا صنعتی پراجیکٹ کونسا ہے؟

ج:۔ پاکستان سٹیل ملز

س:۔ پاکستان کی سب سے بڑی صنعت کونسی ہے؟

ج:۔ ٹیکسٹائل

س:۔ پاکستان کا سب سے بڑا زرعی فوجی فارم کس شہر میں ہے؟

ج:۔ اوکاڑہ

س:۔ پاکستان میں پہلی خشک بندرگاہ کونسی ہے؟

ج:۔ مغل پورہ، لاہور

س:۔ پاکستان کے ڈاک ٹکٹ پر سب سے پہلے کس شخصیت کی تصویر چھپی تھی؟

ج:۔ محمد ایوب خان

س:۔ پاکستان کے کس وزیر اعظم نے سب سے پہلے چین کا پہلا دورہ کیا؟

ج:۔ حسین شہید سہروردی

س:۔ پاکستان کا بلند ترین ریلوے اسٹیشن کونسا ہے؟

ج:۔ خان مہترزئی (7400 فٹ)

س:۔ پاکستان کا سب سے پاورفل ریڈیو اسٹیشن کونسا ہے؟

ج:۔ اسلام آباد ریڈیو اسٹیشن

س:۔ پاکستان کا سب سے بڑا قومی عجائب گھر کس شہر میں ہے؟

ج:۔ کراچی

س:۔ پاکستان میں تیل صاف کرنے کا سب سے بڑا کارخانہ کہاں ہے؟

ج:۔ کراچی

س:۔ پاکستان میں سب سے بڑا تھرمل پاور اسٹیشن کہاں ہے؟

ج:۔ کوٹ ادو تھرمل پاور اسٹیشن، مظفر گڑھ

س:۔ پاکستان کی پہلی خاتون گورنر جنرل اور چانسلر کون تھی؟

ج:۔ بیگم رعنا لیاقت علیخان (صوبہ سندھ)

س:۔ غیر ممالک میں پاکستان کی پہلی خاتون سفیر کون تھی؟

ج:۔ بیگم رعنا لیاقت علیخان

س:۔ پاکستان کا وہ کونسا تعلیمی شعبہ ہے جسمیں مردوں کی تعداد صفر ہے؟

ج:۔ ہوم اکنامکس

س:۔ پاکستان کا کل رقبہ کتنے مربع کلومیٹر پر مشتمل ہے؟

ج:۔ 796096 مربع کلومیٹر (307374 مربع میل)

س:۔ پاکستان کا میدانی رقبہ کل رقبے کا کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 41 فیصد

س:۔ یہ بتایئے پاکستان کا زیر کاشت کل رقبہ کتنا ہے؟

ج:۔ 20.8 ملین ہیکٹر

س:۔ پاکستان کے کُل رقبے کا کتنے فیصد پہاڑوں اور سطح مرتفع پر مشتمل ہے؟

ج:۔ 59 فیصد

س:۔ پاکستان کے دارلحکومت اسلام آباد کا رقبہ کتنا ہے؟

ج:۔ 906 مربع کلومیٹر

س:۔ پاکستان میں سالانہ اوسطاً کتنی بارش ہوتی ہے؟

ج:۔ 15 انچ

س:۔ پاکستان میں سوئی گیس کا نام سوئی کیوں رکھا گیا؟

ج:۔ سوئی گیس بلوچستان کے مقام سوئی سے دریافت ہوئی اسلیئے اس کا نام سوئی رکھا گیا۔

س:۔ بلائنڈ ڈولفن پاکستان کے کس دریا میں پائی جاتی ہے؟

ج:۔ دریائے سندھ

س:۔ پاکستان میں کتنے اسٹاک ایکسچینج ہیں؟

ج:۔ 3۔(1) کراچی (2) لاہور (3) اسلام آباد

س:۔ پاکستان کی آبادی میں ہر سال کتنے افراد کا اضافہ ہوجاتا ہے؟

ج:۔ 30 لاکھ

س:۔ اگر پاکستان کی شرح آبادی کی رفتار یہی رہی تو 2040ء میں پاکستان کی آبادی کتنی ہوگی؟

ج:۔ 50 کروڑ

س:۔ پاکستان میں اندازاً کُل کتنے دیہات ہیں؟

ج:۔ 49 ہزار

س:۔ پاکستان کے ساحلی علاقوں کی کُل لمبائی 1100 کلومیٹر ہے اس میں بلوچستان کا ساحلی علاقہ کتنا ہے؟

ج:۔ 771 کلومیٹر

س:۔ پاکستان کا داخلی بحری راستہ کونسا ہے؟

ج:۔ کراچی

س:۔ پاکستان کی اُس غیر غذائی پیداوار کا نام بتائیے جس کا پودا پُرتگال سے لایا گیا ہے؟

ج:۔ تمباکو

س:۔ گلگت بلتستان کی سرحدیں کن ممالک سے ملتی ہیں؟

ج:۔ چین، بھارت اور افغانستان

س:۔ پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان نے مصر، ایران، امریکہ اور کینیڈا کا دورہ کیا۔ کیا انھوں نے بھارت کا بھی دورہ کیا؟

ج:۔ جی ہاں (یکم جولائی 1950ء کو کیا)

س:۔ سندھ اور بلوچستان کے درمیانی پہاڑی سلسلے کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ کیرتھر کا پہاڑی سلسلہ

س:۔ پاکستان کے پرچم میں سفید حصہ کُل پرچم کا کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 25 فیصد

س:۔ اگر ایک ایسا پاکستانی پرچم بنانا مقصود ہو جسکی لمبائی 3 فٹ ہو تو اس کی چوڑائی کتنے فٹ ہوگی؟

ج:۔ 2 فٹ

س:۔ پاکستان کا قومی پرندہ چکور ہے یہ بتایئے پاکستان کا قومی جانور کونسا ہے؟

ج:۔ مارخور

س:۔ پاکستان کا قومی مشروب گنے کا رس ہے یہ بتائیے پاکستان کا قومی نعرہ کونسا ہے؟

ج:۔ پاکستان زندہ آباد

س:۔ پاکستان خطِ سرطان کی کس سمت میں واقع ہے؟

ج:۔ شمال

س:۔ پاکستان کے کس صوبے میں سب سے کم بارشیں ہوتی ہیں؟

ج:۔ بلوچستان

س:۔ پاکستان کی افغانستان کے ساتھ سرحد کتنے میل ہے؟

ج:۔ 1400 میل

س:۔ پاکستان کی بھارت کے ساتھ سرحد کتنے میل ہے؟

ج:۔ 1000 میل

س:۔ پاکستان کی ایران کے ساتھ سرحد کتنے میل ہے؟

ج:۔ 500 میل

س:۔ پاکستان کی چین کے ساتھ سرحد کتنے میل ہے؟

ج:۔ 370 میل

س:۔ پاکستان میں مُسلم اور غیر مُسلم آبادی کا تناسب کیا ہے؟

ج:۔ 96.7 فیصد مسلم، 3.3 فیصد غیر مسلم

س:۔ پاکستان کا سب سے لمبا بیراج کونسا ہے؟

ج:۔ سکھر بیراج

س:۔ صوبہ سندھ میں سکھر بیراج سے کتنی نہریں نکالی گئی ہیں؟

ج:۔ 7

س:۔ پاکستان میں گریجوایٹ کی تعداد کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 4 فیصد

س:۔ پاکستان کی تاریخ میں وزیراعظم شوکت عزیز نے پہلی بار کس ملک کا دورہ کیا؟

ج:۔ یونان

س:۔ پاکستان کی سرحدیں کن کن مما لک سے ملتی ہے؟

ج:۔ ایران، افغانستان، چین، بھارت

س:۔ پاکستان آبادی کے اعتبار سے دنیا میں کونسویں نمبر پر ہے؟

ج:۔ 6ویں نمبر پر

س:۔ پاکستان دنیا کی ایٹمی قوت کے حساب سے کتنے ویں نمبر پر ہے؟

ج:۔ 7ویں نمبر پر

س:۔ پاکستان رقبے کے اعتبار سے دنیا میں کونسویں نمبر پر ہے؟

ج:۔ 34ویں پر

س:۔ پاکستان میں کم وبیش کتنی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

ج:۔ 32

س:۔ پاکستان کی کونسی خواتین غیر مما لک میں سفیر رہ چکی ہیں؟

ج:۔ بیگم شائستہ اکرام اللہ، بیگم رعنا لیاقت علی خان، ڈاکٹر ملیحہ لودھی، عابدہ حسین اور تسنیم اسلم

س:۔ فیصل آباد کا پرانا نام لائل پور تھا یہ بتائیے پاک پتن کا پرانا نام کیا تھا؟

ج:۔ اجودھن

س:۔ پاکستان میں اس وقت ریلوے اسٹیشن کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 781

س:۔ اپوا (All Pakistan Women Association) کی بانی خاتون کون ہیں؟

ج:۔ بیگم رعنا لیاقت علیخان

س:۔ سیالکوٹ، گوجرانوالہ، نارووال اور حافظ آباد پاکستان کے کس ڈویژن میں شامل ہیں؟

ج:۔ گوجرانوالہ

س:۔ اس وقت پاکستان میں اوسط عمر کیا ہے؟

ج:۔ 63سال

س:۔ پاکستان میں کتنے فیلڈ مارشل گزرے ہیں؟

ج:۔ صرف ایک، محمد ایوب خان

س:۔ پاکستان میں کتنی مائیں ہر سال بچے کی پیدائش کے وقت فوت ہو جاتی ہیں؟

ج:۔ 26سے 29ہزار

س:۔ پاکستان میں طویل ترین گورنر جنرل کا دورِ حکومت کس کا ہے؟

ج:۔ ملک غلام محمد

س:۔ پاکستان کے کون سے گورنر جنرل سب سے کم عرصہ گورنر جنرل کے عہدے پر فائز رہے؟

ج:۔ میجر جنرل اسکندر مرزا

س:۔ پاکستان کے کونسے صدر کا انتقال لندن میں ہوا اور وہ تہران میں دفن ہوئے؟

ج:۔ میجر جنرل اسکندر مرزا

س:۔ پاکستان میں کتنے فیصد مرد پڑھے لکھے ہیں؟

ج:۔ 65فیصد

س:۔ پاکستان میں خواتین کی شرح خواندگی کیا ہے؟

ج:۔ 40فیصد

س:۔ پاکستان میں شرح خواندگی کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 57 فیصد

س:۔ پاکستان میں کتنے فیصد لوگ ایک کمرے کے مکان میں رہتے ہیں؟

ج:۔ 24 فیصد

س:۔ پاکستان میں کتنے فیصد بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگتے ہیں؟

ج:۔ 77 فیصد

س:۔ پاکستان کے قومی ترانے کی دُھن کس نے بنائی؟

ج:۔ عبدالکریم چھاگلہ

س:۔ پاکستان کے قومی ترانے میں کُل کتنے ساز ہیں؟

ج:۔ 38

س:۔ پاکستان کے قومی ترانے میں کتنے مصرعے ہیں؟

ج:۔ 15

س:۔ پاکستان کا قومی ترانہ شاعری کی کس سمت میں ہے؟

ج:۔ مخمس

س:۔ قومی ترانہ حفیظ جالندھری کی کونسی کتاب میں ہے؟

ج:۔ چراغ سحر

س:۔ پاکستانی ایک من میں کتنے پاؤنڈ ہوتے ہیں؟

ج:۔ 82.2 پاؤنڈ

س:۔ پاکستان کی پہلی رنگین فلم کونسی تھی؟

ج:۔ سنگم

س:۔ پاکستان کی پہلی پشتو فلم یوسف خان شیر بانو تھی یہ بتایئے پاکستان کی پہلی سندھی فلم کونسی تھی؟

ج:۔ عمر ماروی

س:۔ پاکستان کی پہلی فلم تیری یاد تھی یہ بتایئے دوسری فلم کونسی تھی؟

ج:۔ ہچکولے

س:۔ ہندکو زبان کی پہلی فلم قصہ خانی تھی یہ بتایئے پاکستان کی پہلی سرائیکی فلم کون سی تھی؟

ج:۔ دھیاں نمانیاں

س:۔ پاکستان کی پہلی پنجابی فلم پھیرے تھی یہ بتایئے پاکستان کی پہلی بلوچی فلم کونسی تھی؟

ج:۔ ماہ گنج

س:۔ پاکستان کا کونسا صحرا دنیا کا دسواں بڑا صحرا ہے؟

ج:۔ تھر

س:۔ وہ کونسا ملک ہے جس کا نہری نظام دنیا کا سب سے بہترین نہری نظام سمجھا جاتا ہے؟

ج:۔ پاکستان

س:۔ پاکستان کے سابق صدر جنرل یحیٰی خان کی انتقال کے وقت کی عمر کیا تھی؟

ج:۔ 63 برس

س:۔ قائداعظم پُل اور کوہالہ پُل پاکستان کے کس دریا پر بنائے گئے ہیں؟

ج:۔ دریائے جہلم

س:۔ ایک نارمل پاکستانی مرد کے دماغ کا وزن کتنا ہوتا ہے؟

ج:۔ 48 اونس

س:۔ کونسا درہ گلگت کو چین کے صوبہ سنکیانگ سے ملاتا ہے؟

ج:۔ درہِ خنجراب

س:۔ پاکستان کا بلند ترین مینار کون سا ہے؟

ج:۔ مینارِ پاکستان

س:۔ پاکستانی وزیر اور امریکی وزیر میں کیا فرق ہے؟

ج:۔ پاکستانی وزیر کو اسمبلی یا پارلیمنٹ کا ممبر ہونا ضروری ہے۔امریکہ میں چونکہ صدارتی نظام ہے وہاں صدر اپنی ٹیم ساتھ لیکر آتا ہے۔

س:۔ ہمارے ملک کے کس علاقے میں بھینسیں نہیں پائی جاتیں؟

ج:۔ گلگت بلتستان میں

س:۔ یہ بتایئے بلتستان کا صدر مقام کونسا ہے؟

ج:۔ سکردو

س:۔ پاکستان میں سب سے زیادہ شہری آبادی والا صوبہ کونسا ہے؟

ج:۔ صوبہ سندھ، 48.9 فیصد

س:۔ پاکستان کے کونسے قلعے کا شمار دنیا کے بڑے قلعوں میں ہوتا ہے؟

ج:۔ رنی کوٹ

س:۔ کونسے دو پاکستانی صدور ہیں جو علی گڑھ سے پڑھے تھے؟

ج:۔ محمد ایوب خان اور فضل الٰہی چوہدری

س:۔ پاکستان کا واحد صوبہ جہاں بہترین صحت افزا مقام بھی ہے اور گرم ترین مقام بھی ہے؟

ج:۔ بلوچستان میں زیارت اور سبی

س:۔ پاکستان کا سطح سمندر سے سب سے اونچا اور سب سے پست ترین مقام کونسا ہے؟

ج:۔ بالترتیب کے۔ٹو اور کراچی

س:۔ پاکستان کی پانچ بڑی بندرگاہوں کا نام بتائیں؟

ج:۔ کراچی پورٹ، بن قاسم، گوادر، پسنی، جیوانی

س:۔ آبادی کے لحاظ سے پاکستان کے صوبوں کی ترتیب کیا ہے؟

ج:۔ (1) پنجاب (2) سندھ (3) خیبر پختونخوا (4) بلوچستان

س:۔ پاکستان میں الیکشن میں ووٹ ڈالنے کیلئے کن بنیادی شرائط پر اُترنا لازمی ہے؟

ج:۔ (1) ووٹر لسٹ میں نام ہو (2) عمر کم از کم 18 سال ہو (3) پاکستانی شہری ہو۔

س:۔ پاکستان کا صدر بننے کیلئے کیا بنیادی شرائط ہیں؟

ج:۔ (1) پاکستان کا شہری ہو (2) مسلمان ہو (3) عمر 45 سال سے کم نہ ہو (4) اس کا نام انتخابی فہرست میں شامل ہو (5) کسی بااختیار ادارے نے اُسے دماغی مریض نہ قرار دیا ہو۔

س:۔ پاکستان میں کاشت کاری کے کتنے موسم ہیں اور کونسے ہیں؟

ج:۔ 2۔ربیع اور خریف

س:۔ پاکستان کے کن شہروں میں بارش کی اوسط سب سے زیادہ ہے؟

ج:۔ راولپنڈی، اسلام آباد اور مری کے شہروں میں

س:۔ پاکستان میں ٹلہ جوگیاں (جہلم) کی وجہ شہرت کیا ہے؟

ج:۔ یہاں سے غوری میزائل کا کامیاب تجربہ کیا گیا۔

س:۔ پاکستان کے غوری میزائل اور شاہین میزائل میں کیا فرق ہے؟

ج:۔ غوری میزائل مائع ایندھن سے چلتا ہے جبکہ شاہین میزائل ٹھوس ایندھن سے چلتا ہے۔

س:۔ پاکستان میں کس صدر کا بھائی اُس کا حزبِ اختلاف تھا؟

ج:۔ صدر ایوب خان کا بھائی سردار بہادر خان

س:۔ پاکستان میں سب سے کم بارش والا علاقہ کونسا ہے؟

ج:۔ نوکنڈی

س:۔ پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں کونسا جانور زیادہ پایا جاتا ہے؟

ج:۔ بھیڑ بکریاں

س:۔ پاکستان کا معیاری وقت GMT (گرینچ مین ٹائم) سے کتنے گھنٹے آگے ہے؟

ج:۔ 5 گھنٹے

س:۔ پاکستان کی قومی اسمبلی میں قائداعظم کا پوٹریٹ کس مصور کا بنایا ہوا ہے؟

ج:۔ سعید اختر

س:۔ دریائے جہلم مقبوضہ کشمیر میں کہاں سے نکلتا ہے؟

ج:۔ چشمہ ویری ناگ

س:۔ پاکستان کے پانچ شہروں کے نام بتائیں جن کے آخر میں آباد آتا ہے؟

ج:۔ حیدرآباد، فیصل آباد، شجاع آباد، ایبٹ آباد، حافظ آباد، اسلام آباد، نصیر آباد

س:۔ قدیم زمانے میں پاکستان میں کون کونسے قبائل آباد تھے؟

ج:۔ کولوں، بھیلوں، دراوڑوں

س:۔ پاکستان کی سب سے پرانی یونیورسٹی کونسی ہے؟

ج:۔ پنجاب یونیورسٹی، لاہور

س:۔ یہ بتائیے سردار عبدالرب نشتر کہاں آسودہ خاک ہیں؟

ج:۔ مزارِ قائد کے احاطے میں

س:۔ دریائے سندھ کو سندھ کے علاوہ اور کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

ج:۔ انڈس، اباسین، مہران

س:۔ پاکستان کے کونسے صدر لندن میں فوت ہوئے جبکہ دفن تہران میں ہوئے؟

ج:۔ سکندر مرزا

س:۔ پاکستان میں قومی شناختی کارڈ کس وزارت کے ماتحت جاری کیے جاتے ہیں؟

ج:۔ وزارت داخلہ کے ماتحت

س:۔ پاکستان میں سب سے زیادہ شہری آبادی والا علاقہ کون سا ہے؟

ج:۔ اسلام آباد

س:۔ پاکستان میں نگران وزیراعظم کون کون گزرے ہیں؟

ج:۔ غلام مصطفیٰ جتوئی، بلخ شیر مزاری، معین احمد قریشی، ملک معراج خالد، محمد میاں سومرو

س:۔ پاکستان میں اب تک کتنی بار مردم شماری ہو چکی ہے؟ **2010 تک**

ج:۔ 5 بار (1951,1961,1972,1982,1998ء)

س:۔ پاکستان میں عام انتخاب کس کس سال منعقد ہوئے؟

ج:۔ 1970,1977,1985,1988,1990,1993,1997,2002,2008

س:۔ پاکستان میں نشے کے عادی افراد کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 45 سے 50 لاکھ

س:۔ پاکستان کی بندرگاہیں کونسے سمندر میں جا گرتی ہیں؟

ج:۔ بحیرہ عرب یعنی بحرِ ہند میں

س:۔ پاکستان کی مشرقی سرحد کس ملک سے ملتی ہے؟

ج:۔ بھارت۔

س:۔ صحرائے چولستان کس بھارتی صحرا سے ملتا ہے؟

ج:۔ راجستھان

س:۔ پاکستان کے چار بڑے ریگستانوں کے نام بتادیں؟

ج:۔ چولستان اور تھل (پنجاب) تھر (سندھ) سیہان (بلوچستان)

س:۔ پاکستان بحیثیت مجموعی ہواؤں کے کونسے خطے میں واقع ہے؟

ج:۔ مون سون

س:۔ مولانا عبیداللہ سندھی سیالکوٹ میں پیدا ہوئے یہ بتائیے سردار عبدالرب نشتر کہاں پیدا ہوئے؟

ج:۔ کوہاٹ میں

س:۔ پاکستان میں چانسلر کا عہدہ کیا ہوتا ہے؟

ج:۔ یونیورسٹی کے سربراہ کو چانسلر کہتے ہیں جو صوبے کا گورنر ہوتا ہے۔

س:۔ پاکستان میں کتنے مریضوں کیلئے ایک ڈاکٹر دستیاب ہے؟

ج:۔ 1359

س:۔ پاکستان میں کتنے مریضوں کیلئے ایک بستر دستیاب ہے؟

ج:۔ 1540

س:۔ پاکستان میں 15 سال سے کم عمر لوگوں کی شرح کتنی ہے؟

ج:۔ 43.3 فیصد

س:۔ پاکستان کا کروڑ پتی زیادہ امیر ہوگا یا برطانیہ کا؟

ج:۔ برطانیہ کا

س:۔ پاکستان ٹیلی ویژن کی پہلی خاتون اناؤنسر کون تھی؟

ج:۔ کنول نصیر

س:۔ پاکستان ریلوے کا پشاور سیکشن پر آخری اسٹیشن کونسا ہے؟

ج:۔ لنڈی کوتل

س:۔ پاکستان کے نامور پہلوان کون کونسے ہیں؟

ج:۔ بھولو پہلوان، گاما پہلوان، زبیر عرف جھارا پہلوان، حمید آٹے والا پہلوان

س:۔ پاکستانی فلمی ہیروز کے نام بتائیں جو وفات پا چکے ہیں؟

ج:۔ وحید مراد، ننّھا، اکمل، سلطان راہی، محمد علی، منور ظریف، سنتوش کمار، درپن، اسلم پرویز، سدھیر، اسماعیل شاہ

س:۔ پاکستان ٹیلی ویژن اور فلم کے کس فنکار نے خودکشی کر لی تھی؟

ج:۔ ننّھا (اصل نام محمد رفیع تھا)

س:۔ پاکستان میں سب سے بڑا مصنوعی جنگل کونسا ہے اور کہاں ہے؟

ج:۔ چھانگا مانگا، تحصیل چونیاں ضلع قصور

س:۔ پاکستان میں سب سے کم شہری آبادی والا علاقہ کونسا ہے؟

ج:۔ فاٹا (2.7 فیصد)

س:۔ پاکستان میں قبائلی علاقوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ گیارہ

س:۔ فاٹا میں کونسے علاقے وفاق کے زیرِ انتظام ہیں؟

ج:۔ پشاور کا قبائلی علاقہ، کوہاٹ کا قبائلی علاقہ، ڈیرہ اسماعیل خان کا قبائلی علاقہ، بنوں کا قبائلی علاقہ، کرم ایجنسی، باجوڑ ایجنسی، خیبر ایجنسی، اورکزئی ایجنسی، مہمند ایجنسی، شمالی

وزیرستان اور جنوبی وزیرستان۔

س:۔ پاکستان میں انگور کی کاشت سب سے زیادہ کس علاقے میں ہوتی ہے؟

ج:۔ قلات میں

س:۔ صدرِ پاکستان کی غیر موجودگی میں کون قائم مقام صدر ہوتا ہے؟

ج:۔ سینٹ کا چیئر مین

س:۔ موجودہ پاکستان میں ریل کا اجراء کب ہوا؟

ج:۔ 1861ء میں

س:۔ پاکستان کے وزیر اعظم فیروز خان نون نے اپنی آپ بیتی کس نام سے لکھی؟

ج:۔ چشمِ دید

س:۔ پہلا اسلامی ملک جس نے ایٹمی توانائی سے بجلی پیدا کی؟

ج:۔ پاکستان

س:۔ پاکستان کے مشہور فلمی نغمہ نگار کون کونسے ہیں؟

ج:۔ وارث لدھیانوی، حبیب جالب، تنویر نقوی، حسین قادری، مشیر کاظمی، خواجہ پرویز
منیر نیازی، احمد راہی، سیف الدین سیف، قتیل شفائی، ریاض الرحمٰن ساغر

س:۔ پہلا پاکستانی کوہ پیما جس نے ماؤنٹ ایورسٹ کو سر کیا؟

ج:۔ نذیر صابر (17 مئی 2000ء)

س:۔ پاکستان کے شمال میں کونسے پہاڑی سلسلے ہیں؟

ج:۔ کوہ ہندوکش، کوہ ہمالیہ اور کوہِ قراقرم

س:۔ کوہ ہندوکش کی بلند ترین چوٹی کونسی ہے؟

ج:۔ ترچ میر

س:۔ پاکستانی چوٹی راکاپوشی کی بلندی کتنی ہے؟

ج:۔ 25551فٹ

س:۔ پاکستان کا سب سے بڑا پہاڑ جو عمودی چوٹی رکھتا ہے؟

ج:۔ راکاپوشی

س:۔ کونسا سمندر پاکستان اور عمان کے درمیان واقع ہے؟

ج:۔ بحیرہ عرب

س:۔ پاکستان کے پہلے غیر مسلم چیف جسٹس کون تھے جو وزیرِ قانون بھی رہے؟

ج:۔ اے آر کارنیلس

س:۔ پاکستان میں پن بجلی کا سب سے بڑا مرکز کونسا ہے؟

ج:۔ تربیلا ڈیم

س:۔ پاکستان کے تربیلا ڈیم کی زیادہ سے زیادہ اونچائی کتنی ہے؟

ج:۔ 485فٹ

س:۔ پاکستان کی طویل ترین سرنگ کونسی ہے؟

ج:۔ کھوجک

س:۔ پاکستان میں کتنے فیصد لوگوں کو بجلی کی سہولت دستیاب ہے؟

ج:۔ 85فیصد

س:۔ پاکستان میں کتنے فیصد لوگ گیس استعمال کرتے ہیں؟

ج:۔ 30فیصد

س:۔ پاکستانی ایک ٹن میں کتنے من ہوتے ہیں؟

ج:۔ 27من 12سیر اور 8چھٹانک

س:۔ پاکستانی گلوکار عالم لوہار کی قبر کس شہر میں ہے؟

ج:۔ لالہ موسیٰ

س:۔ پاکستان کے چاروں صوبوں کی صوبائی اسمبلیوں کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 728

س:۔ پارلیمنٹ میں اگر کسی رکن اسمبلی کے بارے میں اختلاف ہو تو اس کا فیصلہ کون کرتا ہے؟

ج:۔ چیف الیکشن کمشنر

س:۔ پاکستان کے آثارِ قدیمہ میں ہڑپا کا رقبہ زیادہ ہے یا موہن جوداڑو کا؟

ج:۔ ہڑپا کا

س:۔ ہڑپا پاکستان کے آثار قدیمہ میں سے ہے یہ بتائیے ہڑپا کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ شہر خاموشاں

س:۔ پاکستان میں ہڑپا کے کھنڈرات کتنے سال پرانے ہیں؟

ج:۔ پانچ ہزار سال پرانے

س:۔ موہن جوداڑو کا شمار پاکستان کے آثار قدیمہ میں ہوتا ہے کیا موہن جوداڑو کی زبان اب تک پڑھی جا سکی ہے؟

ج:۔ جی نہیں

س:۔ موہن جوداڑو تہذیب کے آثار 1922ء میں دریافت ہوئے یہ بتائیے ہڑپا کی تہذیب کا پتہ اس سے پہلے چلا یا بعد میں؟

ج:۔ ہڑپا کی تہذیب کا پتہ پہلے چلا۔ (1921ء میں)

س:۔ پاکستان اور افغانستان کی سرحد کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج:۔ ڈیورنڈ لائن

س:۔ پاکستان اور بھارت کی سرحدی لائن کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج:۔ ریڈکلف لائن

س:۔ پاکستان کی کس خاتون نے سب سے پہلے لندن سے اردو میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی؟

ج:۔ بیگم شائستہ اکرام اللہ

س:۔ پاکستان میں اس وقت کتنے ریڈیو اسٹیشن کام کر رہے ہیں؟

ج:۔ 25 سے زائد

س:۔ پاکستان کا نہری رقبہ دنیا کے نہری رقبے کا کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 9 فیصد

س:۔ لاہور شہر سے کراچی تک ریلوے سفر کتنے کلومیٹر ہے؟

ج:۔ 1214 کلومیٹر

س:۔ پاکستان کے کس دریا کے کنارے سب سے زیادہ رومانوی داستانوں نے جنم لیا؟

ج:۔ دریائے چناب

س:۔ پاکستان کے کس صوبے میں خواندگی کا تناسب سب سے زیادہ ہے؟

ج:۔ سندھ

س:۔ پاکستان کے مشہور مصور کون کونسے ہیں؟

ج:۔ صادقین، شاکر علی، عبدالرحمٰن چغتائی، اُستاد اللہ بخش، زبیدہ آغا، گل جی، حاجی شریف

س:۔ دریائے سندھ میں کچھ دوسرے دریا مثلاً چناب، ستلج، راوی وغیرہ شامل ہو جاتے ہیں ان دریاؤں کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ معاون دریا

س:۔ پاکستان کی کونسی وادی سطح سمندر سے سب سے زیادہ بلند ہے؟

ج:۔ وادی کاغان

س:۔ وادی کاغان کا سب سے اونچا پہاڑی مقام کونسا ہے؟

ج:۔ ملکہ پربت

س:۔ پاکستان میں Sesna کی طرز پر کونسے طیارے بنائے گئے ہیں؟

ج:۔ مشاق طیارے

س:۔ ست پارہ جھیل کہاں ہے؟

ج:۔ سکردو سے 8 کلومیٹر کے فاصلے پر

س:۔ وادی ہنزہ، گلگت اور چترال میں کونسی وادی زیادہ بلندی پر ہے؟

ج:۔ وادی ہنزہ

س:۔ پاکستان کے دوسرے گورنر جنرل اور دوسرے وزیراعظم کون تھے؟

ج:۔ خواجہ ناظم الدین

س:۔ ملکہ موسیقی روشن آراء بیگم بھارت کے شہر کولکتہ میں پیدا ہوئیں آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ وحیدانساء بیگم

س:۔ پاکستان میں ہائی کورٹ کا جج بننے کیلئے کم از کم عمر کتنی ہونی چاہیے؟

ج:۔ 40 سال

س:۔ پاکستان کے کون کونسے وزیراعظم کی وفات ملک سے باہر ہوئی؟

ج:۔ حُسین شہید سہروردی، آئی آئی چندریگر، محمد خان جونیجو

س:۔ پاکستان سب سے زیادہ کونسا پیپر درآمد کرتا ہے؟

ج:۔ نیوز پیپر

س:۔ پاکستان میں کاغذ بنانے کے کارخانے کس کس شہر میں ہیں؟

ج:۔ لاہور، نوشہرہ، چارسدہ، گھارو

س:۔ پاکستان کن کن ملکوں سے چائے درآمد کرتا ہے؟

ج:۔ انڈونیشیا، ملائشیا، بنگلہ دیش، چین، کینیا، سری لنکا، تنزانیہ

س:۔ دنیا کے سارے دریا سمندر میں مل جاتے ہیں لیکن پاکستان کا ایک دریا جو میدان میں آکر کہیں گم ہو جاتا ہے، کونسا دریا ہے؟

ج:۔ دریائے بولان (بلوچستان)

س:۔ پاکستان کا مالی سال کب شروع ہوتا ہے اور کب ختم ہوتا ہے؟

ج:۔ یکم جولائی سے 30 جون تک

س:۔ میاں ممتاز علی، ڈاکٹر محمد امین خان، ڈاکٹر زیڈ۔ اے ہاشمی، محمد انوار انصاری، ڈاکٹر احمد ندیم شعری، ڈاکٹر خوشنود احمد صدیقی، ڈاکٹر ظہور احمد اور چوہدری محمد افضل۔ ان سب کی وجہ شہرت کیا ہے؟

ج:۔ یہ سب زرعی سائنسدان تھے۔

س:۔ حکومتِ پاکستان کے قانون بلوغت مجریہ 1975ء کے تحت وصیت کرنے والے کی عمر کم سے کم کتنی ہونی چاہیے؟

ج:۔ 18 سال

س:۔ جدید ترین اعداد و شمار کے مطابق دریائے سندھ دنیا میں کونسویں نمبر پر ہے؟

ج:۔ 28ویں

س:۔ پاکستان کے سب سے قریب ترین عرب ملک کونسا ہے؟

ج:۔ اومان

س:۔ منٹگمری ساہیوال کا پرانا نام تھا یہ بتایئے ساہیوال نام کی ایک تحصیل کس شہر میں ہے؟

ج:۔ سرگودھا

س:۔ وادی چترال کے مشہور قبیلے کیلاش کی خواتین کس رنگ کا لباس پہنتی ہیں؟

ج:۔ سیاہ

س:۔ کیا یہ درست ہے کہ اگر صوبے کا وزیر اعلیٰ مستعفی ہو جائے تو ساری کابینہ مستعفی سمجھی جائے گی؟

ج:۔ جی ہاں

س:۔ پاکستان، مصر اور انڈونیشیا میں سے شرح پیدائش کس ملک کی زیادہ ہے؟

ج:۔ پاکستان

س:۔ پاکستان کا کروڑ پتی زیادہ امیر ہوگا یا ناروے کا؟

ج:۔ ناروے کا

س:۔ رقبے کے لحاظ سے پاکستان بڑا ہے یا ترکی؟

ج:۔ پاکستان

س:۔ پاکستان میں دُنیا کی سب سے بڑی رضا کارانہ ایمبولینس سروس کون سی ہے؟

ج:۔ ایدھی ایمبولینس سروس، 500 سے زائد ایمبولینس، 500 سے زائد امدادی کیمپ، 3 ائیر بس (جہاز)، 24 ہسپتال

س:۔ ''پاکستان ناگزیر تھا'' کا مصنف کون تھا؟

ج:۔ حسن ریاض

س:۔ یہ بتایئے ''تخت بھائی'' کس وجہ سے مشہور ہے؟

ج:۔ آثارِ قدیمہ کی وجہ سے

س:۔ پاکستان کی کُل کتنے فیصد آبادی زراعت سے وابستہ ہے؟

ج:۔ 48فیصد

س:۔ پاکستان کے کُل کتنے فیصد لوگوں کو پینے کا صاف پانی میسر ہے؟

ج:۔ 40فیصد

س:۔ پاکستان کی سب سے بڑی قدرتی جھیل کونسی ہے؟

ج:۔ منچھر جھیل

س:۔ پاکستان میں کونسی معدنیات کے ذخائر سب سے زیادہ ہیں؟

ج:۔ کرومائیٹ

س:۔ پاکستان میں سب سے زیادہ برف باری کس مقام پر ہوتی ہے؟

ج:۔ سکردو

س:۔ دریائے سندھ پاکستان کے میدانی علاقے میں کہاں سے داخل ہوتا ہے؟

ج:۔ کالاباغ

س:۔ غلام محمد بیراج اور کوٹری بیراج میں کونسا بیراج زیادہ بلند ہے؟

ج:۔ دونوں ایک ہی بیراج کے نام ہیں۔

س:۔ دریائے راوی کو قدیم دور میں کس نام سے پکارا جاتا تھا؟

ج:۔ اِراوتی (Erawati)

س:۔ پاکستان میں نہری جنگل کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ چھانگا مانگا

س:۔ پاکستان کے علاوہ اور کس اسلامی ملک کی کرنسی روپیہ ہے؟

ج:۔ انڈونیشیا

س:۔ پاکستان کے کس صوبے میں ایشیا کی سب سے بڑی مرچ منڈی ہے؟

ج:۔ سندھ

س:۔ پاکستان کی قدیم ترین فوجی چھاؤنی کوہاٹ ہے یہ بتایئے سب سے بڑی فوجی چھاؤنی کون سی ہے؟

ج:۔ کھاریاں

س:۔ وادی کاغان کا دروازہ کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ بالاکوٹ

س:۔ پاکستان میں تھل کا ریگستان کن دو دریاؤں کے درمیان ہے؟

ج:۔ دریائے جہلم اور دریائے سندھ

س:۔ ساندل بار کا علاقہ کن دو دریاؤں کے درمیان ہے؟

ج:۔ راوی اور چناب

س:۔ دوآبہ رچنا کا علاقہ کن دو دریاؤں کے درمیان ہے؟

ج:۔ راوی اور چناب

س:۔ گندھارا تہذیب کن دو دریاؤں کے درمیان ہے؟

ج:۔ دریائے سندھ اور کابل

س:۔ پاکستان کا قدیم ترین شہر کونسا ہے؟

ج:۔ ملتان

س:۔ سندھ کی تاریخ پر لکھی جانے والی پہلی کتاب کونسی تھی؟

ج:۔ چچ نامہ

س:۔ بابا فریدالدین گنج شکر اور بہاؤالدین زکریا ملتانی کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟

ج:۔ خالہ زاد بھائی تھے۔

س:۔ مرزا صاحباں پاکستان کے مشہور رومانوی کردار ہیں یہ بتائیے صاحباں کے والد کا نام کیا تھا؟

ج:۔ کھیوہ خان

س:۔ ہیر رانجھا مشور لوک داستان ہے یہ بتایئے رانجھا کہاں کا رہنے والا تھا؟

ج:۔ تخت ہزارہ کا

س:۔ کوہ بے ستوں کیا چیز ہے؟

ج:۔ خسرو پرویز کے دور حکومت میں فرہاد نے خسرو پرویز کی کنیز کو حاصل کرنے کے لیے جس پہاڑ سے نہر نکالنے کی کوشش کی تھی اُسے کوہ بے ستوں کہتے ہیں۔

س:۔ اسلام آباد کے قریب شکر پڑیاں کے مقام پر پہلا پودا کس غیر ملکی سربراہ نے لگایا تھا؟

ج:۔ پنڈت جواہر لعل نہرو (جو سندھ طاس معاہدہ کے سلسلے میں آئے تھے)

س:۔ جنڈیالہ شیر خان قصبے کا نام آتے ہی کس صوفی شاعر کا نام ذہن میں آتا ہے؟

ج:۔ وارث شاہ

س:۔ پاکستان کا سرد ترین مقام کونسا ہے؟

ج:۔ زیارت

س:۔ پاکستانی فلم ہیر رانجھا میں ہیر اور رانجھا کا کردار کس نے کیا تھا؟

ج:۔ فردوس اور اعجاز نے

س:۔ ''رقص زنجیر پہن کر بھی کیا جاتا ہے'' یہ گانا نامور شاعر حبیب جالب نے کس فلم کے لیے لکھا تھا؟

ج:۔ زرقا

س:۔ مشہور نغمہ ''تیرے باجرے دی راکھی'' کس شاعر کا تخلیق کردہ ہے؟

ج:۔ طالب جالندھری

س:۔ ''دیساں دا راجہ ویر میرا گھوڑی چڑھیا'' کس شاعر کا تخلیق کردہ ہے؟

ج:۔ وارث لدھیانوی

س:۔ موسیقی میں استاد بندو خان اور نتھو خان کون سا ساز بجایا کرتے تھے؟

ج:۔ سارنگی

س:۔ ''خطہ لاہور تیرے جانثاروں کو سلام'' یہ نغمہ کس شاعر نے لکھا اور کس گلوکار نے گایا ہے؟

ج:۔ بالترتیب رئیس امروہی اور مہدی حسن

س:۔ ''چاند روشن چمکتا ستارا رہے سب سے اونچا یہ جھنڈا ہمارا رہے'' یہ مشہور ملی نغمہ کس شاعر کا تخلیق کردہ ہے اور اس کی موسیقی کس نے ترتیب دی؟

ج:۔ شاعر شوکت تھانوی اور موسیقی قادر فریدی نے ترتیب دی۔

س:۔ ''میں نے پاؤں میں پائل تو باندھی نہیں'' اس گانے کے بول کس شاعر نے لکھے ہیں؟

ج:۔ تسلیم فاضلی مرحوم

س:۔ ''میں نے پاؤں میں پائل تو باندھی نہیں'' اس گیت کی دھن (میوزک ڈائریکٹر) کس نے بنائی؟

ج:۔ خلیل احمد

س:۔ ایبٹ آباد زیادہ بلندی پر ہے یا مری؟

ج:۔ مری

س:۔ پاکستان کی قومی اسمبلی میں خواتین کی نشستیں زیادہ ہیں یا پنجاب کی صوبائی اسمبلی میں؟

ج:۔ پنجاب کی صوبائی اسمبلی میں خواتین کی 66 نشستیں جبکہ قومی اسمبلی میں 60 ہیں۔

س:۔ 10 فروری کو پاکستان کے کس مشہور مصور کی برسی منائی جاتی ہے؟

ج:۔ صادقین

س:۔ مشہور پاکستانی مصور صادقین کا اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ احمد نقوی

س:۔ کوہ سلیمان کی سب سے اونچی چوٹی کا نام کیا ہے؟

ج:۔ تخت سلیمان

س:۔ صوبہ سندھ کا رقبہ 140914 مربع کلومیٹر ہے یہ پاکستان کے کُل رقبے کا کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 17.7 فیصد

س:۔ صوبہ سندھ کی آبادی پاکستان کُل آبادی کا کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 23 فیصد

س:۔ دریائے سندھ کے کنارے کونسا سب سے بڑا شہر آباد ہے؟

ج:۔ حیدر آباد

س:۔ سندھی زبان عربی رسم الخط میں لکھی جاتی ہے یہ بتایئے سندھی زبان کے حروفِ تہجّی کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 52

س:۔ صوبہ سندھ کی تہہ میں کن قیمتی دھاتوں کے ذرات پائے جاتے ہیں؟

ج:۔ سونا اور تانبہ

س:۔ پاکستان میں شیشہ سازی کا سب سے بڑا کارخانہ کہاں ہے؟

ج:۔ حیدر آباد

س:۔ رقبے کے لحاظ سے سندھ کا سب سے بڑا ضلع کونسا ہے؟

ج:۔ تھرپارکر

س:۔ شاہ عبدالطیف بھٹائی یونیورسٹی صوبہ سندھ کے کس شہر میں ہے؟

ج:۔ خیرپور

س:۔ کراچی کب سے کب تک پاکستان کا دارالحکومت رہا؟

ج:۔ 1947-1960ء تک

س:۔ پاکستان کے کس شہر کی اوسط آمدنی سب سے زیادہ ہے؟

ج:۔ کراچی

س:۔ دست کاری کیلئے سندھ کا مشہور شہر کونسا ہے؟

ج:۔ ہالہ

س:۔ ہندوؤں کا مذہبی میلہ ''سادھو میلہ'' کس شہر میں لگتا ہے؟

ج:۔ سکھر

س:۔ کراچی یونیورسٹی کا ڈیزائن کس ملک کے ماہر تعمیرات نے بنایا تھا؟

ج:۔ فرانس

س:۔ کراچی میں ٹھنڈے پانی کے قدرتی چشمے کہاں ہیں؟

ج:۔ منگو پیر کے مقام پر

س:۔ صوبہ سندھ میں کسان کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ ہاری

س:۔ صوبہ سندھ کی صوبائی اسمبلی کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 168

س:۔ صوبہ پنجاب کا رقبہ 205345 مربع کلومیٹر ہے یہ پاکستان کے کل رقبے کا کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 25.8 فیصد

س:۔ صوبہ پنجاب کی آبادی کُل آبادی کا کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 57 فیصد

س:۔ پنجاب کے تمام دریا کس مقام پر دریائے سندھ میں جا ملتے ہیں؟

ج:۔ کوٹ مٹھن

س:۔ پاکستان کی کس صوبائی اسمبلی نے فروری 1988ء میں اپنی گولڈن جوبلی مکمل کی؟

ج:۔ پنجاب

س:۔ یہ بتائیے پنجاب کو پنجاب کا نام کس دور میں ملا؟

ج:۔ مغل بادشاہ جلال الدین محمد اکبر کے دور میں

س:۔ اٹک کے مقام پر دریائے سندھ پر کونسا دریا ملتا ہے؟

ج:۔ دریائے کابل

س:۔ صوبہ پنجاب کے اضلاع اور ڈویژن کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 36 اضلاع اور 9 ڈویژن

س:۔ گندھارا تہذیب کا مرکز کونسا شہر ہے؟

ج:۔ ٹیکسلا

س:۔ بھونگ مسجد پاکستان کے کس شہر میں ہے؟

ج:۔ ضلع رحیم یار خان

س:۔ روہی پاکستان کے کس صحرا کا دوسرا نام ہے؟

ج:۔ چولستان

س:۔ دنیا کی دوسری بڑی اور ایشیا کی سب سے بڑی زرعی یونیورسٹی پاکستان کے کس شہر میں ہے؟

ج:۔ فیصل آباد

س:۔ ڈیرہ غازی خان میں ڈھوڈک کی وجہ شہرت کیا ہے؟

ج:۔ یہاں گیس، تانبے اور کوئلے کے ذخائر ہیں۔

س:۔ اولیاء کرام کا شہر ملتان سطح سمندر سے کتنا بلند ہے؟

ج:۔ 402 فٹ

س:۔ لاہور کے کون کونسے ادارے اپنے قیام کو سو سال مکمل کر چکے ہیں؟

ج:۔ پنجاب یونیورسٹی، کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، اسلامیہ کالج ریلوے روڈ، نیشنل یونیورسٹی آف فائن آرٹس

س:۔ صوبہ پنجاب کے پہلے مسلم گورنر کون تھے؟

ج:۔ سردار عبدالرب نشتر

س:۔ لاہور سطح سمندر سے 702 فٹ بلند ہے یہ بتایئے سیالکوٹ سطح سمندر سے کتنے فٹ بلند ہے؟

ج:۔ 800 فٹ

س:۔ لاہور میں شالامار باغ کے قریب کس صوفی بزرگ کا مزار ہے؟

ج:۔ حضرت مادھولال شاہ حسین

س:۔ صوبہ پنجاب کے کس شہر میں بزرگوں کے مزار سب سے زیادہ ہیں؟

ج:۔ ملتان

س:۔ چولستان میں سب سے بڑا میلہ کس نام سے لگتا ہے؟

ج:۔ چنن پیر

س:۔ ملتان کا سب سے قدیم کُتب خانہ قرآن مجید کس نے بنوایا؟

ج:۔ محمد بن قاسم

س:۔ سرائیکی زبان میں ڈولفن کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ ڈولی

س:۔ ظہیرالدین بابر نے ''تزک بابری'' میں جہلم کی ایک جھیل کی بہت تعریف کی ہے جھیل کا نام کیا ہے؟

ج:۔ کلر کہار

س:۔ صوبہ پنجاب میں اوسط سالانہ کتنی بارش ہوتی ہے؟

ج:۔ 20 سے 40 انچ

س:۔ پنجاب کے ریگستانوں میں وان کا درخت ہوتا ہے اسکے پھل کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ پیلو کا پھل

س:۔ مینارِ پاکستان تو لاہور میں ہے یہ بتایئے ہرن مینار پاکستان کے کس شہر میں ہے؟

ج:۔ شیخوپورہ

س:۔ نمل جھیل ضلع میانوالی میں ہے یہ بتایئے چشمہ ایٹمی بجلی گھر کہاں ہے؟

ج:۔ کندیاں ضلع میانوالی

س:۔ محمد بن قاسم ملتان میں پہلی بار کب آیا؟

ج:۔ 713ء میں

س:۔ ملتان کو کتنے دریاؤں کی سرزمین کہا جاتا ہے؟

ج:۔ سات دریاؤں کی

س:۔ نامور مورخ البیرونی نے ملتان کا پرانا نام کیا بتایا ہے؟

ج:۔ مورستان

س:۔ ملتان میں سب سے پہلی جامع مسجد کس نے بنوائی؟

ج:۔ محمد بن قاسم

س:۔ خواجہ غلام فرید کے کلام میں روہی صحرا کا ذکر ملتا ہے روہی پاکستان کے کس صحرا کا دوسرا نام ہے؟

ج:۔ صحرائے چولستان

س:۔ صحرائے چولستان پاکستان کے کن دو اضلاع میں ہے؟

ج:۔ بہاولپور اور رحیم یار خان

س:۔ چولستان میں تالاب میں پانی ذخیرہ کرتے ہیں ان تالابوں کو علاقائی زبان میں کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ ٹوبہ

س:۔ نامور گلوکار پٹھانے خان کا تعلق پاکستان کے کس شہر سے ہے؟

ج:۔ کوٹ ادو، ضلع مظفر گڑھ

س:۔ گلوکارہ ناہید اختر نے سب سے پہلے کس ریڈیو اسٹیشن سے اپنے فن کا آغاز کیا؟

ج:۔ ملتان

س:۔ بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی کا پرانا نام کیا ہے؟

ج:۔ ملتان یونیورسٹی

س:۔ ملتان قلعے کے آمنے سامنے کن دو بزرگوں کے مزار ہیں؟

ج:۔ بہاؤالدین زکریا اور شاہ رکنِ عالم

س:۔ مشہور قلعہ ''دراوڑ'' کس صحرا میں ہے؟

ج:۔ چولستان

س:۔ پاکستان میں کالا ہرن کہاں پایا جاتا ہے؟

ج:۔ بہاولپور

س:۔ پنجاب میں اب تک کون سی قدیم ترین تہذیب کے آثار ملے ہیں؟

ج:۔ ہڑپا کے نزدیک آریائی تہذیب کے آثار

س:۔ ملتان کے چھ قدیمی دروازے کونسے ہیں؟

ج:۔ حرم گیٹ، بوہڑ گیٹ، دلی گیٹ، دولت گیٹ، لوہاری گیٹ، پاک گیٹ

س:۔ علم انسانی کی سب سے پرانی ہندوؤں کی کتاب جو ملتان میں لکھی گئی؟

ج:۔ رگ وید

س:۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور کا سنگِ بنیاد کب رکھا گیا؟

ج:۔ اکتوبر 1882ء

س:۔ ڈیرہ غازی خان شہر کی بنیاد کس نے رکھی؟

ج:۔ نواب غازی خان اول

س:۔ وزیر آباد کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج:۔ دریائے چناب

س:۔ لاہور کی مشہور جی ٹی روڈ کس نے بنوائی تھی؟

ج:۔ شیر شاہ سوری

س:۔ لاہور نامی شہر دنیا کے کس ملک میں ہے؟

ج:۔ امریکہ

س:۔ لاہور کے پرانے شہر کے کتنے دروازے ہیں؟

ج:۔ 13

س:۔ لاہور میں ہندوستان کے کُل کتنے بادشاہوں کی قبریں ہیں؟

ج:۔ 2۔قطب الدین ایبک اور نور الدین جہانگیر

س:۔ دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس پاکستان کے کس شہر میں کب منعقد ہوئی؟

ج:۔ لاہور میں، 22 سے 24 فروری 1974ء

س:۔ پنجاب لوک گیت ڈھولا چمٹا کے ساتھ گایا جاتا ہے یا ڈھول کے ساتھ؟

ج:۔ اصل ڈھولا بغیر کسی ساز کے گایا جاتا ہے۔

س:۔ پاکستان میں قلعہ بالا حصار پشاور میں ہے یہ بتایئے کہ قلعہ روہتاس کہاں واقع ہے؟

ج:۔ جہلم

س:۔ لاہور کو کس کے دور حکومت میں پہلی بار پنجاب کا دارلحکومت بنایا گیا؟

ج:۔ سلطان محمود غزنوی

س:۔ علامہ اقبال میڈیکل کالج لاہور میں ہے یہ بتایئے قائداعظم میڈیکل کالج پاکستان کے کس شہر میں ہے؟

ج:۔ بہاولپور

س:۔ پنجاب کی صوبائی اسمبلی کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 371

س:۔ صوبہ خیبر پختونخوا کا رقبہ 74521 مربع کلومیٹر ہے یہ پاکستان کے کُل رقبے کا کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 9.4 فیصد

س:۔ صوبہ خیبر پختونخوا کو صوبہ کا درجہ کب ملا؟

ج:۔ 1901ء میں

س:۔ صوبہ خیبر پختونخوا کا ''سر سید'' کس کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ صاحبزادہ عبدالقیوم خان

س:۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں کُل کتنے دریا ہیں؟

ج:۔ 8 (دریائے گومل، سوات، چترال، کرم، باڑا، پنجگورا، ژوب، کابل)

س:۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں کُل کتنے اضلاع اور ڈویژن ہیں؟

ج:۔ بالترتیب 25 اور 8

س:۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں زمرد کی کانیں کہاں ہیں؟

ج:۔ مینگورہ

س:۔ پشتو زبان عربی رسم الخط میں لکھی جاتی ہے یہ بتایئے پشتو زبان کے حروف تہجّی کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 43

س:۔ پشاور کا موجودہ نام کس مغل بادشاہ نے رکھا تھا؟

ج:۔ مغل بادشاہ جلال الدین محمد اکبر نے

س:۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں سالانہ اوسطاً کتنی بارش ہوتی ہے؟

ج:۔ 16.5انچ

س:۔ چوک ''یادگار'' صوبہ خیبر پختونخوا کے کس شہر میں ہے؟

ج:۔ پشاور

س:۔ پاکستان میں چائے کا پہلا پراسیسنگ پلانٹ کہاں لگایا گیا تھا؟

ج:۔ ہزارہ ڈویژن کی تحصیل شنکیاری میں، چین کے تعاون سے

س:۔ ایوبیہ نامی سیر گاہ پاکستان کے کس صوبے میں ہیں؟

ج:۔ صوبہ خیبر پختونخوا

س:۔ درہ خیبر پشاور کو افغانستان کے کس شہر سے ملاتا ہے؟

ج:۔ کابل

س:۔ یہ بتایئے درہ خیبر کی لمبائی کتنی ہے؟

ج:۔ 55 کلومیٹر جسمیں 40 کلومیٹر پاکستان میں ہے جبکہ 15 کلومیٹر افغانستان میں ہے۔

س:۔ پاکستان میں چقندر سے شکر بنانے کا کارخانہ کس شہر میں ہے؟

ج:۔ چارسدہ

س:۔ قلعہ بالا حصار جو کہ پشاور میں ہے کس مغل بادشاہ نے تعمیر کروایا تھا؟

ج:۔ ظہیر الدین بابر

س:۔ گومل یونیورسٹی صوبہ خیبر پختونخوا کے کس شہر میں ہے؟

ج:۔ ڈیرہ اسماعیل خان

س:۔ درہ گومل ڈیرہ اسماعیل خان کو افغانستان کے کس شہر سے ملاتا ہے؟

ج:۔ غزنی

س:۔ صوبہ خیبر پختونخوا کے مشہور لوک گیت کونسے ہیں؟

ج:۔ ٹپہ، ٹنگ ٹپور، سیما کری، ساندھے، لُوپا

س:۔ صوبہ خیبر پختونخوا کی صوبائی اسمبلی کتنی نشستوں پر مشتمل ہے؟

ج:۔ 124

س:۔ صوبہ بلوچستان کا رقبہ 347190 مربع کلومیٹر ہے یہ پاکستان کے رقبے کا کُل کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 43.6 فیصد

س:۔ صوبہ بلوچستان کو صوبے کا درجہ کب دیا گیا؟

ج:۔ یکم جولائی 1970ء

س:۔ صوبہ بلوچستان میں کون کونسے ڈویژن ہیں؟

ج:۔ کوئٹہ، قلات، ژوب، سبی، مکران، نصیر آباد

س:۔ یہ بتایئے بلوچ کس زبان کا لفظ ہے؟

ج:۔ فارسی

س:۔ مشہور تاریخی قلعہ میر چاکر خان کس شہر میں ہے؟

ج:۔ سبی میں

س:۔ دامنِ کوہ تو اسلام آباد میں ہے یہ بتایئے راس کوہ پاکستان کے کس صوبے میں ہے؟

ج:۔ بلوچستان

س:۔ براہوی زبان پاکستان کے کس علاقے میں بولی جاتی ہے؟

ج:۔ بلوچستان

س:۔ بلوچستان کے شہر زیارت کا نام زیارت کیوں رکھا گیا؟

ج:۔ ایک بزرگ مُلا طاہر بابا کیوجہ سے

س:۔ کوہِ باطل کے کنارے پاکستان کا کونسا شہر آباد ہے؟

ج:۔ گوادر

س:۔ یہ بتایئے گوادر کا علاقہ کب پاکستان کا حصہ بنا؟

ج:۔ 8 ستمبر 1958ء

س:۔ پاکستان میں فعال آتش فشاں پہاڑ کونسے ہیں اور کتنی بلندی پر ہیں؟

ج:۔ کوہِ کوفتاح، بلوچستان میں 13 ہزار فٹ کی بلندی پر ہیں۔

س:۔ بلوچستان کے اولین گرلز کالج کی بنیاد کس شخصیت نے رکھی؟

ج:۔ قاضی محمد عیسیٰ

س:۔ جھیل خوشدل خان کس صوبے میں ہے؟

ج:۔ صوبہ بلوچستان

س:۔ یہ بتایئے مسلم باغ کہاں واقع ہے؟

ج:۔ کوئٹہ اور لورالائی کے درمیان، قلعہ سیف اللہ کے قریب

س:۔ درہ بولان کوئٹہ کو کس شہر سے ملاتا ہے؟

ج:۔ سبی سے

س:۔ بلوچستان کے کس مقام سے وہیل مچھلی کے آثار ملے ہیں؟

ج:۔ کوہلو کے قریب سے 5 کروڑ سال پرانے آثار

س:۔ مکران میں میرانی ڈیم کس دریا پر بنایا گیا ہے؟

ج:۔ دریائے دشت

س:۔ بلوچستان کی کس علاقے کی کھجوریں ذائقے میں عراق کے شہر بصرہ کے ہم پلہ شمار کی جاتی ہیں؟

ج:۔ پنجگور

س:۔ بلوچستان میں کس مقام پر اُونی کپڑا بُننے کا پہلا کارخانہ لگایا گیا؟

ج:۔ ہرنائی

س:۔ زرتشت کی مذہبی کتاب ینگ آبستا میں بلوچستان کے علاقے کا ذکر ملتا ہے جو اس وقت بلوچستان کا نام تھا اس وقت بھی بلوچستان میں اس نام کا شہر موجود ہے نام بتادیں؟

ج:۔ پشین

س:۔ بلوچستان کے شہر تربت جسے کیچ بھی کہتے ہیں اس میں آثارِ قدیمہ کے کتنے سال پرانے انسانی تہذیب کے آثار ملے ہیں؟

ج:۔ ساڑھے چھ کروڑ سال

س:۔ صوبہ بلوچستان میں سب سے کم بارش والا علاقہ کونسا ہے؟

ج:۔ نوکنڈی

س:۔ صوبہ بلوچستان میں مٹی کے آتش فشاں کہاں پائے جاتے ہیں؟

ج:۔ مکران کے ساحلی علاقے میں

س:۔ صوبہ بلوچستان کا دارالحکومت کوئٹہ سطح سمندر سے کتنے فٹ بلند ہے؟

ج:۔ 5500 فٹ

س:۔ صوبہ بلوچستان میں ''گاڈانی'' کی وجہ شہرت کیا ہے؟

ج:۔ جہاز توڑنے کی صنعت کے حوالے سے

س:۔ حنا جھیل کوئٹہ سے کتنے فاصلے پر ہے؟

ج:۔ 10 کلومیٹر

س:۔ صوبہ بلوچستان کو طبعی خصوصیات کے اعتبار سے کتنے حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں؟

ج:۔ 3۔(1)پہاڑی (2)میدانی (3)صحرائی

س:۔ پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں کتنے قسم کے صحرا ہیں؟

ج:۔ 3۔(1)پتھریلا (2)ریتلا (3)دلدلی

س:۔ کوئٹہ کے ٹیلی ویژن اسٹیشن سے اُردو کے علاوہ اور کس زبان میں پروگرام نشر کئے جاتے ہیں؟

ج:۔ براہوی، بلوچی، پشتو

س:۔ بلوچستان کا سب سے لمبا دریا کونسا ہے؟

ج:۔ دریائے ہنگول

س:۔ ساحل مکران کی آخری بندرگاہ کون سی ہے؟

ج:۔ جیوانی

س:۔ بلوچستان کا پہلا بڑا شہر کوئٹہ ہے دوسرا بڑا شہر کونسا ہے؟

ج:۔ گوادر

س:۔ بلوچستان میں سبی میلے یا جشنِ سبی (Sipi) کی ابتداء کیسے ہوئی؟

ج:۔ میر چاکر خان قبائل سردار تھے وہ موسم بہار میں قبائلی اُمور نمٹانے کیلئے جرگہ کیا کرتے تھے وہاں پر سوداگر بھی آجاتے تھے اور ساتھ ہی ریڑھی لگانے والے بھی آجاتے تھے یوں سبی میلے کی ابتداء ہوئی۔

س:۔ ''سجی'' پاکستان کے کس مشہور علاقے کی ڈش ہے؟

ج:۔ صوبہ بلوچستان

س:۔ صوبہ بلوچستان میں دیہات کی کُل تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 6577

س:۔ بلوچستان کے مشرق میں کونسی پہاڑیاں بلوچستان کو سندھ سے جدا کرتی ہیں؟

ج:۔ کیرتھر اور پپ (Pap) کی پہاڑیاں

س:۔ پاکستان میں انگور کی سب سے زیادہ کاشت صوبہ بلوچستان کے کس ڈویژن میں ہوتی ہے؟

ج:۔ قلات

س:۔ بلوچستان میں فورٹ سنڈے من کے نام سے ایک شہر تھا اس کا نیا نام اب کیا ہے؟

ج:۔ ژوب

س:۔ درہ بولان کے ایک کنارے پر کوئٹہ شہر آباد ہے اس کے دوسرے کنارے پر کونسا شہر آباد ہے؟

ج:۔ سبی

س:۔ 31 مئی 1935ء کو پاکستان کے کس شہر میں زبردست زلزلہ آیا اور پورا شہر تباہ ہو گیا تھا؟

ج:۔ کوئٹہ

س:۔ صوبہ بلوچستان میں سوئی کے مقام کے بعد دوسرا بڑا گیس کا ذخیرہ کہاں ہے؟

ج:۔ پیر کوہ کے مقام پر

س:۔ بلوچستان کی پہلی فارسی کی شاعرہ کون تھی؟

ج:۔ رابعہ خصداری

س:۔ شیریں فرہاد کا مزار کہاں ہے؟

ج:۔ لسبیلہ میں دریائے کانئی کے پل کے قریب

س:۔ بلوچستان میں بحیرہ عرب کے کنارے کونسی بندرگاہیں ہیں؟

ج:۔ پسنی، گوادر، جیوانی، اور ماڑہ

س:۔ صوبہ بلوچستان اسمبلی کے صوبائی ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 65

س:۔ پاکستان کی قومی اسمبلی اور سینٹ کا اجلاس کس کے حکم پر طلب کیا جاتا ہے؟

ج:۔ صدرِ پاکستان

س:۔ پاکستان میں سینٹ میں نمائندگی صوبوں کو کس بنیاد پر دی جاتی ہے؟

ج:۔ مساوی بنیاد پر

س:۔ سینٹ کے ارکان کا انتخاب کیسے کیا جاتا ہے؟

ج:۔ ہر صوبے کی صوبائی اسمبلیاں سینیٹرز کا انتخاب کرتی ہیں۔

س:۔ پاکستان میں سینیٹر منتخب ہونے کیلئے کم از کم کتنی عمر ہونی چاہیے؟

ج:۔ 30 سال

س:۔ سینٹ کو توڑنے کا اختیار صدر کے پاس ہے یا وزیراعظم کے پاس؟

ج:۔ دونوں کو اختیار نہیں۔

س:۔ پاکستان میں سینٹ کے پہلے چیئرمین کون تھے؟

ج:۔ حبیب اللہ خان

س:۔ پاکستان میں سینٹ کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 104

س:۔ سینٹ کیلئے ہر صوبے سے جنرل ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 14

س:۔ سینٹ کیلئے ہر صوبے سے ٹیکنو کریٹس کی کتنی تعداد مختص ہے؟

ج:۔ 4

س:۔ اسلام آباد سے سینٹ کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 4

س:۔ سینٹ کے حوالے سے خواتین کی تعداد ہر صوبے سے کتنی ہے؟

ج:۔ 4

س:۔ فاٹا سے سینٹ کے ارکان کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟

ج:۔ 8

س:۔ 18ویں آئینی ترمیم کے تحت سینٹ میں اقلیتوں کیلئے کتنی نشستیں مختص کی گئی ہیں؟

ج:۔ 4

س:۔ پاکستان کی صوبائی اسمبلی اور قومی اسمبلی کا رکن بننے کے لئے کم از کم کتنی عمر ہونی چاہیے؟

ج:۔ 25سال

س:۔ قومی اسمبلی کے انتخاب کے بعد کتنے دِن کے اندر اندر وزیر اعظم کا انتخاب ضروری ہوتا ہے؟

ج:۔ 30دِن کے اندر

س:۔ قومی اسمبلی میں اسپیکر کا انتخاب قومی اسمبلی کے اراکین کرتے ہیں جبکہ ڈپٹی اسپیکر کا انتخاب کون کرتا ہے؟

ج:۔ وہ بھی قومی اسمبلی کے اراکین کرتے ہیں۔

س:۔ پاکستان میں قومی اسمبلی کے کُل ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 342

س:۔ صوبہ پنجاب سے قومی اسمبلی کی کُل کتنی نشستیں ہیں؟

ج:۔ 148

س:۔ صوبہ سندھ سے قومی اسمبلی کی کُل کتنی نشستیں ہیں؟

ج:۔ 61

س:۔ صوبہ خیبر پختونخوا سے قومی اسمبلی کی کُل کتنی نشستیں ہیں؟

ج:۔ 35

س:۔ صوبہ بلوچستان سے قومی اسمبلی کی کُل کتنی نشستیں مختص ہیں؟

ج:۔ 14

س:۔ فاٹا سے قومی اسمبلی کی کُل کتنی نشستیں مختص ہیں؟

ج:۔ 12

س:۔ پاکستان کی قومی اسمبلی میں خواتین کیلئے کتنی نشستیں ہیں؟

ج:۔ 60

س:۔ اسلام آباد سے قومی اسمبلی کی کتنی نشستیں مختص ہیں؟

ج:۔ 2

س:۔ قومی اسمبلی میں غیر مسلموں کیلئے کُل کتنی نشستیں مختص ہیں؟

ج:۔ 10

شخصیات

علامہ محمد اقبال

س:۔ علامہ اقبال کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج:۔ 9نومبر 1877ءکو سیالکوٹ میں

س:۔ علامہ اقبال کی مادری زبان کیا تھی؟

ج:۔ پنجابی

س:۔ علامہ اقبال کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا؟

ج:۔ شیخ نور محمد، آمام بی بی

س:۔ علامہ اقبال کا نام کس نے رکھا تھا؟

ج:۔ ان کی والدہ آمام بی بی نے

س:۔ علامہ اقبال کا میٹرک میں رول نمبر کیا تھا؟

ج:۔ 673

س:۔ علامہ اقبال کے عربی اور فارسی کے استاد کون تھے؟

ج:۔ مولوی میر حسن

س:۔ علامہ اقبال اردو شاعری میں داغ دہلوی سے اصلاح لیا کرتے تھے علامہ اقبال کی داغ دہلوی سے کتنی بار ملاقات ہوئی؟

ج:۔ کبھی ملاقات نہیں ہوئی صرف خطوط کے ذریعے سلسلہ چلتا تھا۔(داغ دہلوی کی وفات پر علامہ اقبال نے ایک مرثیہ لکھا تھا)

س:۔ علامہ اقبال نے پی ایچ ڈی کی ڈگری کس یونیورسٹی سے حاصل کی تھی؟

ج:۔ میونخ یونیورسٹی

س:۔ علامہ اقبال لندن میں کس مضمون کے استاد تھے؟

ج:۔ عربی

س:۔ علامہ اقبال شعر ترنم سے پڑھتے تھے یا تحت الفظ سے؟

ج:۔ ترنم سے

س:۔ یہ غازی یہ تیرے پُراسرار بندے جنھیں تو نے بخشا ہے ذوق خدائی

دو نیم ان کی ٹھوکر سے صحرا و دریا سمٹ کر پہاڑ ان کی ہیبت سے رائی

علامہ اقبال کا یہ کلام کس عنوان سے ہے؟

ج:۔ طارق کی دعا

س:۔ یہ بتایئے بانگِ درا کا دیباچہ کس نے لکھا تھا؟

ج:۔ شیخ عبدالقادر

س:۔ علامہ اقبال نے اپنی کس کتاب کو اپنے دور کے خلاف اعلان جنگ قرار دیا تھا؟

ج:۔ ضربِ کلیم

س:۔ علامہ اقبال کی پہلی کتاب جو کہ نثر میں تھی اور معاشیات پر مبنی تھی؟

ج:۔ علم الاقتصاد

س:۔ یہ بتایئے خطباتِ اقبال کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ سات

س:۔ علامہ اقبال کی نظم پہاڑ اور گلہری کس انگریز شاعر کی نظم کا ترجمہ ہے؟

ج:۔ ایمرسن

س:۔ پروفیسر نکلسن اور اسرارِ خودی کا آپس میں کیا تعلق تھا؟

ج:۔ پروفیسر نکلسن نے اسرار خودی کا انگریزی ترجمہ کیا جس سے اقبال مغرب میں

متعارف ہوئے۔

س:۔ کس یونیورسٹی نے سب سے پہلے اقبال چیئر قائم کی تھی؟

ج:۔ سری نگر، کشمیر

س:۔ علامہ اقبال کی زندگی پر ''روزگارِ فقیر'' کس نے لکھی؟

ج:۔ فقیر سید محی الدین

س:۔ علامہ اقبال اور رستمِ زماں گاما پہلوان نے کس مسجد کی تعمیر میں اکھٹے حصہ لیا تھا؟

ج:۔ مسجد شب بھر

س:۔ علامہ اقبال کے افکار میں کس بزرگ کا پرتو نظر آتا ہے؟

ج:۔ مولانا جلال الدین رومی

س:۔ علامہ اقبال کو شاعرِ مشرق کا خطاب کس نے دیا تھا؟

ج:۔ مولانا شبلی نعمانی

س:۔ علامہ اقبال کو حکیم الامت کا خطاب کس نے دیا تھا؟

ج:۔ خواجہ حسن نظامی

س:۔ علامہ اقبال نے اس شعر میں کس جرمن فلسفی کی طرف اشارہ کیا ہے؟

اگر وہ ہوتا مجذوب فرنگی اس زمانے میں

تو اک بات اس کو سمجھاتا مقام کبریا کیا ہے

ج:۔ نطشے

س:۔ علامہ اقبال نے ان اشعار میں کس لڑکی کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے؟

فاطمہ! تو آبروے امت مرحوم ہے

ذرہ ذرہ تیری مشتِ خاک کا معصوم ہے

یہ سعادت حورِ صحرائی تیری قسمت میں تھی

غازیانِ دیں کی سقائی تیری قسمت میں تھی

ج:۔ فاطمہ بنتِ عبداللہ، عرب لڑکی جو جنگِ طرابلس میں غازیوں کو پانی پلاتے ہوے شہید ہوگئی۔

س:۔ جب انگریزوں نے ریاست جموں و کشمیر کو ڈوگرہ گلاب سنگھ کے ہاتھوں پچھتر لاکھ نانک شاہی کے عوض بیچا تو علامہ اقبال نے کون سا شعر کہا تھا؟

ج:۔ دہقاں و کشت و جو خیاباں فروختند ارزاں فروختند و چہ ارزاں فروختند

(انہوں نے کسان، کھیتی، ندی اور باغ ہر چیز بیچ دی۔ یہ سب کچھ سستا بیچ دیا اور کس قدر سستا بیچ دیا۔)

س:۔ علامہ اقبال کی نظم شکوہ اور جواب شکوہ کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

ج:۔ شکوہ 93، جوابِ شکوہ 108

س:۔ علامہ اقبال کشمیر کتنی بار تشریف لے گئے تھے؟

ج:۔ صرف ایک بار

س:۔ علامہ اقبال نے خطبہ الہ آباد میں کیا بنیادی مطالبہ کیا تھا؟

ج:۔ مسلم اکثریت پر مشتمل علاقوں کو ایک علیحدہ آزاد ریاست بنایا جائے۔

س:۔ علامہ اقبال نے خطبہ الہ آباد کس زبان میں دیا تھا؟

ج:۔ انگریزی

س:۔ علامہ اقبال کے تاریخی خطبہ الہ آباد میں کس مشہور شاعر کو شعر پڑھنے کیلئے کہا گیا تھا؟

ج:۔ حفیظ جالندھری

س:۔ علامہ اقبال نے سر کا خطاب لینے کیلئے کیا شرط رکھی تھی؟

ج:۔ پہلے میرے استاد مولوی میر حسن کو شمس العلما کا خطاب دیا جائے۔

س:۔ علامہ اقبال کو سر کا خطاب کب ملا؟

ج:۔ 1923ء میں

س:۔ 1933ء میں علامہ اقبال نے کس ملک کی تعلیمی پالیسی مرتب کی تھی؟

ج:۔ افغانستان

س:۔ علامہ اقبال 1934ء میں کس تنظیم کے صدر چنے گئے؟

ج:۔ انجمن حمایت الاسلام

س:۔ علامہ اقبال نے یورپ کی کس مسجد میں سات سو سال بعد اذان دی اور نماز پڑھی تھی؟

ج:۔ مسجد قرطبہ

س:۔ علامہ اقبال کی مسولینی سے ملاقات کہاں ہوئی؟

ج:۔ روم (اٹلی)

س:۔ علامہ اقبال نے کس کے بارے میں کہا تھا کہ ''اس شخص میں رحمانی اور شیطانی دونوں صفات موجود ہیں''؟

ج:۔ مسولینی

س:۔ کس مغربی مفکّر کے لیے علامہ اقبال نے ''پیغمبرِ جبرائیل'' کے الفاظ استعمال کیے تھے؟

ج:۔ کارل مارکس

س:۔ علامہ اقبال کی کونسی تصنیف ان کی وفات کے بعد شائع ہوئی؟

ج:۔ ارمغانِ حجاز

س:۔ علامہ اقبال کی کونسی کتاب فارسی اور اردو دونوں زبانوں میں ہے؟

ج:۔ ارمغان حجاز

س:۔ علامہ اقبال کی آخری خواہش کیا تھی جو بیماری کیوجہ سے پوری نہ ہوسکی؟

ج:۔ حج کی

س:۔ علامہ اقبال کی آخری نظم کونسی تھی جو انھوں نے 7 فروری 1938ء کو لکھی؟

ج:۔ حضرت انسان

س:۔ علامہ اقبال نے کب وفات پائی؟

ج:۔ 21 اپریل 1938ء

س:۔ علامہ اقبال کا انتقال کس دن اور کتنے بجے ہوا؟

ج:۔ جمعرات ،صبح 5 بجے

س:۔ علامہ اقبال کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج:۔ مولوی غلام مرشد

س:۔ انتقال کے وقت علامہ اقبال کی عمر کتنی تھی؟

ج:۔ عیسوی سال کے مطابق ساٹھ سال پانچ ماہ اور ہجری سال کے مطابق ٹریسٹھ سال سے کچھ کم

س:۔ کس شخصیت نے علامہ اقبال کی تدفین کیلئے زمین کا انتخاب کیا تھا؟

ج:۔ چوہدری محمد حسین

س:۔ علامہ اقبال کے مزار کی لمبائی اور چوڑائی کتنے فٹ ہے؟

ج:۔ لمبائی 33 فٹ، چوڑائی 20 فٹ

س:۔ علامہ اقبال کے مقبرے کا ڈیزائن کس نے بنایا تھا؟

ج:۔ حیدر آباد دکن کے زین یار جنگ

س:۔ علامہ اقبال کے مزار پر کل کتنی رقم خرچ ہوئی؟

ج:۔ 1 لاکھ روپے

س:۔ 1973ء میں علامہ اقبال کے تمام کلام کو یکجا کر کے کس نام سے شائع کیا گیا؟

ج:۔ کلیاتِ اقبال

س:۔ **منیب** اقبال اور ولید اقبال کا علامہ اقبال سے کیا رشتہ ہے؟

ج:۔ علامہ اقبال کے پوتے ہیں اور ڈاکٹر جاوید اقبال کے بیٹے ہیں۔

قائداعظم محمد علی جناح

س:۔ قائداعظم کراچی کی وزیر مینشن نامی عمارت میں کب پیدا ہوئے؟

ج:۔ 25 دسمبر 1876ء

س:۔ قائداعظم کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا؟

ج:۔ پونجا جناح، مٹھی بائی

س:۔ قائداعظم کے والد نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج:۔ 17 اپریل 1902ء ممبئی میں

س:۔ قائداعظم کا نام کس نے رکھا تھا؟

ج:۔ ان کے ماموں قاسم نے

س:۔ قائداعظم کی مادری زبان کونسی تھی؟

ج:۔ گجراتی

س:۔ قائداعظم اپنے سات بہن بھائیوں میں کونسے ویں نمبر پر تھے؟

ج:۔ سب سے بڑے تھے۔

س:۔ یہ بتایئے قائداعظم کی کتنی بہنیں تھیں؟

ج:۔ چار

س:۔ قائداعظم کی زندگی کا واحد فیصلہ جوانھوں نے خود نہیں کیا تھا؟

ج:۔ پہلی شادی کا فیصلہ

س:۔ قائداعظم کو بطور ایشیاء کی بیرسٹری میں کیا منفرد اعزاز حاصل ہے؟

ج:۔ وہ سب سے کم عمر طالب علم تھے جنہوں نے بیرسٹری کی تعلیم حاصل کی۔

س:۔ قائداعظم نے وکالت کی پریکٹس کا آغاز کس شہر سے کیا؟

ج:۔ ممبئی

س:۔ 10۔اورنگزیب دہلی روڈ پر کونسی مشہور شخصیت رہا کرتی تھی؟

ج:۔ قائداعظم محمد علی جناح

س:۔ قائداعظم 10 اکتوبر 1913ء کو کس پارٹی میں شامل ہوئے تھے؟

ج:۔ آل انڈیا مسلم لیگ

س:۔ قائداعظم کن دولیڈروں کے مسلسل اصرار پر مسلم لیگ میں شامل ہوئے؟

ج:۔ مولانا محمد علی جوہر، سید وزیر حسن

س:۔ قائداعظم نے پہلی بار مسلم لیگ کے اجلاس کی صدارت کب کی؟

ج:۔ 1916ء میں لکھنو میں

س:۔ قائداعظم کی رتن بائی سے شادی کب ہوئی؟

ج:۔ 1918ء میں ممبئی میں

س:۔ قائداعظم کی بیوی رتن بائی کا انتقال کب ہوا؟

ج:۔ 20فروری1929ء

س:۔ قائداعظم کتنے برس کانگریس اور مسلم لیگ کے مشترکہ ممبر رہے؟

ج:۔ سات برس

س:۔ رولٹ ایکٹ کی سب سے زیادہ مخالفت قائداعظم نے کی تھی لیکن اسکی منظوری کے بعد قائداعظم کا ردعمل کیا تھا؟

ج:۔ قائداعظم نے احتجاجاً کونسل سے استعفیٰ دے دیا تھا۔

س:۔ نہرو رپورٹ کے جواب میں قائداعظم نے اپنے مشہور زمانہ چودہ نکات کب پیش کئے؟

ج:۔ 28مارچ1929ء

س:۔ چودہ نکات کی تیاری میں قائداعظم کی معاونت کس رہنما نے کی؟

ج:۔ مولانا محمد علی جوہر

س:۔ قائداعظم کے چودہ نکات میں پہلا نکتہ کیا تھا؟

ج:۔ آئندہ آئین وفاقی طرزِ حکومت کا ہوگا جس میں تمام صوبوں کو زیادہ سے زیادہ خود مختاری دی جائے۔

س:۔ قائداعظم1929ء میں کونسا مشہور مقدمہ لڑنے کیلیئے لاہور تشریف لائے؟

ج:۔ غازی علم الدین شہید

س:۔ قائداعظم نے کون کونسی گول میز کانفرنس میں شرکت کی؟

ج:۔ پہلی اور دوسری

س:۔ قائداعظم اور علامہ اقبال کی پہلی ملاقات کہاں ہوئی تھی؟

ج:۔ دوسری گول میز کانفرنس کے دوران لندن میں ہوئی۔

س:۔ قائداعظم کب عملی سیاست سے وقتی طور پر علیحدہ ہو گئے تھے؟

ج:۔ جون 1931ء

س:۔ سکندر جناح پیکٹ کی خاص بات کیا تھی؟

ج:۔ سکندر حیات اور ان کی پارٹی کے لوگ مسلم لیگ میں شامل ہو جائیں گے اور قائداعظم کو اپنا لیڈر مان لیں گے۔

س:۔ 4 مارچ 1934ء کو مسلم لیگ کے دو گروپوں کا مشترکہ اجلاس ہوا اسمیں کیا اہم فیصلہ ہوا؟

ج:۔ قائداعظم کو مشترکہ طور پر مسلم لیگ کا صدر چنا گیا تھا۔

س:۔ قائداعظم کو ''قائداعظم'' کا لقب کس نے دیا تھا؟

ج:۔ مولانا مظہر الدین (ایڈیٹر) نے دہلی سے الامان اخبار میں (1938ء میں سہ روزہ اخبار)

س:۔ سب سے پہلے کس مسلم لیگی نے قائداعظم کا نعرہ لگایا؟

ج:۔ میاں فیروز الدین

س:۔ 1938ء میں قائداعظم کس رہنما کی وفات پر گھنٹوں روتے رہے؟

ج:۔ مولانا شوکت علی جوہر

س:۔ قائداعظم نے 23 مارچ 1940ء کے اجلاس میں کتنی دیر تقریر کی تھی؟

ج:۔ ایک گھنٹہ 40 منٹ، فی البدیہہ تقریر کی تھی۔

س:۔ قائداعظم نے کب وکالت کو ہمیشہ کیلئے خیر باد کہہ کر اپنی زندگی قیام پاکستان کیلئے وقف کر دی؟

ج:۔ 1940ء میں قرارداد پاکستان کے بعد

س:۔ قائداعظم کی اپیل پر پہلا یوم پاکستان کل ہند کی بنیاد پر کب منایا گیا؟

ج:۔ 19اپریل1940ء

س:۔ قائداعظم نے لفظ پاکستان پہلی بار کب استعمال کیا؟

ج:۔ 19نومبر1940ء

س:۔ 26اکتوبر 1941ء کو قائداعظم نے کس اخبار کا افتتاح کیا؟

ج: ہفت روزہ ڈان

س:۔ 26جولائی1943ء کو قائداعظم کیساتھ کیا ناخوشگوار واقعہ پیش آیا؟

ج:۔ ممبئی میں قاتلانہ حملہ ہوا تھا۔

س:۔ گاندھی کے ہندوستان چھوڑ دو کے جواب میں قائداعظم نے کونسا نعرہ لگایا تھا؟

ج:۔ تقسیم کرو اور چلے جاؤ

س:۔ قائداعظم کتنی بار کشمیر تشریف لے گئے؟

ج:۔ تین بار

س:۔ اکتوبر1945ء میں قائداعظم جب بلوچستان تشریف لے گئے تو قاضی محمد عیسیٰ نے انھیں کیا تحفہ پیش کیا؟

ج:۔ قرآن مجید اور احمد شاہ ابدالی کی تلوار

س:۔ قائداعظم نے جناح کیپ سب سے پہلے کس شہر میں پہنی؟

ج:۔ کوئٹہ

س:۔ 23اگست1946 کو قائداعظم نے کس سکھ رہنما کو بات چیت کی دعوت دی تھی؟

ج:۔ ماسٹر تارا سنگھ

س:۔ 05 دسمبر 1946ء کو قائداعظم نے جارج ششم کی دعوت قبول کیوں نہ کی؟

ج:۔ اس دن 10 محرم کا دن تھا۔

س:۔ قائداعظم نے ریڈیو پر سب سے پہلے پاکستان زندہ آباد کا نعرہ کب لگایا؟

ج:۔ 3 جون 1947ء

س:۔ قائداعظم قیام پاکستان سے پہلے کس ریاست کے مشیر تھے؟

ج:۔ قلات

س:۔ انتقال اقتدار کے سلسلے میں قائداعظم پاکستان کب آئے؟

ج:۔ 7 اگست 1947ء

س:۔ قائداعظم نے پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی سے خطاب کب کیا؟

ج:۔ 11 اگست 1947ء

س:۔ قائداعظم نے 70 سال 7 ماہ اور 20 دن کی عمر میں کس عہدے کا حلف اٹھایا تھا؟

ج:۔ گورنر جنرل

س:۔ قائداعظم نے گورنر جنرل کی حیثیت سے اپنے عہدے کا حلف کس تاریخ کو اٹھایا؟

ج:۔ 15 اگست 1947ء

س:۔ ملک کا گورنر جنرل بننے کے بعد قائداعظم کی پہلی تقریر کس ریڈیو اسٹیشن سے نشر ہوئی؟

ج:۔ ڈھاکہ، پشاور، لاہور

س:۔ قائداعظم نے ریڈکلف ایوارڈ تقسیم کے بارے میں کیا کہا تھا؟

ج:۔ یہ تقسیم بدذیانتی پر مشتمل ہے چونکہ میں اسے پہلے (ریڈکلف ایوارڈ) تسلیم کر چکا ہوں اسلیئے میں اس تقسیم کو قبول کرتا ہوں۔

س:۔ قائداعظم نے قیام پاکستان کے بعد سب سے پہلے کس کالج کے جلسہ تقسیم انعامات

میں شرکت کی تھی؟

ج:۔ اسلامیہ کالج لاہور

س:۔ قائداعظم نے گورنر جنرل بننے کے بعد سب سے پہلے کس ملک کا دورہ کیا تھا؟

ج:۔ کسی ملک کا دورہ نہیں کیا۔

س:۔ قائداعظم بحثیت گورنر جنرل کتنی تنخواہ لیتے تھے؟

ج:۔ ایک روپیہ

س:۔ قائداعظم نے قوم کے نام اپنا آخری پیغام کب دیا؟

ج:۔ 27 اگست 1948ء

س:۔ قائداعظم نے اپنی زندگی کا آخری خط کیسے لکھا تھا؟

ج:۔ اس وقت پاکستان فوج کے کمانڈر انچیف جنرل گریسی کو یکم ستمبر 1948ء کو

س:۔ قائداعظم نے 09 ستمبر 1948ء کو آخری سرکاری ملاقات کس سے کی تھی؟

ج:۔ چوہدری محمد علی

س:۔ قائداعظم نے اپنی زندگی کا پہلا اور آخری دن کس شہر میں گزارا تھا؟

ج:۔ کراچی

س:۔ قائداعظم کا انتقال کس بیماری سے ہوا؟

ج:۔ پھیپھڑوں کی بیماری سے

س:۔ قائداعظم نے کب وفات پائی اور وفات کے وقت ٹائم کیا تھا؟

ج:۔ 11 ستمبر 1948ء رات کے دس بج کر پچیس منٹ

س:۔ قائداعظم کے آخری الفاظ کیا تھے؟

ج:۔ اللہ پاکستان

س:۔ قائداعظم نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

ج:۔ 71 سال 8 ماہ 18 دن

س:۔ قائداعظم کی وفات پر کتنے دن پرچم سرنگوں رہا تھا؟

ج:۔ 40 دن

س:۔ قائداعظم کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج:۔ مولانا شبیر احمد عثمانی

س:۔ قائداعظم کی قبر کی بنیادوں میں کونسی تین اہم چیزیں دفن ہیں؟

ج:۔ (1) مختصر سوانح حیات (2) قرارداد پاکستان کا متن/دستاویز (3) پاکستان کے پرانے سکے

س:۔ قائداعظم نے اپنی ساری جائیداد کن تین اداروں کیلئے وقف کردی تھی؟

ج:۔ سندھ مدرستہ الاسلام، مسلم یونیورسٹی علیگڑھ، اسلامیہ کالج پشاور

س:۔ مزارِ قائد کے لیے موجودہ جگہ کا انتخاب کس نے کیا؟

ج:۔ کراچی کے میئر سید ہاشم رضا

س:۔ مزار قائد کا سنگ بنیاد صدر محمد ایوب خان نے کب رکھا؟

ج:۔ یکم فروری 1960ء

س:۔ مزار قائد کیلئے کونسی چیز راجپوتانہ سے لائی گئی؟

ج:۔ سرخ پتھر

س:۔ مزار قائد کے احاطے میں دفن ہونے والی پہلی شخصیت کونسی تھی؟

ج:۔ خان لیاقت علیخان

س:۔ قائداعظم کی سیاسی زندگی کتنے سالوں پر محیط ہے؟

ج:۔ 42سال

س:۔ قائداعظم لندن میں 8 سال رہے یہ بتایئے قائداعظم نے اپنی زندگی کے 47 سال کس شہر میں گزارے؟

ج:۔ ممبئی

س:۔ قائداعظم لندن کی کس لائبریری میں مطالعہ کیا کرتے تھے؟

ج:۔ برٹش میوزیم لائبریری

س:۔ قائداعظم کولندن کی کونسی چیز سخت ناپسند تھی؟

ج:۔ دُھند

س:۔ قائداعظم پر سب سے پہلی کتاب کس نے لکھی تھی؟

ج:۔ مسز سروجی نائیڈو

س:۔ قائداعظم اور مہاتما گاندھی میں کل کتنے خطوط کا تبادلہ ہوا؟

ج:۔ 21 (قائداعظم نے 11 اور گاندھی نے 10 خطوط لکھے)

س:۔ قائداعظم اور مہاتما گاندھی کے درمیان پہلی ملاقات کہاں ہوئی؟

ج:۔ ممبئی میں مولانا ابوالکلام آزاد کی رہائش گاہ پر

س:۔ قائداعظم اپنے کوٹ کے کالر پر کونسا پھول لگاتے تھے؟

ج:۔ کوئی پھول نہیں لگاتے تھے۔

س:۔ قائداعظم کو سب سے پہلے ''بابائے قوم'' کس نے کہا تھا؟

ج:۔ قاضی محمد اکرم

س:۔ کونسے اداکار کو قائداعظم کا ڈرائیور ہونے کا اعزاز حاصل ہے؟

ج:۔ محمد حنیف آزاد

س:۔ قائداعظم بلوچستان کے کس شہر کو سوئٹزرلینڈ کے برابر کہتے تھے؟

ج:۔ زیارت

س:۔ جناح ہال ممبئی کی تعمیر کیلئے کس شخصیت نے رقم دی تھی اور اسکی تعمیر پر لاگت کتنی آئی؟

ج:۔ ممبئی کی عوام نے ایک روپے فی کس کے حساب سے رقم اکٹھی کی اور اس پر 65 ہزار روپے لاگت آئی۔

س:۔ قائداعظم کے بارے میں یہ کس نے کہا تھا کہ ''اس طرح کی عظیم شخصیت صدیوں کے بعد پیدا ہوتی ہے''؟

ج:۔ مسولینی نے علامہ اقبال سے کہا تھا۔

س:۔ ''اس کا عزم پاکیزہ ہے جو مخالف سے ٹکرانے میں کوئی عار محسوس نہیں کرتا''
قائداعظم کے بارے میں یہ الفاظ کس نے کہے تھے؟

ج:۔ علامہ عنایت اللہ مشرقی

س:۔ انگریز فلسفی برٹرینڈ رسل نے قائداعظم کے بارے میں کیا خاص بات کہی تھی؟

ج:۔ ہندوستان کی پوری تاریخ میں کسی لیڈر کو اتنی مقبولیت حاصل نہیں ہوئی جتنی محمد علی جناح کو ہوئی۔

س:۔ قائداعظم کے بارے میں یہ الفاظ کس شخصیت نے کہے تھے کہ ''شہنشاہ اورنگزیب کے بعد ہندوستان میں اتنا بڑا مسلمان پیدا نہیں ہوا جس کے غیر متزلزل ایمان اور اٹل ارادے نے دس کروڑ مسلمانوں کی مایوسیوں کو کامرانیون میں بدل دیا''؟

ج:۔ مولانا شبیر احمد عثمانی

س:۔ قائداعظم کی سب سے چھوٹی بہن کا نام کیا تھا؟

ج:۔ فاطمہ جناح

س:۔ محترمہ فاطمہ جناح کب پیدا ہوئیں؟

ج:۔ 31 جولائی 1893ء

س:۔ والدہ کے انتقال کے وقت آپ کی عمر دو سال تھی یہ بتایئے والد کے انتقال کے وقت آپ کے عمر کتنی تھی؟

ج:۔ 8 سال

س:۔ آپ قائداعظم سے کتنے سال چھوٹی تھیں؟

ج:۔ 17 سال

س:۔ 1918ء میں کس بناء پر دوسری جگہ منتقل ہو گئیں تھیں؟

ج:۔ قائداعظم کی رتن بائی سے شادی کی بناء پر

س:۔ فاطمہ جناح بیرونِ ملک پہلی بار کب تشریف لے گئیں؟

ج:۔ 1930ء میں جب قائداعظم گول میز کانفرنس میں شرکت کیلئے لندن گئے تو فاطمہ جناح آپ کے ساتھ تھیں۔

س:۔ فاطمہ جناح اور قائداعظم کب مستقل طور پر پاکستان آ گئے؟

ج:۔ 1935ء میں

س:۔ کیا فاطمہ جناح نے 1940ء میں قرارداد پاکستان کے جلسے میں شرکت کی تھی؟

ج:۔ جی ہاں

س:۔ فاطمہ جناح کی زندگی کا محور کونسی دو چیزیں تھیں؟

ج:۔ آپ نے اپنی زندگی قائداعظم اور پاکستان کیلئے وقف کر دی تھی۔

س:۔ فاطمہ جناح کا سیاست میں آنے کا مقصد کیا تھا؟

ج:۔ آپ کو اپنے بھائی کی بیماری کا علم تھا تاکہ بھائی کا ہاتھ بٹا سکیں اور اس کا کام آسان ہو جائے۔

س:۔ قیام پاکستان کے بعد آپ کو کیا خطاب ملا؟

ج:۔ خاتون پاکستان

س:۔ فاطمہ جناح نے حیدرآباد کے سابق وزیراعظم میر لائق علی کی بیٹی کی دعوت ولیمہ میں شرکت کس تاریخ کو کی تھی؟

ج:۔ 8 جولائی 1967ء

س:۔ محترمہ فاطمہ جناح نے 74 سال کی عمر میں کب وفات پائی؟

ج:۔ 9 جولائی 1967ء

س:۔ فاطمہ جناح کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج:۔ مفتی محمد شفیع اوکاڑوی

س:۔ آپ کے جنازے میں کتنے لوگوں نے شرکت کی تھی؟

ج:۔ پانچ لاکھ

س:۔ محترمہ فاطمہ جناح کی قبر کہاں ہے؟

ج:۔ قائداعظم کی قبر سے 120 فٹ دور بائیں جانب

س:۔ بابائے تاریخ ہیروڈوٹس کو کہا جاتا ہے یہ بتایئے بابائے حیاتیات کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ ارسطو

س:۔ بابائے طب بقراط 460 قبل مسیح میں پیدا ہوا یہ بتایئے بقراط نے طب کا کونسا باقاعدہ اصول وضع کیا تھا؟

ج: مریض کی روزانہ کی رپورٹ مرتب کرنا۔

س:۔ طب کے فارغ التحصیل طلباء کے حلف نامے میں کس یونانی طبیب کے افکار شامل ہیں؟

ج:۔ بقراط

س:۔ یونان میں اپولو کے مندر میں تین فقرے درج ہیں ان میں سے ایک فقرہ سقراط کا بھی ہے وہ فقرہ کون سا ہے؟

ج:۔ No Die Cell (اپنے آپ کو پہچانو)

س:۔ سقراط کو زہر کا پیالہ پینے پر مجبور کیا گیا یہ بتایئے ارسطو کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟

ج:۔ اسے جلاوطن کر دیا گیا۔

س:۔ سقراط کا ابتدائی پیشہ سنگ تراشی تھا یہ بتایئے سقراط کے ماں باپ کا پیشہ کیا تھا؟

ج:۔ باپ سنگ تراش جبکہ ماں دائی تھی۔

س:۔ سقراط نے کتنی کتابیں لکھی تھیں؟

ج:۔ کوئی کتاب نہیں لکھی تھی وہ مکالمے کے ذریعے دوسرے کو مائل کرتا ہے اور اپنا علم آگے منتقل کرتا تھا۔

س:۔ سقراط کو کن الزامات کی بناء پر زہر کا پیالہ پینا پڑا؟

ج:۔ دیوتاؤں کی پروا نہ کرنا، نئے دیوتا پیش کرنا، نوجوانوں کے اخلاق کو تباہ کرنا۔

س:۔ جب سقراط نے زہر کا پیالہ پیا تو اس وقت اس کی عمر کیا تھی؟

ج:۔ 70 سال

س:۔ خیالی ریاست، خیالی جنت یا یوٹوپیا (Utopia) کا تصور کس نے پیش کیا؟

ج:۔ افلاطون

س:۔ ''ہر چمکتی چیز سونا نہیں ہوتی'' یہ قول کس یونانی فلاسفر کا ہے؟

ج:۔ افلاطون

س:۔ افلاطون کے مقالمات میں سے سب سے زیادہ شہرت کس مقالمہ کو ملی یہ مقالمہ ایک کتابی شکل میں بھی موجود ہے؟

ج:۔ جمہوریہ

س:۔ افلاطون کی کتاب ''Dialogue'' میں کس کے اقوال درج ہیں؟

ج:۔ سقراط

س:۔ افلاطون نے اپنی اکیڈمی میں داخلے کے لیے کیا بنیادی شرط رکھی تھی؟

ج:۔ طالب علم کو علم ہندسہ آتا ہو۔

س:۔ مشہور یونانی فلاسفر افلاطون کس کا شاگرد تھا اور اسنے کتنی عمر پائی؟

ج:۔ سقراط، 80 برس

س:۔ افلاطون کی موت ایک تقریب میں ہوئی تھی وہ تقریب کونسی تھی؟

ج:۔ شادی کی تقریب

س:۔ افلاطون اور ارسطو میں ابتداء سے آخر تک کس موضوع پر اختلاف رہا تھا؟

ج:۔ مادہ اور روح

س:۔ ارسطو جب ایتھنز میں افلاطون کی اکیڈمی میں داخل ہوا تو اس وقت اس کی عمر کتنی تھی؟

ج:۔ 18 سال

س:۔ ارسطو نے سب سے پہلے کونسا نظریہ پیش کیا تھا؟

ج:۔ یہ کائنات چار عناصر آگ، ہوا، مٹی اور پانی پر مشتمل ہے۔

س:۔ سیاست پر دنیا کی پہلی کتاب کس یونانی فلاسفر نے لکھی تھی؟

ج:۔ ارسطو نے

س:۔ ''جو شخص تیراکی سے واقف نہ ہو اُسے تعلیم یافتہ کہلوانے کا حق نہیں'' یہ قول کس کا ہے؟

ج:۔ ارسطو

س:۔ سکندر اعظم کتنے سال تک ارسطو کا شاگرد رہا؟

ج:۔ 8 سال

س:۔ ارسطو کا پڑھانے کے دوران ایک خاص انداز تھا وہ انداز کونسا تھا؟

ج:۔ ٹہلتا رہتا تھا۔

س:۔ ارسطو کی موت کس طرح واقع ہوئی؟

ج:۔ زہریلے پودے کا پتا کھانے سے

س:۔ زمانہ قبل مسیح کی سنسکرت میں لکھی گئی کتاب جو رموز سیاسیات اور حکمرانی پر لکھی گئی تمام کتابوں میں اپنے مضمون کے حوالے سے عظیم کتابوں میں شمار ہوتی ہے آپ کتاب کا نام اور مصنف کا نام بتائیے؟

ج:۔ کوٹلیہ چانکیہ کی ارتھ شاستر

س:۔ سکندر اعظم نے زیادہ علاقہ فتح کیا تھا یا سلطان محمود غزنوی نے؟

ج:۔ سکندر اعظم

س:۔ وہ کونسا فاتح تھا جو یورپ میں پیدا ہوا ایشیا میں انتقال ہوا اور افریقہ میں دفن ہوا؟

ج:۔ سکندر اعظم

س:۔ بابائے ریاضیات کس یونانی ریاضی دان کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ اقلیدس

س:۔ حضرت عیسیٰؑ کی وفات کے دوسو سال بعد کس حکیم نے قبل مسیح کے تمام حکماء پر فوقیت حاصل کر لی؟

ج:۔ جالینوس

س:۔ جولیس سیزر کا دور کب سے کب تک کا ہے؟

ج:۔ 102 سے 44 قبل مسیح

س:۔ کس مشہور ملکہ نے مصر پر اُنتالیس سال حکومت کی؟

ج:۔ قلوپطرہ

س:۔ نامور فلاسفر خلیل جبران کا تعلق کس مذہب سے تھا اور اس کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج:۔ عیسائیت، لبنان

س:۔ قانون سازی کی تاریخ میں کس عرب بادشاہ کو خاص شہرت حاصل ہے یہ قدیم عرب میں ابتدائی لوگوں میں سے تھا؟

ج:۔ ہمورامی

س:۔ معلّم ثانی ابونصر الفارابی نے 80 برس کی عمر پائی اس نے کتنی شادیاں کیں؟

ج:۔ کوئی شادی نہیں کی تھی۔

س:۔ سب سے پہلے کس شخصیت نے انسائیکلو پیڈیا مرتب کیا؟

ج:۔ محمد بن زکریا الرازی نے طبی انسائیکلو پیڈیا مرتب کیا۔

س:۔ محمد بن قاسم نے 712ء میں سندھ فتح کیا یہ بتایئے انتقال کے وقت محمد بن قاسم کی عمر کیا تھی؟

ج:۔ 21 سال

س:۔ طارق بن زیاد نے اپنی کشتیاں کس دریا کے کنارے جلا دی تھیں؟

ج:۔ دریائے برباط

س:۔ موسیٰ بن نصیر اور طارق بن زیاد کا انجام کیا ہوا تھا؟

ج:۔ دونوں گمنامی کی موت مرے۔

س:۔ سلطان محمود غزنوی کے بیٹے نے البیرونی کو کس کتاب کے بدلے ہاتھی کے وزن برابر چاندی کے سکے انعام دینے کی پیش کش کی تھی لیکن البیرونی نے انعام لینے سے انکار کر دیا تھا؟

ج:۔ قانون المسعودی

س:۔ وہ کونسا عظیم مسلمان سائنسدان تھا جس نے زمین کی گولائی کا حساب صدیوں پہلے جدید پیمائش کے قریب ترین لگایا تھا؟

ج:۔ البیرونی

س:۔ سلطان محمود غزنوی کے دور میں لاہور کا گورنر جنرل ایاز تھا یہ بتائیے ایاز کی آخری آرام گاہ کہاں ہے؟

ج:۔ رنگ محل، لاہور میں

س:۔ کس مسلمان فلسفی نے یورپ کو ارسطو اور افلاطون کے کارناموں سے روشناس کروایا تھا؟

ج:۔ حکیم بوعلی سینا

س:۔ ریاضی میں سب سے پہلے صفر کا استعمال کس نے کیا؟

ج:۔ محمد بن موسیٰ الخوارزمی

س:۔ مشہور سیاح مارکو پولو کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج:۔ اٹلی

س:۔ عمر خیام کی جائے پیدائش کس ملک کی ہے؟

ج:۔ نیشا پور، ایران

س:۔ عمر خیام کی موت کس طرح واقع ہوئی؟

ج:۔ بوعلی سینا کی کتاب الشفاء کا مطالعہ کر رہے تھے جب منطق کے ابواب پر پہنچے تو وضو کیا نماز کیلئے سجدہ ریز ہوئے اور سجدے میں ہی موت واقع ہوگئی۔

س:۔ نامور شاعر، سائنسدان عمر خیام کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

ج:۔ 1132ء، ایران

س:۔ صلاح الدین ایوبی نے کتنا عرصہ حکومت کی؟

ج:۔ 20 سال

س:۔ راجہ پورس کے ساتھ سکندر اعظم کا نام آتا ہے جبکہ راجہ داہر کے ساتھ محمد بن قاسم کا نام آتا ہے یہ بتایئے رچرڈ کے ساتھ کس کا نام آتا ہے؟

ج:۔ صلاح الدین ایوبی

س:۔ حسن بن صباح نے زمین پر جو جنت بنائی تھی اُسے کس نے تباہ کیا تھا؟

ج:۔ ہلاکو خان

س:۔ چنگیز خان کا اصل نام تموجن تھا یہ بتایئے چنگیز خان اور ہلاکو خان کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

ج:۔ دادا پوتا

س:۔ نصیر الدین طوسی اور ہلاکو خان میں کیا رشتہ تھا؟

ج:۔ ہلاکو خان نے نصیر الدین طوسی کو اپنا مشیر مقرر کیا تھا۔

س:۔ ابن العربی، ابن رشد اور ابن الہیثم کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج:۔ اسپین

س:۔ کس انگریز فلسفی نے سب سے پہلے ارسطو کی تعلیمات کو اپنایا؟

ج:۔ راجر بیکن

س:۔ مغربی مفکّر راجر بیکن نے کس مسلمان سائنسدان کا ذکر بار بار کیا ہے؟

ج:۔ ابن الہیثم

س:۔ یہ بتایئے شیخ الرئیس کس مسلمان فلسفی کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ ابن سینا

س:۔ عبدالرحمٰن ابن خلدون جغرافیائی لحاظ سے موجودہ کس ملک میں پیدا ہوئے؟

ج:۔ تیونس

س:۔ ابنِ خلدون کس یونیورسٹی میں درس وتدریس کا فریضہ سرانجام دیتے رہے؟

ج:۔ جامعتہ الازہر یونیورسٹی، مصر

س:۔ ابن بطوطہ کے والد کا نام بطوطہ تھا یہ بتایئے ابن بطوطہ جب سیاحت کیلئے نکلے تو اُس وقت اُن کی عمر کتنی تھی؟

ج:۔ 21 برس

س:۔ کولمبس کے بحری جہاز کا نام سانتا ماریا تھا یہ بتایئے 1492ء کو امریکہ دریافت کرنے کے بعد کولمبس کتنے سال زندہ رہا؟

ج:۔ 13 سال

س:۔ سولہویں صدی عیسوی میں مشہور مصنّف میکاولی نے سیاسیات پر مشہور زمانہ کتاب لکھی اس کتاب کا نام کیا تھا اور میکاولی کس ملک کی شہریت رکھتا تھا؟

ج:۔ The Prince، اٹلی

س:۔ خواجہ بختیار کاکی کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج:۔ سلطان شمس الدین التمش

س:۔ ''اگر کوئی عورت جنگل سے سونے کا تھال لے کر بھی گزرتی تھی تو کسی شخص کی مجال نہ تھی کہ اُس کی طرف نظر اُٹھا کر دیکھ سکے'' یہ الفاظ مولانا عبدالقادر نے کس شخص کے دور کے متعلق کہے؟

ج:۔ شیر شاہ سوری

س:۔ شیر شاہ سوری کا عرصہ اقتدار کتنا ہے؟

ج:۔ تقریباً پانچ سال

س:۔ برطانیہ کی ملکہ الزبتھ اول کے زمانے میں کونسا مشہور ڈرامہ نگار گزرا ہے؟

ج:۔ شیکسپیئر

س:۔ حضرت مجدد الف ثانی کس صوفی بزرگ کا لقب ہے؟

ج:۔ شیخ احمد سرہندی

س:۔ تاریخ میں مینا بازار کا آغاز سب سے پہلے کس شخصیت نے کیا؟

ج:۔ ملکہ نور جہاں

س:۔ احمد شاہ ابدالی نے متحدہ ہندوستان کی طاقت کو کب پاش پاش کر دیا تھا اور آپ کس زبان کے شاعر تھے؟

ج:۔ 1761ء میں پانی پت کی لڑائی میں، پشتو زبان کے شاعر تھے۔

س:۔ عالمی شہرت یافتہ موسیقار موزارڈ کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج:۔ آسٹریا

س:۔ جدید معاشیات کا بانی ایڈم سمتھ کو کہا جاتا ہے یہ بتایئے ایڈم سمتھ کی کونسی کتاب

جدید معاشیات کی اساس سمجھی جاتی ہے؟

ج:۔ دولتِ اقوام (Wealth of Nation)

س:۔ ٹیپو سلطان نے سنِ ہجری کی جگہ کون سی تقویم شروع کروائی تھی؟

ج:۔ سن محمدی

س:۔ ٹیپو سلطان کا مشہور معقولہ کیا ہے؟

ج:۔ شیر کی ایک دن کی زندگی گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے بہتر ہے۔

س:۔ ٹیپو سلطان نے کب اور کہاں شہادت پائی؟

ج:۔ 4 مئی 1799ء کو سرنگا پٹم کے میدان میں

س:۔ تخت طاؤس محمد شاہ کے عہد میں کون ایران لے گیا تھا؟

ج:۔ نادر شاہ درانی

س:۔ فاتحِ اعظم امیر تیمور لنگ کہاں آسودہ خاک ہے؟

ج:۔ سمرقند میں

س:۔ یہ بتایئے امریکی صدر ابراہیم لنکن کا تعلق کس سیاسی پارٹی سے تھا؟

ج:۔ ری پبلکن

س:۔ دنیا کے کس فاتح کے سو دن بہت مشہور ہیں؟

ج:۔ نپولین بونا پارٹ

س:۔ کس مشہور مصور کا شاہکار ''حضرت مسیح کا تصور'' دنیائے مصوری میں لافانی حیثیت رکھتا ہے؟

ج:۔ مائیکل اینجلو

س:۔ مائیکل اینجلو کی وجہ شہرت کیا ہے؟

ج:۔ مصور، بت تراش، معمار اور انجینئر

س:۔ مرزا داغ دہلوی کے والد شمس الدین کی موت کیسے واقع ہوئی ؟

ج:۔ انگریزوں نے پھانسی دی تھی۔

س:۔ سر سید احمد خان 17 اکتوبر 1817ء کو دہلی میں پیدا ہوئے آپ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج:۔ سید محمد تقی

س:۔ انگریز ولیم مور کی کتاب ''Life of Muhammad(P.B.U.H.)'' کے جواب میں سر سید احمد خان نے کونسی کتاب لکھی؟

ج:۔ خطباتِ احمدیہ

س:۔ سر سید احمد خانے 27 مارچ 1898ء کو 81 برس کی عمر کہاں وفات پائی ؟

ج:۔ علی گڑھ میں

س:۔ لوہار کا بیٹا، 1883ء کی پیدائش، وجہ شہرت فاشٹ، سیاستدان، اُستاد، نامہ نگار اور آڈیٹر بھی رہا۔ ان اشاروں سے کونسی شخصیت ذہن میں آتی ہے؟

ج:۔ مسولینی

س:۔ یہ بتایئے ایڈولف ہٹلر کب اور کہاں پیدا ہوا؟

ج:۔ 20 اپریل 1889ء کو آسٹریا میں

س:۔ سیاسی شہرت سے پہلے ہٹلر کا پیشہ تصویریں بنانا تھا یہ بتایئے ہٹلر کی موت کب اور کس طرح واقع ہوئی ؟

ج:۔ یکم مئی 1945ء کو خودکشی کی تھی۔

س:۔ مشہور موسیقار بیتھون بہرہ تھا، گونگا تھا یا اندھا تھا؟

ج:۔ بہرہ تھا۔

س:۔ کمیونزم کا بانی کارل مارکس پیشے کے اعتبار سے صحافی تھا یہ بتایئے کارل مارکس کس شہر میں دفن ہے؟

ج:۔ لندن

س:۔ جینیٹکس (Genetics) کا نظریہ سب سے پہلے کس نے پیش کیا؟

ج:۔ گریگر مینڈل، آسٹریلیا (84-1822)

س:۔ سب سے پہلے کس خاتون نے نوبل پرائز حاصل کیا؟

ج:۔ مادام کیوری (1903ء)

س:۔ 21 اگست 1911ء کو کونسی مشہور پینٹنگ چوری ہو گئی تھی؟

ج:۔ مونالیزا

س:۔ مشہور پینٹنگ مونالیزا کس مصور کی شاہکار تخلیق ہے؟

ج:۔ لیونارڈو ڈوانچی (اٹلی)

س:۔ مونالیزا کی تصویر کس چیز پر بنائی گئی تھی؟

ج:۔ لکڑی پر

س:۔ خلافت عثمانیہ کے خاتمے کے بعد ترکی کا اقتدار کس کے پاس آیا؟

ج:۔ مصطفیٰ کمال اتاترک

س:۔ غازی علم الدین شہید نے راج پال کو قتل کب کیا؟

ج:۔ 6 اپریل 1929ء

س:۔ غازی علم الدین شہید کو میانوالی جیل میں کب پھانسی دی گئی؟

ج:۔ 31 اکتوبر 1929ء

س:۔ غازی علم الدین شہید کی قبر کہاں ہے؟

ج:۔ میانی صاحب، لاہور

س:۔ مولانا محمد علی جوہر نے بی۔ اے کی ڈگری کس یونیورسٹی سے حاصل کی تھی؟

ج:۔ آکسفورڈ یونیورسٹی

س:۔ علامہ اقبال، مصطفیٰ کمال اتاترک اور مولانا شوکت علی جوہر میں کیا قدر مشترک ہے؟

ج:۔ تینوں کا انتقال 1938ء میں ہوا۔

س:۔ کس ماہرِ نفسیات نے لاشعور کا نظریہ پیش کیا؟

ج:۔ سگمنڈ فرائیڈ

س:۔ لارنس آف عریبیہ نے کب وفات پائی؟

ج:۔ 13 مئی 1935ء کو موٹر سائیکل کے حادثے میں زخمی ہوا اور 19 مئی 1935ء کو فوت ہو گیا۔

س:۔ دوسری جنگ عظیم کے موقع پر کن تین شخصیات کو Big Three کہا گیا تھا؟

ج:۔ روز ویلٹ، چرچل اور اسٹالن

س:۔ 30 جنوری 1948ء کو کونسی بھارتی شخصیت قتل ہوئی؟

ج:۔ موہن داس کرم چند گاندھی

س:۔ جوزف اسٹالن کے بعد روس کا سربراہ کون تھا؟

ج:۔ خروشیف

س:۔ آل انڈیا مسلم لیگ کے پہلے باقاعدہ صدر سر آغا خان سوئم کی قبر کس ملک میں ہے؟

ج:۔ مصر

س:۔ جمال عبدالناصر نے 52 برس کی عمر میں کب وفات پائی؟

ج:۔ 20 ستمبر 1970ء میں دل کا دورہ پڑنے سے انتقال ہوا۔ اُردن اور فلسطینی گوریلوں کی میٹنگ کر رہے تھے۔

س:۔ جمال عبدالناصر، ڈیگال اور احمد سوئیکارنو۔ ان تینوں میں کیا قدر مشترک ہے؟

ج:۔ تینوں کا انتقال 1970 میں ہوا۔

س:۔ نامور مصور پکاسو نے 94 برس عمر پائی۔ اس کا انتقال کب ہوا؟

ج:۔ 1973ء میں

س:۔ گورنیکا نامی پینٹنگ کس نامور مصور نے بنائی؟

ج:۔ پکاسو

س:۔ دورِ جدید میں تجریدی مصوری (Cubism) کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ پکاسو

س:۔ کس واحد امریکی صدر نے واٹر گیٹ سکینڈل کی وجہ سے استعفیٰ دیا تھا؟

ج:۔ رچرڈ نکسن

س:۔ واٹر گیٹ سکینڈل کے نتیجے میں صدر رچرڈ نکسن کے سامنے کونسے دو راستے رہ گئے تھے؟

ج:۔ کانگریس کے سامنے پیش ہو کر سوالوں کے جواب دیں یا استعفیٰ دے دیں۔

س:۔ چین کے لانگ مارچ کی قیادت سب سے پہلے کس نے کی؟

ج:۔ ماؤزے تنگ

س:۔ چواین لائی اور ماز وے تنگ کا انتقال کس سن میں ہوا تھا؟

ج:۔ 1976ء میں

س:۔ 09 ستمبر 1976ء کو کس عظیم چینی رہنما کا انتقال ہوا؟

ج:۔ ماز وئے تنگ

س:۔ ماز وئے تنگ بوقتِ وفات کون سے عہدے پر فائز تھے؟

ج:۔ کیمونسٹ پارٹی کے چیئر مین تھے ساری عمر حکومت کا کوئی عہدہ نہیں لیا تھا۔

س:۔ 76-1949ء تک کونسے چینی رہنما ملک کے وزیر اعظم رہے؟

ج:۔ چواین لائی

س:۔ چارلی چپلن کے ساتھ 1978ء میں کیا واقعہ پیش آیا تھا؟

ج:۔ تابوت چوری ہو گیا تھا اور 11 ہفتے کے بعد ملا تھا۔ 1977ء میں وفات ہوئی۔

س:۔ یوگنڈا کا کونسا صدر، صدر بننے سے پہلے ہیوی ویٹ باکسنگ چیمپئن تھا؟

ج:۔ عیدی امین

س:۔ برطانیہ کی کس خاتون وزیر اعظم کو آئرن لیڈی کہا جاتا ہے؟

ج:۔ مارگریٹ تھیچر

س:۔ جنوبی افریقہ کے سیاہ فام صدر نیلس منڈیلا 27 سالہ قید کے بعد کب رہا ہوے؟

ج:۔ 11 فروری 1990ء

س:۔ کس سن میں نیلسن منڈیلا جنوبی افریقہ کے صدر منتخب ہوئے؟

ج:۔ 1994ء

س:۔ ایران کے روحانی پیشوا آیت اللہ خمینی کا انتقال کب ہوا؟

ج:۔ 1989ء میں

س:۔ متحدہ عرب امارات کے خلیفہ شیخ زید بن سلطان النہیان کب سے کب تک حکمران رہے؟

ج:۔ 1971ء سے 2004ء تک

س:۔ امریکہ کے پہلے سیاہ فام صدر باراک حسین اوباما ہیں یہ بتایئے باراک حسین اوباما امریکہ کے کونسے ویں صدر ہیں؟

ج:۔ 44ویں

س:۔ **منصور** حلاج کو منصور حلاج کیوں کہا جاتا ہے؟

ج:۔ منصور کا پیشہ روئی بنتا تھا حلاج روئی دو نکنے والے کو کہتے ہیں۔

س:۔ برطانیہ کے کس بادشاہ نے عشق کی خاطر تخت کو ٹھکرا دیا تھا؟

ج:۔ ایڈورڈ ہشتم

س:۔ برطانیہ میں وزیراعظم کی دارالامان میں داخلے پر پابندی کس نے لگائی تھی؟

ج:۔ جارج اول

س:۔ مولانا رومی کا مزار ترکی میں ہے یہ بتایئے صوفی بزرگ ابراہیم بن ادھم کا مزار کہاں ہے؟

ج:۔ ترکی

س:۔ کشتی کے نامور پہلوان ''رستم'' کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج:۔ ایران

س:۔ یہ بتایئے فیثاغورث کس ملک میں پیدا ہوا؟

ج:۔ ترکی

س:۔ مولانا عبیداللہ سندھی نے کس مشہور عالمی شخصیت کو اسلام کی دعوت دی تھی؟

ج:۔ لینن

س:۔ مولانا عبیداللہ سندھی نے کتنا عرصہ جلاوطنی میں بسر کیا تھا؟

ج:۔ 24 سال

دنیا میں۔۔۔

س:۔ دنیا کے وسط میں کونسا شہر آباد ہے؟

ج:۔ مکہ مکرمہ

س:۔ دنیا کی خالص ترین زبان عربی ہے یہ بتایئے دنیا میں عربی زبان کا پہلا اخبار کس ملک سے جاری ہوا؟

ج:۔ مصر سے

س:۔ دنیا کی پہلی رصدگاہ حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے تین سو سال پہلے کہاں قائم ہوئی تھی؟

ج:۔ اسکندریہ، مصر

س:۔ دنیا کا سب سے مہنگا ترین لباس کونسا ہے؟

ج:۔ خلائی سوٹ جس کو پہن کر خلاباز گاڑی سے باہر نکل کر خلا میں تیرتے ہیں۔

س:۔ دنیا میں لوہے کے سب سے زیادہ ذخائر کہاں پائے جاتے ہیں؟

ج:۔ برازیل

س:۔ دنیا کی سب سے بڑی قانون ساز اسمبلی کس ایشیائی ملک میں ہے؟

ج:۔ عوامی جمہوریہ چین

س:۔ دنیا کا سب سے بڑا زندہ آتش فشاں کس ملک میں ہے؟

ج:۔ امریکہ

س:۔ دنیا کی طویل ترین جنگ کونسی ہے؟

ج:۔ یورپ کی صد سالہ جنگ (1337ء سے 1453ء تک فرانس اور برطانیہ کے لڑی گئی)

س:۔ دنیائے تاریخ میں سب سے بڑی لڑی جانے والی جنگ کونسی ہے؟

ج:۔ جنگ عظیم دوئم (1939ء سے 1945ء تک)

س:۔ دنیا کے اُس ملک کا نام بتائیں جس کی آبادی میں ہر روز 42 ہزار افراد کا اضافہ ہو جاتا ہے؟

ج:۔ عوامی جمہوریہ چین

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ چاول پیدا کرنے والا ملک کونسا ہے؟

ج:۔ عوامی جمہوریہ چین

س:۔ دنیا کا قدیم ترین قومی ترانہ جاپان کا ہے یہ بتایئے دنیا کا قدیم ترین پرچم کس ملک کا ہے؟

ج:۔ ڈنمارک

س:۔ دنیا میں سب سے پہلے کپڑا کس چیز سے تیار کیا گیا؟

ج:۔ اُون

س:۔ دنیا میں سب سے مہنگا اُون کس ملک کا سمجھا جاتا ہے؟

ج:۔ آسٹریلیا

س:۔ دنیا کے اُس پہلے شہر کا نام بتائیں جس کو دارالحکومت بنانے کے نظریئے سے تعمیر کیا گیا؟

ج:۔ واشنگٹن ڈی۔سی

س:۔ آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا ملک کونسا ہے؟

ج:۔ چین

س:۔ دنیا کا پہلا ساز کس ساز کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ بانسری

س:۔ دنیا کے سب سے بڑے اور وسیع عجائب گھر کا کیا نام ہے؟

ج:۔ امریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری، نیویارک

س:۔ دنیا کی سب سے بڑی لائبریری کونسی ہے اور کہاں ہے؟

ج:۔ لائبریری آف کانگریس واشنگٹن ڈی۔سی (امریکہ)

س:۔ دنیا میں کل 266 ریاستیں ہیں یہ بتایئے دنیا کی سب سے چھوٹی ریاست کونسی ہے؟

ج:۔ ویٹی کن سٹی (16 مربع میل)

س:۔ کس ملک میں پانچ ہزار افراد سالانہ پی ایچ ڈی کرتے ہیں؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ دنیا میں پٹ سن کا سب سے بڑا کارخانہ کہاں ہے؟

ج:۔ نارائن گنج، بنگلہ دیش

س:۔ 200 سے زائد زندہ آتش فشاں کس ملک میں ہیں؟

ج:۔ انڈونیشیا

س:۔ دنیا کا سب سے پہلا ڈاک ٹکٹ کس یورپی ملک سے جاری ہوا؟

ج:۔ برطانیہ، جون 1840

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ کھجوریں کس ملک میں پیدا ہوتی ہیں؟

ج:۔ عراق

س:۔ دنیا کا سب سے اونچا مجسمہ (مجسمہ آزادی Statue of Liberty) کس ملک میں ہے؟

ج:۔ نیویارک، امریکہ (152 فٹ)

س:۔ دنیا کی سب سے پہلی پرواز کا دورانیہ کتنا تھا؟

ج:۔ 12 سیکنڈ

س:۔ دنیا کی پہلی پرواز نے کتنے فٹ فاصلہ طے کیا تھا؟

ج:۔ 105 فٹ

س:۔ بحری جہاز سازی میں دنیا کا سرفہرست ملک کونسا ہے؟

ج:۔ جاپان

س:۔ دنیا میں صنعتی انقلاب کی ابتداء کب ہوئی؟

ج:۔ 1761ء میں (18 ویں صدی کے آخر میں اور 19 ویں صدی کے شروع میں)

س:۔ دنیا کے کس ایئرپورٹ پر سب سے بڑا کنٹرول ٹاول نصب ہے؟

ج:۔ کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ، ریاض، سعودی عرب

س:۔ دنیا کا سب سے بڑا ریلوے اسٹیشن کونسا ہے؟

ج:۔ گرینڈ سنٹرل ٹرمینل ریلوے اسٹیشن، نیویارک

س:۔ دنیا کے کتنے ملکوں کے پرچم پر کلمہ طیبہ لکھا ہوا ہے؟

ج:۔ صرف ایک، سعودی عرب

س:۔ دنیا کا بہترین نہری نظام کس ملک کا ہے؟

ج:۔ پاکستان

س:۔ دنیا کا سب سے زیادہ کھیلا جانے والا کھیل کونسا ہے؟

ج:۔ فٹ بال

س:۔ سب سے پہلے کس ملک کے پرچم میں ہلال شامل کیا گیا؟

ج:۔ ترکی

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ عمر کس جانور کی ریکارڈ کی گئی ہے؟

ج:۔ کچھوے اور ہاتھی

س:۔ دنیا کو کتنے ٹائم زون میں تقسیم کیا گیا ہے؟

ج:۔ 24

س:۔ دنیا کی سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب کونسی ہے؟

ج:۔ قرآن مجید

س:۔ دنیا کی پہلی لائسنس یافتہ ہواباز خاتون کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج:۔ فرانس

س:۔ دنیا کے سب سے بڑے صحرا، صحرائے صحارا کا رقبہ کتنا ہے؟

ج:۔ 32لاکھ 50ہزار مربع میل

س:۔ دنیا کا سب سے امیر ترین ملک کونسا ہے؟

ج:۔ سوئٹزرلینڈ (یہاں ہر فرد کی آمدنی 43000امریکی ڈالر سے زائد ہے)

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ فلمیں کس ملک میں بنتی ہیں؟

ج:۔ بھارت

س:۔ دنیا میں سب سے پہلے ہوائی جہاز کے ذریعے کن دو شہروں کے درمیان فضائی سفر شروع ہوا؟

ج:۔ نیویارک اور واشنگٹن کے درمیان

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ شہری آبادی والا براعظم کونسا ہے؟

ج:۔ یورپ

س:۔ پاکستان میں بھی ٹرام چلتی تھی اب نہیں چلتی بتائیے 1832ء میں پہلی بار کس ملک میں ٹرام چلی؟

ج:۔ امریکہ

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ بولی جانے زبان کون سی ہے؟

ج:۔ چینی زبان (مینڈرین)

س:۔ دنیا کے کن دو ممالک میں سب سے زیادہ زبانیں بولی جاتی ہیں؟

ج:۔ بھارت، نیوگنی

س:۔ دنیا کا سب سے بڑا چڑیا گھر کہاں ہے؟

ج:۔ امریکی ریاست کیلی فورنیا میں ہے۔

س:۔ دنیا کی بلندترین چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ کن دو ممالک میں ہے؟

ج:۔ نیپال اور چین

س:۔ دنیا کا وہ کونسا سمندر ہے جس کا رقبہ دنیا کے خشکی کے رقبے سے بھی زیادہ ہے؟

ج:۔ بحرالکاہل

س:۔ دنیا میں چاندی کے ذخائر سب سے زیادہ کس ملک میں ہیں؟

ج:۔ میکسیکو

س:۔ دنیا میں گندم پیدا کرنے والے دو بڑے ممالک کونسے ہیں؟

ج:۔ چین، بھارت

س:۔ دنیا میں سب سے کم شرح پیدائش کس ملک میں ہے؟

ج:۔ اٹلی

س:۔ دنیا کا سب سے بڑا انعام نوبل پرائز ہے یہ بتائیے دنیا کا سب سے بڑا اسلامی

اعزاز کونسا ہے؟

ج:۔ شاہ فیصل بین الاقوامی ایوارڈ

س:۔ دنیا میں سب سے پہلے کھیتی باڑی کی ابتداء کس ملک سے ہوئی ؟

ج:۔ مصر

س:۔ دنیا کی بہترین کپاس کس ملک کی مانی جاتی ہے؟

ج:۔ مصر

س:۔ ڈرائیور یا گارڈ کے بغیر پہلی آٹو میٹک ریل کس ملک میں چلائی گئی؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ انسان نے پیغام رسانی کے لیے سب سے پہلے کس فن لطیف کا انتخاب کیا؟

ج:۔ تصویر کشی کا

س:۔ وقت دیکھنے کے لیے آبی گھڑی اور سن ڈائل سب سے پہلے کس قوم نے بنائی؟

ج:۔ مصریوں نے

س:۔ دنیا میں سب سے پہلے رنگین نشریات کا آغاز کب اور کس ملک سے ہوا؟

ج:۔ 1950ء میں امریکہ سے

س:۔ دنیا کا سب سے قدیم ترین دارالحکومت کونسا ہے؟

ج:۔ دمشق

س:۔ سب سے پہلے کیلنڈر کس قوم نے بنایا؟

ج:۔ اہل بابل نے

س:۔ دنیا کی پہلی خلا باز خاتون کون تھی اور اس کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج:۔ ویلنٹینا تریشکوا، روس

س:۔ پارسل اور رجسٹری خط سب سے پہلے کس ملک سے شروع ہوئے؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ اسلامی دنیا میں سب سے بڑا جنازہ کس کا تھا؟

ج:۔ جمال عبدالناصر، مصر

س:۔ دنیا کا قدیم ترین ذریعہ سفر کونسا ہے؟

ج:۔ پیدل چلنا

س:۔ دنیا میں زیرزمین ریلوے کا آغاز کس ملک سے ہوا؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ دنیا کی سب سے لمبی دیوار کونسی ہے؟

ج:۔ دیوار چین

س:۔ وہ کونسا ملک ہے جس کی تمام آبادی شہروں میں رہتی ہے؟

ج:۔ سنگاپور

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ سیاح کس ملک کا رُخ کرتے ہیں؟

ج:۔ فرانس

س:۔ دنیا کا سب سے بڑا جزیرہ گرین لینڈ ہے یہ بتایئے دنیا کا سب سے بڑا جزیرہ نما کونسا ہے؟

ج:۔ سعودی عرب

س:۔ دنیا کا 90 فیصد ریشم کس ملک میں پیدا ہوتا ہے؟

ج:۔ چین

س:۔ دنیا کی سب سے زیادہ عبور کی جانے والی سرحد کونسی ہے؟

ج:۔ امریکہ اور میکسیکو کے درمیان سرحد

س:۔ پانی کے اخراج اور بہاؤ کے لحاظ سے سب سے بڑا دریا کونسا ہے؟

ج:۔ ایمزون

س:۔ دنیا میں سب سے کم کونسی سبزی پیدا ہوتی ہے؟

ج:۔ ادرک

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ خط کس ملک کے لوگ لکھتے ہیں؟

ج:۔ امریکہ

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ نمک کا استعمال کس ملک کے باشندے کرتے ہیں؟

ج:۔ جاپان

س:۔ دنیا میں سب سے پہلے کس ملک میں رنگین چھپائی کا آغاز ہوا؟

ج:۔ جاپان

س:۔ دنیا کا 24 فیصد تمباکو کس ملک میں پیدا ہوتا ہے؟

ج:۔ چین

س:۔ دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں میں پہلی ٹاؤن پلاننگ کی مثال کہاں ملتی ہے؟

ج:۔ موہن جوداڑو

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ بندر کس ملک میں ہیں؟

ج:۔ بھارت

س:۔ دنیا کا طویل ترین ساحل کس ملک کا ہے؟

ج:۔ کینیڈا (243798 مربع کلومیٹر)

س:۔ دنیا کا مختصر ترین ساحل رکھنے والا ملک کونسا ہے؟

ج:۔ منا کو (5.61 کلومیٹر)

س:۔ دنیا کا پہلا ریفرنڈم 1830 میں کس ملک میں ہوا تھا؟

ج:۔ سوئٹزرلینڈ میں

س:۔ دنیا کا سب سے بڑا محل کس بادشاہ کا ہے؟

ج:۔ برونائی دارالسلام کے بادشاہ کا (بندرسری میں) جوکہ 1788 کمروں پر مشتمل ہے۔

س:۔ دنیا کا سب سے بڑا ایئر کنڈیشنر پلانٹ کہاں نصب ہے؟

ج:۔ مسجد نبوی میں

س:۔ تعداد کے لحاظ سے دنیا کی سب سے بڑی فوج کس ملک کی ہے؟

ج:۔ چین (29 لاکھ)

س:۔ کس ملک کی فضائی کمپنی نے 1931ء میں پہلی بار بین الاقوامی پروازوں کیلئے فضائی میزبانوں (ایئر ہوسٹس) کی خدمات حاصل کیں؟

ج:۔ فرانس

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ پہاڑ کس ملک میں ہیں؟

ج:۔ سوئٹزرلینڈ

س:۔ دنیا میں ریڈیو نشریات کا باقاعدہ آغاز کب ہوا؟

ج:۔ 1920ء میں

س:۔ یہ بتایئے دنیا میں ٹیلی ویژن نشریات کا باقاعدہ آغاز کب ہوا؟

ج:۔ 1926ء میں

س:۔ حروف تہجّی کے اعتبار سے دنیا کی سب سے بڑی زبان کس ملک کی ہے؟

ج:۔ کمبوڈیا (74 حروف تہجّی ہیں)

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ درجہ حرارت کب اور کہاں نوٹ کیا گیا؟

ج:۔ 1922ء میں لیبیا کے مقام العزیزیا (58 سینٹی گریڈ)

س:۔ دنیا میں سب سے مختصر ترین آئین کس ملک کا ہے؟

ج:۔ امریکہ کا (7 دفعات اور 27 ترامیم پر مشتمل ہے)

س:۔ دنیا کی سب سے بڑی بندرگاہ کونسی ہے؟

ج:۔ نیوجرسی، جوکہ نیویارک میں ہے اس میں ایک وقت میں 371 جہازوں کے رُکنے کا انتظام ہے۔

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ بائیوگیس کے پلانٹس کس ملک میں ہیں؟

ج:۔ چین

س:۔ دنیا کا سب سے بڑا گلیشئر کونسا ہے؟

ج:۔ انٹارکٹکا

س:۔ دنیا کا سب سے وزنی پھل کونسا ہے؟

ج:۔ کٹھل (وزن 2.5 من)

س:۔ دنیا کا پہلا آئی بینک کب اور کہاں قائم ہوا؟

ج:۔ مئی 1946ء میں سری لنکا میں

س:۔ دنیا کی پہلی خاتون جس نے ڈاکٹر آف میڈیسن کی ڈگری حاصل کی؟

ج:۔ ڈاکٹر ماریا مونٹیسوری

س:۔ دنیا کا پہلا ٹیلی فون ایکسچینج کب اور کہاں قائم ہوا؟

ج:۔ 1878ء میں لندن میں

س:۔ دنیا کا پہلا انجینئر ارشمیدس کو کہا جاتا ہے یہ بتایئے دنیا کی پہلی لیڈی ڈاکٹر کون تھی؟

ج:۔ الزبتھ بلیک ویل

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ اخبارات امریکہ میں چھپتے ہیں لیکن سب سے زیادہ کس ملک کے باشندے اخبار پڑھتے ہیں؟

ج:۔ سویڈن

س:۔ رائٹ برادران ہوائی جہاز کے موجد ہیں یہ بتایئے دنیا کا پہلا پائلٹ کون تھا؟

ج:۔ ویلبر رائٹ

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ کس ریڈیو ایجنسی کا حوالہ دیا جاتا ہے؟

ج:۔ بی بی سی

س:۔ دنیا کا سب سے بڑا جانور کونسا ہے؟

ج:۔ بلیو وہیل مچھلی، پیدائش کے وقت اس کا وزن 3 ٹن ہوتا ہے اور ایک سال کی عمر میں 26 ٹن ہو جاتا ہے۔

س:۔ دنیا کی سب سے طویل ترین سرحدیں کون سے دو ممالک کی ہیں؟

ج:۔ امریکہ اور کینیڈا

س:۔ دنیا میں ہیروں کی سب سے بڑی مارکیٹ کس ملک میں ہے؟

ج:۔ ہالینڈ

س:۔ دنیا کا سرد ترین مقام سائبیریا ہے یہ بتایئے دنیا کا سرد ترین صحرا کونسا ہے؟

ج:۔ صحرائے گوبی

س:۔ دنیا کا سب سے بڑا آبی منصوبہ کونسا ہے؟

ج:۔ سندھ طاس

س:۔ دنیا کا سب سے بڑا قبرستان کہاں ہے؟

ج:۔ مکلی، سندھ

س:۔ دنیا میں سب سے بڑا ڈیلٹا کن دو دریاؤں کے ملنے سے بنتا ہے؟

ج:۔ سندربن کا ڈیلٹا جو کہ دریائے برہم پترا اور دریائے گنگا کے ملنے سے بنتا ہے۔

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ غذا کے طور پر کھائی جانے والی چیز کونسی ہے؟

ج:۔ چاول

س:۔ دنیا کی تاریخ میں طویل ترین دورِ حکومت کس بادشاہ کا ہے؟

ج:۔ پیپی دوئم، مصر

س:۔ دنیا میں سب سے بڑا تیل کا ذخیرہ کس ملک کا ہے؟

ج:۔ سعودی عرب

س:۔ دنیا میں سب سے پہلے کس ملک کی تاریخ لکھی گئی؟

ج:۔ یونان

س:۔ دنیا کا طویل ترین قومی ترانہ کس ملک کا ہے؟

ج:۔ یونان

س:۔ جدید دنیا کے کس ملک میں اب تک سب سے قدیم بادشاہت / شہنشاہت قائم ہے؟

ج:۔ جاپان

س:۔ دنیا کا سب سے سست رفتار جانور کون سا ہے؟

ج:۔ گھونگا

س:۔ دنیامیں انسان کے بعد ذہین ترین مخلوق کونسی ہے؟

ج:۔ پہلے نمبر پر ڈولفن اور دوسرے نمبر چیمپیزی

س:۔ دنیامیں سب سے زیادہ ناریل کس ملک میں پایا جاتا ہے؟

ج:۔ انڈونیشیا

س:۔ دنیامیں مویشیوں کا سب سے بڑا باڑہ کہاں ہے؟

ج:۔ آسٹریلیا (74لاکھ ایکڑ)

س:۔ دنیامیں لکھائی کا فن سب سے پہلے کس تہذیب میں پروان چڑھا؟

ج:۔ پانچ ہزار قبل مسیح ۔سمیری تہذیب، وادی دجلہ وفرات کے کنارے

س:۔ دنیامیں سب سے زیادہ بارش کس مقام پر ہوتی ہے؟

ج:۔ بھارت میں چراپونجی کے مقام پر

س:۔ دنیا کے کن ممالک کی شرح خواندگی سو فیصد ہے؟

ج:۔ برطانیہ، سویڈن، سری لنکا، نیوزی لینڈ، سوئٹزرلینڈ، جاپان

س:۔ دنیامیں تراشا ہوا سب سے بڑا ہیرا اب کس ملک میں ہے؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ دنیا کی سب سے مشہور آبشار کونسی ہے اور یہ کس ملک میں ہے؟

ج:۔ نیاگرا آبشار، کینیڈا

س:۔ کونسا ملک دنیا کی مجموعی پیداوار کا 70 فیصد سونا پیدا کرتا ہے؟

ج:۔ جنوبی افریقہ

س:۔ دنیامیں سب سے زیادہ ایٹمی بجلی پیدا کرنے والا ملک کونسا ہے؟

ج:۔ امریکہ (30 فیصد دنیا کی مجموعی پیداوار کا)

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ گھڑیاں تیار کرنے والا ملک کونسا ہے؟

ج:۔ سوئٹزرلینڈ

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ گایا جانے والا گیت کونسا ہے؟

ج:۔ Happy Birthday

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ شہری آبادی والا براعظم کونسا ہے؟

ج:۔ یورپ

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ زلزلے کس براعظم میں آتے ہیں؟

ج:۔ ایشیا

س:۔ دنیا کا سب سے بڑا چرچ کہاں ہے؟

ج:۔ ویٹی کن سٹی

س:۔ دنیا کا پہلا مرکزی بینک کونسا ہے اور اس کی بنیاد کب رکھی گئی؟

ج:۔ بینک آف انگلینڈ، 1694ء میں

س:۔ دنیا کی کون سی زبان سب سے زیادہ لکھنے اور بولنے میں استعمال ہوتی ہے؟

ج:۔ انگریزی

س:۔ دنیا کا وہ کونسا واحد ملک ہے جہاں سینما گھر نہیں ہے؟

ج:۔ سعودی عرب

س:۔ دنیا کا قدیم ترین ریلوے اسٹیشن کس ملک میں ہے؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ ریلوے اسٹیشن کس ملک میں ہیں؟

ج:۔ امریکہ

س:۔ دنیا کا تیز ترین جانور چیتا ہے یہ بتایئے دنیا کا سب سے لمبا جانور کونسا ہے؟

ج:۔ زرافہ

س:۔ 1927ء میں دنیا کی پہلی بولتی فلم جس کا افتتاح نیو یارک میں ہوا تھا کونسی تھی؟

ج:۔ Jazz Singer

س:۔ دنیا کی قدیم ترین مذہبی کتاب کون سی ہے جو 1500 قبل مسیح میں لکھی گئی؟

ج:۔ رگ وید

س:۔ یہ بتایئے دنیا کی طویل ترین نظم کونسی ہے؟

ج:۔ مہابھارت

س:۔ دنیا کی سب سے پرانی یونیورسٹی کون سی ہے؟

ج:۔ جامعۃ الازہر، مصر

س:۔ دنیا کی سب سے بلند عمارت برج خلیفہ جو کہ دبئ میں ہے کتنی منزلہ ہے؟

ج:۔ 160 منزلہ (بلندی 2684 فٹ)

س:۔ دنیا کے کون سے ملک میں سب سے پہلے خط نستعلیق کو مشین کے ذریعے چھاپا گیا؟

ج:۔ پاکستان

س:۔ دنیا میں سب سے پہلے موسیقی کا آغاز اور انعقاد کس ملک سے ہوا؟

ج:۔ مصر

س:۔ کس قوم نے سب سے پہلے عطر کا استعمال کیا؟

ج:۔ مصری قوم نے

س:۔ دنیا میں سب سے پہلے رِسٹ واچ کس ملک کے دو باشندوں نے بنائی؟

ج:۔ سوئٹزرلینڈ

س:۔ دنیا کا بلند ترین محاذِ جنگ کونسا ہے؟

ج:۔ سیاچن

س:۔ دنیا کا سب سے اونچا اور سب سے گہرا مقام کونسا ہے؟

ج:۔ ماؤنٹ ایورسٹ، ماریناٹرینچ (بحرالکاہل)

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ اسکوائش کورٹز کس ملک میں **ہیں**؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ انسانی تاریخ میں سب سے پہلے کس دریا سے نہریں نکا**لی** گئیں؟

ج:۔ دریائے نیل

س:۔ انسان پرستی کا رواج سب سے پہلے کس ملک سے شروع ہوا؟

ج:۔ مصر

س:۔ دنیا کی پہلی نرس ہونے کا اعزاز کس کو حاصل ہے؟

ج:۔ فلورنس نائٹ اینگل

س:۔ دنیا کے کس ملک میں سب سے پہلے اے ٹی ایم مشین متعارف کروائی گئی؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ دنیا کا پہلا قطب نما کس ملک میں بنایا گیا؟

ج:۔ چین

ادبیات

س:۔ اُردو کے شروع میں مختلف نام تھے اُردو کا نام اُردو کب اور کس نے تجویز کیا تھا؟

ج:۔ 1751ء میں سراج الدین آرزو نے

س:۔ لفظ اُردو سب سے پہلے کس نے استعمال کیا؟

ج:۔ شیخ امام بخش ناسخ

س:۔ فلاسفی یونانی زبان کا لفظ ہے اس کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ علم سے محبت (Love of Knowledge)

س:۔ ڈرامہ (Drama) کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ یونانی، کر کے دکھانا

س:۔ اُردو کے سب سے پہلے باقاعدہ ڈرامے کا کیا نام تھا؟

ج:۔ اِندر سبھا (امانت لکھنوی)

س:۔ پہلے صاحب دیوان شاعر قلی قطب شاہ کا پیشہ کیا تھا؟

ج:۔ بادشاہ تھے (گولکنڈہ کے بادشاہ تھے)

س:۔ اُردو ادب میں تاریخی ناول نگاری کی ابتداء کس ادیب نے کی تھی؟

ج:۔ عبدالحلیم شرر

س:۔ اُردو ادب میں مکالمہ نگاری کا موجد کون تھا؟

ج:۔ ڈپٹی نذیر احمد

س:۔ اُردو کا پہلا ناول نگار کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ ڈپٹی نذیر احمد

س:۔ اُردو زبان کے سب سے پہلے قصے کا نام کیا ہے؟

ج:۔ سب رس

س:۔ اُردو کی پہلی صاحب دیوان شاعرہ کونسی ہے؟

ج:۔ مہ لقا چندہ بائی

س:۔ اُردو کی کتاب فسانہ عجائب کے بارے میں کیا مشہور ہے؟

ج:۔ یہ اُردو کی مشکل ترین کتاب ہے

س:۔ اُردو میں قصیدے کا بادشاہ کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ مرزا رفیع الدین سودا

س:۔ فرہنگ آصفیہ سید احمد دہلوی کی کتاب ہے اس کا موضوع کیا ہے؟

ج:۔ یہ اُردو کی ڈکشنری ہے جو چار جلدوں پر مشتمل ہے۔

س:۔ اردو میں سب سے پہلے سفر نامہ کس نام سے لکھا گیا؟

ج:۔ عجائباتِ فرہنگ

س:۔ اُردو کے پہلے باتصویر اخبار کا آغاز کس شخصیت نے کیا؟

ج:۔ مولانا ابوالکلام آزاد (الہلال اخبار)

س:۔ اردو کے مشہور شاعر جرات نابینا تھے یہ بتایئے فارسی کا کون سا شاعر نابینا تھا؟

ج:۔ رودکی

س:۔ سندھی کے پہلے ناول نگار مرزا قلیچ بیگ تھے یہ بتایئے سندھی کا پہلا ناول کونسا تھا؟

ج:۔ زینت

س:۔ سندھی زبان میں مرثیہ اور طرح ڈالنے کی روایت کس نے قائم کی؟

ج:۔ سچل سرمست

س:۔ پاکستان کے کس شاعر کو شاعرِ ہفت زبان کہا جاتا ہے؟

ج:۔ سچل سرمست

س:۔ سندھ کا غالب کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ سچل سرمست

س:۔ حضرت سچل سرمست کے کل اشعار کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 9لاکھ 36ہزار کے قریب

س:۔ کہا جاتا ہے کہ سچل سرمست نے اپنی عمر کے آخری حصے میں بہت سا کلام جلا دیا تھا کیوں؟

ج:۔ سچل سرمست کا خیال تھا کہ اس کلام کو عام آدمی سمجھ نہ سکے گا اور وہ بھٹک جائے گا اس لئے انہوں نے بہت سا کلام جلا دیا تھا۔

س:۔ سچل کے معنی کیا ہیں اور یہ بھی بتایئے سچل سرمست کی آخری آرام گاہ کہاں ہے؟

ج:۔ سچ بولنے والا، خیر پور (دراز اشریف)

س:۔ پنجابی زبان میں کافی کا پہلا شاعر کون تھا؟

ج:۔ شاہ حسین

س:۔ پنجابی غزلوں کا سب سے پہلا دیوان کس کا چھپا تھا؟

ج:۔ میاں مولا بخش کشتا

س:۔ پنجابی زبان کے پہلے شاعر بابا فریدالدین گنج شکر تھے یہ بتایئے بابائے پنجابی کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ فقیر محمد فقیر

س:۔ پنجابی کے پہلے نثر نگار شاعر کون تھے؟

ج:۔ نوشا گنج بخش

س:۔ پنجابی زبان کیلئے پنجابی کا لفظ سب سے پہلے کس نے استعمال کیا؟

ج:۔ حافظ برخودار

س:۔ پنجابی شاعر اُستاد دامن کا اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ چراغ دین

س:۔ بابا بلھے شاہ کس مقام پر پیدا ہوئے؟

ج:۔ اُچ شریف گیلانیہ

س:۔ بابا بلھے شاہ (اصل نام عبداللہ) کے والد کا نام کیا تھا؟

ج:۔ سخی شاہ محمد درویش

س:۔ بابا بلھے شاہ کے روحانی اُستاد کا نام کیا تھا؟

ج:۔ شاہ عنایت قادری

س:۔ بابا بلھے شاہ نے کس سن میں وفات پائی؟

ج:۔ 1778ء میں

س:۔ وارث شاہ نے ''ہیر رانجھا'' کس جگہ لکھی تھی؟

ج:۔ ساہیوال سے 42 میل کے فاصلے پر ملکہ ہانس میں

س:۔ بھاگ بھری (خاتون) کا نام کس صوفی شاعر کیساتھ منسوب ہے؟

ج:۔ وارث شاہ

س:۔ رومانوی قصہ ''ہیر رانجھا'' وارث شاہ سے پہلے اور کن شخصیات نے لکھا؟

ج:۔ احمد گجر، درمودر، شاہ جہاں

س:۔ ''سیف الملوک'' میاں محمد بخش کی شہرہ آفاق تصنیف ہے۔میاں محمد بخش کے علاوہ اور کن شخصیات نے سیف الملوک لکھی؟

ج:۔ احمد یار، مولوی لطف اللہ

س:۔ سرائیکی شاعر خواجہ غلام فرید کا اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ خورشید عالم

س:۔ کس شاعر نے روہی (چولستان) کو اپنے کلام میں استعمال کیا؟

ج:۔ خواجہ غلام فرید

س:۔ مشہور شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی کا سلسلہ نسب کس خلیفہ راشد سے جاملتا ہے؟

ج:۔ حضرت علیؓ سے

س:۔ مشہور شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی کس مغل بادشاہ کے دور میں پیدا ہوئے؟

ج:۔ اورنگزیب عالمگیر

س:۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی کے بزرگ کہاں سے آکر سندھ میں آباد ہوئے تھے؟

ج:۔ ہرات سے

س:۔ شاہ عبدالطیف بھٹائی کو بھٹائی کیوں کہتے ہیں؟

ج:۔ بھٹائی، بھٹ سے نکلا ہے۔سندھی زبان میں بھٹ ٹیلے کو کہتے ہیں چونکہ شاہ عبدالطیف بھٹائی کا قیام ٹیلے پر تھا اس لئے نام کے ساتھ بھٹائی پڑ گیا۔

س:۔ شاہ عبدالطیف بھٹائی نے کتنے برس عمر پائی؟

ج:۔ زیادہ راویوں کے مطابق 63 سال (بعض کے نزدیک 64،65 سال)

س:۔ صوبہ سندھ کس شاعر نے شاہ عبدالطیف بھٹائی کے کلام ''شاجو رسالو'' کا اُردو میں ترجمہ کیا؟

ج:۔ شیخ ایاز

س:۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی کے کلام کا جرمن زبان میں ترجمہ کس خاتون نے کیا ہے؟

ج:۔ ڈاکٹر این میری شمل

س:۔ پشتو شاعری میں سنہری دور کونسے شاعر کے دور کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ خوشحال خان خٹک

س:۔ خوشحال خان خٹک کس مغل بادشاہ کے دور میں پیدا ہوئے؟

ج:۔ جہانگیر

س:۔ خوشحال خان خٹک نے کتنے اشعار یادگار چھوڑے؟

ج:۔ 40ہزار

س:۔ خوشحال خان خٹک کا انتقال کب اور کتنی عمر میں ہوا؟

ج:۔ فروری1689ء، 78سال

س:۔ پشتو کی مقبول ترین شاعری کی صنف کونسی ہے؟

ج:۔ ٹپا

س:۔ پشتو کی پہلی نظم کس نے لکھی تھی؟

ج:۔ امیر کروڑ (جہان پہلوان)

س:۔ پشتو کے عظیم شاعر اور ادیب جو جنوری 1990ء میں انتقال کر گئے تیس سال تک ریڈیو پاکستان پشاور سے منسلک رہے اور اقبال کی مثنوی رموزِ بے خودی کا پشتو میں ترجمہ کیا۔کونسا نام ذہن میں آتا ہے؟

ج:۔ سمندر خان سمندر

س:۔ حافظ شیرازی اور رحمان بابا کے دیوانوں میں کیا بات مشترک ہے؟

ج:۔ پشتو زبان کے لوگ ان کے دیوانوں سے فال نکالتے ہیں۔

س:۔ حافظ شیرازی، حافظ تخلص کیوں استعمال کرتے تھے؟

ج:۔ کیونکہ وہ قرآن مجید کے حافظ تھے۔

س:۔ رحمان بابا کی شاعری میں ایران کے کس شاعر کا رنگ جھلکتا ہے؟

ج:۔ حافظ شیرازی

س:۔ فارسی زبان کے پہلے صاحب دیوان شاعر کون تھے؟

ج:۔ رُودکی

س:۔ بین الاقوامی طور پر فارسی کا عظیم ترین شاعر کسے مانا گیا ہے؟

ج:۔ شیخ سعدیؒ

س:۔ مشہور رزمیہ نظم ''شاہنامہ'' کے خالق کا نام بتادیں؟

ج:۔ فردوسی

س:۔ فردوسی کی کتاب ''شاہنامہ'' میں اشعار کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 60ہزار

س:۔ باغ و بہار کو قصہ چہار درویش بھی کہتے ہیں اس کا سب سے پہلا فارسی ترجمہ کس نے کیا؟

ج:۔ امیر خسرو

س:۔ جام ترک اور مست توکلی بلوچی زبان کے شاعر ہیں ان میں کونسا پہلے دور کا شاعر ہے؟

ج:۔ جام ترک

س:۔ بلوچی شاعری میں تغزل کا شاعر کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ جام دُرک

س:۔ بلوچی شاعر جام درک نے کتنی کتابیں لکھیں ہیں؟

ج:۔ جام درک نے بذاتِ خود کوئی کتاب نہیں لکھی۔اس کی شاعری سینہ بہ سینہ ہے۔

س:۔ بلوچی شاعر مست توکلی کی زندگی میں ایک نام کو مرکزی حیثیت حاصل تھی وہ نام کونسا تھا؟

ج:۔ سمو

س:۔ بلوچی شاعر مست توکلی کا اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ سہراب خان

س:۔ مست توکلی نے اپنی تدفین کیلئے کیا وصیت کی تھی؟

ج:۔ اس نے کہا کہ میری لاش اونٹ پر رکھ دی جائے جہاں اونٹ ٹھہر جائے وہیں میری قبر بنادی جائے۔

س:۔ بلوچی شاعر مست توکلی کا مزار کہاں ہے؟

ج:۔ کوہلو سے 20 میل کے فاصلے پر میدان میں

س:۔ عمر خیام کا فلسفہ کیا ہے اور خیام کا مطلب کیا ہے؟

ج:۔ عمر خیام کا فلسفہ ہے کہ جو کچھ ہے آج ہے کل کا بھروسہ نہیں

یہ صبح رہے شام رہے میں نہ رہوں ، یہ گردشِ ایام رہے میں نہ رہوں

میں کل کا بھروسہ نہیں کرتا ساقی ممکن ہے کل جام رہے میں نہ رہوں

خیام کا مطلب ہے خیمے بنانے والا

س:۔ انسائیکلوپیڈیا کا اردو مترادف کیا ہے؟

ج:۔ دائرۃ المعارف

س:۔ دیوان اور مجموعہ کلام میں کیا فرق ہوتا ہے؟

ج:۔ دیوان میں حروف تہجّی کی ترتیب کو ملحوظ خاطر رکھا جاتا ہے جبکہ مجموعہ کلام اس قسم کی قید سے آزاد ہوتا ہے۔

س:۔ مرزا سودا نے بہت سے شہر آشوب لکھے ہیں یہ شہر آشوب کیا ہوتا ہے؟

ج:۔ شاعری کی وہ قسم جس میں کسی شہر کی تباہی و بربادی کا ذکر ہوتا ہے۔

س:۔ اردو شاعری میں ردیف کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ عرب میں گھوڑے یا اونٹ کی پیٹھ پر پیچھے جو شخص بیٹھا ہوتا ہے اُسے ردیف کہتے ہیں اسی طرح شعر و شاعری میں ردیف ہمیشہ کافیہ کے بعد آتا ہے ردیف کے لغوی معنی صف کے ہیں شاعری کی اصطلاح میں ردیف سے مراد وہ کلمہ یا کلمات جو کسی غزل یا شعر یا مصرع کے آخر میں کافیہ کے بعد بار بار آتے ہیں۔

س:۔ اُردو کے کس شاعر کی انگریز حکومت نے بغاوت کے الزام میں اس کی ساری جائیداد ضبط کر لی تھی؟

ج:۔ نواب مصطفیٰ خان شیفتہ

س:۔ برطانوی پارلیمنٹ نے رسالہ ''اسباب بغاوتِ ہند'' لکھنے پر سر سید احمد خان کو کیا سزا تجویز کی تھی؟

ج:۔ سزائے موت

س:۔ مولانا حسرت موہانی نے تعلیم مکمّل کرنے کے بعد کس شعبے سے وابستگی اختیار کی؟

ج:۔ کسی شعبے میں ملازمت اختیار نہیں کی بلکہ شعر و شاعری کرتے رہے۔

س:۔ مولانا حسرت موہانی کا اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ سید ابوالفضل الحسن

س:۔ انگریز حکومت کے خلاف ایک آرٹیکل لکھنے پر مولانا حسرت موہانی کو چار سال قید اور پانچ سو روپے جرمانہ ہوا انہیں ایک سال تک کیا مسلسل مشقت کاٹنی پڑی؟

ج:۔ باقاعدہ چکی پیسنی پڑی اور روزانہ ایک من آٹا پسوایا جاتا تھا۔

س:۔ مولانا حسرت موہانی نے کتنے برس عمر پائی؟

ج:۔ 73 برس

س:۔ میر تقی میر کی وفات کے وقت غالب کی عمر کتنی تھی؟

ج:۔ 13 سال ایک ماہ اور 12 دن

س:۔ مرزا غالب نے ابتدائی شاعری میں کس فارسی شاعر کی تقلید کی؟

ج: عبدالقادر بیدل

س:۔ 15 فروری کو اُردو اور فارسی کے کونسے عظیم شاعر کی برسی منائی جاتی ہے؟

ج:۔ مرزا غالب

س:۔ مرزا غالب پر سب سے پہلے کتاب کس نے لکھی؟

ج:۔ الطاف حسین حالی نے 1897ء میں یادگار غالب

س:۔ اُردو کی پہلی قومی نظم اور سب سے بڑی نظم مسدس حالی یا مدو جزر اسلام ہے یہ کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

ج:۔ 2800

س:۔ الطاف حسین حالی ۔نے سر سید احمد خان کی زندگی پر کونسی کتاب لکھی تھی؟

ج:۔ حیات جاوید

س:۔ مولانا الطاف حسین حالی شاعری میں اُردو کے کس شاعر کے شاگرد تھے؟

ج:۔ مرزا غالب

س:۔ آغا شورش کاشمیری نے یکم جنوری 1949ء کو کونسا ہفت روزہ جاری کیا؟

ج:۔ چٹان

س:۔ مثنوی سحر بیان، خواجہ میر حسن نے لکھی ہے یہ بتایئے مثنوی زہر عشق کس نے لکھی ہے؟

ج:۔ نواب مرزا شوق

س:۔ بیت الغزل، غزل میں سب سے اچھے شعر کو کہتے ہیں یہ بتایئے غزل میں کم از کم کتنے اشعار ہونے چاہییے؟

ج:۔ پانچ

س:۔ مزدور شاعر، پاکستان کے کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ احسان دانش

س:۔ احسان دانش کو کس کتاب پر آدم جی ایوارڈ ملا تھا؟

ج:۔ جہان دانش

س:۔ وہ کونسے شاعر تھے جو اپنی زندگی ہی میں اپنے نام کے ساتھ مرحوم لکھا کرتے تھے؟

ج:۔ جوش ملیح آبادی

س:۔ شاعر انقلاب جوش ملیح آبادی کی آخری آرام گاہ کہاں ہے؟

ج:۔ اسلام آباد

س:۔ 2 مارچ 1972ء کو اُردو کے کس نامور شاعر کا انتقال ہوا؟

ج:۔ ناصر کاظمی

س:۔ مشہور شاعر جعفر طاہر کس شہر کے رہنے والے تھے؟

ج:۔ جھنگ (ستارہ انقلاب ہفت کشور مشہور مجموعہ کلام ہیں)

س:۔ شاعرِ رومان اختر شیرانی کی قبر کس شہر میں ہے؟

ج:۔ لاہور

س:۔ فیض احمد فیض کے والد کا نام کیا تھا؟

ج:۔ بیرسٹر سلطان احمد

س:۔ فیض احمد فیض نے کتنی عمر میں شعر کہنا شروع کیئے؟

ج:۔ 9 سال کی عمر میں

س:۔ فیض احمد فیض نے صرف ایک مرثیہ لکھا یہ بتایئے فیض احمد فیض کو لینن پرائز کب ملا؟

ج:۔ 1962ء

س:۔ یہ بتایئے فیض احمد فیض نے کب وفات پائی؟

ج:۔ 20 نومبر 1984ء

س:۔ پاکستان کے کونسے مزاح نگار کا انتقال لندن میں ہوا؟

ج:۔ ابن انشاء

س:۔ ''آج کی پکائیے پلیے تیرا کی خیال اے'' یہ نظم کس مزاح نگار نے لکھی ہے؟

ج:۔ پروفیسر انور مسعود

س:۔ ''انسان عظیم ہے خدایا'' کس شاعر کی تخلیق کردہ نظم ہے؟

ج:۔ احمد ندیم قاسمی

س:۔ پنجاب کی دیہی زندگی کا انسائیکلوپیڈیا، پاکستان کے کس ادیب، شاعر کے افسانوں کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ احمد ندیم قاسمی

س:۔ ''ترنجن'' کے خالق احمد راہی کا اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ خورشید احمد

س:۔ اُردو کے مشہور شاعر مصحفی کا اصل نام غلام ہمدانی تھا یہ بتایئے آغا شورش کاشمیری **کا** اصل نام کیا تھا؟

ج:۔ عبدالکریم

س:۔ سعادت حسن منٹو کا انتقال کب ہوا اور ان کی آخری آرام گاہ کہاں ہے؟

ج:۔ 18 جنوری 1955ء کو، میانی صاحب قبرستان، لاہور

س:۔ حفیظ جالندھری کا انتقال کب ہوا اور ان کی آخری آرام گاہ کہاں ہے؟

ج:۔ 22 دسمبر 1982ء لاہور میں اقبال پارک کے سبزہ زار میں

س:۔ نامور شاعر قتیل شفائی کا اصل نام کیا تھا اور ان کی آخری آرام گاہ کہاں ہے؟

ج:۔ اورنگزیب، میانی صاحب قبرستان، لاہور

س:۔ ترکی زبان کا دوسرا بڑا شاعر کس مغل بادشاہ کو کہا جاتا ہے ؟

ج:۔ ظہیرالدین بابر

س:۔ رستم اور سہراب فارسی کی مشہور نظم شاہنامہ فردوسی کے دو کردار ہیں یہ بتایئے شیخ چلی کون تھے؟

ج:۔ یہ ایک فرضی کردار تھا۔

س:۔ بابا فرید اور خواجہ فرید کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

ج:۔ کوئی رشتہ نہیں تھا دونوں صوفی بزرگ تھے۔

س:۔ ''راجہ گدھ'' (ناول) بانو قدسیہ کا تحریر کردہ ہے یہ بتایئے مشہور ناول ''اُداس نسلیں'' کس کا تحریر کردہ ہے؟

ج:۔ عبداللہ حسین

س:۔ مشہور ناول ''الکھ نگری'' اور ''علی پور کا ایلی'' کس کے تحریر کردہ ہیں؟

ج:۔ ممتاز مفتی

س:۔ مشہور ناول ''خدا کی بستی'' کس مصنف کا تحریر کردہ ہے؟

ج:۔ شوکت صدیقی

س:۔ مشہور تاریخی تصنیف ''مقدمہ'' کا مصنف کون ہے؟

ج:۔ ابن خلادون

س:۔ یہ بتائیے ''تاریخ فرشتہ'' کا مصنف کون ہے؟

ج:۔ محمد قاسم فرشتہ

س:۔ ''روشنی'' مصطفیٰ زیدی کا مجموعہ کلام ہے۔ ''روشنی اے روشنی'' کس کا مجموعہ کلام ہے؟

ج:۔ شکیب جلالی

س:۔ ''شبِ رفتہ'' مجید امجد کا شعری مجموعہ ہے یہ بتائیے ''بیاض'' کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

ج:۔ سلیم احمد

س:۔ ''پریشر ککر'' کس مصنف کا تحریر کردہ ہے؟

ج:۔ صدیق سالک

س:۔ ''غبارِ راہ'' مولانا ابوالکلام آزاد کی تصنیف ہے یہ بتایئے غبارِ خاطر کس ادیب کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

ج:۔ مولانا ابوالکلام آزاد (یہ خطوط آپ نے احمد نگر قلعے میں چار سالہ قید کے دوران اپنے دوست کو لکھے جو کہ اردو ادب میں کلاسیک کا درجہ رکھتے ہیں)

س:۔ ہندوستان میں ''تذکرہ'' نام سے کتابیں کن مشہور شخصیات نے لکھیں ہیں؟

ج:۔ مولانا ابوالکلام آزاد اور علامہ عنایت اللہ مشرقی

س:۔ ''ابن بطوطہ کے تعاقب میں'' کس کی تصنیف ہے؟

ج:۔ ابن انشا

س:۔ ''سرگزشت'' کس مشہور مصنّف کی تحریر کردہ کتاب ہے؟

ج:۔ عبدالمجید سالک

س:۔ ''زرگزشت'' کس مشہور مصنّف کی تحریر کردہ کتاب ہے؟

ج:۔ مشتاق یوسفی

س:۔ موجِ تبسّم، بحرِ تبسّم، سیلاب تبسّم اور طوفان تبسّم کے مصنّف کون ہیں؟

ج:۔ شوکت تھانوی

س:۔ ''آب حیات'' مولانا محمد حسین آزاد کی تحریر کردہ ہے یہ بتایئے جانورستان کس کی تصنیف ہے؟

ج:۔ مولانا محمد حسین آزاد

س:۔ اُردو کے یہ چند ڈرامے ترکی حور، خوبصورت بلا، قید ہوس اور رستم وسہراب کس کے تحریر کردہ ہیں؟

ج:۔ آغا حشر کاشمیری

س:۔ یہ بتایئے کشف المحجوب کس کی تصوف پر تصنیف کردہ کتاب ہے؟

ج:۔ حضرت سید علی بن عثمان جلابی المعروف داتا گنج بخش ہجویری

س:۔ ''بوستان'' اور ''گلستان'' فارسی کی دو مشہور کتابیں ہیں ان کا مصنّف کون ہے؟

ج:۔ شیخ سعدی

س:۔ اُنس کے معنی لگاؤ، محبّت کے ہیں یہ بتایئے اِنس کے کیا معنی ہے؟

ج:۔ انسان

س:۔ حمد کی جمع حمود ہے۔ غلام کے معنی لڑکے ہیں یہ بتایئے اس کی جمع کیا ہے؟

ج:۔ غلمان

س:۔ عندلیب کی جمع عنادل ہے یہ بتایئے مرثیے کی جمع کیا ہے؟

ج:۔ مراثی

س:۔ شیخ کی جمع شیوخ اور شیوخ کی جمع کیا ہے؟

ج:۔ مشائخ

س:۔ خبر کے مجموعے کو اخبار کہتے ہیں یہ بتایئے انصار کی واحد کیا ہے؟

ج:۔ ناصر

س:۔ حاسد کی جمع حساد ہے یہ بتایئے لفظ اول کی جمع کیا ہے؟

ج:۔ اوائل

س:۔ اردو میں ''زمین گلنار ہونا'' کا کیا مطلب ہے؟

ج:۔ سُرخ پھولوں سے زمین بھر جانا، زمین خون سے تر و تر ہو جانا

س:۔ ''پیٹ میں داڑھی ہونا'' سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ بچپن میں ہی عقل کی باتیں کرنا، بہت ذہین ہونا

س:۔ ''ہڈیوں کی مالا ہو جانا'' سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ سوکھ کر کانٹا ہو جانا

س:۔ ''پانچوں سوالوں میں نام لکھوانا'' سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ خواہ مخواہ مشہور ہونے کی کوشش کرنا

س:۔ ''بیروں میں گٹھلیاں ملانا'' سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ گڈ مڈ کر دینا، بنی بنائی بات کو بگاڑ دینا

س:۔ اردو میں ''خالہ چاندی کا کنبہ'' سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ جب سارا گھر کا گھر نالائق ہو تو اُس وقت یہ کہتے ہیں۔

س:۔ ''دیدے سفید ہونا'' کا مطلب کیا ہے؟

ج:۔ اندھا ہونا، نظر نہ آنا

س:۔ ''زمین پکڑ کر بیٹھ جانا'' سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ جم کر بیٹھ جانا

س:۔ حشر بزپا ہے، حشر کر دیا، حشر کا منظر، اس میں حشر کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ جمع کرنا

س:۔ یہ بتایئے شب ماہ سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ چاندنی رات کو کہتے ہیں۔

س:۔ جاپانی ہائیکو تین مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے یہ بتایئے آزاد نظم کا آغاز کس ملک سے ہوا؟

ج:۔ فرانس

س:۔ ادب میں سب سے زیادہ نوبل پرائز کس ملک نے حاصل کیے ہیں؟

ج:۔ فرانس

س:۔ بابائے انگریزی ناول کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ سیموئل رچرڈسن

س:۔ جاسوسی دنیا کا مشہور کردار شرلاک ہومز کا خالق کون ہے؟

ج:۔ آرتھر کینن ڈائل

س:۔ ناول نگاری میں جاسوسی اور جرائم کی ملکہ کس ادیبہ کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ آگاتھا کرسٹی

س:۔ ہومر اور ملٹن دونوں میں سے کونسا شاعر نابینا تھا؟

ج:۔ دونوں نابینا تھے۔

س:۔ انگریزی کے کس شاعر نے اپنی نابینائی پر مشہور نظم لکھی؟

ج:۔ جان ملٹن

س:۔ اُس مشہور کردار کا نام بتائیں جس کے کردار پر مجموعی طور پر 23 ناول لکھے جا چکے ہیں اور دنیا کی 56 زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے؟

ج:۔ ٹارزن

س:۔ شیکسپیئر کے کل ڈراموں کی تعداد 37 ہے یہ بتایئے شیکسپیئر کے سب سے طویل ڈرامے کا نام کیا ہے؟

ج:۔ ہیملٹ

س:۔ کس مشہور ادیب کو فرانس کا ضمیر کہا جاتا ہے؟

ج:۔ ژاں پال سارتر

س:۔ دانتے اٹالین ادیب تھا یہ بتایئے والٹیئر کس زبان کا ادیب تھا؟

ج:۔ فرانسیسی

س:۔ مشہور فلاسفر، مصنف روسو کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج:۔ فرانس (انقلاب فرانس کا بانی)

س:۔ مشہور کہانی نویس مقوساں کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج:۔ فرانس

س:۔ جنگ اور امن (War and peace) لیو ٹالسٹائی کا مشہور ناول ہے اس کا مرکزی خیال کیا ہے؟

ج:۔ نپولین کے روس پر حملے کی داستان ہے۔

س:۔ کس نامور روسی ناول نگار پر ایک ریلوے اسٹیشن پر نمونیا کا حملہ اور اسی نمونیا میں اس کا انتقال ہو گیا؟

ج:۔ لیوٹالسٹائی

س:۔ 1971ء میں ادب کا نوبل پرائز چلی کے کس شاعر کو دیا گیا؟

ج:۔ پبلونورُوڈا

س:۔ عربی کے کس ناول نگار نے ادب میں پہلا نوبل پرائز حاصل کیا؟

ج:۔ نجیب محفوظ

س:۔ جرمنی کا کونسا ادبی انعام جرمن مفکر اور شاعر کے نام سے منسوب ہے؟

ج:۔ گوئٹے

س:۔ کہانیوں اور نظموں کا مشہور کردار رابن ہڈ کس ملک کا رہنے والا تھا؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ کس مشہور کتاب کا پہلا ایڈیشن اگست 1955ء میں شائع ہوا؟

ج:۔ گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ

س:۔ دیوانِ غالب کا پہلا شعر کونسا ہے؟

ج:۔ نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا

س:۔ شعر مکمّل کیجیے۔ اب کے بھی دن بہار کے گزر گئے۔

ج:۔ میر تقی میر نے صرف ایک مصرعہ کہا تھا۔

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

کھِلنا کم کم کلی نے سیکھا ہے تیری آنکھوں کی نیند خابی سے

ج:۔ میر تقی میر

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا کہتی ہے تجھ کو خلقِ خدا غائبانہ کیا

ج:۔ خواجہ حیدر علی آتش

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

جذبہ عشق سلامت ہے تو انشاء اللہ کچے دھاگے سے چلے آئیں گے سرکار بندھے

ج:۔ داغ دہلوی

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

شمع بجھتی ہے تو اس میں دھواں اُٹھتا ہے

شعلہ عشق سیاہ پوش ہوا میرے بعد

ج:۔ غالب

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟ پھرتے ہیں میر خوار کوئی پوچھتا نہیں

اس عاشقی میں عزت سادات بھی گئی

ج:۔ میر تقی میر

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

اس شہر بے چراغ میں تو جائے گی کہاں

آ، اے شبِ فراق تجھے گھر ہی لے چلیں

ج:۔ ناصر کاظمی

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

یوں کس طرح کٹے گا کڑی دھوپ کا سفر
سر پر خیالِ یار کی چادر ہی لے چلیں

ج:۔ ناصر کاظمی

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

یہ اعجاز ہے حُسن آوارگی کا
جہاں بھی گئے داستاں چھوڑ آئے

ج:۔ حبیب جالب

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

پھلا پھولا رہے یارب چمن میری اُمیدوں کا
جگر کا خون دے دے کر یہ بوٹے میں نے پالے ہیں

ج:۔ علامہ اقبال

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

یوں تو چھوٹی ہے ذات بکری کی
دل کو لگتی ہے بات بکری کی

ج:۔ علامہ اقبال

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

زیست ہمسائے سے مانگا ہوا زیور تو نہیں
ایک دھڑکا سا لگا رہتا ہے کھو جانے کا

ج:۔ محسن بھوپالی

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

میں نے مجنوں پہ لڑکپن میں اسد
سنگ اُٹھایا تھا کہ سر یاد آیا

ج:۔ غالب

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

دیوار کیا گری میرے خستہ مکاں کی
لوگوں نے میرے صحن میں رستے بنا لئے

ج:۔ سبط علی صبا

س:۔ شعر مکمّل کیجیے۔ وحشت میں ہر اک نقشہ اُلٹا نظر آتا ہے

ج:۔ مجنوں نظر آتی ہے لیلیٰ نظر آتا ہے

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

کون کہتا ہے کہ موت آئی تو میں مر جاؤں گا
میں تو دریا ہوں سمندر میں اُتر جاؤں گا

ج:۔ احمد ندیم قاسمی

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

میں اُس کی دسترس میں ہوں مگر وہ
مجھے میری رضا سے مانگتا ہے

ج:۔ پروین شاکر

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

نگہ بلند سخن دل نواز جاں پر سوز

یہی ہے رختِ سفر میر کارواں کیلئے

ج:۔ علامہ اقبال

س:۔ جرات کا یہ شعر مکمل کیجیے۔ اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی

ج:۔ اندھے کو اندھیرے میں بڑی دور کی سوجھی

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

ج:۔ خواجہ میر درد

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

دیکھا جو کھا کے تیر کمیں گاہ کیطرف

اپنے ہی دوستوں سے ملاقات ہوگئی

ج:۔ حفیظ جالندھری

س:۔ یہ ترانہ کس شاعر کی تخلیق ہے؟

تمہی سے اے مجاہدو جہاں کا ثبات ہے

شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے

ج:۔ عبدالمجید سالک

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

چراغ طور جلاؤ بڑا اندھیرا ہے ذرا نقاب اُٹھاؤ بڑا اندھیرا ہے

مجھے تمہاری نگاہوں پہ اعتماد نہیں مرے قریب نہ آؤ بڑا اندھیرا ہے

ج:۔ ساغر صدیقی

س:۔ شعر مکمّل کیجیے۔ نیند اُس کی ہے دماغ اس کا ہے راتیں اُس کی ہیں

ج:۔ تیری زلفیں جس کے بازو پر پریشاں ہو گئیں

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

یادِ ماضی عذاب ہے یارب

چھین لے مجھ سے حافظہ میرا

ج:۔ مرزا غالب

س:۔ شعر مکمّل کیجیے۔ داورِ حشر میرا نامہ اعمال نہ دیکھ

ج:۔ اس میں کچھ پردہ نشینوں کے بھی نام آتے ہیں۔

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

وہی میری کم نصیبی، وہی تیری بے نیازی

میرے کام کچھ نہ آیا یہ کمالِ نے نوازی

ج:۔ علامہ اقبال

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

یہاں کسی کو بھی کچھ حسبِ آرزو نہ ملا

کسی کو ہم نہ ملے اور ہم کو تو نہ ملا

ج:۔ ظفر اقبال

س:۔ شعر مکمّل کیجیے۔ تو ہی ناداں چند کلیوں پر قناعت کر گیا

ج:۔ ورنہ گلشن میں علاجِ تنگیٔ داماں بھی ہے۔

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

اور اب یہ کہتا ہوں یہ جرم تو روا رکھتا
میں عمر اپنے لیے بھی تو کچھ بچا رکھتا

ج:۔ مجید امجد

س:۔ مرزا غالب کا شعر مکمّل کیجیے۔ دل پھر طوافِ کوئے ملامت کو جائے ہے۔

ج:۔ پندار کا صنم کدہ ویراں کیئے ہوئے۔

س:۔ یہ شعر کس کا ہے؟

میری ہی عمر تھی جو میں نے رائیگاں سمجھی
کسی کے پاس نہ تھا ایک سانس وافر بھی

ج:۔ مجید امجد

س:۔ یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

خرد کا نام جنوں پڑ گیا جنوں کا نام خرد جو چاہے آپ کا حسنِ کرشمہ ساز کرے

ج:۔ مولانا حسرت موہانی

جغرافیائی معلومات

س:۔ زمین کا کل رقبہ 19 کروڑ 64 لاکھ 40 ہزار 4 سو مربع میل ہے اسمیں عالم اسلام کا کل رقبہ کتنا ہے؟

ج:۔ 1 کروڑ 10 لاکھ مربع میل

س:۔ کونسا براعظم دنیا کا مرکز کہلاتا ہے؟

ج:۔ ایشیا

س:۔ براعظم ایشیا کا رقبہ کل دنیا کے رقبے کا کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 29.7 فیصد

س:۔ براعظم ایشیا کی آبادی دنیا کی کل آبادی کا کتنے فی صد ہے؟

ج:۔ 61 فیصد

س:۔ براعظم افریقہ کا رقبہ کل دنیا کے رقبے کا کتنے فیصد ہے؟

ج:۔ 20.3 فیصد

س:۔ براعظم یورپ کا رقبہ کل زمینی رقبے کا کتنے فی صد ہے؟

ج:۔ 6.7 فیصد

س:۔ براعظم ایشیا دنیا کا مرکز کہلاتا ہے یہ بتایئے دنیا کا سب سے چھوٹا براعظم کونسا ہے؟

ج:۔ آسٹریلیا

س:۔ دنیا کے سب سے چھوٹے براعظم آسٹریلیا کا رقبہ کتنا ہے؟

ج:۔ 29 لاکھ 67 ہزار 902 مربع میل

س:۔ مسلم براعظم کی اصطلاح کس براعظم کے لیے استعمال کی جاتی ہے؟

ج:۔ براعظم افریقہ

س:۔ آبادی میں اضافے کی شرح کس براعظم میں سب سے زیادہ ہے؟

ج:۔ براعظم افریقہ

س:۔ براعظم شمالی امریکہ کا رقبہ زیادہ ہے یا جنوبی امریکہ کا؟

ج:۔ شمالی امریکہ

س:۔ براعظم ایشیا اور براعظم یورپ کو ملا کر کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ یوریشیا

س:۔ خط جدی، سرطان اور استوا تینوں کس براعظم سے گزرتے ہیں؟

ج:۔ براعظم افریقہ

س:۔ جنوبی امریکہ کے کن تین ممالک سے خطِ استوا گزرتا ہے؟

ج:۔ برازیل، ایکواڈور، کولمبیا

س:۔ کس سیاح نے سب سے پہلے خط استوا (Equater) کو دیکھا تھا؟

ج:۔ کسی نے بھی نہیں یہ ایک فرضی لائن ہے۔

س:۔ دنیا کے کل رقبے کا کتنے فیصد پانی پر مشتمل ہے؟

ج:۔ 70.8 فیصد

س:۔ قطب شمالی سے قطب جنوبی تک کا فاصلہ کتنا ہے؟

ج:۔ 7900 میل

س:۔ قطبین میں سے کونسا قطب زمین کے زیادہ قریب ہے؟

ج:۔ قطب جنوبی

س:۔ قطب شمالی زیادہ ٹھنڈا ہے یا قطب جنوبی؟

ج:۔ قطب جنوبی

س:۔ دنیا کے کل رقبے کا کتنے فیصد پہاڑوں پر مشتمل ہے؟

ج:۔ 5 فیصد

س:۔ ماؤنٹ ایورسٹ کو نیوزی لینڈ کے کوہ پیما ایڈمنڈ ہیلری نے کب تسخیر کیا؟

ج:۔ 29 مئی 1953ء

س:۔ کے۔ٹو کو سب سے پہلے اٹلی کے کوہ پیماؤں نے کب سر کیا؟

ج:۔ 31 جولائی 1954ء

س:۔ 29 مئی 1953ء کو ماؤنٹ ایورسٹ کو سر کرنے کے بعد چوٹی پر کونسے ممالک کا پرچم لہرایا گیا؟

ج:۔ بھارت، نیپال، برطانیہ اور اقوام متحدہ

س:۔ ماؤنٹ ایورسٹ کو سر کرنے کے لیے کس ملک سے باقاعدہ اجازت لینی پڑتی ہے؟

ج:۔ نیپال

س:۔ ماؤنٹ ایورسٹ کو نیپالی زبان میں کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ ساگرماتا(Sagarmatha)

س:۔ شرپا سے مراد کون لوگ ہیں؟

ج:۔ یہ لوگ نیپال کی سرحد پر رہتے ہیں اور کوہ پیمائی پر آنے والے لوگوں کی مدد کرتے ہیں۔

س:۔ Atlantic Ocean کو اردو میں بحرِ اوقیانوس کہتے ہیں یہ بتایئے دنیا کا دوسرا بڑا سمندر کونسا ہے؟

ج:۔ بحرِ اوقیانوس(Atlantic Ocean)

س:۔ دریائے نیل جھیل وکٹوریہ سے نکلتا ہے یہ کس سمندر میں جا گرتا ہے؟

ج:۔ بحیرہ روم(Mediterranean Sea)

س:۔ دریائے ایمزون جھیل پیرو سے نکلتا ہے یہ کس سمندر میں جا گرتا ہے؟

ج:۔ بحر اوقیانوس(Atlantic Ocean)

س:۔ دریاؤں کا بادشاہ کس دریا کو کہتے ہیں؟

ج:۔ ایمزون

س:۔ دریائے ڈارلنگ آسٹریلیا میں بہتا ہے یہ بتایئے دریائے چرچل کس ملک میں ہے؟

ج:۔ کینیڈا

س:۔ دریائے والگا کس براعظم کا سب سے لمبا دریا ہے؟

ج:۔ یورپ

س:۔ لندن دریائے ٹیمز کے کنارے ہے یہ بتایئے ماسکو کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج:۔ دریائے والگا

س:۔ عراق کا شہر بغداد دریائے دجلہ کے کنارے آباد ہے یہ بتایئے عراق کا شہر کوفہ کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج:۔ دریائے فرات

س:۔ دریائے فرات کس ملک سے نکلتا ہے؟

ج:۔ ترکی

س:۔ دریائے بیاس کہاں سے نکلتا ہے؟

ج:۔ کوہ ہمالیہ

س:۔ ہمالیہ سنسکرت زبان کا لفظ ہے اس کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ برف کا گھر

س:۔ دنیا کا واحد دریا جو جنوب سے شمال کی طرف بہتا ہے اور بحیرہ روم میں جا گرتا ہے؟

ج:۔ دریائے نیل

س:۔ دنیا میں سب سے زیادہ دریا کس سمندر میں گرتے ہیں؟

ج:۔ بحراوقیانوس (Atlantic Ocean)

س:۔ سپین کی مسجد قرطبہ کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

ج:۔ دریائے قبیل

س:۔ بنگلہ دیش میں کل کتنے چھوٹے بڑے دریا اور ندی نالیاں ہیں؟

ج:۔ 230

س:۔ شط العرب سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ وہ جگہ جہاں دریائے دجلہ وفرات ملتے ہیں۔

س:۔ کویت کا سب سے بڑا دریا کونسا ہے؟

ج:۔ کویت میں کوئی دریا نہیں ہے۔

س:۔ چین کے سب سے بڑے دریا کا نام بتادیں؟

ج:۔ ینگ سی کیانگ

س:۔ یورپ کی سب سے بڑی بندرگاہ ہیمبرگ (جرمنی) ہے یہ بتایئے فرانس کی سب سے بڑی بندرگاہ کونسی ہے؟

ج:۔ مارسیز

س:۔ افغانستان کی سب سے بڑی بندرگاہ کا کیا نام ہے؟

ج:۔ کوئی بندرگاہ نہیں ہے۔نہ ہی کوئی ریلوے لائن ہے افغانستان پہاڑی ملک ہے۔

س:۔ بھوٹان کی سب سے مشہور بندرگاہ کونسی ہے؟

ج:۔ بھوٹان میں کوئی بندرگاہ نہیں ہے۔

س:۔ کولکتہ کی بندرگاہ کس سمندر کے کنارے واقع ہے؟

ج:۔ کسی سمندر پر واقع نہیں یہ دریائے ہُگلی پر ہے۔

س:۔ بندرعباس، ایران کی بندرگاہ ہے یہ بتایئے بن غازی کس ملک کی بندرگاہ ہے؟

ج:۔ لیبیا

س:۔ دارالسلام، تنزانیہ کی بندرگاہ ہے یہ بتائیے محمد یہ کس ملک کی بندرگاہ ہے؟

ج:۔ مراکش

س:۔ پورٹ راشد نامی بندرگاہ متحدہ عرب امارات کی کس ریاست میں ہے؟

ج:۔ دبئی

س:۔ اسلامی دنیا کا سب سے بڑا ڈیم کون سا ہے؟

ج:۔ تربیلا ڈیم

س:۔ جہاں سالانہ پانچ انچ سے کم بارش ہو اُسے جغرافیائی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ صحرا یا ریگستان

س:۔ صحراؤں کی سرزمین کس براعظم کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ براعظم افریقہ

س:۔ براعظم یورپ کا سب سے بڑا صحرا کونسا ہے؟

ج:۔ یورپ میں کوئی صحرا نہیں ہے۔

س:۔ چلی کا وہ کونسا صحرا ہے جس میں آج تک بارش کا ایک قطرہ بھی ریکارڈ نہیں کیا گیا؟

ج:۔ ایٹا کیما (Atacama)

س:۔ صحرائے گوبی کن دو ممالک میں واقع ہے؟

ج:۔ منگولیا اور چین

س:۔ صحرائے اعظم میں زیادہ سے زیادہ کتنے فٹ اونچے ریت کے تودے دیکھے گئے ہیں؟

ج:۔ 600 فٹ

س:۔ بادِ سموم کس قسم کی ہوا کو کہتے ہیں؟

ج:۔ یہ ایک زہریلی ہوا ہے جو ریگستانوں میں چلتی ہے اور بسا اوقات اتنی شدت سے

چلتی ہے کہ ریگستان کا جہاز یعنی اونٹ بھی اس کی زد سے بچنے کیلئے اپنا منہ ریت میں چھپا لیتا ہے۔

س:۔ نہر سویز کی تعمیر سے یورپ اور آسٹریلیا کے درمیان کتنا سفر کم ہو گیا تھا؟

ج:۔ ایک ہزار میل

س:۔ کس نہر کی تعمیر کے دوران پچیس ہزار افراد زندگی ہار گئے تھے؟

ج:۔ نہر پانامہ

س:۔ دنیا کی سب سے مشہور نہر، نہر سویز ہے یہ بتایئے نہر سویز بڑی ہے یا نہر پانامہ؟

ج:۔ نہر سویز

س:۔ نہر سویز کی تعمیر میں کتنا عرصہ صرف ہوا؟

ج:۔ 10 سال

س:۔ اسلامی دنیا کی طویل ترین جہاز سازی والی نہر کونسی ہے؟

ج:۔ نہر سویز (مصر) 100 میل لمبائی، 197 فٹ چوڑائی، 24 فٹ گہرائی

س:۔ بحرالکاہل اور بحراوقیانوس کو کونسی نہر ملاتی ہے؟

ج:۔ نہر پانامہ

س:۔ بحیرہ احمر اور بحیرہ روم کو ملانے والی نہر سویز کس ملک میں ہے؟

ج:۔ مصر

س:۔ Mediterranean Sea کو Mediterranean Sea کیوں کہتے ہیں؟

ج:۔ کیونکہ یہ دنیا کے وسط میں ہے۔

س: ۔دنیا کا گرم ترین سمندر بحیرہ قلزم ہے یہ بتایئے دنیا میں سب سے کم گہرا سمندر کونسا ہے؟

ج:۔ بحیرہ بالٹک

س:۔ وہ کونسا بحیرہ ہے جو 45 میل لمبائی 10 میل چوڑائی رکھتا ہے اور سطح سمندر سے 1300 فٹ نیچے ہے؟

ج:۔ بحیرہ مردار

س:۔ کس سمندر میں کھارا پانی سب سے زیادہ ہوتا ہے؟

ج:۔ بحیرہ مردار

س:۔ کونسا سمندر مصر کو سعودی عرب سے علیحدہ کرتا ہے؟

ج:۔ بحیرہ احمر

س:۔ یورپ اور امریکہ کے درمیان کونسا سمندر حائل ہے؟

ج:۔ بحراوقیانوس

س:۔ بحرِ ظلمات کو بحرِ اوقیانوس بھی کہتے ہیں اوقیانوس یونانی زبان کا لفظ ہے اس کے معنی کیا ہے؟

ج:۔ سمندر

س:۔ پر سکون سمندر بحرالکاہل کو کہتے ہیں یہ بتایئے بحرالکاہل کا نام بحرالکاہل کیوں رکھا گیا؟

ج:۔ کیونکہ اس میں طوفان بہت کم آتے ہیں اور سمندری لہریں بھی کم ہوتی ہیں۔

س:۔ Caspian Sea کن دو ممالک کے درمیان ہے؟

ج:۔ روس اور ایران

س:۔ دنیا کے تمام سمندروں کی اوسط گہرائی کتنی ہے؟

ج:۔ دو میل

س:۔ رقبے کے لحاظ سے تازہ (میٹھے) پانی کی سب سے بڑی جھیل کونسی ہے؟

ج:۔ جھیل سپیریر

س:۔ دنیا کی سب سے گہری جھیل کونسی ہےاور کہاں ہے؟

ج:۔ بیکال، روس

س:۔ ایشیاء کی سب سے بڑی میٹھے پانی کی جھیل کونسی ہے؟

ج:۔ جھیل وولر

س:۔ دنیا کی سب سے بلند آبشار اینجل کس ملک میں ہے؟

ج: وینزویلا

س:۔ دنیا کی مشہور ترین آبشار نیا گرا ہے یہ بتائیے آبشار نیا گرا کس دریا پر ہے؟

ج:۔ دریائے نیا گرا

س:۔ کونسی رود بار (Channel) 563 کلومیٹر لمبی اور 107 کلومیٹر چوڑی ہے؟

ج:۔ رود بار انگلستان

س:۔ زمین کا کل کتنے فیصد حصہ گلیشیئر پر مشتمل ہے؟

ج:۔ 9.7 فیصد

س:۔ ایشیا کا سب سے بڑا گلیشیر سیاچن کونسے پہاڑی سلسلے میں واقع ہے؟

ج:۔ قراقرم، لمبائی 47 میل

س:۔ درختوں میں گھرے ہوئے زمینی خطے کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ جنگل

س:۔ بین الاقوامی طور پر کسی بھی ملک کا جنگلات پر مشتمل رقبہ کتنا ہونا چاہیے؟

ج:۔ 25 فیصد

س:۔ دنیا کا کونسا ملک 70 فیصد جنگلات پر مشتمل ہے؟

ج:۔ ملائیشیا

س:۔ سندر بن کے جنگلات کس ملک میں پائے جاتے ہیں؟

ج:۔ بنگلہ دیش

س:۔ ماحول کو آلودگی سے بچانے کے لیے کونسے درخت لگانے چاہیے؟

ج:۔ وہ درخت جن کی طبعی عمر زیادہ ہوتی ہے مثلاً نیم، پیپل، جامن، شیشم، بڑ وغیرہ

س:۔ جاپان، کیوبا، برطانیہ، قبرص اور سری لنکا میں کیا قدر مشترک ہے؟

ج:۔ یہ سب جزائر پر مشتمل ہیں۔

س:۔ جزیرہ جافنا (Jafna) سری لنکا میں ہے یہ بتایئے سری لنکا کس سمندر کا جزیرہ ہے؟

ج:۔ بحر ہند

س:۔ براعظم (Continent) کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ خشکی کے بڑے بڑے قطعات کو براعظم کہتے ہیں۔

س:۔ واٹر ٹیبل (Water Table) سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ زیرزمین موجود پانی کی بالائی سطح

س:۔ مون سون ہوائیں کیا ہوتی ہیں؟

ج:۔ موسمی ہوائیں جو گرمیوں میں سمندر سے خشکی کی طرف چلتی ہیں اور سردیوں میں خشکی سے سمندر کی طرف چلتی ہیں۔

س:۔ آئس برگ (Ice Berg) کیا ہے؟

ج:۔ گلیشئر کے ٹوٹے ہوئے بڑے بڑے ٹکڑے جو سمندر میں تیرتے رہتے ہیں ان سے ٹکرا کر بحری جہاز تباہ ہو سکتا ہے۔

س:۔ خلیج (Gulf) کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ سمندر کا وہ حصہ جو خشکی میں دور تک چلا گیا ہو۔

س:۔ زیرزمین پانی کی سطح بلند ہو جائے تو زمین کو کونسی بیماری ہو جاتی ہے؟

ج:۔ سیم وتھور

س:۔ ارتفاع (Altitude) سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ سطح سمندر سے کسی مقام کی بلندی

س:۔ سعودی عرب ایک جزیرہ نما ہے یہ جزیرہ نما (Peninsula) کیا ہوتا ہے؟

ج:۔ جس کے ایک طرف خشکی اور باقی تین اطراف میں پانی یا سمندر ہو۔

س:۔ وہ ممالک جن کا کوئی ساحل نہیں ہوتا انھیں جغرافیائی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ Landlocked Countries

س:۔ اُندلس، ہسپانیہ اور سپین کہاں کہاں واقع ہیں؟

ج:۔ تینوں ایک ہی ملک کے نام ہیں۔

س:۔ ایتھوپیا اور حبشہ کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟

ج:۔ دونوں ایک ہی ملک کے نام ہیں۔

س:۔ کاسابلانکا، مراکش کا شہر ہے یہ بتایئے مراکش کا قومی ترانہ کتنے الفاظ پر مشتمل ہے؟

ج:۔ موسیقی پر مشتمل ہے۔

س:۔ دوسری جنگ عظیم میں اٹلی اور جرمنی کے ساتھ واحد ایشیائی ملک کونسا تھا؟

ج:۔ جاپان

س:۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد جرمنی کن چار ممالک کے زیر تسلّط آ گیا تھا؟

ج:۔ امریکہ، روس، برطانیہ، فرانس

س:۔ دیوار برلن 1961ء میں مشرقی جرمنی نے تعمیر کی تھی یہ بتایئے دیوار برلن کب ختم کی گئی؟

ج:۔ 3 اکتوبر 1990ء

س:۔ متحدہ جرمنی کے دارالحکومت کا نام بون ہے یہ بتایئے جدید جرمنی کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

ج:۔ چانسلر پرنس بسمارک

س:۔ جرمنی کا شہر نیورن برگ کس وجہ سے غیر معمولی شہرت رکھتا ہے؟

ج:۔ جرمنی کی شکست کے بعد 45-1944ء میں اس شہر میں نازی فوجی افسروں اور سیاست دانوں پر جنگی جرائم کے مقدمات چلائے گئے تھے۔

س:۔ 1971ء میں براعظم افریقہ کے ملک زائر کا نیا نام کیا رکھا گیا؟

ج:۔ کانگو

س:۔ کس واحد اسلامی ملک کے پاس ویٹو کا حق ہے؟

ج:۔ کسی اسلامی ملک کے پاس نہیں ہے۔

س:۔ ایران کے علاوہ اور کس ملک کا قومی پھول گلاب ہے؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ فلپائن کی کرنسی پیسو ہے یہ بتایئے تھائی لینڈ کی کرنسی کیا ہے؟

ج:۔ بھات

س:۔ روس کی پارلیمنٹ کو ڈوما کہتے ہیں یہ بتایئے جاپان کی پارلیمنٹ کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ ڈائیٹ

س:۔ ایران میں کالج کو دانش کدہ کہتے ہیں یہ بتایئے یونیورسٹی کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ دانش گاہ

س:۔ ایران میں پہلوی خاندان سے پہلے کس کی حکومت تھی؟

ج:۔ قاچار خاندان

س:۔ ایران کا پرانا نام پرشیا تھا (فارس) اس کا موجودہ نام ''ایران'' کب رکھا گیا؟

ج:۔ 11 مارچ 1935ء

س:۔ IRNA (اسلامک ریپبلک نیوز ایجنسی) کس ملک کی خبر رساں ایجنسی ہے؟

ج:۔ ایران

س:۔ مسلمانوں کا تاریخی شہر بغداد 1258ء میں کس کے ہاتھوں تباہ ہوا تھا؟

ج:۔ ہلاکو خان

س:۔ وہ کونسا خودمختار ملک ہے جو چین اور روس کے درمیان واقع ہے جہاں سے چنگیز خان حملہ آور ہوتا تھا؟

ج:۔ منگولیا

س:۔ وہ کونسا اسلامی ملک ہے جس کا رقبہ 8 لاکھ 30 ہزار مربع میل ہے لیکن کوئی دریا نہیں ہے؟

ج:۔ سعودی عرب

س:۔ نجد و حجاز کا نام سعودی عرب 1932ء میں رکھا گیا یہ بتایئے سعودی عرب ریاست کا وجود کب عمل میں آیا؟

ج:۔ 1932ء میں

س:۔ کس ملک کے باشندے سو فیصد مسلمان ہیں؟

ج:۔ سعودی عرب

س:۔ متحدہ عرب امارات 1971 میں برطانوی تسلّط سے آزاد ہوا یہ کتنے برس برطانوی تسلّط میں رہا؟

ج:۔ 150 برس

س:۔ متحدہ عرب امارات کا رقبہ کتنا ہے اور اس کا یومِ آزادی کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

ج:۔ 30 ہزار مربع میل، 02 دسمبر 1971

س:۔ متحدہ عرب امارات کا دارالحکومت ابوظہبی ہے یہ بتائیے ابوظہبی کا مطلب کیا ہے؟

ج:۔ ہرنوں کا باپ

س:۔ متحدہ عرب امارات کے قانون کے تحت کتنی عمر کے بچے کا سکول جانا ضروری ہے؟

ج:۔ 6 سال

س:۔ متحدہ عرب امارات کی سات ریاستیں کون کون سی ہیں؟

ج:۔ ابوظہبی، دوبئی، شارجہ، راس الخیمہ، فجوریہ، ام القوائن اور عجمان

س:۔ رقبے کے لحاظ سے متحدہ عرب امارات کی سب سے چھوٹی ریاست کون سی ہے؟

ج:۔ عجمان

س:۔ ابوظہبی اور دبئی کی برآمدات میں اہم اشیاء کونسی ہیں؟

ج:۔ تیل اور گیس

س:۔ سری لنکا کا سرکاری نام کیا ہے؟

ج:۔ Democratic Social Republic of Sri Lanka

س:۔ 1952ء میں کس مسلم ملک میں فوجی انقلاب کے نتیجے میں شاہ فاروق کا تختہ الٹ دیا گیا اور بادشاہت کا خاتمہ ہوا؟

ج:۔ مصر، جنرل نجیب نے خاتمہ کیا۔

س:۔ قدیم زمانے میں کس ملک کے بادشاہوں کو فرعون کہا جاتا تھا؟

ج:۔ مصر

س:۔ دنیا کی قدیم ترین عمارت کونسی ہے جواب تک موجود ہے؟

ج:۔ اہرام مصر

س:۔ یہ بتایئے اہرامِ مصر کی تعمیر کب سے کب تک کی گئی؟

ج:۔ 2700 سے 2500 قبل مسیح

س:۔ دنیا کے سات عجائبات میں اہرامِ مصر بھی شامل ہے یہ بتایئے اہرام مصر کی کل تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ 40

س:۔ ویلی آف دی کنگز (Valley of the Kings) نامی وادی کس ملک میں ہے؟

ج:۔ مصر

س:۔ شام نے 17 اپریل 1946ء کو کس ملک سے آزادی حاصل کی؟

ج:۔ فرانس سے

س:۔ ناپ تول کا اعشاری نظام بین الاقوامی طور پر سب سے پہلے کس ملک میں رائج ہوا؟

ج:۔ فرانس

س:۔ 14 جولائی 1789ء کو کس ملک میں انقلاب آیا؟

ج:۔ فرانس

س:۔ حریت (آزادی)، اخوت اور مساوات کس مشہور انقلاب کا نعرہ تھا؟

ج:۔ انقلاب فرانس

س:۔ فرانس کے پرچم کو ٹرائی کلر کہتے ہیں یہ بتایئے پیرس (فرانس) میں زمین دوز ریلوے اسٹیشن کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ میٹرو

س:۔ مصوروں کا ملک کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ فرانس

س:۔ ایڈز کی ابتداء افریقہ کے بندروں سے ہوئی تھی یہ بتایئے ایڈز کے وائرس کو کونسے ملک میں دریافت کیا گیا؟

ج:۔ فرانس

س:۔ یورپ کا بلحاظ رقبہ سب سے بڑا ملک یوکرائن ہے بلحاظ آبادی سب سے بڑا ملک کونسا ہے؟

ج:۔ جرمنی

س:۔ چین کے کس صوبے میں مسلمانوں کی 75 فیصد آبادی رہتی ہے؟

ج:۔ سنکیانگ

س:۔ سب سے زیادہ کس ملک میں لوگ سینما میں جاکر فلمیں دیکھتے ہیں؟

ج:۔ چین

س:۔ 30 جون 1997ء کو ہانگ کانگ میں کیا صورت حال پیش آئی؟

ج:۔ ہانگ کانگ برطانیہ سے عوامی جمہوریہ چین کے زیر تسلّط آ گیا۔

س:۔ چین کے کل رقبے کا کتنے فیصد رقبہ قابلِ کاشت ہے؟

ج:۔ 10 فیصد

س:۔ چین اور بھارت کی سرحدی لائن کا کیا نام ہے؟

ج:۔ میکموہن لائن

س:۔ لاطینی زبان مردہ زبانوں میں شمار ہوتی ہے یہ زبان کس ملک میں پروان چڑھی تھی؟

ج:۔ سلطنت روما

س:۔ مافیا ایک دہشت پسند تنظیم ہے اس کا تعلق کس ملک سے ہے؟

ج:۔ اٹلی (دوسری جنگ عظیم کے بعد اس کا عروج تھا)

س:۔ بنگلہ دیش کا دارالحکومت ڈھاکہ ہے یہ بتایئے ڈھاکہ کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ پوشیدہ، چھپا ہوا

س:۔ بنگلہ دیش کا رقبہ کتنا ہے اور کرنسی کیا ہے؟

ج:۔ 144000 مربع کلومیٹر، ٹکہ (Takka)

س:۔ بنگلہ دیش کی کتنے فیصد آبادی شہروں میں رہتی ہے؟

ج:۔ 16 فیصد

س:۔ بنگلہ دیش میں کتنے فیصد لوگوں کو بجلی کی سہولت میسر ہے؟

ج:۔ 25 فیصد

س:۔ بنگلہ دیش کے قومی شاعر کا نام کیا ہے؟

ج:۔ قاضی نذرالاسلام

س:۔ BSS کس مسلم ملک کی خبر رساں ایجنسی ہے؟

ج:۔ بنگلہ دیش

س:۔ ضیاء انٹرنیشنل ایئرپورٹ کس ملک میں ہے؟

ج:۔ بنگلہ دیش (ڈھاکہ)

س:۔ بنگلہ دیش کے پرچم میں کون سے دو رنگ ہوتے ہیں؟

ج:۔ سرخ اور سبز

س:۔ اگر آپ چانگی (Changi) ایئرپورٹ پر اتریں تو آپ کس ملک میں ہوں گے؟

ج:۔ سنگاپور

س:۔ کس ملک میں سانپ نہیں پائے جاتے؟

ج:۔ نیوزی لینڈ

س:۔ چڑھتے سورج کی سرزمین کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ جاپان

س:۔ جاپان کا کتنے فیصد حصہ پہاڑوں پر مشتمل ہے؟

ج:۔ 71 فیصد

س:۔ سو سال سے زائد عمر کے لوگ سب سے زیادہ کس ملک میں ہیں؟

ج:۔ جاپان

س:۔ مشرق بعید کے کس ملک میں خواتین کی عمر سب سے زیادہ ہے؟

ج:۔ جاپان

س:۔ جاپان میں کس رنگ کے گینڈے پائے جاتے ہیں؟

ج:۔ جاپان میں گینڈے پائے ہی نہیں جاتے۔

س:۔ ''گنزا'' کس ملک کا مشہور کاروباری بازار ہے؟

ج:۔ ٹوکیو (جاپان)

س:۔ کس یورپی ملک میں تمام سیاسی جماعتوں کو مالی امداد دی جاتی ہے؟

ج:۔ سویڈن

س:۔ براعظم یورپ کا سب سے بڑا جزیرہ کون سا ہے؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ کس ملک کی نو آبادیات ایک زمانے میں دنیا کے 1/4 حصے پر حاکم تھی؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ 1810ء میں یورپ کے کس ملک میں محتسب کا ادارہ قائم ہوا؟

ج:۔ سویڈن

س:۔ دنیا کی کس پارلیمنٹ کو مدر پارلیمنٹ کہا جاتا ہے؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ 1216ء میں کس ملک میں پارلیمنٹ کا قیام عمل میں آیا؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ برطانیہ میں پہلی با قاعدہ پارلیمنٹ کا قیام عمل میں کب آیا؟

ج:۔ 1295ء

س:۔ برطانوی آئین کتنی دفعات پر مشتمل ہے؟

ج:۔ آئین ہی نہیں ہے۔

س:۔ برطانیہ کا سب سے بڑا ایئر پورٹ کونسا ہے؟

ج:۔ ہیتھرو ایئر پورٹ

س:۔ لندن میں زیر زمین ریلوے کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ ٹیوب

س:۔ برطانیہ کے دو ایوانوں میں ایوان بالا کا نام ہاوس آف لارڈز ہے یہ بتائیے ایوانِ زیریں کا نام کیا ہے؟

ج:۔ ہاوس آف کامن

س:۔ برطانیہ میں کیبی (Caby) سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ ٹیکسی ڈرائیور

س:۔ کس برطانوی ملکہ نے سب سے زیادہ عرصہ تک حکومت کی؟

ج:۔ ملکہ وکٹوریہ (64 سال)

س:۔ برطانیہ کی لیبر پارٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟

ج:۔ 1900ء میں

س:۔ وکٹوریہ، فتح کی دیوی کا نام ہے یہ بتایئے تین نسلوں تک برطانیہ کی فتح کا نشان کیا تھا؟

ج:۔ وکٹوریہ کراس

س:۔ برطانیہ کی سب سے قدیم یونیورسٹی کونسی ہے؟

ج:۔ آکسفورڈ یونیورسٹی

س:۔ برطانیہ میں سب سے بڑے جج کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج:۔ لارڈ چانسلر

س:۔ جدید ترین اعداد وشمار کے مطابق سب سے زیادہ طلاقیں کس یورپی ملک میں ہوتی ہیں؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ پارلیمانی نظام حکومت کس ملک کی ایجاد ہے؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ کونسا ملک اب تک 450 ایٹمی دھماکے کر چکا ہے؟

ج:۔ امریکہ

س:۔ امریکی شہر شکاگو کی بنیاد 1803ء میں رکھی گئی یہ بتایئے امریکہ کا رقبہ کتنا ہے؟

ج:۔ 36 لاکھ 15 ہزار 123 مربع میل

س:۔ امریکی سیاست میں کونسی دو بڑی پارٹیاں الیکشن میں حصہ لیتی ہیں اور ان کے انتخابی نشان کیا ہیں؟

ج:۔ ریپبلکن (ہاتھی)، ڈیموکریٹک (گدھا)

س:۔ امریکہ کا قومی جانور سانڈ (Bull) ہے یہ بتایئے امریکہ کے محکمہ دفاع کا کیا نام ہے؟

ج:۔ پینٹا گان (Pentagon)

س:۔ امریکہ میں پٹرول کا خاص نام گیسولین ہے یہ بتایئے امریکی وزیر خارجہ کا سرکاری نام کیا ہے؟

ج:۔ سیکرٹری آف اسٹیٹ

س:۔ امریکی صدر انتخاب جیتنے کے بعد اپنے عہدے کا حلف کس مخصوص تاریخ کو اُٹھاتے ہیں؟

ج:۔ 20 جنوری

س:۔ مقابلہ حُسن کا آغاز کب اور کہاں سے ہوا؟

ج:۔ امریکہ میں، مس ورلڈ کا انعقاد 1951ء اور مس یونیورس کا انعقاد 1952ء میں ہوا۔

س:۔ امریکہ کو سب سے پہلے کس ملک نے تسلیم کیا؟

ج:۔ فرانس

س:۔ چین، بھارت، بنگلہ دیش، پاکستان، ویت نام، فلپائن، تھائی لینڈ اور انڈونیشیا میں دنیا کی کتنے فیصد آبادی رہتی ہے؟

ج:۔ 50 فیصد

س:۔ بھارت کا قومی پھول نیلوفر ہے یہ بتایئے بھارت کا رقبہ کتنا ہے؟

ج:۔ 32 لاکھ 87 ہزار 782 مربع کلومیٹر

س:۔ بھارت کا بلحاظ آبادی سب سے بڑا شہر کونسا ہے؟

ج:۔ کولکتہ

س:۔ کونسا آزاد ملک بھارت کی 22ویں آزاد ریاست بن گیا؟

ج:۔ سکم (1975ء میں)

س:۔ دنیا کے کس ملک کی سرحدیں پندرہ ممالک سے ملتی ہیں؟

ج:۔ چین

س:۔ ایشیا کے کس ملک کا کیلنڈر جانوروں کے نام سے منسوب ہے؟

ج:۔ چین

س:۔ سب سے زیادہ کس ملک میں لوگ سینما میں جا کر فلمیں دیکھتے ہیں؟

ج:۔ چین

س:۔ عوامی جمہوریہ چین کے شمال میں کونسا ملک ہے؟

ج:۔ منگولیا

س:۔ زرقا نام کا شہر اُردن میں ہے یہ بتایئے فیض نام کا شہر دنیا کے کس ملک میں ہے؟

ج:۔ مراکش

س:۔ افغانستان کی سرحدیں کن ممالک سے ملتی ہیں؟

ج:۔ پاکستان، ایران، چین، روس، ازبکستان

س:۔ افغانستان کے پرچم میں کون سے رنگ ہیں اور افغانستان کا گرم ترین شہر کونسا ہے؟

ج:۔ سرخ۔سفید۔کالا، جلال آباد

س:۔ وہ کونسا ملک ہے جو 1825ء میں آزاد ہوا اور اس میں اب تک 190 سے زائد انقلابات آچکے ہیں؟

ج:۔ بولیویا

س:۔ کیوبا کو 1492ء کس سیاح نے دریافت کیا تھا؟

ج:۔ کولمبس

س:۔ 1917ء میں کس ملک میں بادشاہت کا خاتمہ ہو گیا اور اشتراکی انقلاب آیا؟

ج:۔ روس

س:۔ 1922 میں دنیا کا کونسا ملک پہلی کمیونسٹ مملکت بنا؟

ج:۔ روس

س:۔ رقبے کے اعتبار سے سب سے بڑا اسلامی ملک کونسا ہے؟

ج:۔ قازقستان

س:۔ آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا اسلامی ملک کونسا ہے؟

ج:۔ انڈونیشیا

س:۔ اسلامی ممالک میں سب سے بڑا ساحل کس ملک کا ہے؟

ج:۔ انڈونیشیا

س:۔ اسلامی ممالک میں سب سے زیادہ سینما گھر کس ملک میں ہیں؟

ج:۔ انڈونیشیا

س:۔ رقبے اور آبادی کے لحاظ سے سب سے چھوٹا اسلامی ملک کونسا ہے؟

ج:۔ مالدیپ

س:۔ دنیا میں آزاد اور خودمختار ممالک سب سے زیادہ کس براعظم میں ہیں؟

ج:۔ افریقہ

س:۔ زیتون کے تیل کے لیے کونسا اسلامی ملک مشہور ہے؟

ج:۔ تیونس

س:۔ براعظم افریقہ میں کس سال کو آزادی کا سال کہتے ہیں؟

ج:۔ 1960ء اس سال 17 ممالک آزاد ہوئے تھے۔

س:۔ کس افریقی ملک نے سب سے پہلے آزادی حاصل کی؟

ج:۔ لیبیا

س:۔ یہ بتایئے ٹمبکٹو کیا چیز ہے؟

ج:۔ براعظم افریقہ کے ایک دور دراز ملک مالی کا ایک شہر ہے۔

س:۔ بابل کا موجودہ شہر عراق میں ہے یہ بتایئے میسو پوٹیمیا کس ملک کا پرانا نام ہے؟

ج:۔ عراق کا

س:۔ عراق میں کون کونسی زبانیں بولی جاتی ہیں اور اس کی کرنسی کیا ہے؟

ج:۔ عربی اور کُردِش، دینار

س:۔ 4 اگست 1949ء کو انڈونیشیا نے کس قوم سے آزادی حاصل کی تھی؟

ج:۔ ولندیزی

س:۔ لیبیا اور اُردن آزادی سے قبل کس یورپی ملک کے ماتحت تھے؟

ج:۔ اٹلی

س:۔ مصر اور عراق میں انسانی آبادکاری کا آغاز کب ہوا؟

ج:۔ 5ہزار قبل مسیح

س:۔ مشرق بعید کا کونسا ملک یکم جنوری 1984ء کو آزاد ہوا؟

ج:۔ برونائی دارالسلام

س:۔ برونائی دارالسلام براعظم ایشیا میں ہے اس کے دارالحکومت کا نام کیا ہے؟

ج:۔ طرابلس

س:۔ اسلامی دنیا کا امیر ترین ملک کونسا ہے؟

ج:۔ برونائی دارالسلام

س:۔ کس اسلامی ملک میں سب سے زیادہ شرح خواندگی ہے؟

ج:۔ مالدیپ

س:۔ کونسا ملک ایک ہزار سے زائد جزائر، 2.5 لاکھ آبادی اور 300 مربع کلومیٹر رقبے پر مشتمل ہے؟

ج:۔ مالدیپ

س:۔ کن مسلم ممالک کا شمار اقوامِ متحدہ کے بانی ممالک میں ہوتا ہے؟

ج:۔ سعودی عرب، شام، ایران، ترکی، لبنان، مصر، عراق

س:۔ ''کیپری'' سیاحوں کی جنت، خوبصورت پہاڑی جزیرہ کس ملک میں ہے؟

ج:۔ اٹلی

س:۔ کس اسلامی ملک میں کرومائیٹ کے ذخائر سب سے زیادہ ہیں؟

ج:۔ پاکستان

س:۔ مشرقِ وسطیٰ کے ممالک کون سے ہیں؟

ج:۔ ایران، ترکی، سعودی عرب، کویت، قطر، متحدہ عرب امارات، اسرائیل، فلسطین

س:۔ سوئٹزرلینڈ کے دارالحکومت کا نام برن ہے یہ بتایئے کس ملک میں مستقل فوج نہیں ہے؟

ج:۔ سوئٹزرلینڈ

س:۔ 1919ء میں راولپنڈی کے مقام پر کیا بین الاقوامی معاہدہ ہوا تھا؟

ج:۔ انگریزوں اور افغانستان کے درمیان ایک معاہدہ ہوا جس میں افغانستان کی خودمختاری کو تسلیم کیا گیا۔

س:۔ 30اپریل1975ءکو ویت نام کی مشہور جنگ کا خاتمہ ہوا یہ ویت نام کس براعظم میں ہے؟

ج:۔ ایشیا

س:۔ پاکستان، ترکی، اسرائیل اور لائبیریا کے پرچم میں کیا قدرِ مشترک ہے؟

ج:۔ سب میں ستارہ ہے۔

س:۔ دیوارِ چین تو چین میں ہے یہ بتایئے دیوار گریہ کہاں ہے؟

ج:۔ فلسطین میں (یروشلم)

س:۔ جنوبی کوریا کے دارالحکومت کا نام سیول ہے یہ بتایئے شمالی کوریا کے دارالحکومت کا کیا نام ہے؟

ج:۔ پیانگ یانگ

س:۔ سیام کس موجودہ ملک کا پرانا نام تھا؟

ج:۔ تھائی لینڈ

س:۔ اناطولیہ(Anatolia)ترکی کی خبر رساں ایجنسی ہے یہ بتایئے ترکی کی کرنسی کیا ہے؟

ج:۔ ترکش لیرا

س:۔ ترکی کا یورپ میں کتنے فیصد حصہ ہے؟

ج:۔ 3فیصد

س:۔ اسرائیل کی سرکاری زبان کونسی ہے؟

ج:۔ ہبرانی

س:۔ ویٹی کن سٹی کس حکومت کے ماتحت ہے؟

ج:۔ یہ ایک آزاد ریاست ہے۔

س:۔ امریکہ کی ریاست الاسکا اور پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں کیا بات مشترک ہے؟

ج:۔ دونوں امریکہ کی ریاست الاسکا اور پاکستان کا صوبہ بلوچستان رقبے کے اعتبار

سب سے بڑے جبکہ آبادی کے اعتبار سے سب سے چھوٹے ہیں۔

س:۔ دنیا میں سب سے کم آبادی والا ملک کونسا ہے؟

ج:۔ ویٹی کن سٹی

س:۔ چیک ریپبلک سنٹرل یورپ میں واقع ہے اس کے دارالحکومت کا کیا نام ہے؟

ج:۔ پراگ

س:۔ تاشقند، ازبکستان کا دارالحکومت ہے یہ بتایئے دوشنبے کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

ج:۔ تاجکستان

س:۔ پاکستان کے علاوہ ایسے ممالک کا نام بتائیں جن کے نام کیساتھ اسلامی جمہوریہ لکھا جاتا ہے؟

ج:۔ ایران اور موریطانیہ

سائنسی معلومات

س:۔ اگر ہوا میں نمی کا تناسب 100 فیصد ہو جائے تو سائنسی اصطلاح میں کیا کہیں گے؟

ج:۔ نقطہ شبنم یا آغاز شبنم

س:۔ اگر ہوا 32 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چل رہی ہو تو اسے سائنسی اصلاح میں کیا کہیں گے؟

ج:۔ آندھی

س:۔ کس سائنسدان، حکیم اور فلاسفر نے سب سے پہلے جانوروں کی چیر پھاڑ کر کے اُن کی اندرونی ساخت کا انکشاف کیا؟

ج:۔ ارسطو

س:۔ 525 قبل مسیح میں دنیا کے گول ہونے کا تصور سب سے پہلے کس نے پیش کیا؟

ج:۔ فیثاغورث

س:۔ کائنات کیلئے Cosmic کا لفظ سب سے پہلے کس نے استعمال کیا؟

ج:۔ فیثا غورث

س:۔ سادہ ترین مشین لیور کو کہتے ہیں یہ بتایئے لیور کے قوانین کس سائنسدان کی دریافت ہیں؟

ج:۔ ارشمیدس

س:۔ ٹینک برطانیہ کی ایجاد ہے یہ بتایئے طیارہ شکن توپ سب سے پہلے کس ملک نے بنائی؟

ج:۔ جرمنی

س:۔ ٹیلی فون یونانی زبان کا لفظ ہے اس کے معنی کیا ہیں؟

ج:۔ دور کی آواز

س:۔ ٹیلی فون کا موجد ڈاکٹر گراہم بیل تھا یہ بتایئے مائیکروفون کا موجد کون تھا؟

ج:۔ ڈاکٹر گراہم بیل

س:۔ گراہم بیل نے ٹیلی فون پر سب سے پہلا پیغام کس کو دیا تھا؟

ج:۔ اپنے دوست واٹسن کو

س:۔ ریڈیو کی تاریخ میں پہلی خبر کب نشر ہوئی؟

ج:۔ 1916ء میں، پیٹرز برگ، امریکہ

س:۔ الیگزینڈر گراہم بیل کا تعلق اسکاٹ لینڈ سے تھا یہ بتایئے مارکونی کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج:۔ اٹلی

س:۔ ٹیلی ویژن 1926ء میں جان لوئی بیرڈ نے ایجاد کیا یہ بتایئے ایڈیسن نے بلب کب ایجاد کیا؟

ج:۔ 21 اکتوبر 1879ء

س:۔ تاریخ کے اُس عظیم ترین موجد کا نام بتائیں جس نے 1093 ایجادات رجسٹرڈ کروائیں؟

ج:۔ ایڈیسن

س:۔ بائیسکل سب سے پہلے کب اور کہاں ایجاد ہوئی؟

ج:۔ 1816ء میں پیرس میں پہلی بائیسکل لکڑی کی بنائی گئی۔

س:۔ کیمرے اور رنگین فوٹو گرافی کا موجد جارج ایسٹ مین ہے یہ بتایئے علامتی تحریر کا بانی کون تھا؟

ج:۔ سر آئزک پٹ مین

س:۔ علامتی تحریر(Short Hand) کا بانی 1813ء میں کس ملک میں پیدا ہوا؟

ج:۔ برطانیہ

س:۔ قطب نما چینی قوم کی ایجاد ہے یہ بتایئے شیشہ اور کاغذ کس ملک کی ایجاد ہیں؟

ج:۔ چین

س:۔ راکٹ کی مدد سے خلائی جہازوں کو خلا میں بھیجنا ممکن ہوا یہ بتایئے راکٹ کس ملک کی ایجاد ہے؟

ج:۔ چین

س:۔ دنیا میں پہلی بار بھاپ سے چلنے والا انجن جسے جارج اسٹیفن سن نے بنایا تھا یہ 12 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے کب چلایا گیا؟

ج:۔ 1825ء میں

س:۔ 1834ء میں پیرس کے سکول ماسٹر لوئی بریل نے نابینا افراد کے لیے کونسا سسٹم ایجاد کیا؟

ج:۔ بریل سسٹم

س:۔ 1850ء میں برطانیہ کے جیمز ہیری سن اور الیگزینڈر نے کیا چیز ایجاد کی جو تقریباً ہر گھر میں استعمال ہو رہی ہے؟

ج:۔ ریفریجریٹر

س:۔ 1903ء میں سائنس کی دنیا میں عجیب اور عظیم الشان واقع رونما ہوا وہ واقع کیا تھا؟

ج:۔ رائٹ برادران نے ہوائی جہاز ایجاد کیا۔

س:۔ گھڑی سب سے پہلے کس مسلمان سائنسدان نے بنائی تھی؟

ج:۔ علی بن تغلق اسعدی نے بغداد میں

س:۔ کیمیائے ترازو کا موجد محمد بن موسیٰ اشاکر تھا یہ بتایئے الخوزہ کس قوم کی ایجاد ہے؟

ج:۔ مصریوں کی

س:۔ فونٹین (Fountain) پن کا موجد کون تھا اور یہ کب ایجاد ہوا؟

ج:۔ واٹرمین، 1884ء میں

س:۔ کس سائنسدان نے دریافت کیا کہ زمین سورج کے گرد اپنا ایک چکر 365 دن 5 گھنٹے اور 49 منٹ میں مکمل کرتی ہے؟

ج:۔ عمر خیام

س: لیپ کے سال میں فروری 29 دن کا ہوتا ہے یہ بتایئے لیپ کا سال کس سائنسدان کی اختراع ہے؟

ج: عمر خیام

س:۔ موجودہ دور میں جو ریاضی پڑھائی جاتی ہے یہ کس مسلمان سائنسدان کی اختراع ہے؟

ج:۔ محمد بن موسیٰ الخوارزمی

س:۔ دوربین، گھڑی کا پنڈولم اور تھرمامیٹر کس سائنسدان کی ایجاد ہیں؟

ج:۔ گلیلیو

س:۔ چاند کے بارے میں سب سے پہلے ابتدائی تحقیقات کس نے کیں؟

ج:۔ گلیلیو

س:۔ سب سے پہلے کس سائنسدان نے انکشاف کیا کہ چاند کی سطح ہموار نہیں ہے؟

س:۔ گلیلیو

س:۔ کونسا ماہر فلکیات آخری عمر میں اندھا ہو گیا تھا اور اس کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج:۔ گلیلیو، اٹلی

س:۔ وہ کونسا واحد سائنسدان ہے جس نے بغیر تجربے کے نوبل پرائز حاصل کیا؟

ج:۔ آئن سٹائن (1921)

س:۔ شورے کا تیزاب (نائٹرک ایسڈ) سب سے پہلے کس مسلمان سائنسدان نے بنایا؟

ج:۔ جابر بن حیان

س:۔ کس سائنسدان نے ایک تیزاب تیار کیا تھا جس سے سونا پانی میں تبدیل ہو جاتا تھا؟

ج:۔ جابر بن حیان

س:۔ وہ کونسا کیمیادان تھا جس نے سب سے پہلے کہا کہ عام دھاتوں کو سونے میں تبدیل کیا جا سکتا ہے؟

ج:۔ ابن سینا

س:۔ بوعلی سینا کی طب پر کونسی کتاب سینکڑوں برس یورپ کی یونیورسٹیوں میں پڑھائی جاتی رہی؟

ج:۔ القانون فی الطب

س:۔ باؤلے کتے کے کاٹنے کا علاج کس نے دریافت کیا؟

ج:۔ لوئس پاسچر

س:۔ دودھ کو پاسچرائز کرنے کا طریقہ کس نے دریافت کیا؟

ج:۔ لوئس پاسچر

س:۔ ابن الہیثم دسویں صدی کے سائنسدان تھے یہ بتایئے البیرونی اور بوعلی سینا کس صدی کے سائنسدان تھے؟

ج:۔ گیارہویں صدی

س:۔ سائنسدان جابر بن حیان کا تعلق کونسی صدی عیسوی سے تھا؟

ج:۔ 14ویں (1322-1414)

س:۔ گلیلیو سولہویں صدی کا سائنسدان تھا یہ بتایئے نیوٹن کس صدی کا سائنسدان تھا؟

ج:۔ سترہویں صدی

س:۔ چین کا روایتی طریقہ علاج جس میں سوئیوں سے علاج کیا جاتا ہے کیا کہلاتا ہے؟

ج:۔ آکوپنکچر

س:۔ نظامِ شمسی کا وہ کونسا مرکزی ستارہ ہے جس کے گرد تمام سیارے گھومتے ہیں؟

ج:۔ سورج

س:۔ وہ کونسا سیارہ ہے جس پر انسان کی موجودگی کے بڑے واضح آثار مل چکے ہیں؟

ج:۔ زمین

س:۔ نظامِ شمسی کا کونسا سیارہ زمین کے قریب ترین ہے؟

ج:۔ زہرہ

س:۔ نظام شمسی کے کس سیارے کا محیط سب سے زیادہ ہے؟

ج:۔ مشتری

س:۔ نظام شمسی کے کونسے سیارے کو اُردو اور فارسی میں حسن و جمال کی علامت سمجھا جاتا ہے؟

ج:۔ زہرہ

س:۔ اس پہلے سیارے کا نام بتائیں جو علم ریاضی کی مدد سے دریافت کیا گیا؟

ج:۔ نیپچون

س:۔ سیارے سورج کے گرد کس سمت میں چکر لگاتے ہیں؟

ج:۔ Anticlock Wise

س:۔ دوربین کے بغیر کل کتنے سیارے دیکھے جا سکتے ہیں؟

ج:۔ 6

س:۔ ایک دن میں 1440 منٹ ہوتے ہیں یہ بتایئے 86400 سیکنڈز کو سائنسی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟

ج:۔ ایک دن

س:۔ سال کو 12 مہینوں میں تقسیم سب سے پہلے مصری قوم نے کیا یہ بتایئے 365 دنوں کا ایک سال کس قوم کی ایجاد ہے؟

ج:۔ مصریوں کی

س:۔ ماچس کی ایک تیلی جو زمین پر 30 سیکنڈ جلتی ہے چاند پر کتنی دیر جلے گی؟

ج:۔ چاند پر نہیں جلے گی کیونکہ کرہ ہوائی نہیں ہے۔

س:۔ چاند پر انسانی زندگی کے آثار کتنے فی صد ہیں؟

ج:۔ بالکل نہیں ہیں۔

س:۔ وہ کونسا علم ہے جس کو سائنس کی کنجی کہا جاتا ہے؟

ج:۔ علم ریاضی

س:۔ روشنی حرارت سے پیدا ہوتی ہے لیکن کونسی روشنی حرارت کے بغیر پیدا ہوتی ہے؟

ج:۔ جگنو

س:۔ سائنسی اصطلاح میں جگنو اور دیگر حیوانات و نباتات سے نکلنے والی روشنی کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج:۔ سرد روشنی

س:۔ پہاڑوں پر دال جلدی کیوں نہیں گلتی؟

ج:۔ کیونکہ وہاں ہوا کا دباؤ کم ہوتا ہے۔

س:۔ وہ کونسی چیز ہے جس کے بغیر مشینری کی حرکت بے سود ہے؟

ج:۔ پہیہ

س:۔ مریخ کی فضا 95 فیصد کس گیس پر مشتمل ہے؟

ج:۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ

س:۔ وہ کونسا ستارہ ہے جو اپنی سمت کبھی تبدیل نہیں کرتا؟

ج:۔ قطبی ستارہ

س:۔ سمندر میں فاصلہ ناپنے کا پیمانہ کیا کہلاتا ہے؟

ج:۔ Nauticle Miles

س:۔ کس خاندان نے پانچ نوبل پرائز حاصل کیے ہیں؟

ج:۔ کیوری خاندان

س:۔ سائنسی علوم میں سب سے قدیم علم کونسا ہے؟

ج:۔ علم فلکیات

س:۔ دھواں ہوا سے ہلکا ہوتا ہے یا بھاری؟

ج:۔ ہلکا

س:۔ رنگین ٹیلی ویژن میں کونسے تین بنیادی رنگ ہوتے ہیں؟

ج:۔ سرخ، سبز، نیلا

س:۔ خلائی دور کب اور کن کے ہاتھوں شروع ہوا؟

ج:۔ 4 اکتوبر 1957ء میں روس نے سپٹنک ا خلا میں بھیجا۔

س:۔ دنیا کا پہلا کمرشل مواصلاتی سیارہ کب خلا میں چھوڑا گیا؟

ج:۔ 1962ء

س:۔ زنگ لگنے سے لوہے کا وزن بڑھ جاتا ہے یا گھٹ جاتا ہے؟

ج:۔ بڑھ جاتا ہے۔

س:۔ دنیا کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے یا گھٹ رہا ہے؟

ج:۔ بڑھ رہا ہے۔

س:۔ قدرتی گیس جب نکلتی ہے تو اس کی بُو کیسی ہوتی ہے؟

ج:۔ بُو ہوتی ہی نہیں بو بعد میں شامل کی جاتی ہے تا کہ لیک ہونے کی صورت میں پتہ چل سکے۔

س:۔ آبی قوت (Hydro Power) سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ دریاؤں، آبشاروں پر پانی اکھٹا کر کے ٹربائن پر گراتے ہیں یہ پانی گرا کر جنریٹر سے بجلی پیدا کی جاتی ہے۔

س:۔ اوزون (Ozone) سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ یہ زمین کے گرد حفاظتی تہہ ہے جو سورج کی مضر شعاعوں (سرطان) کو زمین پر آنے سے روکتی ہے۔ براعظم انٹارکٹکا کے گرد بہت بڑا سوراخ ہو چکا ہے جو کہ امریکہ کے

رقبے کے برابر ہے۔

س:۔ کوئلہ جلا کر کمرہ بند کر کے سونا کیوں خطرناک ہوتا ہے؟

ج:۔ کوئلے کے جلنے سے کاربن مونو آکسائیڈ گیس پیدا ہوتی ہے دوران تنفس جسم میں داخل ہونے سے موت واقع ہو جاتی ہے۔

س:۔ خطرے کے نشانات سُرخ رنگ کے ہی کیوں بنائے جاتے ہیں؟

ج:۔ کیونکہ سرخ رنگ کی شعاعیں دور سے اور دُھند میں بھی واضح دکھائی دیتی ہیں۔

س:۔ گرمیوں میں سفید اور ہلکے رنگ کے کپڑے کیوں پہنے جاتے ہیں؟

ج:۔ سفید اور ہلکے رنگ کے کپڑے حرارت کو جذب نہیں کرتے بلکہ منعکس کرتے ہیں۔

س:۔ ہم زمین کی حرکت کیوں محسوس نہیں کرتے؟

ج:۔ کیونکہ ہم خود زمین کے ساتھ حرکت میں ہوتے ہیں۔

س:۔ دریا کی نسبت سمندر میں تیرنا کیوں آسان ہوتا ہے؟

ج:۔ کیونکہ سمندر کے پانی کی کثافت زیادہ ہوتی ہے اور سمندر میں نمکیات زیادہ ہوتے ہیں اس لیے تیرنا آسان ہوتا ہے۔

س:۔ مردہ جسم پانی میں تیرتا ہے لیکن زندہ ڈوب جاتا ہے کیوں؟

ج:۔ مردہ جسم میں گیسیں پیدا ہو جاتی ہیں وہ اسے ڈوبنے نہیں دیتیں۔

س:۔ اگر کھانا کھاتے ہوئے خوراک سانس کی نالی میں چلی جائے تو کیا کرنا چاہیے؟

ج:۔ تو اس شخص کو لٹا کر اس کی پسلیوں پر دباؤ ڈالنا چاہیے۔

س:۔ پانی آگ کیوں بجھا دیتا ہے؟

ج:۔ کیونکہ پانی آکسیجن کا آگ سے سلسلہ منقطع کر دیتا ہے۔

س:۔ رات کے وقت درختوں کے نیچے سونا صحت کیلئے کیوں مضر ہے؟

ج:۔ رات کے وقت درخت کاربن ڈائی آکسائیڈ خارج کرتے ہیں جو کہ صحت کے لئے مضر ہے۔

س:۔ سردیوں میں کپڑے ہمیں گرم کیوں رکھتے ہیں؟

ج:۔ گرم کپڑے ہمارے جسم کی گرمی کو باہر نہیں جانے دیتے۔

س:۔ حیوانی کوئلہ کسے کہتے ہیں اور یہ کس کام آتا ہے؟

ج:۔ جانوروں کی ہڈیوں سے حاصل کیا جاتا ہے اور چینی صاف کرنے کے کام آتا ہے اس کے علاوہ بطور ایندھن بھی استعمال ہوتا ہے۔

س:۔ سمندر میں جھاگ کس وجہ سے بنتی ہے؟

ج:۔ نمک کی وجہ سے

س:۔ پنکھے والے جہاز زیادہ بلندی پر پرواز کیوں نہیں کر سکتے؟

ج:۔ جوں جوں ہم بلندی پر جائیں ہوا کی مقدار کم ہوتی جاتی ہے پنکھے والے جہاز کے لیے ہوا بنیادی چیز ہے اس لیے پنکھے والے جہاز زیادہ بلندی پر پرواز نہیں کر سکتے زیادہ بلندی پر پرواز کے لیے جیٹ جہاز کام آتا ہے۔

س:۔ اُفق (Horizon) سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ ہماری نظروں سے دور جہاں زمین اور آسمان آپس میں ملتے ہیں اُسے افق کہتے ہیں لیکن حقیقت میں ملتے نہیں ہیں۔

س:۔ نوری سال (Light Year) سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ وہ فاصلہ جو روشنی ایک سال میں طے کرتی ہے اُسے نوری سال کہتے ہیں۔

س:۔ بادلوں کے گرجنے کی گرج پہلے سنائی دیتی ہے یا چمک؟

ج:۔ چمک۔ کیونکہ روشنی کی رفتار آواز کی رفتار سے تیز ہوتی ہے (گرج اور چمک دونوں ایک ہی وقت پیدا ہوتی ہے)

س:۔ مدارِ عرضی یا Orbit سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ وہ راستہ جس پر زمین سورج کے گرد گھومتی ہے۔

س:۔ دن اور رات (Day and Night) کیسے بنتے ہیں؟

ج:۔ زمین اپنے محور کے گرد 24 گھنٹوں میں ایک چکر پورا کرتی ہے۔ دوران محور زمین کا جو حصہ سورج کے سامنے ہوتا ہے وہاں دن ہوتا ہے جبکہ دوسرے حصے پر رات ہوتی ہے۔

س:۔ Stinger Missile کس طرح اپنے نشانے پر جا لگتا ہے؟

ج:۔ یہ ہوائی جہاز کے پیچھے سے خارج ہونے والی حرارت کا پیچھا کرتا ہے اور جہاز کو مار کے ہی مرتا ہے۔

س:۔ کرومائیٹ اور جپسم کس کام آتی ہیں؟

ج:۔ کرومائیٹ لوہے کو ٹھنڈا کرنے اور رنگ بنانے میں جبکہ جپسم سیمنٹ اور کھاد بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

س:۔ جب بندوق سے گولی چلاتے ہیں تو بندوق کا جھٹکا کیوں محسوس ہوتا ہے؟

ج:۔ نیوٹن کے تیسرے قانون حرکت کیوجہ سے، ہر عمل کا ردعمل ہوتا ہے جو مقدار میں برابر لیکن میں سمت میں مخالف ہوتا ہے۔ جب بندوق سے گولی چلائی جاتی ہے تو گولی تیزی سے آگے کی طرف جاتی ہے اور بندوق پیچھے کی طرف جھٹکا کھاتی ہے۔ گولی کا آگے کی طرف حرکت کرنا عمل جبکہ بندوق کا پیچھے کی طرف حرکت کرنا

ردعمل ہے۔

س:۔ جیٹ طیارے کس اصول کے تحت فضا میں جاتے ہیں؟

ج:۔ نیوٹن کے تیسرے قانون حرکت کے تحت، انجن سے جو گیسیں خارج ہوتی ہیں وہ طیارے کو اوپر کی طرف دھکیلتی ہیں۔

س:۔ کس قانون کے تحت سوئی سمندر میں ڈوب جاتی ہے اور بحری جہاز تیرتا رہتا ہے؟

ج:۔ ارشمیدس کے اچھال کے قانون کے تحت۔ بحری جہاز اس طرح ڈیزائن کیے جاتے ہیں کہ اس پر عمل کرنے والی اُچھال کی فورس اسکے کل وزن سے زیادہ رہے لہذا ارشمیدس کے اصول کے تحت بحری جہاز تیرتے رہتے ہیں۔

س:۔ مری، سوات اور کاغان میں پیدل چلتے ہوئے سانس کیوں پھول جاتی ہے؟

ج:۔ یہ سب پہاڑی علاقے ہیں جوں جوں آپ بلندی پر جائیں آکسیجن کم ہوتی جاتی ہے جب آکسیجن کم ہو جاتی ہے تو سانس پھول جاتی ہے۔

س:۔ سیڑھیوں پر چڑھنے کی نسبت اترنے میں آسانی کیوں ہوتی ہے؟

ج:۔ کششِ ثقل (Gravity) کی وجہ سے، جب آپ نیچے اترتے ہیں تو زمین بھی آپ کی مدد کرتی ہے۔

س:۔ جغرافیائی طور پر سال (Year) کیا ہوتا ہے؟

ج:۔ جب کرہ ارض سورج کے گرد 365 دنوں میں ایک چکر مکمّل کرتی ہے تو اسے سال کہتے ہیں۔

س:۔ مادے (Matter) کی سائنسی تعریف کیا ہے اور یہ بتائیے مادے کی چوتھی حالت کونسی ہے؟

ج:۔ ہر وہ چیز جو وزن رکھتی ہو اور جگہ گھیرتی ہو مادہ کہلاتی ہے۔ پلازما

س:۔ کسی چیز کے وزن سے (Weight) کیا مراد ہے؟

ج:۔ زمین جتنی قوت سے کسی چیز کو اپنی طرف کھینچتی ہے وہ اس چیز کا وزن ہوتا ہے۔

س:۔ وہ جگہ جہاں کسی قسم کا مادہ نہ ہو کیا کہلاتی ہے؟

ج:۔ خلا

س:۔ فضا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کے بڑھنے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ گرین ہاؤس ایفیکٹ

س:۔ چاند پر پہنچنے کے بعد انسان کو سب سے پہلے زمین پر کونسی چیز نظر آئی تھی؟

ج:۔ دیوارِ چین

س:۔ چاند کا ایک دن ہماری زمین کے کتنے دنوں کے برابر ہوتا ہے؟

ج:۔ 15 دنوں کے

س:۔ چاند پر سب سے پہلے کونسا کھیل کھیلا گیا؟

ج:۔ گالف

س:۔ دُوربین کے بغیر انسانی آنکھ کتنے ستارے دیکھ سکتی ہے؟

ج:۔ 3 ہزار

س:۔ خلابازوں نے سینکڑوں میل کی دُوری سے جب آسمان کو دیکھا تو انہیں آسمان کس رنگ کا نظر آیا؟

ج:۔ کالا

س:۔ کرہ ارض کے گرد کس گیس کے جمع ہونے سے درجہ حرارت بڑھ رہا ہے؟

ج:۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ

س:۔ زمین پر تبدیلیاں لانے والے دو بڑے بیرونی عوامل کونسے ہیں؟

ج:۔ ہوا اور پانی

س:۔ نیوٹن کونسی دھات بنانے کیلئے 22،22 گھنٹے آگ کی بھٹی کے سامنے بیٹھا رہتا تھا؟

ج:۔ سونا

س:۔ یہ بتایئے نیوٹن کے والد کا پیشہ کیا تھا؟

ج:۔ کسان

س:۔ بادل زیادہ سے زیادہ کتنی اونچائی پر پائے جاتے ہیں؟

ج:۔ 7 میل

س:۔ کیا یہ صحیح ہے جہاں آتش فشاں ہوں وہاں کی زمین زرخیز ہوتی ہے؟

ج:۔ جی ہاں

س:۔ کیا زمین کے علاوہ نظام شمسی کے دوسرے سیاروں میں بھی آتش فشاں پھٹتے ہیں؟

ج:۔ جی ہاں

س:۔ زمین کی گردش آہستہ آہستہ کم ہو رہی ہے یہ بتایئے زمین کی گردش کس سمت میں ہے؟

ج:۔ مغرب سے مشرق کی طرف

س:۔ ہماری زمین کی سب سے بڑی کہکشاں کونسی ہے؟

ج:۔ Milkyway

س:۔ تھرمامیٹر میں کونسی مائع چمکدار چیز استعمال کی جاتی ہے؟

ج:۔ مرکری (پارہ)

س:۔ چاند پر پہنچنے والا پہلا جہاز کونسا تھا جو زمین سے کنٹرول کیا گیا؟

ج:۔ ڈونا۔16

س:۔ موم کس چیز سے حاصل ہوتا ہے؟

ج:۔ ایتھر

س:۔ ایک سال میں 365 دنوں کے علاوہ کتنے گھنٹے ہوتے ہیں؟

ج:۔ 6 گھنٹے

س:۔ چاند کو زمین کے چاروں طرف گھومنے کے لیے کتنا وقت درکار ہوتا ہے؟

ج:۔ 27 دن 7 گھنٹے 45 منٹ

س:۔ چونے کا پتھر زمین کی اندرونی حرارت اور مسلسل دباؤ کی وجہ سے کس پتھر میں تبدیل ہو جاتا ہے؟

ج:۔ سنگ مرمر

س:۔ سب سے بھاری اور مضبوط چٹانیں سمندر کی تہہ میں ہوتی ہیں یا زمین کی تہہ میں؟

ج:۔ سمندر کی تہہ میں

س:۔ سٹین لس سٹیل (Stainless Steel) میں لوہے کے بعد سب سے زیادہ کونسا عنصر پایا جاتا ہے؟

ج:۔ کرومیم

س:۔ چاند پر پہلا قدم نیل آرمسٹرانگ نے رکھا۔ نیل آرمسٹرانگ کو چاند پر سنائی دینے والی پہلی آواز کونسی تھی؟

ج:۔ اذان کی آواز

س:۔ ریڈیوگراف کس چیز کو کہتے ہیں؟

ج:۔ ایکس ریز سے بننے والی تصویر کو

س:۔ طب میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی شعاعیں کونسی ہیں؟

ج:۔ ایکس ریز

س:۔ کیا جسم میں آئیوڈین کی زیادتی نقصان دہ ہوتی ہے؟

ج:۔ نہیں۔ اگر جسم میں اس کی مقدار بڑھ جائے تو جسم خود بخود اس کو خارج کر دیتا ہے۔

س:۔ کیمرے کا اصول کس نے دریافت کیا؟

ج:۔ ابن الہیثم

س:۔ زمین کے اوپر کتنے میل تک کرہ ہوائی موجود ہے؟

ج:۔ 1600 میل

س:۔ زمین کی کشش کتنے فاصلے پر جا کر ختم ہو جاتی ہے؟

ج:۔ 30ہزار میل

س:۔ زمین کی کشش سے نکلنے کے لیے راکٹ میزائل کو کتنی رفتار سے داغا جاتا ہے؟

ج:۔ 25ہزار میل فی گھنٹہ

س:۔ پولیو کی بیماری کس چیز سے پیدا ہوتی ہے؟

ج:۔ وائرس

س:۔ حرارت سے چیزیں پھیلتی ہیں اور ٹھنڈی کرنے سے سکڑتی ہیں مگر ایک چیز ایسی ہے جو کہ اس کے برعکس ہے وہ کونسی ہے؟

ج:۔ پانی

س:۔ سینما میں ایک سیکنڈ کے دوران کتنی تصویریں آنکھ کے سامنے سے گزرتی ہیں؟

ج:۔ 22 سے 24

س:۔ خلا میں ہم سے قریب ترین جسم چاند ہے یہ بتایئے چاند کی پرت کی موٹائی کتنی ہے؟

ج:۔ 40 میل

س:۔ بادلوں کے علم کو علم فلکیات کہتے ہیں یہ بتایئے بابل کے چرواہوں کو کس علم کا بانی کہا جاتا ہے؟

ج:۔ علم فلکیات

س:۔ کائنات کی تیز ترین چیز روشنی ہے کیا روشنی خلا میں سفر کر سکتی ہے؟

ج:۔ جی ہاں

س:۔ آسمانی بجلی کی کڑک زیادہ سے زیادہ کتنے میل تک سنی جا سکتی ہے؟

ج:۔ 17 میل

س:۔ اگر آپ دکاندار سے کہیں کہ سوڈیم کلورائیڈ (Nacl) دے دے تو وہ آپ کو کیا چیز دے گا؟

ج:۔ نمک

س:۔ فولاد اور نائیلون میں زیادہ مضبوط چیز کون سی ہے؟

ج:۔ نائیلون

س:۔ ٹھوس کاربن ڈائی آکسائیڈ سے کیا مراد ہے اور یہ کس کام آتی ہے؟

ج:۔ خشک برف۔ یہ زخم دھونے کے کام آتی ہے۔

س:۔ پہلے بلب میں نائٹروجن گیس بھری جاتی تھی اب کونسی گیس بھری جاتی ہے؟

ج:۔ اب خلا رکھا جاتا ہے۔

س:۔ بلب ٹوٹنے پر آواز کیوں سنائی دیتی ہے؟

ج:۔ بلب میں جزوی خلا ہوتا ہے جب بلب ٹوٹتا ہے تو اس خلا کو پر کرنے کے لیے ہوا تیزی سے اندر داخل ہوتی ہے تو دھماکے کی آواز سنائی دیتی ہے

س:۔ ''ویکیوم فلاسک'' کس چیز کا سائنسی نام ہے؟

ج:۔ تھرماس

س:۔ ماہرین فلکیات نے آسمان کو کتنے برجوں میں تقسیم کیا ہے؟

ج:۔ 12

س:۔ فوٹوگرافی میں استعمال ہونے والے تین بنیادرنگ کون سے ہیں؟

ج:۔ سرخ، سبز، نیلا

س:۔ ہماری زمین چاند سے 81 گنا بھاری ہے یہ بتایئے چاند کی کشش زمین کی کشش سے کتنی کم ہے؟

ج:۔ 6 گنا

س:۔ خلا میں بجایا جانے والا سب سے پہلا ساز کونسا تھا؟

ج:۔ ماؤتھ ہارن

س:۔ اگر کوئی چیز روشنی کی رفتار سے سفر کرے تو وہ کتنے وقت میں سورج پر پہنچے گی؟

ج:۔ 8 منٹ 20 سیکنڈ

س:۔ انسان نے چاند پر پہلا قدم کب رکھا؟

ج:۔ 21 جولائی 1969ء

س:۔ الفریڈ نوبل کس مرض سے مرتے دم تک نجات حاصل نہیں کر سکا تھا؟

ج:۔ سر درد

س:۔ ہماری زمین نظام شمسی کے کس حصے سے علیحدہ ہو کر وجود میں آئی؟

ج:۔ سورج

س:۔ ہماری زمین کی حرکت کتنی قسم کی ہے؟

ج:۔ 2۔(1) سورج کے گرد یا دوری گردش (2) محور کے گرد یا محوری گردش

س:۔ ٹھنڈے پانی میں آکسیجن کی مقدار زیادہ ہوتی ہے یا گرم پانی میں؟

ج:۔ ٹھنڈے میں کیونکہ گیسیں ٹھنڈے پانی میں زیادہ آسانی سے حل ہوتی ہیں۔ بہتا پانی صاف ہوتا ہے کیونکہ اسمیں ہوا سے مستقل آکسیجن شامل ہو رہی ہوتی ہے۔

س:۔ چاند پر آواز کیوں سنائی نہیں دیتی؟

ج:۔ کرہ ہوائی نہ ہونے کی وجہ سے

س:۔ بتائیے لوہا آزاد حالت میں کہاں پایا جاتا ہے؟

ج:۔ شہاب ثاقب

س:۔ اگر اُبلتے ہوئے پانی کے نیچے آگ بڑھا دی جائے تو درجہ حرارت میں کیا تبدیلی واقع ہوگی؟

ج:۔ کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوگی۔

س:۔ فارن ہائیٹ اور سینٹی گریڈ تھرمامیٹر کی ریڈنگ کس درجہ حرارت پر یکساں ہوگی؟

ج:۔ منفی 40 ڈگری

س:۔ مائیکرو بیالوجی خورد بینی جانداروں کے علم کو کہتے ہیں یہ بتائیے "ہیت" کس قدیم علم کو کہتے ہیں؟

ج:۔ سائنس

س:۔ کون سے کیمرے میں کوئی عدسہ استعمال نہیں ہوتا؟

ج:۔ پن ہول کیمرہ

س:۔ کونسی شعاعوں کو جراحی میں بھی استعمال کیا جاتا ہے؟

ج:۔ لیزر شعاعیں

س:۔ اگر سرخ رنگ میں فیروزی رنگ ملا دیا جائے تو اس آمیزے سے کونسا رنگ بن جاتا ہے؟

ج:۔ سفید

س:۔ تین بنیادی رنگوں سرخ، سبز اور نیلا کو ملانے سے کونسا رنگ بنتا ہے؟

ج:۔ سیاہ

س:۔ اگر قوس قزح کے سات رنگوں کو ملایا جائے تو کون سا رنگ بنتا ہے؟

ج:۔ سفید

س: نیلے اور پیلے رنگ کو ملانے سے کونسا رنگ بنتا ہے؟

ج: سبز رنگ

س:۔ آب سلطانی میں کونسی دھات کو حل کیا جا سکتا ہے؟

ج:۔ سونا

س:۔ 12 اپریل 1961ء کو کس خلا باز نے پہلی بار زمین کے گرد چکر لگایا؟

ج:۔ یوری گاگرین (روس)

س:۔ یہ بتایئے مریخ کا دن بڑا ہوتا ہے یا ہماری زمین کا؟

ج:۔ مریخ کا

س:۔ ''روشنی تمام اطراف میں مساوی رفتار سے سفر کرتی ہے خواہ دیکھنے والے کی حرکت کچھ بھی ہو''۔ یہ تخلیقی جملہ کس کا ہے؟

ج:۔ آئن سٹائن

س:۔ یہ بتایئے آئن سٹائن نے کتنی عمر پائی ؟

ج:۔ 76 برس

س:۔ ہماری زمین پر زندگی کے آثار کتنے سال پہلے کے ہیں؟

ج:۔ 50لاکھ سال پہلے

س:۔ سائنسدانوں کے مطابق انسان کا وجود زمین پر کب سے ہے؟

ج:۔ 26لاکھ سال پہلے سے

س:۔ سورج کی روشنی زمین پر پہنچنے میں کتنا وقت لیتی ہے؟

ج:۔ 8منٹ 20 سیکنڈ

س:۔ چاند کی روشنی زمین پر پہنچنے میں کتنا وقت لیتی ہے؟

ج:۔ ڈیڑھ سیکنڈ

س:۔ زمین کا وزن چھ ہزار ٹریلین ٹن ہے یہ بتایئے ہماری زمین کی عمر کا اندازہ کتنے برس لگایا گیا ہے؟

ج:۔ 4.6سے 5 بلین برس

س:۔ سورج پورے چاند کی روشنی سے کتنے گنا زیادہ چمکدار ہوتا ہے؟

ج:۔ 4لاکھ گنا

س:۔ سورج ہماری زمین سے دس لاکھ گنا بڑا ہے یہ بتایئے سورج کی عمر کا اندازہ کتنا لگایا گیا ہے؟

ج:۔ 5 بلین برس

س:۔ سائنسدانوں نے سورج کا مطالعہ کرنے کے لیے قطب جنوبی کا انتخاب ہی کیوں کیا؟

ج:۔ کیونکہ یہاں سورج چوبیس گھنٹے چمکتا رہتا ہے۔

س:۔ اگر آپ چاند کی سطح پر کھڑے ہو کر زمین کو دیکھنا چاہیں تو آپ اوپر دیکھیں گے یا نیچے؟

ج:۔ اوپر دیکھیں گے۔

س:۔ فضا میں آواز کی رفتار کتنے میل فی سیکنڈ ہوتی ہے؟

ج:۔ 50 میل فی سیکنڈ

س:۔ سائنس میں ''یوریکا'' کا لفظ کس سے منسوب ہے؟

ج:۔ ارشمیدس، یوریکا یونانی زبان کا لفظ ہے جسکے معنی ہیں میں نے پالیا۔

س:۔ ارشمیدس کا کونسا اصول طبعیات کی بنیاد بنا؟

ج:۔ لیور کا اصول

س:۔ کرہ ہوائی میں سب سے کم گیس کونسی پائی جاتی ہے؟

ج:۔ نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ

س:۔ ہم زمین کی نسبت پانی میں زیادہ بہتر کیوں سن سکتے ہیں؟

ج:۔ کیونکہ پانی میں آواز کی لہریں زیادہ تیزی سے سفر کرتی ہیں۔

س:۔ آواز کی رفتار پانی میں زیادہ ہوتی ہے یا ہوا میں؟

ج:۔ پانی میں

س:۔ آواز کی رفتار گرم ہوا میں زیادہ ہوتی ہے یا سرد ہوا میں؟

ج:۔ گرم ہوا میں

س:۔ ایٹمی توانائی کو کنٹرول کرنے کیلئے کونسی چیز استعمال کیجاتی ہے؟

ج:۔ ایٹمی ری ایکٹر

س:۔ ریڈیائی لہروں اور روشنی کی رفتار کتنی ہوتی ہے؟

ج:۔ 186282 میل فی سیکنڈ

س:۔ کس سائنسدان نے سب سے پہلے ہارس پاور کی اصطلاح استعمال کی تھی؟

ج:۔ جیمز واٹ

س:۔ قوت کی اکائی کو سائنسی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ ہارس پاور

س:۔ یہ بتایئے چاند کا مدار گول ہے یا بیضوی؟

ج:۔ گول ہے۔

س:۔ اگر ایک شخص کا زمین پر وزن 120 پاؤنڈ ہو تو چاند پر وزن کتنا ہوگا؟

ج:۔ 20 پاؤنڈ

س:۔ چاند کا زمین سے فاصلہ 2 لاکھ 40 ہزار میل ہے یہ بتایئے سورج کا زمین سے فاصلہ کتنا ہے؟

ج:۔ 9 کروڑ 30 لاکھ میل

س:۔ کس سائنسدان نے کہا تھا کہ ''اگر مجھے فضا میں قدم رکھنے کی جگہ مل جائے تو میں دنیا کو الٹا سکتا ہوں''؟

ج:۔ ارشمیدس

س:۔ روشنی سات رنگوں کا مجموعہ ہے کس کی دریافت ہے؟

ج:۔ نیوٹن

س:۔ عناصر کے ایٹمی وزن کس عنصر کو بنیادی مان کر ترتیب دیئے گئے ہیں؟

ج:۔ کاربن

س:۔ برف جمانے کے لیے کونسی گیس استعمال ہوتی ہے؟

ج:۔ امونیا

س:۔ وہ کونسی دھات ہے جس پر کوئی تیزاب اثر نہیں کرتا؟

ج:۔ پلاٹینیم

س:۔ سونے کی کثافت (Density) چاندی کے مقابلے میں کتنے گناہ ہوتی ہے؟

ج:۔ دوگنا

س:۔ سورج کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ گیسوں کا بہت بڑا گولہ ہے اس میں سب سے زیادہ کونسی گیس ہے؟

ج:۔ ہائیڈروجن

س:۔ زمین کے اندر انتہائی پگھلے ہوئے گرم مادے کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ میگما

س:۔ ایٹم بم کو پھٹنے میں ایک سیکنڈ لگتا ہے یہ بتایئے ہائیڈروجن بم کے تابکاری اثرات کتنے میل تک ہوتے ہیں؟

ج:۔ 200 میل

س:۔ خالص سونا کتنے درجے سینٹی گریڈ پر پگھلتا ہے؟

ج:۔ 1063 سینٹی گریڈ

س:۔ پانی کے جمنے سے پانی کا حجم بڑھتا ہے، کم ہوتا ہے، سکڑتا ہے یا پھیلتا ہے؟

ج:۔ بڑھتا ہے۔

س:۔ پنسل میں کاربن کی کونسی قسم استعمال ہوتی ہے؟

ج:۔ گریفائیٹ

س:۔ اگر اساس اور تیزاب کو ملایا جائے تو کیا چیز بنتی ہے؟

ج:۔ نمک اور پانی

س:۔ ہائیڈروجن مونو آکسائیڈ کس چیز کا سائنسی نام ہے؟

ج:۔ پانی

س:۔ اگر کاسٹک سوڈے کو نمک کے تیزاب کیساتھ ملایا جائے تو پانی کے علاوہ اور کونسی چیز بنے گی؟

ج:۔ خوردنی نمک

س:۔ یہ بتائیے لافنگ گیس کس گیس کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ نائٹرس آکسائیڈ

س:۔ تانبا اور ٹن کو ملانے سے کونسی دھات بنتی ہے؟

ج:۔ کانسی

س:۔ تانبے اور جست کو ملانے سے کونسی دھات بنتی ہے؟

ج:۔ پیتل

س:۔ اس دنیا میں انسان نے سب سے پہلے کونسی دھات کو استعمال کیا؟

ج:۔ تانبا

س:۔ عام پانی، نمکین پانی، ہلکا پانی اور بھاری پانی میں سے کونسا پانی جلد منجمد ہو جائیگا؟

ج:۔ عام پانی

س:۔ سمندر کے پانی میں کونسی اہم ترین دھات پائی جاتی ہے؟

ج:۔ میگنیشیم (Magnesium)

س:۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ ہوا سے کتنے گنا بھاری ہوتی ہے؟

ج:۔ ڈیڑھ گنا

س:۔ کس چیز کا ٹمپریچر 10220 فارن ہائیٹ ہے؟

ج:۔ سورج کا

س:۔ ہوا میں آکسیجن کی مقدار 21 فیصد ہے یہ بتایئے پانی میں آکسیجن کی مقدار کتنے فیصد ہوتی ہے؟

ج:۔ 88.81 فیصد

س:۔ 1897ء میں جے جے تھامسن نے کیا دریافت کیا؟

ج:۔ الیکٹران

س:۔ صاف پانی بے ذائقہ ہوتا ہے یہ بتایئے شہروں میں پانی سپلائی کے لیے اونچی جگہ پر ٹینکی نصب کیوں کی جاتی ہے؟

ج:۔ کیونکہ پانی اپنی جگہ ہموار رکھتا ہے۔

س:۔ ہماری زمین کی فضا میں کن عناصر کی بہتات ہے؟

ج:۔ نائٹروجن، آکسیجن، کاربن ڈائی آکسائیڈ

س:۔ وہ کونسی دھات ہے جو پانی میں جلتی ہے؟

ج:۔ سوڈیم (Na)

س:۔ ایٹم اور نیوکلیئس میں کیا فرق ہوتا ہے؟

ج:۔ نیوکلیئس ایٹم کا مرکز ہوتا ہے۔

س:۔ بجلی کا سب سے اچھا موصل کونسی دھات ہے؟

ج:۔ چاندی

س:۔ بارش کا پانی تیزابی اثر رکھتا ہے یا اساسی؟

ج:۔ تیزابی

س:۔ نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ کو پانی میں حل کر کے کونسا تیزاب بنتا ہے؟

ج:۔ نائٹرک ایسڈ (شورے کا تیزاب)

س:۔ الیکٹران کے بہاؤ کو الیکٹراسٹی کہتے ہیں یہ بتایئے ایٹم میں سب سے بھاری چیز کونسی ہے؟

ج:۔ نیوٹران

س:۔ امام جعفر سائنس کی کس شاخ سے تعلق رکھتے تھے؟

ج:۔ کیمسٹری

س:۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ کن ذرائع سے حاصل ہوتی ہے؟

ج:۔ جلنے کے عمل سے، سانس لینے کے عمل سے، نباتاتی مادوں کے گلنے سڑنے سے۔

س:۔ دنیائے کیمیا میں "S" سے مراد کونسا عنصر ہے؟

ج:۔ سلفر

س:۔ ہائیڈروجن گیس کے ایٹم سب سے زیادہ سادہ ہوتے ہیں یہ بتایئے سب سے کم ایٹمی نمبر کس عنصر کا ہوتا ہے؟

ج:۔ ہائیڈروجن

س:۔ آکسیجن گیس کی کمی سے انسان ہانپنے لگتا ہے یہ بتایئے کونسی گیس کو آکسیجن میں تبدیل کیا جا سکتا ہے؟

ج:۔ نائٹروجن

س:۔ وہ کونسی دھات ہے جو عام حالت میں مائع ہے؟

ج:۔ پارہ

س:۔ پلاسٹر آف پیرس اصل میں کیلشیم سلفیٹ ہے یہ سچے موتی کیمیائی طور پر کس عنصر سے بنتے ہیں؟

ج:۔ کیلشیم کاربونیٹ

س:۔ سلفیورک ایسڈ(H_2SO_4) کس چیز کے تیزاب کو کہتے ہیں؟

ج:۔ گندھک کا تیزاب

س:۔ خالص ہیرا پانی میں دکھائی نہیں دیتا یہ بتایئے کون سے جواہر پر اگر رنگ کیا جائے تو جم نہیں سکتا؟

ج:۔ ہیرا

س:۔ اصلی ہیرے کی چمک کس کوندتی ہوئی چیز کی مانند ہوتی ہے؟

ج:۔ بجلی

س:۔ کلورین گیس رنگ کاٹنے کے کام آتی ہے یہ بتایئے اصلی ہیرے کی رگڑ سے کونسی ہر قسم کی چیز کٹ سکتی ہے؟

ج:۔ شیشہ

س:۔ دنیا کی سب سے سخت ترین چیز ہیرا ہے ہیرے میں کونسا عنصر سب سے زیادہ ہوتا ہے ؟

ج:۔ کاربن

س:۔ ہیروں کا وزن ظاہر کرنے کے لیے وزن کا پیمانہ کیا ہے؟

ج:۔ کیرٹ

س:۔ ایک من لوہا اور ایک پاؤ لکڑی کتنی بلندی سے گرائے جائیں کہ وہ برابر زمین پر گریں؟

ج:۔ 300فٹ

س:۔ کیا اُبلتے ہوئے پانی کو مزید گرم کرنے سے درجہ حرارت زیادہ ہوتا ہے؟

ج:۔ نہیں

س:۔ پنسلین کس چیز سے حاصل ہوتی ہے؟

ج:۔ پھپھوندی (اُلی)

س:۔ آواز کی بلندی ماپنے کے لیے کونسا آلہ استعمال ہوتا ہے؟

ج:۔ Decibel

س:۔ ایٹم بم اور نیوکلیئر بم میں سے زیادہ خطرناک کونسا ہے؟

ج:۔ دونوں ایک ہی بم کے نام ہیں۔

س:۔ یہ بتایئے کیا نیوکلیئر جنگ جیتی جا سکتی ہے؟

ج:۔ جی نہیں

س:۔ اگر کسی چیز کو پانی میں تولا جائے تو اس کا وزن کم ہوگا یا زیادہ؟

ج:۔ کم ہوگا۔

س:۔ سمندری مخلوق کون سے ایک معدن کی کمی یا نہ ہونے کی وجہ سے زندہ نہیں رہ سکتی؟

ج:۔ نمک

س:۔ چمڑے کے کارخانوں میں آلودگی کا باعث بننے والی دھات کون سی ہے؟

ج:۔ کرومیم اور سیسہ

س:۔ خالص سونا کتنے کیرٹ کا ہوتا ہے؟

ج:۔ 24 کیرٹ

س:۔ بناسپتی گھی کی تیاری میں کون سی گیس استعمال ہوتی ہے؟

ج:۔ ہائیڈروجن گیس

س:۔ عیسوی سال میں 365 دن جبکہ اسلامی سال میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

ج:۔ 355

س:۔ زمین پر طویل ترین اور چھوٹا ترین دن کس تاریخ کو ہوتا ہے؟

ج:۔ 21 جون اور 22 دسمبر

س:۔ کن ذرات کے ٹکرانے سے ٹیلی ویژن پر تصویر آتی ہے؟

ج:۔ الیکٹران

س:۔ کلر بلائنڈ شخص دو رنگوں سرخ اور سبز میں تمیز نہیں کر سکتا یہ بتایئے مرد زیادہ کلر بلائنڈ ہوتے ہیں یا عورتیں؟

ج:۔ مرد

س:۔ مردوں اور عورتوں میں سے کس کی آواز کی فریکوئنسی زیادہ ہوتی ہے؟

ج:۔ عورتوں کی

س:۔ کیا مرد اور عورت کے جسم میں ہڈیوں اور پسلیوں کی تعداد برابر ہوتی ہے؟

ج:۔ جی ہاں (206 ہڈیاں اور 24 پسلیاں)

س:۔ جھوٹ بولنے سے انسان کی نبض کی رفتار بڑھ جاتی ہے یا گھٹ جاتی ہے؟

ج:۔ بڑھ جاتی ہے۔

س:۔ کیا انسان ایک پھیپھڑے کے ساتھ زندہ رہ سکتا ہے؟

ج:۔ جی ہاں

س:۔ خودکشی کا رجحان مردوں میں زیادہ ہوتا ہے یا عورتوں میں؟

ج:۔ مردوں میں

س:۔ صحت مندر ہنے کے لیے مرد کو زیادہ نیند کی ضرورت ہوتی ہے یا عورت کو؟

ج:۔ عورت کو

س:۔ مرد کی قوت برداشت زیادہ ہوتی ہے یا عورت کی؟

ج:۔ عورت کی

س:۔ عورت پہلے بوڑھی ہوتی ہے یا مرد؟

ج:۔ عورت

س:۔ مرد کا دل آہستہ دھڑکتا ہے یا عورت کا؟

ج:۔ مرد کا

س:۔ یہ بتایئے مرد زیادہ کروٹیں لیتے ہیں یا عورتیں؟

ج:۔ مرد

س:۔ انسانی بالوں کے بڑھنے کی رفتار کتنے فٹ بڑھنے کے بعد بہت سست ہو جاتی ہے؟

ج:۔ 3 فٹ

س:۔ بالوں کے بڑھنے کی رفتار کیا ہوتی ہے؟

ج:۔ نارمل انسان کے بال ایک ماہ میں آدھا انچ بڑھتے ہیں۔

س:۔ انسان کے سر پر اندازاً کتنے بال ہوتے ہیں؟

ج:۔ 51 سے 52 ہزار

س:۔ کس عمر میں انسانی دماغ اوسط وزن حاصل کر لیتا ہے؟

ج:۔ 17 سے 20 سال کی عمر میں

س:۔ انسانی پیدائش کے بعد انسانی دماغ کی پرورش کتنے سال تک ہوتی رہتی ہے؟

ج:۔ 30 سال

س:۔ عقل داڑھ کس عمر میں نکل آتی ہے؟

ج:۔ 12 سے 25 سال تک

س:۔ انسانی جسم کا وہ کونسا حصہ ہے جو زندگی میں کبھی تبدیل نہیں ہوتا ہے؟

ج:۔ دانتوں کے اوپر کا اینامل

س:۔ کیا دل کی دھڑکن اور نبض کی رفتار یکساں ہوتی ہے؟

ج:۔ جی ہاں

س:۔ ایک نارمل انسانی جسم میں کتنے پاؤنڈ خون ہوتا ہے؟

ج:۔ 6 پاؤنڈ

س:۔ انسانی جسم میں خون کے ذرات کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟

ج:۔ دو، سرخ اور سفید

س:۔ انسانی جسم میں خون کے سفید ذرات کیا کام کرتے ہیں؟

ج:۔ بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت بڑھاتے ہیں۔

س:۔ انسان کے علاوہ اور کس جاندار کو نزلہ ہوتا ہے؟

ج:۔ بندر

س:۔ پانی اور خوراک کے بغیر انسان کم از کم تین دن اور زیادہ سے زیادہ کتنے دن زندہ رہ سکتا ہے؟

ج:۔ 21 دن

س:۔ انسانی آنسوؤں میں کون کون سے اجزاء ہوتے ہیں؟

ج:۔ 98 فیصد پانی اور 2 فیصد نمک

س:۔ فضائی آلودگی سے انسان کی کونسی حس سب سے زیادہ متاثر ہوتی ہے؟

ج:۔ قوت سماعت

س:۔ نیند کے دوران انسانی نبض کی رفتار کتنی ہوتی ہے؟

ج:۔ 55فی منٹ

س:۔ ایک دن میں انسان کا دل اوسطاً کتنی بار دھڑکتا ہے؟

ج:۔ 100084 سے 100872

س:۔ عام حالات میں خواتین کا دل ایک منٹ میں زیادہ مرتبہ دھڑکتا ہے یا مردوں کا؟

ج:۔ خواتین کا دل ایک منٹ میں 78 سے 82مرتبہ جبکہ مردوں کا70 سے 72مرتبہ دھڑکتا ہے۔

س:۔ انسانی جسم میں ریڑھ کی ہڈی پر کتنے مہرے ہوتے ہیں؟

ج:۔ 33

س:۔ ایک نارمل انسان ایک منٹ میں کتنی بار آنکھیں جھپکتا ہے؟

ج:۔ 10بار یعنی ہر6سیکنڈ بعد

س:۔ مختلف انسانی جسموں میں چار قسم کا خون پایا جاتا ہے ان میں کونسا خون کا گروپ سب انسانوں کو دیا جاسکتا ہے؟

ج:۔ O-ve

س:۔ براعظم ایشیا کے لوگوں میں کونسے گروپ کا خون سب سے زیادہ ہوتا ہے؟

ج:۔ B گروپ

س:۔ جدید تحقیق کے مطابق شور کا انسانی جسم پر کیا اثر پڑتا ہے؟

ج:۔ نمک اور پانی کا توازن بگڑ جاتا ہے۔

س:۔ 21 سے 60سال کی عمر میں نبض کی رفتار70 سے 76فی منٹ ہوتی ہے یہ بتایئے نوزائیدہ بچے کی نبض کی رفتار کتنی ہوتی ہے؟

ج:۔ 130 سے 140 فی منٹ

س:۔ بڑھاپے میں انسانی نبض کی رفتار بڑھ جاتی ہے یا گھٹ جاتی ہے؟

ج:۔ گھٹ جاتی ہے۔

س:۔ ہمارے جسم میں خون کہاں صاف ہوتا ہے؟

ج:۔ پھیپھڑوں میں

س:۔ انسانی معدے میں کونسا تیزاب ہلکا سا موجود رہتا ہے؟

ج:۔ ہائیڈروکلورک ایسڈ (Hcl)

س:۔ ایک صحت مند انسان کے دماغ کا وزن اس کے جسم کے کل وزن کا کتنے فیصد ہوتا ہے؟

ج:۔ 2 فیصد

س:۔ انسانی خون پانی کی نسبت کتنے گنا بھاری ہوتا ہے؟

ج:۔ 6 گنا

س:۔ ایک نارمل انسان رات بھر کتنی کروٹیں بدلتا ہے؟

ج:۔ 35 سے 40

س:۔ خون کا وزن انسانی جسم کے وزن کا کتناواں حصہ ہوتا ہے؟

ج:۔ 12 واں

س:۔ انسانی خون رگوں میں کتنے میل فی گھنٹہ کی رفتار سے گردش کرتا ہے؟

